بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿كنتم خير أمة أخرجت للناس تأمرون بالمعروف وتنهون عن المنكر وتؤمنون بالله﴾ (آل عمران).

# سَبِيْلُ الْخَيْرَاتِ

# فِيْ

# جَمَاعَاتِ الْمُتَنَقِّبَاتِ

(یعنی مستورات کی جماعتوں میں بھلائی کا راستہ)

افادات


حضرت مفتی رضاء الحق صاحب دامت برکاتہم

استاذ الحدیث ومفتی دارالعلوم زکریا جنوبی افریقہ

ترتیب وتشریح

مفتی محمد الیاس شیخ ومولوی عبید اللہ آدم

دارالافتاء دارالعلوم زکریا جنوبی افریقہ



جملہ حقوق بحق دارالافتاء دارالعلوم زکریا محفوظ ہیں۔



کتاب کا نام:............سبیل الخیرات في جماعات المتنقبات۔

تاریخ اشاعت:..........جنوری ۲۰۱۴ء، ربیع الاول ۱۴۳۵ھ۔

کتابت وکمپوزنگ:.......دارالافتاء، دارالعلوم زکریا، جنوبی افریقہ۔

ناشر:......................زمزم پبلشرز، کراچی، پاکستان۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# انتساب

ہمارے شیخ ومربی حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ رحمۃً واسعۃً کے نام نامی، جن کے فیضِ صحبت سے کئی ممالک کے عوام وخواص سیراب ہو چکے، جن کے فتاویٰ کی شمعِ فروزاں سے بیک وقت دارالعلوم دیوبند اور مظاہر العلوم سہارنپور ہر دو مراکز منور ہوئے، جو دیوبند اور سہارنپور کی بزمِ فقہ کے صدر الصدور تھے، جن کے تبلیغی اسفار سے بے شمار بستیاں، پستیوں سے نکل کر بلندیوں کو چھونے لگیں، جن کی مجالس کے مشک وعنبر سے افریقہ کی فضائیں مہک اٹھیں، جن کی توجہات سے دلوں کے آئینوں میں ذکر واذکار کی تصویریں سج گئیں، جن کی نگاہوں کی تاثیر سے خوابیدہ دلوں نے تڑپنے کا ہنر سیکھا، جن کی نظرِ التفات نے کئی دیوانوں کو فرزانہ اور کئی فرزانوں کو دیوانہ بنادیا، جن کے خم کدہ طریقت سے تصوف کے عاشقوں نے جامِ معرفت پیا، جن کی مختصر نویسی اور سہل نگاری میں تحقیق وتدقیق کے موتی چھپے ہوئے ہیں، جن کے حسن تربیت نے مسترشدین میں اعتدال کا وصف پیدا کیا، جن کے حسن تعلیم سے علماء نے حدودِ اختلاف کو پہچانا۔

جو تبلیغی جماعت کے محسن، مدارس کا مصدرِ فیض اور خانقاہی نظام کے روحِ



رواں اور میدانِ تدریس کے شہسوار تھے، جن کی فقیرانہ زندگی میں خسروانہ خزانے پنہاں تھے، جن کی نرم وگرم نصیحتوں سے بہت سارے گنہگاروں نے گناہوں کے بھنور سے نکل کر ساحلِ توبہ پایا اور منزل آشنا بن گئے۔

اَللّٰهُمَّ أَسْكِنْهُ فِی جَنَّاتِ الْفِرْدَوْسِ وَارْفَعْ دَرَجَاتِهٖ ۔

کتبہ: (حضرت مفتی) رضاء الحق (صاحب) عفا اللہ عنہ

دارالافتاء دارالعلوم زکریا لینیشیا، جنوبی افریقہ۔

مؤرخہ: ۲۲/ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۵ھ موافق: ۲۴/ مارچ ۲۰۱۴ء

# فہرست مضامین


| عنوانات | صفحہ |
|---|---|
| تقریظ گرامی از حضرت مولانا شبیر احمد سالوجی صاحب: | ۱۱ |
| تقریظ گرامی از حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب: | ۱۳ |
| مقدمہ: | ۱۷ |
| پیش لفظ | ۲۳ |
| تمہید: | ۲۸ |
| خواتین کا تبلیغی سفر قرآن واحادیث کی روشنی میں: | ۳۰ |
| آیتِ کریمہ ﴿یامرون بالمعروف﴾ پر اشکال اور جواب: | ۳۱ |
| خواتین کا تبلیغی سفر احادیث کی روشنی میں: | ۳۶ |
| دینی سفر سے متعلق صحابیات کے واقعات: | ۳۹ |
| حضرت ام شریکؓ کا واقعہ: | ۳۹ |
| حضرت ام حکیم بنت الحارث زوجہ عکرمہؓ کا واقعہ: | ۴۰ |
| حضرت ام سلیمؓ کی دعوت کا واقعہ: | ۴۱ |
| حضرت ام سلیم کا مسئلہ دریافت کرنا: | ۴۳ |
| حضرت ہندہؓ کا مسئلہ دریافت کرنا: | ۴۳ |
| حضرت زینبؓ کا مسئلہ دریافت کرنا: | ۴۴ |
| ایک عورت کا اپنی قوم کو دعوت پیش کرنا: | ۴۵ |
| مستورات کی تبلیغ میں شرکت فقہائے کرام کی عبارات کی روشنی میں: | ۵۲ |





| | |
|---|---|
| (۱) سید احمد طحطاویؒ کی عبارت: | ۵۲ |
| (۲) محقق ابن ہمامؒ کی عبارت: | ۵۳ |
| (۳) فتاویٰ ہندیہ کی عبارت: | ۵۳ |
| (۴) امام فخر الدین قاضیخانؒ کی عبارات: | ۵۳ |
| خواتین کے لئے شرائط واصول کی پابندی: | ۵۴ |
| (۵) علامہ عینیؒ کی عبارت: | ۵۵ |
| احکام میں عورتیں مردوں کے ہم پلہ ہیں: | ۵۶ |
| عورت پر تحصیل علم کا ضروری ہونا: | ۵۸ |
| حدیث شریف ''طلب العلم فریضة'' کی تحقیق: | ۵۹ |
| خواتین کا تبلیغی سفر اکابرؒ کے فتاویٰ کی روشنی میں: | ۶۱ |
| حضرت مفتی محمود حسن گنگوہیؒ و مفتی نظام الدینؒ کا فتویٰ: | ۶۱ |
| حضرت مولانا مفتی یوسف لدھیانویؒ کا فتویٰ: | ۶۲ |
| حضرت مولانا عبد الحق صاحب کے تاثرات: | ۶۳ |
| حضرت مفتی فرید صاحبؒ کا فتویٰ: | ۶۴ |
| دار العلوم حقانیہ کے دیگر مفتیانِ کرام کا فتویٰ: | ۶۸ |
| حضرت مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کا فتویٰ: | ۶۹ |
| حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب کے تاثرات: | ۷۱ |
| حضرت مفتی غلام الرحمٰن صاحب کا فتویٰ: | ۷۴ |
| حضرت مولانا مفتی عاشق الٰہی صاحب کا مکتوب: | ۷۹ |
| حضرت مولانا مفتی سید قمر صاحب کا فتویٰ: | ۸۲ |
| حضرت مفتی غلام قادر صاحب کا فتویٰ: | ۸۳ |
| حضرت مفتی جمال احمد صاحب کا فتویٰ: | ۸۵ |

| | |
|---|---|
| تبلیغی جماعت کا مقصد:............ | ۸۹ |
| مفتی مختار اللہ صاحب کا فتویٰ:............ | ۹۰ |
| حضرت مفتی یوسف صاحب تاؤلوی کا فتویٰ:............ | ۹۳ |
| مفتی اسماعیل واڈی والا صاحب کا فتویٰ:............ | ۹۴ |
| مفتی احمد خانپوری صاحب کا فتویٰ:............ | ۹۹ |
| مفتی شبیر احمد قاسمی شاہی مرآباد کا فتویٰ:............ | ۱۰۰ |
| قاری محمد طیب صاحبؒ کی رائے:............ | ۱۰۱ |
| مفتی ابراہیم صالح جی صاحب کے فتوے کا خلاصہ:............ | ۱۰۱ |
| اصلاحِ خواتین کا طریقہ:............ | ۱۰۳ |
| مدارس اور تبلیغی جماعت:............ | ۱۰۴ |
| اصل انگریزی مفصل فتویٰ:............ | ۱۰۷ |
| مفتی اشرف صاحب کا فتویٰ:............ | ۱۳۵ |
| **اعتراضات اور ان کے جوابات:............** | ۱۴۳ |
| اعتراض (۱) اور اس کا جواب:............ | ۱۴۳ |
| طبرانی کی روایت کا جواب:............ | ۱۴۴ |
| ضرورت اور حاجت کی تشریح:............ | ۱۴۵ |
| اعتراض (۲) اور اس کا جواب:............ | ۱۴۷ |
| اعتراض (۳) اور اس کا جواب:............ | ۱۴۸ |
| عورتوں کے لیے گھر میں نماز پڑھنے کی فضیلت:............ | ۱۴۹ |
| عورتوں کے لیے بوقتِ ضرورت گھر سے نکلنے کا ثبوت:............ | ۱۵۱ |
| (۱) تعزیت کے لیے گھر سے نکلنے کا ثبوت:............ | ۱۵۱ |
| (۲) شادی میں شرکت کی غرض سے نکلنے کا ثبوت:............ | ۱۵۲ |





| | |
|---|---|
| (۳) قضائے حاجت کے لیے گھر سے نکلنے کی اجازت:............ | ۱۵۳ |
| (۴) حج، عمرہ اور جہاد کے اسفار میں جانے کا ثبوت:............ | ۱۵۴ |
| اعتراض (۴) اور اس کا جواب (۱):............ | ۱۵۴ |
| فقہائے کرام کے اقوال کے مابین تطبیق:............ | ۱۵۹ |
| جواب (۲):............ | ۱۵۹ |
| جواب (۳):............ | ۱۶۰ |
| جواب (۴):............ | ۱۶۴ |
| جواب (۵):............ | ۱۶۶ |
| دینی حاجات کی تفصیل:............ | ۱۶۸ |
| جواب (۶):............ | ۱۶۸ |
| مفتی رشید لدھیانوی صاحبؒ کا فتویٰ:............ | ۱۶۹ |
| مجلس وعظ میں شرکت کی چند شرائط:............ | ۱۶۹ |
| مجلس وعظ میں شرکت سے متعلق حضرت گنگوہیؒ کا فتویٰ:............ | ۱۷۰ |
| دین سیکھنا عورتوں پر لازم اور ضروری ہے:............ | ۱۷۳ |
| اعتراض (۵) اور اس کا جواب:............ | ۱۷۶ |
| اعتراض (۶) اور اس کا جواب:............ | ۱۷۸ |
| اعتراض (۷) اور اس کا جواب:............ | ۱۷۸ |
| اعتراض (۸) اور اس کا جواب:............ | ۱۸۰ |
| اعتراض (۹) اور اس کا جواب:............ | ۱۸۱ |
| مسجد جانے اور تبلیغ کے لیے نکلنے کے مابین چند فروق:............ | ۱۸۱ |
| فرق نمبر ۱:............ | ۱۸۱ |
| فرق نمبر ۲:............ | ۱۸۱ |

| | |
|---|---|
| فرق نمبر۳:.................... | ۱۸۱ |
| فرق نمبر۴:.................... | ۱۸۲ |
| فرق نمبر۵:.................... | ۱۸۲ |
| فرق نمبر۶:.................... | ۱۸۲ |
| اشکال: حضرت ام کبشہؓ کو جہاد میں جانے کی اجازت نہیں ملی؟.... | ۱۸۲ |
| الجواب:.................... | ۱۸۳ |
| سنت کا اطلاق وجوب اور سنتِ مؤکدہ پر، اس کی چند مثالیں:........ | ۱۸۴ |
| حضرت ام کبشہؓ کے واقعہ کی مزید تحقیق:.................... | ۱۸۵ |
| حضرت ام حرام کی جہاد میں شرکت اور شہادت:.................... | ۱۸۸ |
| حضرت ام عمارہؓ کی جہاد میں شرکت اور قتال:.................... | ۱۹۰ |
| حضرت ام سلیمؓ کی جہاد میں شرکت اور قتال:.................... | ۱۹۲ |
| حضرت اسماء بنت یزیدؓ کی جہاد میں شرکت وقتال:.................... | ۱۹۲ |
| حضرت ام حکیمؓ کی جہاد میں شرکت اور قتال:.................... | ۱۹۳ |
| حضرت ام سنانؓ کی جہاد میں شرکت کی اجازت:.................... | ۱۹۴ |
| عورتوں کی جہاد میں شرکت فقہائے کرام کی عبارات کی روشنی میں:.. | ۱۹۵ |
| اعتراض (۱۰) اور اس کا جواب:.................... | ۱۹۷ |
| تبلیغ کے جہاد ہونے پر چند دلائل علماء کی عبارات کی روشنی میں:...... | ۱۹۷ |
| لسان العرب اور تاج العروس کی عبارات:.................... | ۱۹۷ |
| حافظ ابن رجب کی عبارت:.................... | ۱۹۸ |
| علامہ ابوبکر الکاسانی کی عبارت:.................... | ۱۹۹ |
| علامہ شامی کی عبارت:.................... | ۱۹۹ |
| مفتی بغداد علامہ آلوسی کی عبارت:.................... | ۲۰۰ |





| | |
|---|---|
| شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی کی عبارت:.................... | ۲۰۰ |
| محقق ابن کثیر کی عبارت:.................... | ۲۰۱ |
| امام فخر الدین رازی کی عبارت:.................... | ۲۰۱ |
| علامہ ابوالبرکات النسفی کی عبارت:.................... | ۲۰۲ |
| علامہ قرطبی کی عبارت:.................... | ۲۰۲ |
| جہاد باللسان احادیث کی روشنی میں:.................... | ۲۰۴ |
| مجاہدۃ النفس پر جہاد کا اطلاق احادیث کی روشنی میں:.................... | ۲۰۵ |
| اعتراض نمبر۱۰ کا جواب نمبر۲:.................... | ۲۰۶ |
| اصلاح ذات البین کے لیے حضرت عائشہؓ کا خروج:.................... | ۲۰۷ |
| اشکال اور جواب:.................... | ۲۱۳ |
| اعتراض نمبر۱۱ اور اس کا جواب:.................... | ۲۱۶ |
| تلخیص دلائل:.................... | ۲۱۷ |
| قرآنی دلائل کی تلخیص:.................... | ۲۱۷ |
| احادیث کے دلائل کی تلخیص:.................... | ۲۱۸ |
| عباراتِ فقہائے کرام کی تلخیص:.................... | ۲۲۲ |
| قائلین جواز مفتیانِ کرام کے اسمائے گرامی:.................... | ۲۲۴ |
| اعتراض نمبر۱۲ اور اس کا جواب:.................... | ۲۲۶ |
| اعتراض نمبر۱۳ اور اس کا جواب:.................... | ۲۲۸ |
| اعتراض نمبر۱۴ اور اس کا جواب:.................... | ۲۲۸ |
| اعتراض نمبر۱۵ اور اس کا جواب:.................... | ۲۳۰ |
| واقعہ رجیع:.................... | ۲۳۱ |
| حضرت خبیب بن عدیؓ کا قصہ:.................... | ۲۳۳ |

| | |
|---|---|
| واقعہ بیرِ معونہ:............ | ۲۳۵ |
| اعتراض نمبر ۱۶ اور اس کا جواب:............ | ۲۳۸ |
| اعتراض نمبر ۱۷ اور اس کا جواب:............ | ۲۳۸ |
| اعتراض نمبر ۱۸ اور اس کا جواب:............ | ۲۳۹ |
| اعتراضات اور جوابات کی تلخیص:............ | ۲۴۰ |
| بانی تبلیغ حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ اور مستورات کی پہلی جماعت: | ۲۵۰ |
| مستورات کے ۲۴ گھنٹے کے مختصر کام از مرکز نظام الدین دہلی:........ | ۲۵۵ |
| مستورات میں کام کرنے کا طریقہ اور ترتیب از حضرت جی ثالث:.. | ۲۶۰ |
| لسان التبلیغ حضرت مولانا عمر صاحب پالنپوری کے بیان کا اقتباس: | ۲۶۷ |
| دعوت کا کام عورتوں کے لیے بھی ضروری ہے:............ | ۲۶۷ |
| عورتوں کی چار نسبتیں:............ | ۲۶۷ |
| دعوت میں عورتوں کی معاونت کا فائدہ:............ | ۲۶۸ |
| مردوں سے زیادہ قربانی عورتوں کی ہے:............ | ۲۶۸ |
| مستورات سے متعلق رائیونڈ سے جاری شدہ ہدایات:............ | ۲۷۰ |
| مقامی کام کرنے کا طریقہ:............ | ۲۷۰ |
| سہ روزہ جماعت کی ترتیب:............ | ۲۷۲ |
| پندرہ یوم کے لیے جانے والی جماعت کی ترتیب:............ | ۲۷۵ |
| چلہ کے لیے جانے والی جماعت کی ترتیب:............ | ۲۷۷ |
| بیرونِ ملک جانے والی جماعت کی ترتیب:............ | ۲۷۸ |
| خواتین میں تبلیغی کام کی وجہ سے دینی انقلاب:............ | ۲۸۰ |
| مستورات کی جماعت کی چند سبق آموز کارگزاریاں:............ | ۲۸۰ |
| (۱) کیوبا یونیورسٹی میں انقلاب:............ | ۲۸۰ |





| | |
|---|---|
| (۲) امریکہ سے نومسلم عورتوں کی رائے ونڈ آمد:............ | ۲۸۲ |
| (۳) اردن میں عورتوں نے برقعے پہن لیے:............ | ۲۸۳ |
| (۴) عورتوں نے مردوں کو تبلیغ میں لگا دیا:............ | ۲۸۴ |
| (۵) فلپائن میں مستورات کی برکت سے دینی انقلاب:............ | ۲۸۴ |
| (۶) اردن اور القدس میں مستورات کی جماعت کے فوائد:............ | ۲۸۵ |
| (۷) ترکی میں مستورات کی جماعت کے فوائد:............ | ۲۸۵ |
| (۸) ایک یورپی ملک میں مستورات کی ساحرانہ تاثیر:............ | ۲۸۵ |
| (۹) برازیل میں مستورات کی برکت سے دینی انقلاب:............ | ۲۸۶ |
| (۱۰) فیجی میں مستورات کی جماعت کے فوائد:............ | ۲۸۶ |
| مصادر و مراجع:............ | ۲۸۷ |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## تقریظ گرامی

از حضرت مولانا شبیر احمد صاحب سالوجی مدظلہ

مہتمم مدرسہ ہذا

**الحمد للّٰہ و کفیٰ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ :**

**أما بعد :** تبلیغی جماعت کے کام کی افادیت سے کون انکار کرسکتا ہے، اس کے موافقِ سنت ہونے کے لیے یہی دلیل کافی ہے کہ یہ عالمگیر جماعت اور تحریک ہے، لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں انسانوں کے لیے باعثِ ہدایت اور خیر کا ذریعہ بنا، اسی کام کی وجہ سے ہمارے مدارس کو طلبا اور خانقاہوں کو رجال ملے ،مستورات کی جماعت کے متعلق بعض حضرات کو کچھ خلجان تھا جس کی وجہ سے خلفشار پھیل رہا تھا، احقر نے استاذِ محترم سے درخواست کی کہ برائے مہربانی کچھ تحریر فرمائیں، کیونکہ اس ناکارہ کے علم میں ہے کہ بعض فتاویٰ کی بنا پر کچھ عورتیں جماعت میں نکلنے سے رک گئیں اور بعض عورتیں تو تعلیمی حلقہ چھوڑ کر دکانوں پر جانے لگیں۔

لیکن قابل توجہ بات یہ ہے کہ تبلیغی جماعت کے ذمہ داروں کی طرف سے جو شرائط اور قیودات اس کام کے لیے مقرر ہیں، ان کی پابندی کرتے ہوئے تقریباً کسی



فتنہ کا اندیشہ تو درکنار، بس میں اتنی بات کہتا ہوں کہ میرے خیال میں اس کام میں خیر ہی خیر ہے۔

اللہ تعالیٰ استاذِ محترم حضرت مفتی رضاء الحق صاحب اور مفتی محمد الیاس کو جزائے خیر دے کہ اس مسئلہ کو قرآن واحادیث اور اکابرین کے فتاویٰ کی روشنی میں منقح کر کے ہمارے سامنے پیش کیا، اللہ تعالیٰ اس کو بے حد قبول فرمائے اور ہمیں تمام دینی کاموں کی قدر کرنے توفیق نصیب فرمائے۔ آمین۔

(مولانا) شبیر احمد سالوجی (صاحب مدظلہ)

دفتر اہتمام دارالعلوم زکریا جنوبی افریقہ

مؤرخہ: ۷/صفر المظفر ۱۴۳۵ھ، موافق ۱۱/دسمبر ۲۰۱۳ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ گرامی

از حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب اعظمی مدظلہ

شیخ الحدیث مدرسہ عربیہ اسلامیہ آزادول، جنوبی افریقہ

**حامداً و مصلیاً مسلماً ؛ أما بعد :**

محرم کے ساتھ مستورات کی جماعت کے جواز اور افادیت کو ثابت کرنے کے لیے دارالعلوم زکریا لینس سے حضرت مولانا مفتی رضاء الحق صاحب مدظلہ کی ہدایت ورہنمائی میں ایک کتاب تیار ہوئی ہے، اس کا نام ہے: ''**سبیل الخیرات فی جماعات المتنقبات**'' میں نے شروع سے آخر تک یہ کتاب پڑھی، مسئلہ کو سمجھانے کے لیے سنجیدہ مدلل کتاب ہے، کتاب وسنت سے دلائل بھی پیش کیے گئے ہیں، اور ہندوستان وپاکستان کے معتمد مفتیانِ کرام کے فتاویٰ بھی مذکور ہیں اور کچھ جماعتوں کے احوال اور کارگزاریاں بھی ذکر کی گئی ہیں، خصوصاً حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب دہلویؒ اپنے وقت کے مفتی اعظم ہند کی گفتگو حضرت مولانا محمد الیاس صاحب دہلویؒ کے ساتھ اس مسئلہ میں مولانا داود صاحب کے خط کے ذریعہ جو معلوم ہوئی، بہت اہمیت رکھتی ہے، کام کی شکل معلوم کرنے کے بعد حضرت مفتی صاحبؒ نے اجازت دیدی اور اشکال ختم ہوگیا، حضرت مفتی محمود حسن گنگوہیؒ مفتی اعظم ہند مفتی مظاہر العلوم ومفتی دارالعلوم دیوبند



تبلیغی کام کو بہت قریب سے جانتے تھے، حضرت نے بھی اجازت دی اور دعائیں دیں، جیسا کہ ان کے فتاویٰ میں مذکور ہے اور اس کتاب میں بھی۔

مفتی یوسف لدھیانویؒ شہید مظلوم نے عملاً مستورات کی جماعت میں حصہ لیا اور دیکھا کہ کس طرح کام ہوتا ہے اور کس طرح آنا جانا ہوتا ہے ان کو تعجب ہوتا تھا کہ کس طرح بعض علما اس کو ناجائز کہتے ہیں، جس مفتی کو جس کام میں زیادہ تجربہ ہوتا ہے اس کا قول اس باب میں زیادہ معتبر ہوتا ہے، فقہ میں مذکور ہے کہ وقف اور قضا کے مسائل میں حضرت امام ابو یوسفؒ کا قول لیا جاتا ہے اس لیے کہ ان اس کا تجربہ زیادہ تھا، اگرچہ امام اعظمؒ کا قول دوسری جگہ راجح ہوتا ہے۔

یہاں اس مسئلہ میں بھی جن کو عملاً حصہ لینے کا موقع ملا یا قریب سے دیکھنے کا، وہ سمجھتے ہیں کہ اس کام میں کوئی خلافِ شرعی چیز نہیں ہے، اور اس کے فوائد بہت ہیں، میرا خود بھی کبھی کبھی ایک دن کے لیے مستورات کی جماعت میں نکلنا ہوتا ہے، مستورات کی جماعت میں بیان کا اتفاق بھی ہوتا ہے، کبھی کوئی محظور نہیں دیکھا، بڑی احتیاط کے ساتھ کام ہوتا ہے، جو لوگ منع کرتے ہیں شاید ان کو کام کی پوری ترتیب اور احتیاط معلوم نہیں، ایسے لوگ معذور ہیں، ہم ان کے حق میں دعا کر سکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ صحیح سمجھ دے۔

یوں بعض علما کو نفس تبلیغی کام پر بھی اعتراض ہے، پہلے بھی تھا اور اب بھی ہے، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ نے ایک کتاب لکھدی ''تبلیغی جماعت پر اعتراضات کے جوابات'' اس کے باوجود معترضین اعتراض کرتے جارہے ہیں۔

اس کتاب سے انشاء اللہ کام میں حصہ لینے والے بھائیوں اور بہنوں کو اطمینان ہوجائے گا، کہ ہم جو کام کررہے ہیں کتاب وسنت کی روشنی میں، اور بڑے بڑے مفتیانِ

کرام کے فتووں کے مطابق بالکل صحیح اور مفید ہے اوراس کام سے اپنا ایمان تازہ کریں گے، اپنی اصلاح کریں گے، اور قربِ الٰہی اور اتباعِ سنت کی لذت سے آشنا ہوں گے، اپنی دنیاوآخرت بنائیں گے۔

ایں سعادت بزورِ بازو نیست ☆ تانہ بخشد خدائے بخشندہ

اورممکن ہے کسی انصاف پسند معترض کو ہدایت بھی مل جائے ،مقصد تو کتاب کا یہی ہے لیکن یہ بھی ممکن ہے کہ بعض مخالفین کی مخالفت بڑھ جائے اور جواب میں اس سے بڑی کتاب تیار کردیں، لیکن ان شاء اللہ کام کو کوئی نقصان نہیں ہوگا، نفع پانے والے اپنے نفع کو جانتے ہیں۔

عرب ملکوں میں تبلیغ کے خلاف بڑی بڑی کتابیں لکھی گئیں، لیکن کام میں شرکت کرنے والوں کو جو فائدہ ہورہا ہے وہ اس کو پاکر ان کتابوں کو نا قابل توجہ سمجھتے ہیں اور اپنا کام کررہے ہیں، ہر سال کثرت سے جماعتوں میں نکل رہے ہیں۔

سالِ گزشتہ مستورات کی جماعت کی ممانعت کے فتوے بہت مشہور کیا گیا انٹرنیٹ پر ڈالا گیا، ای میل سے لوگوں کے پاس بھیجا گیا، لیکن معلوم ہوا کہ جماعتیں پہلے سے زیادہ نکلیں اور بہت سے ملکوں میں گئیں، مراکز والے تبلیغی حضرات اس طرح کے اعتراضات کی طرف توجہ ہی نہیں کرتے، ان کے مشاغل بہت ہیں، ان کو اپنے کام میں شرحِ صدر حاصل ہے اس میں مشغول ہیں اور کام کا فائدہ دیکھ رہے ہیں احوال سن رہے ہیں، لوگوں کی زندگیوں میں تبدیلی کا مشاہدہ کرہے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کے یہاں بے حد اجر وثواب کا یقین کیے ہوئے ہیں۔



درس وافتا میں مشغول علمائے کرام دلائل کے ساتھ ان کی تائید کررہے ہیں فتوے دے کر اور کتابیں لکھ کر اس کام کی حقانیت اور صداقت کو ثابت کررہے ہیں، امید ہے کہ اس طرح اس عالمی فکر ومحنت میں انکا بھی حصہ ہوجائے گا۔

مفتی عبدالرحیم صاحب لاجپوریؒ مفتی اعظم گجرات نے اپنی ایک کتاب ’’علمائے دین کی ذمہ داریاں‘‘ میں لکھا ہے:

آج کل تبلیغی جماعت کا کام بھی بہت پھیل گیا ہے اور عالمی سطح پر یہ کام ہورہا ہے اوراس سے عوام میں دینی بے داری، دین کا شوق، دین کے لیے قربانی کا جذبہ اور آخرت کی فکر پیدا ہورہی ہے، بے شمار لوگوں کی زندگیاں بدلی ہیں، عوام تک دین پہنچا نے کے لیے یہ بہت وسیع میدان ہے، علما کو اس کام میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی ضرورت ہے۔(ص۹)۔

الحمدللہ بہت سے علما عملاً حصہ لے رہے ہیں اور بہت سے تقریر وتحریر کے ذریعہ اس کی تائید کررہے ہیں، یہ کتاب اسی کی ایک کڑی ہے اس سے امید ہے کہ تائید کرنے والے بھی اجر وثواب کے مستحق ہوں گے، **وما ذلک علی اللہ بعزیز**۔ میں نے بھی اس نیت سے یہ چند سطریں لکھدیں۔

(حضرت مولانا) فضل الرحمٰن اعظمی، آزادول

۱۰/صفر ۱۴۳۵ھ، ۱۴/ دسمبر ۲۰۱۳ء۔

# مقدمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ تبارک وتعالیٰ ہر زمانہ میں اُس زمانہ کے مناسب اسبابِ ہدایت پیدا
فرماتے ہیں، چونکہ موجودہ زمانہ میں گمراہی کے بے شمار اسباب لوگوں کی نظروں کے
سامنے گھومتے ہیں ۔ ریڈیو اور ٹی وی سے لیکر موبائل فون انٹرنیٹ اور کمپوٹر تک ہر ایک
گمراہی کے پھیلانے میں اپنا اپنا حصہ ڈالتا ہے، نیز اس میں شک نہیں کہ بعض آلاتِ
جدیدہ علم پھیلانے میں اہمیت کے حامل ہیں، لیکن ان کا شر اور ضرر بھی اہل عقل پر مخفی
نہیں۔ اسی طرح اس صدی کی ابتدا میں اللہ تعالیٰ نے حضرت مولانا محمد الیاس صاحب
رحمۃ اللہ علیہ کے دل پر مسلمانوں کے لئے خصوصاً اور غیر مسلموں کے لئے عموماً دعوت کا
ایک نیا نظام القا فرمایا جس سے لاکھوں انسانوں کی زندگیاں بدل گئیں ۔ بے نمازی
نمازی بن گئے، بے ریش ڈاڑھی والے بن گئے، کوٹ پتلون والے کرتے اور شلوار میں
ملبوس ہوگئے، سود اور حرام کے دلدل میں پھنسے ہوئے تائب بن گئے، ڈاکٹروں اور
انجنیروں کے گھروں میں طالبِ علم پیدا ہوگئے، شہر اور دیہات کے مدارس دین کے
طالب علموں سے بھر گئے، دین کے لئے مشقت اٹھانا طبیعتِ ثانیہ بن گیا، مسجدیں آباد
ہوگئیں، آرمی اور ائر فورس میں متشرع افراد پیدا ہوئے، نازونعم میں پلنے والے صحرا
نوردی کے عادی بن گئے، ان ممالک میں دینی مدارس کھل گئے جہاں مدارس کا نام و



نشان نہیں تھا، مکاتب ومعابد کا جال پھیل گیا علم وذکر کے حلقے قائم ہوئے، مردہ دلوں
میں جان آگئی، مسلمانوں کے دلوں میں تبلیغ دین کے سوئے ہوئے جذبات بیدار
ہوئے، بڑی بڑی دنیوی یونیورسٹیوں میں متشرع پروفیسر نمودار ہوگئے، دین پر سب کچھ
قربان کرنے کے جذبات موجزن ہوگئے، سوئے ہوئے مسلمان خواب خرگوش سے
بیدار ہوگئے، بد معاش اور قاتلین راتوں کو رونے والے بن گئے، مسجدوں کو مصلی،
مدارس کو طلبہ، خانقاہوں کو ذاکرین، مکاتب کو بچے اور بچیاں، دینی تنظیموں کو کارکن مل
گئے، تشنہ لب سیراب ہوگئے، خزان بہار میں بدل گئی، قحط سالی کی جگہ خوشحالی آگئی۔
انبیاء علیہم السلام نے آکر لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی قدرت اور توحید سمجھانے اور اس کی
عظمت کو لوگوں کے دلوں میں بٹھانے کی جو محنت فرمائی تھی اس کے لئے نقل وحرکت
شروع ہوگئی۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جس مقصد کے لئے مبعوث ہوئے تھے وہ مقصد ظاہر کیا
گیا۔ ''**لتنذر قوماً ما أنذر آبائهم فهم غافلون**'' کا منظر سامنے آیا۔ مسلمانوں
میں دین پر عمل کرنے نے انگڑائی لی۔ صحابہ کرام کی عظمت ومحبت کے ترانے گائے
گئے۔ صحابہ کرام کے واقعات اور قصے زینت محافل بنے، اکابر کے واقعات ہر مجلس کی
سجاوٹ بنے، بزرگوں کے احترام کا چرچہ ہونے لگا، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ورد
زبان بن گیا، دین کی اشاعت کی فکر اوڑھنا بچھونا بن گئی۔ ''**کنتم خیر أمة أخرجت
للناس**'' کا بھولا ہوا سبق یاد دلایا گیا۔ امتِ محمدیہ کا مزاج خلق خدا کو سمجھایا گیا، ایمان
ویقین کا وظیفہ زبان پر جاری ہوا، کچے مسلمان پکے بن گئے، سنگ دل نرم دل بن گئے،
تبلیغی مراکز قال اللہ اور قال الرسول سے معطر بن گئے۔ ''**فان آمنوا بمثل ما
آمنتم به فقد اهتدوا**'' کی آیتِ کریمہ سناتے سناتے صحابہ کرام کے معیارِ ایمان کا

عقیدہ دل ودماغ میں اُتارا گیا۔دلوں میں محبتِ صحابہ راسخ ہوگئی۔

تقریباً ایک صدی سے یہ کامیاب تحریک اپنے اثرات دکھارہی ہے۔

بندہ عاجز نے مختلف ممالک کے اسفار کئے ، ہر ملک میں دعوت کے آفتاب کی کرنوں سے عوام وخواص کو حرارتِ ایمانی لیتے ہوئے پایا اور بعض ممالک میں تو سنت کے نقشے اس مبارک کام کی برکت سے دیکھنے میں آئے۔عام لوگ صبح اٹھتے ہی دنیا کے دھندوں میں لگ جاتے ہیں اور جماعت والے بیچارے صبح اٹھتے ہی دین کی فکر وعمل میں مشغول ہوجاتے ہیں اور یہ شعران پر صادق آتا ہے:

علی الصباح چوں مردم بکاروبار روند ☆ بلاکشان محبت بکوئے یار روند

اور اگر بعض دنیوی کاموں کے لئے جاتے ہیں تو دست بکار ودل بیار کا مصداق ہوتے ہیں۔اگر کوئی انکوفضول باتوں اور گپ شپ میں لگانے کی کوشش کرتا ہے تو یہ بزبان حال یوں گویا ہوتے ہیں:

تمہیں دنیا سے کب فرصت،ہم اپنے غم سے کب خالی ☆ چلو اب ہو چکا ملنا نہ تم خالی نہ ہم خالی

مدتِ دراز تک یہ کام قریہ بقریہ،کوبکو،گلی گلی،جنگل صحرا میں مردوں میں ہوتا رہا اور مرد فائدہ اٹھاتے رہے پھر دعوت وتبلیغ کے اکابر نے سوچا اور خوب سوچا کہ امت کی اکثریت یعنی خواتین اس کام کی برکت سے محروم ہیں یا دور ہیں اس لئے مشوروں کے بعد خواتین کو اس کام کے ساتھ جوڑنے کی فکر فرمائی۔

چونکہ خواتین کا معاملہ بہت نازک تھا اس لیے اس کام کے لئے سخت اور مضبوط اصول بنائے گئے ۔وہ اصول اتنے سخت ہیں کہ ان پر عمل کرتے ہوئے کسی ناخوشگوار واقعہ کا ظاہر ہونا ان شاء اللہ نہ ہونے کے برابر ہے۔مستورات باہر رہتی ہوئی



اندروں خانہ خاتون کی مانند ہوتی ہیں۔

الحمدللہ مستورات میں کام شروع ہوا اور اس کا بے حد فائدہ ظاہر ہوا۔ایمان تازہ ہوا،تعلیم کے حلقے قائم ہوئے ،دین کے لئے قربانی کے جذبات پیدا ہوئے ،بے شمار عورتیں باپردہ بن گئیں، رب کائنات سے تعلق بڑھ گیا، بچیوں کے مدراس قائم ہوئے ،اللہ تعالیٰ کے احکامات زندہ ہوئے ،زیب وزینت کی عاشق عورتیں سادہ زندگی اپنانے لگیں۔

ابتدا میں جب خواتین میں کام کی نوعیت واضح نہیں تھی،بعض دارالافتاؤں نے باپردہ عورتوں کے دعوت کے سلسلے میں نکلنے کو محلِ نظر فرمایا تھا اور بعض فقہی عبارات سے بھی عدم جواز کو کشید کرلیا گیا تھا۔پھر فقیہ النفس حضرت مفتی محمود حسن صاحب گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ نے جب اس کام کی افادیت کو ملاحظہ فرمایا اور انکو اس سلسلہ میں متواتر خبریں مل گئیں تو اس کے جواز کا فتویٰ صادر فرمایا۔

حضرت مفتی محمود حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ دارالعلوم دیوبند اور مظاہر علوم سہارنپور دونوں جامعات کے مفتی اعظم اور ترجمان رہے ہیں۔

کچھ مہینے پہلے بعض مفتی صاحبان کا ایک فتویٰ پھر منظر عام پر آیا جس میں باپردہ خواتین کے خروج کو ناجائز بتلایا گیا تو ہمارے دارالافتاء میں بھی اس مسئلہ کے متعلق سوالات آنے لگے ،اور ایک صاحب نے عدم جواز پر ایک مختصر رسالہ بھی تحریر فرمایا۔

بندہ عاجز جائز ہونے اور مفید ہونے کا زبانی جواب دیتا رہا لیکن بعض جگہوں سے تحریری جواب کا تقاضہ بھی ہوا۔بندہ عاجز نے تحریری جواب کے لئے تخصص کے ایک

طالبِ علم مولانا عبید اللہ آدم صاحب کو مامور کیا۔ بندہ عاجز ان کو حوالے بتلاتا رہا اور وہ بقیہ صفحات مختلف کتابوں سے حوالے نقل کرتے رہے اور توضیح اور تشریح اور ترجمہ وغیرہ کرتے رہے۔

ہمارے مدرسہ کے مہتمم مولانا شبیر احمد صاحب صالوجی کی بھی یہ فرمائش تھی کہ خواتین کی جماعتوں کے سلسلے میں ایک مفصل فتویٰ لکھا جائے۔ بہرحال یہ کام:

أُحِبُّ الصَّالِحِيْنَ ولَسْتُ مِنْهُمْ ☆ لَعَلَّ اللّٰهَ يَرْزُقُنِيْ صَلَاحًا

کے جذبہ کے تحت ہوا۔ اس میں کسی پر تنقید یا تردید ہرگز مقصود نہیں۔ نیز جماعت کے معطر سلسبیل میں ہمارے قطرۂ گلاب کے ملانے کی ضرورت قطعاً نہیں۔ بلکہ یہ کام:

مشک آں باشد کہ ببوید ☆ نہ کہ عطار بگوید

کیطرح ہے۔

یہ سلسبیل ہمارے ایک قطرے کو قبول کرے تو ہمارے لئے سعادت و ذخیرۂ آخرت ہے۔

نوٹ: اس رسالہ کی تکمیل گذشتہ سال ہوچکی تھی لیکن جب ہم نے اس پر نظرِ ثانی کی تو اس کی جدید ترتیب کی ضرورت محسوس ہوئی چنانچہ ترتیبِ جدید کا کام مع اضافات و اصلاحات بندہ عاجز کے مشورہ اور رہنمائی سے مولانا مفتی محمد الیاس صاحب نے انجام دیا، **فجزاه الله تعالىٰ أحسن الجزاء** .

بندہ نے اس رسالہ کا نام "**سَبِيْلُ الْخَيْرَات في جَمَاعَاتِ الْمُتَنَقِّبَات**"



یا "**نَسْقُ الْمَعْلُومَات في ذِكْرِ جَمَاعَاتِ الْمُحَجَّبَات**" رکھا۔

اللہ تعالیٰ اس رسالہ کو قبول فرمائے اور بندہ عاجز اور ہر دو مرتب اور اربابِ اہتمام کے لئے سببِ نجات بنائے۔ آمین۔

کتبہ (حضرت مفتی) رضاء الحق (صاحب مدظلہ)

شیخ الحدیث و رئیس دار الافتاء دار العلوم زکریا، لینیشیا، جنوبی افریقہ

مؤرخہ: ۱۰/ شعبان المعظم ۱۴۳۴ھ، موافق ۱۹/ جون ۲۰۱۳ء

## پیش لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**الحمد للّٰہ و کفیٰ وسَلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ أما بعد :**

اسلام ایک مکمل نظامِ حیات، ہمہ گیر لائحۂ عمل ہے، اس کا بنیادی اور آخری مقصد بنی نوعِ انسان کی صلاح وفلاح ہے، اسلام جس طرح عقائد، عبادات اور اخلاق وکردار کی رہنمائی کرتا ہے وہیں پر معیشت، معاشرت، غرض انسانی انفرادی واجتماعی زندگی کے ہر شعبہ میں بھر پور رہنمائی اور رہبری کرتا ہے۔ اور وہ خود اپنا ایک مخصوص وامتیازی معاشرہ تشکیل دینا چاہتا ہے، جس کی بنیاد حقوق اللہ اور حقوق العباد اور حقوق النفس پر استوار ہے۔ اور عقیدۂ توحید اسلامی معاشرہ کی خشتِ اول ہے۔

خداوندِ قدوس نے اسی معاشرہ کی تشکیل اور انسانیت کی فلاح و بہبود اور اس کی صحیح رہنمائی کے لئے انسانی عظمتوں کے پاسبان حضراتِ انبیاء علیہم الصلاۃ والتسلیم کی بعثت کا سلسلہ شروع فرمایا۔ یہ سلسلۃ الذہب آدم علیہ السلام سے شروع ہوکر نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم ہوا اور نبوت کا تاج محل پایۂ تکمیل کو پہنچا، اب معاشرہ کی تشکیل اور اس کی فلاح کی ذمہ داری ﴿**کنتم خیر أمة أخرجت للناس**﴾ کے ذریعہ قیامت تک آنے والی امتِ محمدیہ کے سر اور کندھوں پر ڈالی گئی جس کی ترجمانی



رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں بالفاظ " **فلیبلغ الشاھد منکم الغائب** " فرمائی اور یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ **فلیبلغ الشاھد منکم الغائب** کے خطاب کے وقت مجمع میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ صحابیات رضی اللہ تعالیٰ عنہن بھی موجود تھیں اور یہ خطاب سب کو شامل تھا، بایں وجہ حضراتِ صحابہ کرامؓ کے ساتھ صحابیات نے بھی تبلیغی اسفار فرمائے۔ حضرت ام حرامؓ کا جہاد کا سفر اور اس سفر میں انکی شہادت احادیث پڑھنے پڑھانے والوں پر مخفی نہیں اور یہ کوئی تعجب خیز بات بھی نہیں ہے کیونکہ اسلام اور دین کی خدمت میں اور اس خدمت کے جذبہ میں خواتین کا کردار روزِ اول سے عیاں اور اظہر من الشّمس ہے جس کا انکار بداہت کے انکار کے مترادف ہے۔ مشتے نمونہ از خروارے چند مثالیں ملاحظہ ہوں :

☆ دین وایمان کی حفاظت کی خاطر اسلام میں سب سے پہلی شہادت ایک نیک خاتون حضرت بی بی سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے پائی۔

☆ جب آفتابِ نبوت فاران کی چوٹیوں سے طلوع ہوا تو سب سے پہلے نورِ نبوت سے حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ تعالیٰ عنہا منور اور مشرف بہ اسلام ہوئیں۔

☆ دنیا میں ایمان ودین کی خاطر سب سے زیادہ تکلیف برداشت کرنے والی خاتون حضرت آسیہ زوجۂ فرعون ہے۔

☆ دنیا میں سب سے زیادہ اظہارِ محبت کرنے والی وہ عورت تھیں جس نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک دیکھ کر جان، جان آفریں کے سپرد کی۔

☆ ربِ کائنات کے حکم پر یک لخت صبر واستقلال کے ساتھ جمنے والی خاتون حضرت ہاجرہؓ زوجۂ خلیل اللہ تھیں۔ جن کی قربانیوں پر اسلام اور اہل اسلام کو عظیم الشان

نعمتوں سے نوازا گیا۔ منجملہ ان نعمتوں کے: بیت اللہ، مکہ مکرمہ، زمزم، مقام ابراہیم، صفا مروہ، سعی، طواف وغیرہ ہیں، بلکہ اسلام کا سراجِ منیر بھی انھیں کا مرہونِ منت ہے۔

☆ اسلام میں بہت بڑی محدثہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا رفیقۂ حیات سرور کونین ہیں۔

علمانے لکھا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اسلام کا ایک ربع حصہ امت کو عطا فرمایا ہے، اگر سارے اسلام کے چار حصے کیے جائیں تو تین حصے ایک لاکھ چوبیس ہزار صحابہ کرام سے ملے اور ایک چوتھائی حصہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ملا ہے۔

☆ اگر ولایت کے میدان میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو چہار سو شہرت حاصل تھی تو میں عرض کرونگا کہ حضرت رابعہ بصریہؒ کو اکنافِ عالم میں شہرت حاصل تھی۔

☆ جہاد اور میدانِ کارزار میں صحابیات کی خدمات احادیث کی کتابوں کے مشرقہ اوراق میں روزِ روشن کی طرح عیاں ہے، بلکہ عزم اور استقلال اور بہادری و شجاعت میں مجاہد، شہ سوار کے دوش بہ دوش اللہ کی ایک نیک بندی ملقبہ بذات النطاقین خلیفہ اول صدیقِ اکبر کی صاحبزادی حضرت اسما رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سولی پر دیکھ کر وہ تاریخی جملہ فرمایا جس پر اسلام اور اہل اسلام کو ناز ہے: **ألم يأن لهذا الفارس أن يترجل .**

کیا اس شہ سوار کے لئے ابھی وقت نہیں آیا ہے کہ وہ پیدل ہو جائے۔

☆ عربی زبان کی لازوال اور غیر فانی شاعرات میں سے حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے بیٹوں کی شہادت پر یہ جملہ : **الحمد لله الذي أكرمني**



**بشهادتهم .** فرما کر صبر و استقامت کی مثال قائم کر دی۔

☆ ہمارے چار خلفائے راشدین میں سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو براہِ راست سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ اقدس پر مشرف بہ اسلام ہوئے تھے لیکن حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسلام لانے کا ذریعہ اور سبب ان کی ہمشیرہ حضرت فاطمہؓ بنیں، اسی طرح حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسلام لانے کا سبب وذریعہ بھی ان کی خالہ سعدیٰ بنت کریز بنیں تو چار میں سے دو کا اسلام خواتین کا مرہونِ منت ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ اسلامی معاشرہ میں خواتین کا کردار روزِ اول سے جاری اور ساری ہے، ہر میدان اور شعبہ میں بامِ عروج تک کامیابی حاصل کی۔

لیکن خیر القرون کے بعد رفتہ رفتہ یہ قربانیاں صرف گھریلو کام کاج تک محدود ہو کر رہ گئیں اور مغربی تہذیب نے اپنے ایسے زہریلے اور سموم ومخمور اثرات چھوڑے جن کی وجہ سے خواتین نے اسلام کو پس پشت ڈال دیا اور مغرب کی رنگت میں رنگ گئیں، پس اس کا نتیجہ وہی ہے جو آج کل بازاروں میں ہو رہا ہے۔

قربان جایئے حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ بانی تبلیغی جماعت پر اور ان کے رفقاء پر کہ انہوں نے مرد وزن دونوں کے گم شدہ ہیرے کو تلاش کر کے ان کے سپرد کر دیا اور تبلیغ کا یہ عظیم الشان کام شروع فرمادیا جن میں خواتین بھی اپنی اصلاح اور معاشرہ کی اصلاح میں مفید اقدامات کرتی ہوئی نظر آتی ہیں اور ساتھ ساتھ مغربی تہذیب کو خیر آباد بھی کہہ دیتی ہیں۔

اکابر تبلیغؒ نے خروج کو مضبوط شرائط کے ساتھ وابستہ فرمادیا جس کی وجہ سے فتنہ

فساد کا سدِ باب ہوگیا اور قرن اول کی مثال قائم ہوئی اور اسکا فائدہ محتاج بیان نہیں اظہر من الشمس ہے۔

چونکہ اکابر کے زمانہ میں عورتوں کی تبلیغ کا کام ترقی پذیر نہیں تھا، لیکن آج کل اس کام کے بے شمار فوائد ظاہر ہو رہے ہیں، اس سب کے باوجود بعض مفتی حضرات کے فتاویٰ کی وجہ سے عوام کے ذہنوں میں شبہات پیدا ہوئے اور ہمارے دارالافتاء سے سوالات کیے گئے۔

ان شبہات کے ازالہ کے لیے حضرت مفتی صاحب کے حکم اور ایما پر مولوی عبید اللہ سلمہ ربہ نے یہ مختصر رسالہ مرتب فرمایا جن کے دلائل اور عبارات حضرت ہی کا فیض ہے اور حوالہ کی تلاش اور عبارات کی تشریح مولوی عبید اللہ (متخصص فی الفقہ الاسلامی) نے فرمائی، اور مولوی محمد احمد علی مدنی (متخصص فی الفقہ الاسلامی) نے کتابت میں تعاون کیا، پھر اس کی ترتیبِ جدید اور بعض اضافے بندۂ عاجز کے حصے میں آئے۔ اللہ تعالیٰ سب کی مساعی جمیلہ کو شرفِ قبولیت سے نوازے۔ آمین۔

بندۂ عاجز کو حضرت کے حکم سے یہ چند سطور لکھنے کا شرف اور سعادت حاصل ہوئی جو کہ خون لگا کر شہیدوں میں شامل ہونے کے برابر ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اس مقدس جماعت کے ساتھ شامل فرما کر اسکی محنت کے لئے دیر اور دور تک کے لیے قبول فرمائے۔ آمین۔

راقم السطور: بندۂ عاجز محمد الیاس شیخ عفی عنہ

معین دارالافتا دارالعلوم زکریا، جنوبی افریقہ

مؤرخہ: ۱۲/ شعبان المعظم ۱۴۳۴ھ، موافق ۲۱/ جون ۲۰۱۳ء



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## تمہید

عصر حاضر میں مستورات میں دین سے بے پروائی عام ہے، اور چونکہ پہلا مکتب ماں کی گود ہے، اس لئے عورتوں کی دین سے دوری ان کی ذات تک محدود نہیں رہتی، بلکہ ان سے آئندہ نسلیں بھی متاثر ہوتی ہیں۔ اسی بنا پر ہر دور میں مصلحین امت عورتوں کی اصلاح کے لئے بطور خاص فکر مند رہے ہیں۔

مسلمانوں کی اس بیماری کے علاج کو مد نظر رکھتے ہوئے مستورات کے حلقوں میں بھی دین کی دعوت کو رواج دیا گیا۔ چنانچہ اکابرین نے اس پر طویل غور وفکر کیا، نیز علماء وصلحاء سے مشورے کئے اور طویل مشوروں کے بعد اس کا ایک خاص نظام تشکیل کیا گیا، جس میں شریعت کے احکام کی پوری رعایت رکھتے ہوئے مستورات کی جماعتوں کے لئے خاص قیود وشرائط مقرر کی گئیں۔ ان شرعی احکام اور قیود کی پابندی کے ساتھ مستورات کی جماعتیں نکلتی ہیں۔ اور الحمد للہ دعوت کے اس نظام سے مستورات کے طبقے میں بہت نفع پہنچ رہا ہے۔

لیکن افسوس صد افسوس ان لوگوں پر جو مستورات کے تبلیغ میں نکلنے پر تنقید کرتے ہیں اور اس عظیم الشان کارِ خیر سے روکنے کی کوشش کرتے ہیں، اور مستوراتِ تبلیغی

جماعت پر اعتراضات کی بارش برساتے ہیں، جس کی وجہ سے عوام وخواص میں ایک خلجان پیدا ہوگیا ہے، اس خلجان کو دور کرنے اور دلوں کی صفائی کے لیے قرآن، حدیث اورفقہائے کرام کی عبارات اور اکابرین کے فتاویٰ اوران کے زریں اقوال کی روشنی میں یہ رسالہ ''**سَبِيْلُ الْخَيْرَات في جَمَاعَاتِ الْمُتَنَقِّبَات**'' (مستورات کی جماعتوں میں بھلائیوں کا راستہ) مرتب کیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ باری تعالیٰ اس رسالہ کو نافع بنا کر شرفِ قبولیت نصیب فرمائے۔ آمین۔



## خواتین کے لیے تبلیغی سفر قرآن واحادیث کی روشنی میں:

قران واحادیث سے پتہ چلتا ہے کہ خواتین کا تبلیغ کرنا اور اس کے لئے سفر کرنا صرف جائز نہیں بلکہ ایک امر مطلوب اور مستحسن ہے۔

قرآن کرایم سے چند دلائل ملاحظہ فرمائیں:

(۱) ﴿ **والمؤمنون والمؤمنات بعضهم أولياء بعض.** ﴾ (سورة التوبة آية: ۷۱).

ترجمہ: اور ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں ایک دوسرے کے مددگار ہیں۔

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے مؤمن مرد اور مؤمن عورتیں دونوں کا ذکر کرنے کے بعد ارشاد فرمایا: ﴿ **يأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر.** ﴾ (سورة التوبة آية: ۷۱) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر مؤمنات کی بھی ذمہ داری ہے۔

**والمؤمنون والمؤمنات أي ذكورهم وإناثهم بعضهم أولياء بعض في المحبة والموالاة والانتماء والنصرة.** (تيسير الكريم الرحمن للشيخ السعدى، ص: ۳۰۱، مؤسسة الرسالة).

ترجمہ: مؤمن مرد اور مؤمن عورتیں ایک دوسرے کے مددگار ہے محبت میں دوستی میں اور نصرت میں۔

شیخ عبدالعزیز بن باز اس آیت کو نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں کہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا حکم بالکل عام ہے مرد اور عورت دونوں کو شامل ہے۔

**وهـذا يـدل على أنه واجب على جميع المؤمنين والمؤمنات كل بحسب طاقته وليس خاصاً بأحد عن أحد.** (الفتاوى المهمة، ص: ١٠٢٣، دار الغد الجديد).

**اشکال:** آیت کریمہ میں **يأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر** یہ دونوں مذکر کے صیغے ہیں تو اس حکم میں مؤمنات کیسے شامل ہوئیں؟

**الجواب:** نحو کا قاعدہ ہے کہ جب مذکر اور مؤنث دونوں جمع ہو جائیں تو ان کے لئے مذکر کا صیغہ استعمال ہوتا ہے مثلاً " **الشمس والقمر دائبين** ".

دوسرا جواب یہ ہے کہ آگے " **ويقيمون الصلوة ويؤتون الزكاة** " ہے تو کیا اسمیں بھی صرف مردوں کو خطاب ہے؟

حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ فرماتے ہیں: قرآنِ کریم کے عام احکامات میں اگر چہ مرد وعورت دونوں ہی کو شامل ہیں، مگر عموماً خطاب مردوں کو کیا گیا ہے عورتیں اس میں ضمناً شامل ہیں، ہر جگہ یاایہا الذین آمنوا کے الفاظ استعمال فرما کر عورتوں کو ان کے ضمن میں مخاطب کیا گیا ہے اس میں ان کا اعزاز واکرام ہے۔ (معارف القرآن: ۱۴۳/۷).

(۲) اللہ تعالیٰ نے ایک اور جگہ مؤمنات کی اچھی صفات بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا "**سائحات**" (سورة التحريم آية:٥) اس کا معنی بیان کرتے ہوئے علامہ قرطبی رحمہ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں " **ذاهبات في طاعة الله من ساح الماء إذا ذهب** ".

(الجامع لأحكام القران: ١٢٧/١٨). (ومثله في روح المعاني).



یعنی اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور فرمانبرداری میں سفر کرنے والیاں۔ تبلیغ کے لئے سفر کرنا اللہ تعالیٰ ہی کی اطاعت کا سفر ہے۔

اسی طرح " **سائحات** " کی ایک اور تفسیر یہ کی گئی ہے کہ " **يسحن معه حيث ساح** ". (تفسير الخازن ١٢٧/٦) یعنی ایسی عورتیں جو آپ کے ساتھ سفر کرے جہاں بھی آپ جائیں۔

**(۳) ﴿قل هذه سبيلي أدعو إلى الله على بصيرة أنا ومن اتبعني وسبحان الله وما أنا من المشركين﴾** (سورة يوسف آية: ١٠٨).

ترجمہ: اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم آپ ان لوگوں سے کہہ دیں کہ (تم مانو یا نہ مانو) میرا تو یہی طریقہ اور مسلک ہے کہ لوگوں کو بصیرت اور یقین کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دیتا ہوں، میں بھی اور وہ لوگ بھی جو میری اتباع کرنے والے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ شرک سے پاک ہے اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں۔

اس آیت کی تفسیر میں مفسرین فرماتے ہیں کہ " **من اتبعني** " سے مراد ہر وہ فرد ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا۔

**يعني من آمن بي وصدق بما جئت به أيضاً يدعو إلى الله تعالى.** (تفسير الخازن ومثله في الجلالين). (وكذا في تفسير المظهري :٢١٧/٦).

ترجمہ: یعنی جو بھی مجھ پر ایمان لائے اور میری لائی ہوئی باتوں کی تصدیق کرے وہ بھی اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دیتا ہے۔

**من هدايات الآية** (( **قل هذه سبيلي أدعو إلى الله** )) **تعين الدعوة إلى الله تعالى على كل مؤمن تابع للرسول صلى الله عليه وسلم.** (أيسر

التفاسير للجزائري: ۲/۲۳۵، مكتبة العلوم والحكم).

ترجمہ: آیت سے جو امور مستفاد ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینا ہر اس فرد کی ذمہ داری ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا ہو۔

قاضی ثناء اللہ پانی پتی صاحب ؒ تفسیر مظہری میں فرماتے ہیں: کلبی اور ابن زید نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کرنے والوں پر لازم ہے کہ جس راستہ کی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت دی ہے اس کی طرف وہ بھی لوگوں کو بلائیں ۔(تفسیر المظہری:۶/۲۱۷)۔

حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ فرماتے ہیں کہ "من اتبعني" عام ہے ہر اس شخص کے لیے جو قیامت تک دعوتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو امت تک پہنچانے کی خدمت میں مشغول ہو۔(معارف القرآن:۵/۱۴۵)۔

(۴) اسی طرح امر بالمعروف و نہی عن المنکر اور دعوت الی اللہ تعالیٰ کی جو نصوص ہیں وہ بھی عام ہیں مرد و عورت دونوں کو شامل ہیں۔ مثلاً:

**﴿ومن أحسن قولاً ممن دعا إلى الله وعمل صالحاً وقال إنني من المسلمين﴾** . (سورة فصلت آية: ٣٣).

ترجمہ: اور اس سے بہتر کس کا قول ہوسکتا ہے جو لوگوں کو خدا کی طرف بلائے اور خود بھی نیک عمل کرے اور اظہار اطاعت کے لئے کہے کہ میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

(۵) **"واذكرن ما يتلى في بيوتكن من آيات الله والحكمة."**

(سورة الأحزاب آية: ٣٤).



ترجمہ: اور تمہارے گھروں میں جو اللہ تعالیٰ کی آیتیں اور حکمت کی باتیں تم کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں انکو یاد رکھو۔

اس آیتِ کریمہ کی تفسیر میں قاضی بغداد علامہ آلوسی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اسمیں ازواجِ مطہرات کو اللہ تعالیٰ کے احکامات لوگوں تک پہونچانے کا حکم دیا گیا ہے، اور وعظ ونصیحت کے طور پر لوگوں کے سامنے بیان کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

**أي اذكرن للناس بطريق العظة والتذكير**. (روح المعاني: ٢٢/٢٠، دار الكتب العلمية).

احکام القرآن میں ابن عربی فرماتے ہیں:

**أمر الله أزواج رسوله بأن يخبرن بما أنزل الله من القرآن في بيوتهن وما يرين من أفعال النبي صلى الله عليه وسلم وأقواله فيهن، حتى يبلغ ذلك إلى الناس فيعلموا ما فيه، ويقتدوا به... في هذا مسألة بديعة: وهي أن الله أمر نبيه صلى الله عليه وسلم بتبليغ ما أنزل عليه من القرآن، وتعليم ما علمه من الدين... وعلى من سمعه أن يبلغه إلى غيره**. (احكام القرآن: ۵۷۲/۳،ط: دارالفکر).

شیخ ابن عربی کی عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ اس آیت سے یہ ثابت ہوا کہ جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی آیتِ قرآن یا حدیث سنے اس پر لازم ہے کہ وہ امت کو پہنچائے، یہاں تک کہ ازواجِ مطہرات پر بھی لازم کیا گیا کہ جو آیاتِ قرآن ان کے گھروں میں نازل ہوں یا جو تعلیمات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کو حاصل ہوں اس کا ذکر امت کے دوسرے افراد سے کریں، اور یہ اللہ کی امانت ان کو پہنچا دیں۔

حضرت مفتی شفیع عثمانی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ معارف القرآن میں لکھتے ہیں:
''اور لفظ'' اذکرن'' کے دو مفہوم ہو سکتے ہیں، ایک یہ کہ ان چیزوں کو خوب یاد رکھنا جس کا نتیجہ ان پر عمل کرنا ہے، دوسرے یہ کہ جو کچھ قرآن ان کے گھروں میں ان کے سامنے نازل ہوا یا جو تعلیمات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیں اس کا ذکر امت کے دوسرے لوگوں سے کریں اور انکو پہونچائیں۔ (معارف القرآن: ۷/۱۴۱، مکتبۃ المعارف)۔

مولانا عبد الحق حقانی رحمہ اللہ تعالیٰ اپنی تفسیر میں راقم ہیں: ''یہ چھٹا حکم ہے کہ اے نبی کی بیویوں! وہ جو تمہارے گھروں میں آیات اللہ اور حکمتِ الٰہیہ کا درس ہوتا ہے اس کو خوب یاد رکھو، لوگوں کو سمجھاؤ۔ (تفسیر حقانی: ۴/۹)۔



## خواتین کا تبلیغی سفر احادیث کی روشنی میں:

(۱) ''قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: من رأی منکم منکراً فلیغیرہ بیدہ، فإن لم یستطع فبلسانہ، فإن لم یستطع فبقلبہ، وذلک أضعف الإیمان''. (رواہ مسلم، رقم: ۱۸۶ باب بیان کون النهي عن المنكر من الإيمان).

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کسی ناجائز امر کو ہوتے ہوئے دیکھے اگر اس پر قدرت ہو کہ اس کو ہاتھ سے بند کردے تو اس کو بند کردے، اگر اتنی مقدرت نہ ہو تو زبان سے اس پر انکار کردے اگر اتنی بھی قدرت نہ ہو تو دل سے اس کو برا سمجھے اور یہ ایمان کا بہت ہی کم درجہ ہے۔

(۲) ''روي عن النبي صلی اللّٰہ علیہ وسلم أنہ قال: من أمر بالمعروف ونهی عن المنكر فهو خليفة اللّٰہ في أرضه وخليفة رسوله وخليفة كتابه''. (رواه الديلمي في مسند الفردوس رقم: ۵۸۳۴، وأيضاً ذكره ابن عدي في الكامل: ۶/۸۴، وابن حجر في اللسان في ترجمة كادح بن رحمة الزاهد وهو ضعيف).

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص اچھائی کا حکم دے اور برائی سے منع کرے وہ زمین میں اللہ تعالیٰ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور قران کریم کا خلیفہ ہے۔

ان نصوص میں لفظ ”من“ ہے جو مذکر ومؤنث دونوں کو شامل ہے۔

**” ولفظ من لعمومه شمل كل أحد رجلاً أو امرأة عبداً أو فاسقاً أو صبياً مميزاً . . .“.** (مرقاة المفاتيح: ۳۲۹/۹ ، مکتبہ امدادیة).

ترجمہ: لفظ ”من“ اپنی عمومیت کی بنا پر ہر فرد کو شامل ہے مرد ہو یا عورت، غلام ہو یا آزاد، فاسق ہو یا سمجھدار بچہ ہو۔

**”((من)) من صيغ العموم ((منكم)) خطاب للجميع يشمل الرجال والنساء والصغار والكبار وكل من يدخل تحت خطاب ((من))((منكم)).**
(شرح الأربعين للنووي، الحديث رقم:٢٥، شمول أجر الصدقة للآمر بالمعروف والمأمور).

ترجمہ: ”من“ عمومی صیغوں میں سے ہیں اور ”منکم“ کا خطاب سب کو شامل ہیں مرد ہو یا عورت صغیر ہو یا کبیر۔

**(۳) ”عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال: إن الناس إذا رأوا المنكر فلا يغيروه أوشك أن يعمهم الله بعقابه“.** (رواه ابن ماجه رقم: ٤١٤٠ باب الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر).

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جب لوگ کسی ناجائز امر کو ہوتے ہوئے دیکھیں اور اسکو روکنے کی کوشش نہ کریں تو دور نہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنے عمومی عذاب میں مبتلا فرمادیں۔

اس میں لفظ ”الناس“ ہے اور وہ بھی مذکر ومؤنث دونوں کو شامل ہے۔

**” لفظ الناس يشمل الذكور والإناث بلا نزاع“.** (روح المعاني في تفسير آية: يا أيها الناس اتقوا ربكم الذي خلقكم من نفس واحدة. سورة النساء ٤/١٧٩، مكتبه دار التراث).



(۴) حجۃ الوداع کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خواتین بھی شریک تھیں، اس وقت سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا: **” ألا فليبلغ الشاهد الغائب“.** (البخاري رقم: ١٧٣٩ باب الخطبة أيام منى).

(ترجمہ: غور سے سنو! حاضرین غائبین تک ضرور پیغام پہونچادیں) یہ حکم بھی بالکل عام تھا جو بھی حاضر تھے مرد ہو یا عورت، کیونکہ حکم کا مدار حاضری پر رکھا گیا تھا مرد یا عورت ہونے پر نہیں رکھا گیا تھا، لہذا یہ امر اپنے عموم کی بنا پر خواتین کو بھی شامل ہے۔

(۵) جہاد بالسیف کے لئے صحابیات اور ازواج مطہرات کا نکلنا تو بکثرت احادیث میں وارد ہے، چنانچہ دلالت النص سے عورتوں کا جہاد باللسان یعنی دعوت وتبلیغ کے لئے نکلنا بدرجہ اولیٰ ثابت ہوگا، یعنی جس جہاد میں جان، قید، ذلت، رسوائی اور غلامی تک کا خطرہ ہو اسمیں نکلنا ثابت اور درست ہے تو جس میں یہ خطرات نہ ہوں اس میں بطریق اولیٰ صحیح اور درست ہوگا۔ (دلالۃ النص کے معنی یہ ہے کہ منطوق کے مقابلے میں مسکوت اولیٰ بالحکم ہو)۔

(٦) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حائضہ عورتوں کو عیدگاہ میں حاضر ہونے کا حکم دیا، اور یہ بات تو مسلم ہے کہ وہ نماز نہیں پڑھ سکتیں، لہذا یہ بات معلوم ہوئی کہ انکا حاضر ہونا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلیم حاصل کرنے کے لئے تھا چونکہ حالتِ حیات میں آپ ہی اکیلے معلم تھے، اور اسی دعوت کی اہمیت کی بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کے مجمع کے پاس جاکر انکو خصوصی خطاب کیا، دعا اور دعوت وتبلیغ دونوں کے لئے عربی میں ”دعوۃ“ کا لفظ مستعمل ہے۔

**”عن أم عطية رضي الله تعالى عنها قالت: أمرنا أن نخرج**

الحيض يوم العيدين وذوات الخدور فيشهدن جماعة المسلمين ودعوتهم وتعتزل الحيض عن مصلاهن.'' (البخاري رقم: ٣٥١ باب وجوب الصلاة في الثياب).

ترجمہ: حضرت ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم کو یہ حکم دیا گیا کہ ہم عیدین کے دن حائضہ عورتوں اور پردہ نشین عورتوں کو عیدگاہ میں حاضر کریں تاکہ وہ بھی مسلمانوں کی دعوت اور خطاب میں حاضر ہوں۔

## دینی سفر سے متعلق صحابیات کے واقعات:

### حضرت ام شریکؓ کا واقعہ:

(۷) حضرت ام شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہا (یہ صحابیہ ان عورتوں میں سے ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکاح کے لئے پیش کیا تھا) اسلام قبول کرنے کے بعد وہ چھپ چھپ کر قریش کی عورتوں کے گھروں میں گشت کرتی تھیں اور انکو اسلام کی دعوت دیتی تھیں، جس کی وجہ سے اہل مکہ نے انکو سخت تکلیف پہنچائی۔

أخرج أبو موسى من طريق إبراهيم بن يونس عن زياد عن بعض أصحابه عن ابن الكلبيّ عن أبي صالح عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما قال: وقع في قلب أم شريك الإسلام وهي بمكة، وهي إحدى نساء قريش ثم إحدى بني عامر بن لؤي، وكانت تحت أبي العكر الدوسيّ، فأسلمت، ثم جعلت تدخل على نساء قريش سرًّا فتدعوهن



وترغبهن في الإسلام حتى ظهر أمرها لأهل مكة، فأخذوها وقالوا لها: لولا قومك لفعلنا بك وفعلنا. ولكن سنردك إليهم. قالت: فحملوني على بعير ليس تحتي شيء موطأ ولا غيره، ثم تركوني ثلاثًا لا يطعموني ولا يسقوني. قالت: فما أتت عليّ ثلاث حتى ما في الأرض شيء أسمعه. الخ (الإصابة في تمييز الصحابة ٨/٤١٧، دار الكتب العلمية).

ترجمہ: حضرت ام شریک رضی اللہ تعالی عنہا کے دل میں اسلام کی حقانیت پڑ گئی، یہ قریشی عورت ابو عکر دوسی کے نکاح میں تھیں، انہوں نے اسلام قبول کیا اور چھپ کر قریش کی عورتوں کے گھروں میں گشت کر کے انکو اسلام کی دعوت دیتی تھیں۔ جب انکا معاملہ ظاہر ہوا تو اہل مکہ نے انکو پکڑا اور کہا کہ اگر آپ کی قوم نہ ہوتی تو ہم آپ کو سخت سزا دیتے، ہاں ہم آپ کو قوم کی طرف واپس کر دینگے، پس انکو اونٹ پر سوار کر دیا جس پر کوئی پالان یا کپڑا نہیں تھا، تین دن ان کو نہ کچھ کھلایا نہ پلایا، وہ کہتی ہیں، جب تین دن گزرے تو مجھے کوئی چیز سنائی نہیں دیتی تھی۔ (اس روایت کی اسانید پر کلام ہے لیکن ہم نے تائید کے لئے پیش کی ہے)۔

### حضرت ام حکیم بنت الحارث زوجہ عکرمہؓ کا واقعہ:

(۸) حضرت عکرمہ بن ابی جہل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی حضرت ام حکیم بنت الحارث رضی اللہ تعالی عنہا فتح مکہ کے دن اسلام میں داخل ہوئی، ان کے شوہر حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالی عنہ یمن بھاگ گئے تھے، تو حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالی عنہا مکہ سے نکل کر یمن گئی اور اپنے شوہر کے پاس پہونچ کر انکو اسلام کی دعوت دی۔ حضرت

عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسلام قبول کیا اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو دیکھا تو خوشی میں اپنی جگہ سے اٹھے اور انکا استقبال کیا اور حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی۔

**عن ابن شهاب أن أم حكيم بنت الحارث بن هشام كانت تحت عكرمة بن أبي جهل، فأسلمت يوم الفتح بمكة وهرب زوجها عكرمة بن أبي جهل من الإسلام حتى قدم اليمن، فارتحلت أم حكيم حتى قدمت عليه اليمن، فدعته إلى الإسلام فأسلم وقدم على رسول الله صلى الله عليه وسلم عام الفتح، فلما رآه رسول الله صلى الله عليه وسلم وثب إليه فرحا وما عليه رداء حتى بايعه.** (تاريخ ابن عساكر باب من سمي بكنيته من النساء ۷۰/ ۲۲٤، دار الفكر).

## حضرت ام سلیمؓ کی دعوت کا واقعہ:

(۹) حضرت ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اسلام کی دعوت دی جب انہوں نے ان کے ساتھ نکاح کرنے کا ارادہ کیا۔

**عن أنس بن مالك رضي الله تعالى عنه أن أبا طلحة خطب أم سليم فقالت: يا أبا طلحة ألست تعلم أن إلهك الذي تعبد خشبة نبتت من الأرض نجرها حبشي بني فلان، قال: بلى، قالت: ألا تستحيي أن تعبد خشبة نبتت من الأرض نجرها حبشي بني فلان، إن أنت أسلمت**



**فإني لا أريد منك الصداق غيره، قال: حتى أنظر في أمري، قال: فذهب ثم جاء فقال: أشهد أن لا إله إلا الله وأن محمدا رسول الله .**
(الإصابة في تمييز الصحابة ٨/٤٠٩، ذكر أم سليم، دار الكتب العلمية،ومعرفة الصحابة لابى نعيم: ٥/٣٤٧/٧٩٨٠،ط: بيروت).

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جب حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو نکاح کا پیغام بھیجا تو حضرت ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے انکو دعوت دی اور فرمایا کہ اے ابوطلحہ کیا تم کو یہ معلوم نہیں کہ جس معبود کی تم عبادت کرتے ہو وہ ایک لکڑی ہے جو کسی حبشی نجار نے تراشی، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جی ہاں، تو حضرت ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا تو کیا تم ایسے معبود کی پوجا کرنے سے جو لکڑی سے تراشا گیا ہو حیا محسوس نہیں کرتے؟ اگر آپ اسلام قبول کرلیں تو مجھے اس کے علاوہ اور کوئی مہر نہیں چاہیئے۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں غور کر کے جواب دونگا۔ بعد میں حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آئے اور انہوں نے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی گواہی دی اور مشرف با سلام ہوئے۔

(۱۰) تبلیغ میں نکلنے کی ایک بہت بڑی وجہ و مقصد علم دین کو حاصل کرنا اور اس علم پر عمل کو دیکھنا ہے، (عملاً جو چیز بتائی یا سیکھی جاتی ہے وہ اثبت فی القلب ہوتی ہے) اور احادیث میں بکثرت اسکا ذکر ملتا ہے کہ صحابیات مسئلہ دریافت کرنے کی غرض سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتی تھیں، تو جب شہر کے اندر بغیر محرم کے تعلیم حاصل کرنے کے لئے جا سکتی ہے تو شہر کے باہر محرم کے ساتھ جانے کی بھی گنجائش

ہوگی۔

## حضرت ام سلیمؓ کا مسئلہ دریافت کرنا:

**عن أم سلمة رضي الله تعالى عنها أنها قالت :جاء ت أم سليم امرأة أبي طلحة إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقالت: يا رسول الله! إن الله لايستحيي من الحق، هل على المرأة من غسل إذا هي احتلمت، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: نعم، إذا رأت الماء.**

(البخاري رقم:٢٨٢، باب إذا احتلمت المرأة).

ترجمہ: حضرت ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور دریافت کیا کہ اے اللہ کے رسول! اللہ تعالیٰ حق بات بیان کرنے سے حیا نہیں کرتے، اگر عورت کو احتلام ہو جائے تو اس پر غسل کرنا ضروری ہے یا نہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جی ہاں! جب وہ پانی دیکھے۔

## حضرت ہندہؓ کا مسئلہ دریافت کرنا:

**عن عائشة رضي الله تعالى عنها أنها قالت: قالت هند أم معاوية رضي الله تعالى عنها لرسول الله صلى الله عليه وسلم: إن أبا سفيان رجل شحيح، فهل علي جناح أن آخذ من ماله سرًا، قال: خذي أنت وبنيک ما يكفيک بالمعروف.** (البخاري رقم:٢٢١١ باب من أجرى أمر الأمصار على ما يتعارفون بينهم في البيوع، ورقم: ٥٣٦٤، و ٥٣٧٠، و ٧١٨٠).

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ حضرت معاویہؓ کی والدہ



ہندہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور دریافت کیا کہ ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ خرچ کرنے میں محتاط ہے تو کیا میں اسکے مال میں سے کچھ لے سکتی ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جی ہاں! جتنا آپ کے اور آپ کے بیٹوں کے لئے کافی ہو۔

## حضرت زینبؓ کا مسئلہ دریافت کرنا:

(۱۱) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی زوجہ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنے شوہر اور اپنی اولاد پر صدقہ کرنے سے متعلق مسئلہ دریافت کیا۔ بخاری شریف میں ہے:

**عن أبي سعيد الخدريؓ خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم في أضحى أو فطر إلى المصلى ثم انصرف فوعظ الناس وأمرهم بالصدقة فقال: أيها الناس تصدقوا فمر على النساء فقال: يا معشر النساء تصدقن ...ثم انصرف فلما صار إلى منزله جاء ت زينب امرأة ابن مسعودؓ تستأذن عليه فقيل: يا رسول الله! هذه زينب فقال: أي الزيانب فقيل : امرأة ابن مسعودؓ قال: نعم ائذنوا لها فأذن لها قالت: يا نبي الله إنک أمرت اليوم بالصدقة وكان عندي حلي لي فأردت أن أتصدق به فزعم ابن مسعودؓ أنه وولده أحق من تصدقت عليهم، فقال النبي صلى الله عليه وسلم صدق ابن مسعودؓ زوجک وولدک أحق من تصدقت به عليهم .** (بخاری شریف:۱/ ۱۹۷، باب الزکاۃ علی الاقارب، ط: فیصل)۔

## ایک عورت کا اپنی قوم کو دعوت پیش کرنا:

(۱۲) امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے تیمّم کے باب میں ایک طویل روایت نقل کی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم پانی تلاش کرنے کے لئے گئے، ایک عورت کے پاس پانی ملا، صحابہ کرام نے اس عورت سے پانی حاصل کر کے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا۔ اس روایت میں مذکور ہے کہ بعد میں صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اس عورت کی بستی کے قرب وجوار میں جب حملہ آور ہوتے تو اس عورت کی بستی کو چھوڑ دیتے تھے، اس طرزِ عمل سے متاثر ہو کر اس عورت نے اپنی قوم کو دعوتِ اسلام پیش کی تو اس کی قوم نے برضا ورغبت اسلام قبول کرلیا۔

**عن عمران رضي الله تعالى عنه قال: كنا في سفر مع النبي صلى الله عليه وسلم وإنا أسرينا حتى كنا في آخر الليل وقعنا وقعة ...فكان المسلمون بعد ذلک يغيرون على من حولها من المشركين ولا يصيبون الصرم الذي هي منه ، فقالت يوماً لقومها: ما أرى أن هؤلاء القوم قد يدعونكم عمدًا، فهل لكم فى الإسلام؟ فأطاعوها فدخلوا فى الإسلام .** (البخاري رقم:٣٤٤ باب الصعيد الطيب وضوء المسلم).

یہ حدیث قدرے طویل ہے بعض اجزاء کی تشریح حسبِ ذیل درج ہے:

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں سفر کیا، خیبر سے واپسی پر یہ واقعہ پیش آیا، رات بھر چلتے رہے، جب چلتے چلتے چور ہو گئے، تو رات کے آخر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت



میں عرض کیا، آپ نے فرمایا: دیکھو رات کا آخری وقت ہے، کہیں نیند غالب آکر نماز کو فوت نہ کر دے، لیکن ساتھیوں کی مجبوری پر نظر فرماتے ہوئے ان کی استدعا قبول فرمالی، جماعت میں سے ایک صاحب نے یہ ذمہ لیا کہ وہ وقت پر بیدار کردیں گے، اتفاق یہ پیش آیا کہ جن صحابی کو جاگتے رہنے کے لیے مقرر کیا تھا ان کو بھی نیند آگئی اور طلوعِ آفتاب سے پہلے ان کی بھی آنکھ نہ کھل سکی، تین آدمی یکے بعد دیگرے بیدار ہوئے، چوتھے نمبر پر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیدار ہوئے، ضرورت تھی کہ اس وقت سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو جگایا جائے، لیکن راوی کہتے ہیں کہ ہم لوگ سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب سے بیدار نہیں کرتے تھے اس لیے کہ ہم یہ نہیں سمجھ سکتے تھے کہ خواب میں آپ پر کیا حالت طاری ہے، لیکن حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہادر اور نڈر آدمی تھے، انہوں نے ادبِ نبوی کی رعایت فرماتے ہوئے سرکار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کو بیدار کرنے کا طریقہ اختیار فرمایا کہ بلند آواز سے تکبیر کہنی شروع کی اور بار بار بلند آواز سے تکبیر کہتے رہے، تا ایں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھ کھل گئی، آپ کے بیدار ہونے کے بعد آپ کی خدمت میں اس واقعہ سے اپنی سخت بے چینی کا اظہار کیا، آپ نے ارشاد فرمایا" **لا ضیر** " گھبرانے کی بات نہیں، ایسا ہونا بعض شرعی مصالح کی بنا پر ضروری تھا، پھر تم نے بالاختیار ایسا نہیں کیا ہے اس لیے اس پر کوئی مؤاخذہ بھی نہیں ہے، "**ارتحلوا**" یہاں سے چلو، نیند کا اثر دور کرنے کے لیے نقل وحرکت اور جگہ کی تبدیلی موثر ہے، اس لیے ارشاد فرمایا کہ آگے بڑھو۔

...اس کے بعد پھر آپ روانہ ہوئے تو حضراتِ صحابہؓ نے آپ کی خدمت میں پیاس کی شکایت کی، آپ نے پھر سفر موقوف کیا، دو شخصوں کو جن میں ایک حضرت علی رضی اللہ عنہ

تھے بلا کر پانی تلاش کرنے کا حکم فرمایا، یہ دونوں حضرات پانی کی تلاش میں روانہ ہوئے، اتفاق سے ایک عورت جو اونٹ پر پانی کی مشکیں لادے ہوئے چلی آرہی تھی، سامنے نظر آئی، ان دونوں حضرات نے اس عورت سے معلوم کیا، پانی یہاں سے کتنی دور ہے، اس نے جواب دیا کہ کل میں اس وقت پانی کے پاس تھی یعنی یہاں سے ایک دن کی مسافت پر ہے یہ سن کر ان حضرات نے اس عورت سے کہا چل، اس نے دریافت کیا کہا ان حضرات نے کہا رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عورت نے کہا وہی جن کو صابی کہا جاتا ہے، صابی یعنی ایک دن چھوڑ کر دوسرا دن اختیار کرنے والا، اب اگر یہ حضرات اس عورت کی تردید کرتے ہیں تو مقصد فوت ہوتا ہے کہ وہ نہیں بلا رہے ہیں اور اگر ہاں کہتے ہیں تو شانِ رسالت میں بے ادبی کے مرتکب ہوتے ہیں، اس لیے شانِ رسالت کا ادب ملحوظ رکھتے ہوئے جواب دیتے ہیں کہ ہاں ہاں وہی جو تمہاری مراد ہے، انہوں نے عورت کو جانے کے لیے اس لیے کہا تا کہ آپ کی خدمت میں یہ بات پہنچا دے کہ اس عورت کے بیان سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ پانی یہاں سے بہت دور ہے، چنانچہ اس عورت کو لے گئے اور واقعہ بیان کر دیا۔

آپ نے حکم دیا کہ اس کو اونٹ سے اتارلو، پھر آپ نے ایک برتن منگایا اور مشکوں کا بالائی دہانہ کھلوا کر اس میں سے کچھ پانی لیا، اور اس میں لعابِ دہن شامل فرما کر اس کا وہ منہ بند کر دیا گیا اور مشکوں کے نیچے کا منہ کھلوا کر یہ اعلان کر دیا گیا کہ پانی پئیں اور پلائیں، بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ پانی پیا بھی گیا مویشیوں کو بھی پلایا گیا اور مشکیں بھی بھر لی گئیں کہ ساتھ لے چلیں گے، اس کے بعد آپ نے اس شخص کو پانی دیا جس کو جنابت لاحق ہو گئی تھی اور فرمایا کہ جاؤ یہ پانی اپنے اوپر بہا دو...



یہ تمام کام ہوتے رہے اور وہ عورت کھڑی رہی اور یہ دیکھتی رہی کہ پانی سے کیا کیا کام لیا جا رہا ہے، اور اس سے زیادہ حیرت کی بات یہ تھی کہ اتنا کچھ پانی صرف ہوا اور کمی کچھ محسوس نہیں ہوتی، راوی قسم کھا کر بیان کرتے ہیں کہ اتنا پانی صرف ہو گیا لیکن ہم یہ خیال کر رہے تھے کہ مشک پہلے سے بھی زیادہ بھری ہوئی ہے۔

اس کے بعد رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کے لیے کھانے پینے کی چیزیں جمع کر دو، یہ قیمت نہیں دی جا رہی ہے کیونکہ بیع میں تراضی شرط ہے اور وہ یہاں ہے نہیں، اسی طرح نہ یہ تاوان ہے کہ وہ بالمثل ہوتا ہے، پھر یہ کہ وہ حربیہ غیر معاہدہ ہے، اس کے تاوان کی ضرورت نہیں ہے، پھر یہ کہ اس کے پانی میں کمی بھی نہیں کی ہے، خود پیغمبر علیہ الصلاۃ والسلام نے اس سے فرمایا کہ دیکھو ہم نے تمہارے پانی میں سے کمی نہیں کی ہے، پانی اس مشک میں غیب سے آیا ہے۔

لیکن چونکہ آیا ہے اس کے پانی کے راستے سے اس لیے اس کا یہ احسان ہو گیا، اور "**ھل جزاء الإحسان إلا الإحسان**" احسان کا بدلہ احسان ہی سے دیا جا سکتا ہے اس لیے آپ نے فرمایا کہ اس عورت کے لیے سامان جمع کرو، چنانچہ آٹا، کھجوریں، ستو وغیرہ اس عورت کے لیے جمع کر دیا گیا، اس سامان کو کپڑے میں باندھ دیا گیا پھر عورت کو اونٹ پر سوار کر کے یہ کپڑا اس کے سامنے رکھ دیا گیا۔

جب یہ عورت گھر پہنچی تو اہل خانہ نے تاخیر کا سبب دریافت کیا اس نے پورا واقعہ اس طرح دہرایا کہ دو آدمی مجھے ملے اور وہ مجھے اس شخص کے پاس لے جس کو صابی کہا جاتا ہے اور وہاں ایسا واقعہ پیش آیا، پھر اس عورت نے اس واقعہ پر اپنا تبصرہ یہ کیا کہ یا تو یہ شخص زمین اور آسمان کے درمیان سب سے بڑا جادوگر ہے یا پھر وہ اللہ کا سچا رسول

ہیں۔ اس تبصرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ عورت بڑی مدبرہ تھی، وہ یہ سمجھ چکی تھی کہ جادو ہرگز ایسا نہیں ہوسکتا لیکن اگر وہ اہل قبیلہ کے سامنے اپنے اسلام کا اظہار کرتی ہے تو معاملہ خطرناک ہوسکتا ہے، ممکن ہے گھر والے اس کی بات اور اس کے تاثرات کو سننا بھی پسند نہ کریں، بلکہ قتل پر آمادہ ہو جائیں، اس لیے اس نے ایک اچھی راہ اختیار کی اور پورا واقعہ تفصیل سے سنانے کے بعد کہا کہ یا تو یہ شخص زمین اور آسمان کے درمیان سب سے بڑا جادوگر ہے، یہ تو ایک عام خیال تھا جو اس نے سامنے رکھ دیا، اب دوسرے نمبر پر کہتی ہے ” **أو أنه لرسول الله حقاً** “ یا پھر وہ اللہ کا سچا رسول ہے، اس جملہ میں اس نے اشارہ کر دیا کہ دیکھو جادو ایسا نہیں ہوسکتا۔

اس عورت نے اہل قبیلہ کے دل میں ایک بات ڈال دی اور خاموش ہوگئی، اب صورت یہ پیش آئی کہ مسلمان رات کو کفار کی بستی پر چھاپہ مارتے ہیں لیکن بستی میں اس ٹکڑی یا منڈیا کو چھوڑ دیتے ہیں جو اس عورت کے اہل قبیلہ سے متعلق ہے، اس صورتِ حال کے پیش آتے ہی اس عورت کو دوبارہ اپنی بات کہنے کا موقعہ مل گیا اور اس نے کہا تم دیکھ رہے ہو کہ مسلمان رات کو چھاپہ مارتے ہیں، لوٹتے ہیں، لیکن تمہیں کوئی کچھ نہیں کہتا، کیا یہ لوگ تم سے ڈرتے ہیں، یا ان کو معلوم نہیں کہ یہاں بھی کافر رہتے ہیں، یا یہ بھول جاتے ہیں، ظاہر ہے کہ ان تینوں باتوں میں سے کوئی بات نہیں ہے، کیوں تمہاری کوئی دھاک نہیں ہے کہ لوگ تم سے ڈریں، بھول جانے یا معلوم نہ ہونے کا خیال بھی غلط ہے، اس لیے ظاہر ہے کہ یہ لوگ تم کو جان بوجھ کر چھوڑتے ہیں۔

اور اس چھوڑنے کی ایک خاص وجہ ہے: اس لیے کہ میرے اور ان کے درمیان ایک معاملہ ہوگیا تھا، انہوں نے میرے پانی سے فائدہ اٹھایا تھا اور یہ لوگ احسان مانتے



ہیں، گو انہوں نے اس احسان کا بدلہ کھانے کے سامان کی صورت میں دیدیا تھا لیکن اس کے باوجود یہ اسی احسان کا اثر ہے کہ یہ لوگ قصداً تمہاری ٹکڑی کو چھوڑ دیتے ہیں اور یہ احسان مندی پیغمبرانہ شان معلوم ہوتی ہے، اب سوچو کیا تم اپنے اندر اسلام کے لیے کچھ رغبت پاتے ہو، چنانچہ ان لوگوں نے اس عورت کی بات مان لی اور اسلام میں داخل ہوگئے، اس طرح اس عورت نے اپنے اہل قبیلہ کو اسلام کی طرف متوجہ کیا۔(ماخوذ از ایضاح البخاری، جزء ۱۲، ص از ۱۹۱ تا ۱۹۶، ط: مکتبہ مجلس قاسم المعارف دیوبند، ازمولانا فخرالدین صاحب)۔

مذکورہ بالا روایت میں یہ الفاظ ہیں: ” **فهل لكم في الإسلام** “ أي رغبة استفہام امر کے معنی میں ہے جیسے: ” **فهل أنتم منتهون** “ أي انتهوا يعني ارتغبوا في الإسلام ، اسلام میں دلچسپی لو۔

**قال في مدارك التنزيل وحقائق التأويل : ” فهل أنتم منتهون “ من أبلغ ما ينهى به** . (تفسير النسفي: ۱/ ۳۰۱، دار الفكر).

**وقال في تفسير السمرقندي: ” فهل أنتم منتهون “يعني انتهوا عن شربها** . (بحر العلوم: ۱/ ٤٥٧، دار الكتب العلمية).

اس خاتون نے اپنی قوم کو کتنے پیارے انداز میں دعوت دی کہ مسلمان اتنے اچھے لوگ ہیں کہ صرف ایک فرد کے احسان کی وجہ سے پوری قوم کا احترام کرتے ہیں اور حملہ سے احتراز کرتے ہیں۔

یعنی اسلام میں احسان شناسی ہے احسان فراموشی نہیں، مروت ہے بے مروتی نہیں، حق شناسی ہے حق تلفی نہیں، دیانت ہے خیانت نہیں۔

اور پوری قوم نے ان کی دعوتِ حق کو قبول کیا۔

حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں اور عینیؒ نے عمدۃ القاری (۳/۲۲۶) میں ایک معنی یہ لکھے ہیں: **لا أعلم حالكم في التخلف عن الإسلام مع أنهم يدعونكم عمداً** . (فتح الباری: ۱/۴۵۳).

مجھے معلوم نہیں آپ کیوں اسلام سے منہ موڑتے ہو باوجود اس کے کہ وہ تم کو چھوڑتے ہیں۔اس واقعہ میں ایک خاتون نے قوم کے پاس جاکر ان کو اسلام کی دعوت دی۔



## مستورات کی تبلیغ میں شرکت فقہائے کرام کی عبارات کی روشنی میں:

(۱) فقہائے کرام نے عورت کو تعلیم حاصل کرنے کے لئے، جبکہ گھر میں اسکا انتظام نہ ہوسکتا ہو، نکلنے کی اجازت دی ہے۔

**( قوله ومن مجلس العلم ) قال في البحر: فإذا أرادت أن تخرج إلى مجلس العلم بغير رضى الزوج ليس لها ذلك، فإذا وقعت لها نازلة إن سأل الزوج من العالم وأخبرها بذلك لايسعها الخروج، وإن امتنع من السوال يسعها الخروج من غير رضى الزوج، وإن لم تقع لها نازلة لكن أرادت أن تخرج إلى مجلس العلم لتتعلم مسألة من مسائل الوضوء والصلاة، إن كان الزوج يحفظ المسائل ويذكرها عندها له أن يمنعها، وإن كان لايحفظ الأولى أن يأذن لها أحيانا، وإن لم يأذن فلا شيء عليه، ولايسعها الخروج مالم يقع لها نازلة** . (حاشية الطحطاوي على الدر المختار ۲/۲٦۸، باب النفقة،المكتبة العربية).

ترجمہ: اگر عورت شوہر کی اجازت کے بغیر مجلس علم میں شرکت کا ارادہ کرے تو اس کے لئے اسکی گنجائش نہیں، اگر اسکو کوئی دینی مسئلہ پیش آئے اور شوہر عالم سے پوچھ کر اسکو بتادے تب بھی اسکو نکلنے کی اجازت نہیں اور اگر شوہر عالم سے دریافت نہ کرتا ہو تو عورت شوہر کی رضامندی کے بغیر بھی نکل سکتی ہے، اور اگر عورت کو کوئی دینی مسئلہ پیش

نہ آیا ہو اور وہ نماز اور وضو کے مسائل سیکھنے کے لئے مجلس علم میں شرکت کا ارادہ کرے تو اگر شوہر ان مسائل کو یاد کر سکتا ہو اور وہ اپنی بیوی کو بتلا سکتا ہو تو عورت کے لئے شوہر کی اجازت کے بغیر نکلنا جائز نہیں، اور اگر شوہر مسائل یاد نہیں کر سکتا تو بہتر یہ ہے کہ شوہر عورت کو گاہے گاہے اجازت دیدے، پس اگر شوہر نے اجازت نہیں دی تو اس پر کوئی گناہ نہیں، اور جب تک کوئی ضروری مسئلہ پیش نہ آئے اس وقت تک عورت کا خاوند کی اجازت کے بغیر نکلنا جائز نہیں۔

فائدہ: اس سے معلوم ہوا کہ شوہر کی اجازت سے عورت علم کی مجلس میں شرکت کر سکتی ہے اور اگر شوہر یا محرم خود ساتھ ہو تو کوئی وجہ اشکال ہی نہیں۔

(۲) محقق ابن ہمامؒ فتح القدیر میں تحریر فرماتے ہیں:

**قال: وحيث أبحنا لها الخروج فإنما يباح بشرط عدم الزينة وتغيير الهيئة إلى ما لايكون داعية إلى نظر الرجال والاستمالة قال الله تعالىٰ: ﴿ولا تبرجن تبرج الجاهلية الأولىٰ﴾.** (فتح القدير: ٣٩٩/٤، دارالفكر). (وكذا في الدرالمختارمع ردالمحتار: ٦٠٤/٣، سعيد).

(۳) فتاوی ہندیہ میں ہے:

**ولو أذن لها في الخروج إلى مجلس الوعظ الخالي عن البدع لا بأس به.** (الفتاوى الهندية: ٥٥٧/١، دار صادر بيروت).

(۴) امام فخر الدین قاضیخان کی عبارت ملاحظہ ہو:

**ويجوز للزوج أن يأذن لها بالخروج ولا يصير عاصيا بالإذن، ومنها الخروج إلى زيارة الوالدين... وكذا إذا كانت تغسل الموتى**



**وإلى مجلس العلم.** (فتاوى قاضيخان على هامش الهندية: ٤٤٣/١، دارصادربيروت).

**وإذا أرادت المرأة أن تخرج إلى مجلس العلم بغير إذن الزوج لم يكن لها ذلك فإن وقعت نازلة فسألت زوجها وهوعالم فأخبرها بذلك ليس لها أن تخرج بغير إذنه وإن كان الزوج جاهلاً وسأل عالماً عن ذلك فكذلك وإن امتنع الزوج عن السوال كان لها أن تخرج بغير إذنه لأن طلب العلم فيما يحتاج إليه فرض على كل مسلم و مسلمة فيقدم على حق الزوج وإن لم يقع لها نازلة وأرادت أن تخرج إلى مجلس العلم لتتعلم مسائل الصلاة والوضوء فإن كان الزوج يحفظ تلك المسائل ويذكر لها ذلك ليس لها أن تخرج بغير إذنه، فإن كان الزوج لايحفظ المسائل فالأولىٰ له أن يأذن لها بالخروج فإن لم يأذن فلاشيء عليه ولايسع لها أن تخرج بغير إذنه مالم يقع لهانازلة.** (فتاوىٰ قاضيخان بهامش الفتاوى الهندية: ٤٤٣/١، فصل في حقوق الزوجية).

(وكذافي فتح القدير: ٣٩٨/٤، دارالفكر، وغمزعيون البصائرشرح الاشباه والنظائر: ١٠٨/٢، دارالكتب العلمية، والبحرالرائق: ١٩٥/٤، باب النفقة، المكتبة الماجدية، والفتاوى الهندية: ٣٤١/١، والمحيط البرهاني: ٣٥٠/٣).

محقق ابن ہمامؒ اور قاضیخان وغیرہ فقہاء کی عبارات اور تبلیغی اصول سے معلوم ہوتا ہے کہ شرائط کی پابندی کے ساتھ نکلنا جائز اور درست ہے۔ شرائط وقیودات حسبِ ذیل ملاحظہ فرمائیے:

اگر خواتین مندرجہ ذیل قیود کی پابندی کریں تو ان کے لیے خروج جائز بلکہ بہتر ہے:

(۱) گھر کے نگران کی اجازت کا ہونا۔

(۲) شرعی پردہ کی پابندی کا خیال رکھنا۔

(۳) مروجہ زیب وزینت سے اجتناب کرنا۔

(۴) راستوں میں چل کر خوشبو نہ لگانا۔

(۵) مردوں اور عورتوں کے اختلاط کا نہ ہونا۔

(۶) عورتوں کے قیام کی جگہ میں پردے کا انتظام ہونا۔

(۷) سفر محرم شرعی کے ساتھ ہونا۔

(۸) کوئی فتنہ برپا نہ ہونا۔

(۹) دین سیکھنے سکھانے کا اہتمام واس کی فکر کرنا۔

(۱۰) جس گھر میں قیام ہو اس گھر کے مردوں کا قیام جماعت کے مردوں کے ساتھ مسجد میں ہونا۔

اور اگر مذکورہ بالا شرائط کی پابندی نہ ہو تو پھر عورتوں کو نہیں نکلنا چاہئے۔

(۵) علامہ عینی رحمہ اللہ تعالی عمدۃ القاری میں لکھتے ہیں کہ عورتوں کو اپنی ضروریات کے لئے گھر سے نکلنے کی اجازت ہے بشرطیکہ وہ پردہ کی پوری رعایت کرے۔

**ولا خلاف أن غيرهن (غير أزواج المطهرات) لهن أن يخرجن لما يحتجن إليه من أمورهن الجائزة بشرط أن يكن بذة الهيئة ، خشنة الملبس ، تفلة الريح، مستورة الأعضاء، غير متبرجات بزينة، ولا رافعة صوتها**. (عمدة القاري: ۲۴۷/۱۳ باب قوله تعالى: لا تدخلوا بيوت النبي إلا أن يؤذن لكم).



ترجمہ: علامہ عینیؒ فرماتے ہیں کہ ازواجِ مطہرات کے علاوہ دیگر خواتین کے خروج کے بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہے، وہ اپنے جائز امور میں بوقتِ حاجت نکل سکتی ہیں، ہاں درجِ ذیل شرائط کی پابندی ضروری ہے:

(۱) پراگندہ ہیئت میں ہوں۔(۲) موٹے اور سادہ کپڑوں میں ملبوس ہوں۔

(۳) معطر وخوشبودار نہ ہوں۔(۴) تمام اعضاء مستور ہوں ۔(۵) مواقعِ زینت کو ظاہر نہ کرتی ہوں۔(۶) آواز بلند نہ کرتی ہوں۔

**وقال في مقام آخر: وقال ابن بطال: في هذا الحديث دليل على أن النساء يخرجن لكل ما أبيح لهن الخروج فيه من زيارة الآباء والأمهات وذوي الأرحام وغير ذالک مما تمس الحاجة إليه** . (عمدة القارى ۲۱۴/۱۴، باب خروج النساء لحوائجهن، دار الحديث).

ترجمہ: علامہ عینیؒ دوسری جگہ پر لکھتے ہیں: ابن بطال رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہیں اس حدیث میں اس بات کی دلیل ہے کہ عورتیں مباح اور جائز امور کے لیے نکل سکتی ہیں، مثلاً: والدین ورشتہ داروں کی زیارت کے لئے اور اس کے علاوہ جس کی طرف حاجت وضرورت پیش آئے۔

(۶) احکام القرآن (جو حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی زیرنگرانی تیار کی گئی) میں مولانا ظفر احمد عثمانی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ عورتوں پر بھی مرد کی طرح تبلیغ لازم اور ضروری ہے اسلئے کہ احکام دین میں عورتیں مردوں کے برابر ہیں الا یہ کہ تخصیص کی کوئی دلیل موجود ہو اور دعوت وتبلیغ کے باب میں کوئی ایسی مخصص دلیل نہیں ہے، لہذا عورتیں بھی آپس میں ایک دوسرے کو دعوت دیں، ہاں البتہ فساد

زمانہ کی بناپر وہ مردکودعوت نہیں دے سکتیں۔

**قال صاحب الروح: وقد يستدل بها على عدم وجوب ذلك (أي التبليغ وإظهار العلم) على النساء، بناء على أنهن لا يدخلن في خطاب الرجال انتهى. قلت: والصحيح أنهن شقائق الرجال، يجب عليهن ما يجب عليهم إلا ما خص بدليل ولم يوجد هنا، فالظاهر وجوب ذلك عليهن فيما بينهن. نعم: لو قيل: لايجب عليهن تعليم الرجال وتبليغ الأحكام إليهم لكونهن مأمورات بالقرار في البيوت وبالحجاب والتستر عنهم، لكان له وجه. وقد ثبت أن عائشة رضي الله تعالى عنها وغيرها من أزواج النبي صلى الله عليه وسلم كن يحدثن الرجال من وراء حجاب... ولو لا فساد الزمان، واستعجال الناس للشر، ومسابقتهم إلى الفتن لقلنا بوجوب التبليغ وإظهار العلم على النساء، كوجوبها على الرجال سواء، وإلى الله المشتكى من فساد الأحوال، واغترار الناس بالباطل المحال، والعلم لله العزيز المتعال.** (أحكام القران ۱/ ۹۸ تحت آية: إن الذين يكتمون ما أنزلنا من البينات، إدارة القران).

ترجمہ: صاحب الروح نے فرمایا کہ اس آیت سے بھی استدلال کیا جاتا ہے کہ مستورات کیلئے تبلیغ اور علم کے اظہار کیلئے نکلنا واجب نہیں، کیونکہ عورتیں مردوں کے خطاب میں داخل نہیں، لیکن صحیح یہ ہے کہ عورتیں احکام میں مردوں کے ہم پلہ اوران کے ساتھ مشابہ ہیں اور جو مردوں پر لازم ہیں وہ عورتوں پر بھی واجب ولازم ہیں، الا یہ کہ استثناء کی کوئی دلیل موجود ہو، اوروہ یہاں مفقود ہے۔ پس عورتوں کو آپس میں ایک



دوسری کودعوت دینااور تبلیغ کرنا واجب ہے۔

ہاں یہ کہنا مناسب ہے کہ عورتوں پر مردوں کی تعلیم وتبلیغ لازم نہیں ہے، کیونکہ عورتوں کوگھروں میں رہنے اورمردوں سے پردہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے تواس لیے یہ ایک معقول بات ہے۔اور یہ بات بھی ثابت ہے کہ حضرت عائشہؓ اوران کے علاوہ ازواجِ مطہرات پس پردہ مردوں کوحدیث شریف کا درس دیا کرتی تھیں، اگر فسادِ زمانہ اورلوگوں کا شر کی طرف میلان نہ ہوتا، نیز لوگوں کی فتنہ فساد کی طرف سبقت نہ ہوتی تو ہم کہتے کہ مردوں کی طرح عورتوں پر بھی تبلیغ اوراظہارِعلم واجب اورضروری ہے۔

لیکن ہم اللہ تعالیٰ ہی کے سامنے گلہ وشکوہ کرتے ہیں کہ لوگوں کے حالات بہت خراب ہوگئے اورلوگ فضولیات اورخرابیوں میں مشغول ہوکر غافل ہوکر دھوکا کھا گئے، باقی اصل علم تو اللہ تعالیٰ وعز شانہ کے پاس ہے۔

(۷) جس طرح مرد پر بقدرِ ضرورت علم حاصل کرنا ضروری ہے اسی طرح عورت پر بھی ضروری ہے، البتہ جولوگوں کی زبانوں پر مشہور حدیث پیش کی جاتی ہے اس میں مسلمہ کا لفظ ثابت نہیں ہے، چنانچہ علامہ سخاوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ حدیث میں ’’**مسلمة**‘‘ کا لفظ ثابت نہیں، ہاں معنی کے اعتبار سے طلبِ علم کے حکم میں عورت بھی داخل ہے۔

ملاحظہ ہوالمقاصد الحسنہ میں ہے:

**’’طلب العلم فريضة على كل مسلم‘‘ ابن ماجه في سننه...تنبيه: قد ألحق بعض المصنفين بآخر هذا الحديث «ومسلمة» وليس لها ذكر في شيء من طرقه وإن كان معناها صحيحة.** (المقاصد الحسنة،

ص:۲۸٤). ( ونسبها بعض المشايخ إلى مسند الإمام أبي حنيفة ولكن لم نجدها فيه ).

اس حدیث کے آخر میں بعض مصنفین نے ''مسلمة'' کا لفظ لاحق کیا ہے، لیکن اس کے کسی بھی طریق میں ''مسلمة'' کا لفظ ثابت نہیں، ہاں معنی صحیح ہے۔ اور بعض مشائخ ؒ نے مسلمہ کی زیادتی کو مسند امام ابوحنیفہؒ کی طرف منسوب کیا ہے لیکن ہمیں نہیں ملی۔ واللہ اعلم۔

قال العلماء : ليس فى الحديث : مسلمة ، لكن لفظة مسلم تشمل الرجل والمرأة .

## حدیث کی تحقیق ملاحظہ ہو:

طلب العلم فريضة على كل مسلم : حديث حسن ، روي بطرق متعددة عن أنس رضي الله عنه وابن مسعود رضي الله عنه وابن عباس رضي الله عنه وجابر رضي الله عنه وأبي سعيد رضي الله عنه والحسين بن علي رضي الله عنه وعلي رضي الله عنه من ثلاثة طرق وابن عمر من أربع طرق وفي أكثر طرقه كلام وضعف، إلا أن طريق أنس رضي الله عنه أحسن الطرق و لحديث أنس رضي الله عنه ثلاثة وعشرون طريقاً والطريق الأحسن عن موسى بن داود ثنا حماد بن سلمة عن قتادة عن أنس مرفوعاً أخرجه ابن عساكر فى التاريخ (۱۹٤/۵۵) وقال ابن الجوزى فى العلل المتناهية (٦٨/١) موسى بن داود مجهول لكن نقول: بل هو موسى بن داود الضبى أبوعبد اللّٰه الطرسوسى ثقة ، وثقه ابن نمير وابن سعد وابن



عمار الموصلى والعجلى وابن حبان والدارقطنى وغيرهم .

راجع : تحرير تقريب التهذيب (٤٢٩/٣) للشيخ بشارعواد.

وقال السخاوى فى المقاصد الحسنة (ص: ٢٨٢) بعد ذكرهذا الطريق ، قلت: وهذا الطريق من أحسن طرق يروى عن أنس رضي الله عنه . وقال السيوطى في تعليقاته على سنن ابن ماجه (٢٠/١،ط:كراتشى) سئل الشيخ محى الدين النووى عن هذا الحديث فقال: إنه ضعيف أى سنداً و إن كان صحيحاً أى معنىً، وقال تلميذه جمال الدين المزى: هذا الحديث روى عن طرق تبلغ رتبة الحسن وهو كما قال ، فإنى رأيت له نحو خمسين طريقاً وقد جمعتها فى جزء ، انتهى. نقول: وتفصيل الكلام في رسالة غير مطبوعة وضعناها فى الأحاديث المشهورة على ألسنة الناس وإنما كتبنا هذه السطور لشغب بعض العلماء حول هذا الحديث وجعله موضوعاً وليس الأمر كذلک .

## خواتین کاتبلیغی سفرا کابرؒ کےفتاویٰ وعبارات کی روشنی میں:

مستورات کے دعوت وتبلیغ کرنے اوراس کے لیے سفرکرنے کے جواز میں علمائے کرام اورمفتیانِ عظام کے چندفتاویٰ ہدیۂ ناظرین کیے جاتے ہیں:

### ☆ فقیہ الامت حضرت مفتی محمود حسن گنگوہیؒ
### اور حضرت مفتی نظام اعظمیؒ کا فتویٰ:

مفتی اعظم دارالعلوم دیوبند مفتی محمود حسن گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:
تبلیغی جماعت کا مقصد دین سیکھنا، اس کو پختہ کرنا اور دوسروں کو دین سیکھنے، پختہ کرنے کے لئے آمادہ کرنا ہے، اوراس جذبہ کو عام کرنے کے لئے طویل طویل سفر بھی اختیار کئے جاتے ہیں، جس طرح مرد اپنے دین کو سمجھنے اور پختہ کرنے کے محتاج ہیں عورتیں بھی محتاج ہیں اورگھروں میں عامۃً اس کا انتظام نہیں ہے، اس لئے اگر لندن یا کسی بھی دوردراز مقام پر محرم کے ساتھ حدودشرع کی پابندی کا لحاظ رکھتے ہوئے جائیں اور کسی کے حقوق تلف نہ ہوں تو شرعاً اس کی اجازت ہے، بلکہ دینی اعتبار سے مفید اوراہم ہے۔
(اس فتویٰ پر حضرت مفتی نظام الدین صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کے دستخط بھی ہیں)۔
(فتاویٰ محمودیہ:۴/۲۶۶، جامعہ فاروقیہ کراچی)۔



دوسری جگہ رقمطراز ہے:

عورت کے لیے اعلیٰ بات یہ ہے کہ گھر میں رہے، دینی مسائل کی ضرورت ہوتو شوہر، باپ، بھائی وغیرہ سے معلوم کرے، کتاب سمجھ سکے تو کتاب میں دیکھ لے، جو شوہروغیرہ سے بھی معلوم نہ ہوسکے اورکتاب بھی نہ ملے یا سمجھ میں نہ آوے تو وہ شوہر، باپ وغیرہ کے ذریعہ سے کسی عالم سے دریافت کرے، نہ خود باہر جائے، نہ کسی کے پاس خط لکھے جب کہ فتنہ کا اندیشہ ہو، لیکن مسلمانوں میں بے علمی اور بے دینی فضا عام ہے، ہزاروں میں ایک آدھ ہی مشکل سے ملے گا جو علم اور عمل میں پختہ ہو، یا اس کو علم وعمل کی لگن ہو، اس لیے علم کو عام کرنے کی ضرورت ہے اور عمل کو بھی، دین سیکھنے کا جذبہ بھی ہونا چاہئے، پھر یہ کہ چند مسائل میں دین محدود نہیں۔

اجتماعات میں شرکت کرنے سے دینی جذبہ قوی ہوتا ہے اس جذبہ کے اثر سے دوسروں کو فائدہ ہوتا ہے، گھر کے ماحول کو درست کرنے کی بھی فکر پیدا ہوتی ہے، علم میں بھی اضافہ ہوتا ہے، ایمان میں پختگی آتی ہے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ زندگی کو سن کر قلب میں اصلاح کا ولولہ پیدا ہوتا ہے۔ ان فوائد کے پیش نظر پورے پردہ کے ساتھ جانا ہو اور کوئی فتنہ نہ ہو تو بلا مجبوری کے ان کو شرکت سے روکنا نہیں چاہئے، بلکہ شوہر یا کوئی محرم اپنے ساتھ لے جائے، وہاں خود بھی منتفع ہو اور ان کو بھی محروم نہ رکھے۔
(فتاویٰ محمودیہ:۴/۲۷۰، ط: جامعہ فاروقیہ)۔

### ☆ حضرت مولانا مفتی محمد یوسف لدھیانویؒ کا فتویٰ:

مفتی محمد یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہیں: اس ناکارہ نے ان قیود

وشرائط کا اور بے لچک نظام کا مطالعہ بھی کیا ہے اور اپنی محرم مستورات کے ساتھ اس راستہ میں نکل کر بحمد اللہ ان شرائط وقیود کی پابندی کا عملی طور پر بچشم خود مشاہدہ بھی کیا ہے، جس سے اس نظام کے بارے میں مکمل اطمینان نصیب ہوا...الحمد للہ! دعوت کے اس نظام سے مستورات کے طبقہ کو بہت نفع پہنچ رہا ہے، سینکڑوں خواتین اس کی برکت سے مکمل شرعی پردے کی پابند ہوگئی ہیں، اوران کے گھروں میں دین داری کی خاص فضا پیدا ہوگئی ہے۔اس لئے یہ ناکارہ اس کارِخیر کا شدت سے حامی ہےاورتمام دین داراوراہل علم حضرات کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ وہ اپنی مستورات کے ساتھ اس راستے میں نکل کر اس کام کا عملاً مشاہدہ فرمائیں، ان شاء اللہ تعالی وہ اس کی برکات واضح طور پر محسوس کریں گے۔ (آپکے مسائل اورانکا حل ۱۸٦/۸، مکتبہ لدھیانوی)۔

## ☆ حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ کے تاثرات:

(بانی ومؤسس دارالعلوم حقانیہ)

بہت سارے اکابر علماء ومشائخ کے سامنے عورتوں کی تبلیغی جماعتوں میں نکلنے کی ترتیب آئی ہے، لیکن انہوں نے اس پر کوئی تنقید نہیں کی اور نہ ان سے انکار کیا، بلکہ اس کام پر خوشی کا اظہار کر چکے، چنانچہ مرکز علم جامعہ حقانیہ (زادہا اللہ شرفا) کے بانی ومؤسس استاذ المشائخ شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب نور اللہ مرقدہ کے حضور میں مستورات کا تبلیغی جماعتوں میں نکلنے کا تذکرہ بیسیوں دفعہ کیا گیا، اوراس پر انہوں نے مسرت اور خوشی کا اظہار فرمایا، نہ تو ناراض ہوئے اور نہ کبھی اس پر تردید کی، اس سے معلوم ہوا کہ اگر یہ کام ناجائز اور خلاف شریعت ہوتا تو حضرت ضرور اس کی تردید فرماتے، اس لئے کہ



احقاق حق اور ابطال باطل ان کی خصلت بن چکی تھی، اوران کی ساری زندگی اسی فریضہ کو سرکرنے میں گزری ہے، اللہ تعالیٰ ان کو درجات عالیہ عطا فرمائیں۔ (تبلیغ مستورات سے ازالہ شبہات، ص ۲۹، از مولانا شوکت علی حقانی)۔

## ☆ مفتی اعظم حضرت مفتی محمد فرید صاحبؒ کا فتویٰ:

(شیخ الحدیث ومفتی اعظم دارالعلوم حقانیہ)

**هل يجوز خروجهن في الجماعة التبليغية ؟ اختلف فيه العلماء، قال بعضهم: لا يجوز لهن الخروج كما لم يجز لهن الخروج إلى المساجد ، سواء أذن لهن الأزواج أو لم يأذنوا، لعدم رعايتهن الشرائط من الاجتناب عن التعطر ولباس الزينة، والاجتناب عن اختلاط الرجال عند الدخول والخروج. وهو واضح وعليه الفتوى، والأمر أن صلاة الجماعة أهم من التبليغ المروج المستحدثة في عهدنا.**

**وقال بعضهم: يجوز لهن الخروج إذا كان بإذن الزوج تفلات مجتنبات عن لباس الزينة والتعطر واختلاط الرجال فما دامت النساء راعت هذه الشرائط فلا ضير فيه لأنه خروج للعلم بإذن الزوج وهو جائز كما في الخانية ، وقال عليه الصلاة والسلام : طلب العلم فريضة على كل مسلم ومسلمة. رواه أبو حنيفةؒ . قلت: وفي عهدنا كثر الفساد والجهل عن الدين في العوام وفي نساء الخواص، فإذا انسد أبواب الفساد برعاية الشرائط المارة فأي شيء يمنع من الخروج فيها. والحال أن هذا الخروج خروج للعلم والزوج جاهل أو لايهتم لتعليم**

نساء ه، قال قاضيخانؒ في فصل حقوق الزوجية : وإذا أرادت المرأة أن تخرج إلى مجلس العلم بغير إذن الزوج لم يكن لها ذلك، فإن وقعت لها نازلة فسألت زوجها وهو عالم فأخبرها بذلك ليس لها أن تخرج بغير إذنه وإن كان الزوج جاهلاً وسأل عالماً عن ذلك فكذلك، وإن امتنع الزوج عن السؤال كان لها أن تخرج بغير إذنه لأن طلب العلم فيما يحتاج إليه فرض على كل مسلم ومسلمة فيقدم على حق الزوج، وإن لم يقع لها نازلة وأرادت أن تخرج إلى مجلس العلم لتتعلم مسائل الصلاة والوضوء، فإن كان الزوج يحفظ تلك المسائل و يذكر لها ذلك ليس لها أن تخرج بغير إذنه، فإن كان الزوج لايحفظ المسائل فالأولى له أن يأذن لها بالخروج، فإن لم يأذن فلا شيء عليه ويسع لها أن تخرج بغير إذنه ما لم يقع لها نازلة. انتهى، وبالجملة أن الخروج لطلب العلم جائز بإذن الزوج لا سيما إذا كان بمرافقته والخروج عند النازلة جائز بلا إذن الزوج. (منهاج السنن ١٦٩/٥، ١٧٠، باب ماجاء في خروج النساء في الحرب).

ترجمہ: کیا عورتوں کو تبلیغی جماعت میں جانا جائز ہے؟ اس میں علماء کا اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں کہ جائز نہیں، جیسا کہ مسجد میں جانا جائز نہیں، خواہ شوہر نے اجازت دی ہو یا اجازت نہ دی ہو، کیونکہ اکثر عورتیں شرائط کی پابندی نہیں کرتیں، جیسے خوشبو سے بچنا، اور زینت کے لباس سے بچنا اسی طرح مساجد میں دخول وخروج کے وقت مردوں کے ساتھ اختلاط سے اجتناب کرنا وغیرہ، اور یہ بات واضح ہے اور اسی پر فتویٰ ہے۔ اور



حقیقت یہ ہے کہ جماعت سے نماز پڑھنا رائج تبلیغ سے زیادہ اہم ہے۔

اور بعض علماء نے یہ چند شرائط عورتوں کو تبلیغی جماعت میں جانے کی اجازت مرحمت فرمائی ہے۔ وہ شرائط حسبِ ذیل ہیں:

(۱) خاوند کی اجازت سے نکلے۔

(۲) بوقتِ خروج سادہ لباس میں ملبوس ہو۔

(۳) زینت وفیشن کے لباس سے اجتناب کرے۔

(۴) معطر وخوشبودار ہو کر نہ نکلے۔

(۵) مردوں کے ساتھ خلط واختلاط سے مکمل اجتناب کرے۔

مذکورہ بالا شرائط کی پابندی کے ساتھ نکلنے میں کوئی حرج نہیں ہے، اس لیے کہ یہ خروج شوہر کی اجازت سے ہے اور یہ جائز ہے جیسا کہ فتاویٰ قاضیخان میں مرقوم ہے۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو روایت کیا ہے۔

میں کہتا ہوں کہ ہمارے زمانہ میں عوام اور خواص کی عورتوں میں فساد اور دین سے ناواقفیت بہت زیادہ عام ہے، پس اگر شرائطِ مذکورہ بالا کی رعایت کی وجہ سے فتنہ و فساد کا سدِ باب ہو جائے تو پھر خروج سے کونسی چیز مانع ہوگی؟ اور جب کہ یہ خروج حصولِ علم کے لئے ہے اور شوہر خود جاہل ہے یا اپنی مستورات کی زیادہ فکر نہیں کرتا ہے۔

امام قاضی خانؒ اپنے فتاویٰ میں حقوقِ زوجیت کی فصل کے تحت فرماتے ہیں:

اگر عورت شوہر کی اجازت کے بغیر مجلس علم میں شرکت کا ارادہ کرے تو اس کے لئے اسکی گنجائش نہیں، اگر اسکو کوئی دینی مسئلہ پیش آئے اور شوہر عالم سے پوچھ کر اسکو

بتادے تب بھی اسکو نکلنے کی اجازت نہیں اور اگر شوہر عالم سے دریافت نہ کرتا ہو تو عورت شوہر کی رضامندی کے بغیر بھی نکل سکتی ہے، اس لیے کہ بقدرِ ضرورت علم کا سیکھنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے، لہذا یہ حقِ شوہر مقدم ہوگا، اور اگر عورت کو کوئی دینی مسئلہ پیش نہ آیا ہو اور وہ نماز اور وضو کے مسائل سیکھنے کے لئے مجلس علم میں شرکت کا ارادہ کرے تو اگر شوہر ان مسائل کو یاد کر سکتا ہو اور وہ اپنی بیوی کو بتلا سکتا ہو تو عورت کے لئے شوہر کی اجازت کے بغیر نکلنا جائز نہیں، اور اگر شوہر مسائل یاد نہیں کر سکتا تو بہتر یہ ہے کہ شوہر عورت کو اجازت دیدے، پس اگر شوہر نے اجازت نہیں دی تو اس پر کوئی گناہ نہیں، اور جب تک کوئی ضروری مسئلہ پیش نہ آئے اس وقت تک عورت کا خاوند کی اجازت کے بغیر نکلنا جائز نہیں۔

حاصل کلام یہ ہے حصولِ علم کے لیے شوہر کی اجازت سے نکلنا جائز ہے خصوصاً جب کہ شوہر کے ساتھ نکلے تو پھر کوئی مسئلہ ہی نہیں، اور ضروری مسئلہ پیش آنے کے وقت بلا اجازتِ شوہر بھی نکلنا جائز ہے۔

فتاویٰ فریدیہ میں مرقوم ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں مفتیانِ شرعِ متین دریں مسئلہ کہ شریعت میں عورتوں کے لیے تبلیغ میں گھر سے نکلنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب: چونکہ موجودہ زمانہ میں عوام بلکہ خواص کے گھروں میں اصلاحی نظام کالعدم ہے لہذا اس زمانہ میں اصلاح اور حصولِ علمِ دین کے لیے عورتوں کا گھروں سے نکلنا جو باشرائط اور باقاعدہ ہو قابل تحسین امر ہے۔

**یدل علیہ ما رواہ الإمام البخاري في صحیحہ** (۱/۲۰) **عن أبي سعید الخدری** رضی اللہ عنہ **قال: قال النساء للنبي صلی اللہ علیہ وسلم غلبنا علیک الرجال فاجعل لنا یوماً من نفسک فوعدھن یوماً لقیھن فیہ فوعظھن و أمرھن، الحدیث،** پس جب ان کو بیان کنندہ بھی عورت ہو تو طریق اولیٰ قابل تحسین ہوگا، البتہ جب فتنہ کا خوف ہو تو خاوند یا محرم کی موجودگی ضروری ہوگی، **کما عند السفر الشرعي لحدیث ورد بذلک رواہ البخاری وغیرہ** ۔(فتاویٰ فریدیہ:۱/۱۷۹)۔

## ☆ دارالعلوم حقانیہ کے دیگر مفتیانِ کرام کا فتویٰ:

فتاویٰ حقانیہ میں ہے:

الجواب: مروجہ تبلیغ کا مقصد اعلاء کلمۃ اللہ اور تعلیم و تعلم ہے جس کا حصول ہر مسلمان مرد اور عورت کی شرعی ذمہ داری ہے اور دونوں کو تبلیغ دین کا حق حاصل ہے، یہی وجہ ہے کہ بے شمار نیک خواتین قرآن وحدیث کے علوم کی ماہرات گذری ہیں، اور پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک دور میں خواتینِ اسلام کا جہاد میں شریک ہونا بھی ثابت ہے، اس لحاظ سے خواتین کی جہاد میں شرکت کی بنا پر تبلیغی جماعات میں خواتین کی شرکت جائز معلوم ہوتی ہے، تاہم پردہ، محارم اور دیگر حدودِ شرعی کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ **لما روی الإمام محمد بن إسماعیل البخاری** رحمہ اللہ**: عن أنس** رضی اللہ عنہ **قال: لما کان یوم أحد انھزم الناس عن النبي صلی اللہ علیہ وسلم ولقد رأیت عائشۃ** رضی اللہ عنہا **بنت أبي بکر** رضی اللہ عنہ **وأم سلیم** رضی اللہ عنہا **وأنھما لمشمرتان أری خدم سوقھما تنقزان القرب وقال غیرہ: تنقلان القرب علی متونھما ثم تفرغانہ في أفواہ القوم ثم ترجعان فتملآنھا ثم تجیئان فتفرغانھا في**

**أفواه القوم** . (صحيح البخاري: ۱/۴۰۳، باب غزوة النساء و قتالهن مع الرجال)۔
(فتاویٰ حقانیہ:۲/ ۴۳۸)۔

## ☆ حضرت مفتی تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم کا فتویٰ:

الجواب حامداً ومصلیاً: خواتین کے لئے اصل حکم تو یہ ہے کہ وہ اپنے گھروں میں رہیں اور بلاضرورتِ شدیدہ گھروں سے باہر نہ نکلیں، کیونکہ عورتوں کے باہر نکلنے میں فتنہ کا اندیشہ ہے، اس لئے حضرات فقہائے کرام نے بلاضرورت عورتوں کو گھروں سے نکلنے سے منع فرمایا ہے، البتہ اگر ضروریاتِ دین مثلاً نماز، روزہ وغیرہ کے مسائل گھر میں معلوم نہ ہو سکیں تو اس کے لئے عورت حدودِ شرعیہ میں رہتے ہوئے باہر نکل سکتی ہے (کما فی الطحطاوی)

لیکن عورتوں کیلئے باہر نکل کر تبلیغ کرنا کچھ ضروری نہیں البتہ آج چونکہ فتنہ کا دور ہے اور بے دینی تیزی سے بڑھ رہی ہے خاص طور پر عورتوں میں بے دینی بہت ہوگئی ہے، اس لئے اگر عورتیں مندرجہ ذیل شرائط کی پابندی کرتے ہوئے کبھی کبھی تبلیغ کے لئے چلی جایا کریں تو اس کی گنجائش ہے، لیکن اگر وہ ان شرائط کی رعایت نہ کریں تو ان کا تبلیغ کیلئے جانا بھی جائز نہیں، وہ شرائط یہ ہیں:

(۱) سرپرست یا شوہر کی اجازت ہو۔

(۲) محرم یا شوہر ساتھ ہو۔

(۳) مکمل شرعی پردہ ہو۔

(۴) زینت یا بناؤ سنگھار کر کے خوشبو لگا کر نہ نکلیں۔



(۵) عورتیں جس گھر میں ٹھہریں وہاں پردے کا مکمل انتظام ہو اور مردوں کا کوئی عمل دخل نہ ہو۔

(۶) دورانِ تعلیم عورتوں کی آواز غیر محرم نہ سنے۔

(۷) اولاد اور متعلقین کے حقوق پامال نہ ہو۔

(۸) عورتوں پر عمومی تبلیغ کو فرض قرار نہ دیا جائے۔

(۹) جو دیندار عورتیں گھر میں رہیں انہیں کمتر اور دین سے محروم نہ سمجھا جائے۔

(۱۰) تعلیم میں غیر تحقیقی اور غیر شرعی باتیں بیان نہ کی جائیں۔

(۱۱) کسی فتنہ کا اندیشہ نہ ہو۔

**وفي الطحطاوي** (۲/ ۲۶۸، المكتبة العربية) **تحت قول الدر: ومن مجلس العلم إلا النازلة، قال في البحر: فإذا أرادت أن تخرج إلى مجلس العلم بغير رضى الزوج ليس لها ذلك، فإذا وقعت لها نازلة إن سأل الزوج من العالم وأخبرها بذلك لا يسعها الخروج من غير رضى الزوج، وإن امتنع من السؤال يسعها الخروج من غير رضى الزوج، وإن لم تقع لها نازلة ولكن أرادت أن تخرج إلى مجلس العلم لتتعلم مسألة من مسائل الوضوء والصلاة إن كان الزوج يحفظ المسائل ويذكرها عندها له أن يمنعها، وإن كان لا يحفظ فالأولى أن يأذن لها أحياناً، وإن لم يأذن فلا شيء عليه ولا يسعها الخروج ما لم تقع لها نازلة** . (ماخوذ از تبلیغ مستورات سے ازالہ شبہات ص:۳۸، ۳۹)۔

فتاویٰ عثمانی میں ہے:

جواب: اگرعورتیں پردے کےاہتمام کےساتھ تبلیغی اجتماع میں جائیں تو جائز ہے بلکہ بحالاتِ موجودہ ایسے اجتماعات میں عورتوں کی شرکت مفید ہے۔(فتاویٰ عثمانی ۱/۱۷۲)۔

## ☆ حضرت مولانا سید شیر علی شاہ صاحب کے تاثرات:

(شیخ الحدیث دارالعلوم حقانیہ)

عصر حاضر میں اس گئے گزرے دور میں جبکہ چاروں طرف دشمنان اسلام اپنی تمام تر توانیاں اسلامی اقدار وروایات کو بیخ وبن سے اکھاڑنے میں صرف کررہے ہیں مغربی تہذیب وتمدن کے غلام نام نہاد مسلمان بھی اسلامی تشخص وعظمت اسلامی شعائر وامتیازات کے مٹانے میں ایڑی چوٹی کا زور لگارہے ہیں، کفری دنیا کا میڈیا دن رات چوبیس گھنٹے مذہب اسلام کے خلاف برسر پیکار ہے، برائے نام اسلامی ممالک کے ذرائع ابلاغ بھی پوری جرات وقوت کے ساتھ اسلامی معاشرہ کے حسین وجمیل چہرہ کو الحاد وزندقہ کے بدنما دھبوں سے داغدار اور مسخ کرنے میں اپنی یورپی آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے اپنی ترقی واستحکام کا خواب دیکھ رہے ہیں، آج سے چالیس سال قبل مسلمان خاتون کافی حد تک شرعی پردے کا اہتمام کیا کرتی تھی، وہ ضرورت کے وقت اپنے اقارب ورشتہ داروں کے گھروں میں صبح کی اذان کے متصل یا عشا کی تاریکی میں برقعہ اوڑھ کر جایا کرتی تھی، وہ اپنے محلّہ میں امام مسجد یا گاؤں کے بڑے عالم دین کے گھر پر پردہ میں جاکر قرآن مجید یا دینی مسائل سیکھتی تھی، آج بدقسمتی سے اسکولوں اور کالجوں کی مخلوط تعلیم، جرائد اور مجلّات کے مخرب اخلاق مضامین، عریان فحش تصاویر،



ٹیلویزن اور وی سی آر کے حیاسوز ڈراموں اور شہوانی حیوانی مناظر، مسلمان گھرانوں کی اکثر وبیشتر خواتین کو اسلامی تعلیمات سے بیگانہ کررہا ہے، اب وہ بے پردگی اور عریانی میں غیرمسلموں سے سبقت لے گئیں ہیں، آج وہ بازاروں میں، شاہراہوں سیرگاہوں میں شتر بے مہار کی طرح پوری بے باکی اور آزادی کے ساتھ اپنے محاسن کی نمائش اپنا فرض منصبی سمجھتی ہے، ایسے ناگفتہ بہ المناک حالات میں عامۃ المسلمین کو اباحیت وبے حیائی کے طوفان سے بچانے کے لئے تبلیغی جماعتوں کے سفینۂ نوح میں بٹھانے کی کوشش کرنی چاہئے، چاروں طرف فسق وفجور جرائم وآثام کے شعلوں سے بچنے کے لئے دینی مدارس اور مدرسۃ البنات کے علمی ماحول سے وابستگی ضروری ہے۔

آج مستورات کی جماعتیں جو مکمل شرعی حجاب میں اپنے شوہروں یا باپ بھائیوں اور بیٹوں کے ساتھ اپنی جماعت کے معتمد خداترس متدین حضرات کے گھروں میں جاکر اپنی مسلمان بہنوں کو وعظ وارشاد کا اہم فریضہ ادا کررہی ہیں، یہ عصر حاضر کی ضروریات کے پیش نظر ایک اہم دینی فریضہ ہے، ابتدا میں مجھے خود مستورات کی جماعتوں میں کچھ تردد تھا، مگر جب مجھے میران شاہ میں تبلیغی احباب دو دفعہ ایسی مجالس میں بیان کرنے کیلئے لے گئے جن میں کافی حضرات اپنے اہل بیت سمیت دور دراز سے تشریف لائے تھے اور ایک دیندار، پرہیزگار خاندان کے گھر میں مستورات کی رہائش کے لئے انتظامات کئے گئے تھے، اور گھر کے باہر ایک وسیع مہمان خانہ میں ان مستورات کے محارم اور شوہر موجود تھے، مہمان خانہ میں لاؤڈ سپیکر موجود تھا جس کے ذریعے بیانات ہورہے تھے، پردے کا مکمل انتظام تھا، پوری خاموشی کے ساتھ علماء کرام کے بیانات مہمان خانہ میں موجود حضرات اور گھر کے اندر خواتین سن رہی تھیں، میں نے

خود ان حضرت سے دریافت کیا کہ مستورات میں بھی ایسی خواتین موجود ہیں جو کم از کم چھ نمبر اور دیگر ضروری مسائل بیان کرسکتی ہوں انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت سی خواتین ایسی موجود ہیں جو کافی حد تک قرآنی آیات اور احادیث، حکایاتِ صحابہ، دینی مسائل اور فضائل بیان کرسکتی ہیں اور ان کے بیانات اتنے مؤثر ہیں کہ کافی عورتیں ان کے مواعظ وبیانات سے متاثر ہوکر اپنے شوہروں کو دین کے راستے میں نکلنے پر آمادہ کرلیتی ہیں، اور ان کے گھر میں دینی ماحول بن جاتا ہے، عورت کے ذریعہ عورتوں میں تبلیغ کا کام ازحد مؤثر اور نتیجہ خیز ہے، یہاں اکوڑہ خٹک میں ہمارے تبلیغی احباب کے نیک گھرانوں میں مستورات کی جماعتوں سے خواتین میں کافی حد تک اسلامی انقلاب آیا ہے۔

درحقیقت عورت کو مذہبِ اسلام نے انسانی فطرت کے تقاضوں کے مطابق جو بہت بڑا مقام عطا فرمایا ہے اور کسی مذہب نے عورت کو یہ مقام نہیں دیا، اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ماں کی سراپا محبت آغوش، مشفقانہ گود، نونہالان اور فرزندان اسلام کے لئے اولین مدرسہ اور بنیادی تربیت گاہ ہے، جس میں ایک نووارد معصوم بچے نووارد لخت جگر بچی کے اسلامی معاشرہ کے ابتدائی اور بنیادی آداب واخلاق کی عملی آبیاری ہوتی ہے، اس لئے رحمت کائنات محسن انسانیت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مبارک شخص کا ذکر ان خوش نصیبوں جنتیوں میں کیا ہے جنکو قیامت کے ہولناک دن میں اپنے اعمالِ حسنہ کے صلہ میں دوہرے اجر نصیب ہوں گے:

" أيما رجل كانت عنده وليدة فعلمها فأحسن تأديبها ثم أعتقها وتزوجها فله أجران" یعنی ہر وہ شخص جس نے اپنی لونڈی کو دینی تعلیمات سے



آراستہ کر کے اس کو اسلامی معاشرہ کے آداب واخلاق سکھائے پھر اسے آزاد کر کے نکاحِ شرعی کے ذریعہ اسے اپنا منکوحہ بنالیا ایسے نیک سیرت انسان کو دو اجر ملیں گے، اسلامی معاشرہ کے اصلاح واستحکام میں عورت کا بہت بڑا اہم کردار ہے، عقیدہ واعمال، طاعات وعبادات میں مرد وزن دونوں مساوی ہیں، صرف عورت کے خصوصی امور میں عورت کے لئے خصوصی احکام وقوانین ہیں۔

**الأم مدرسة إذا أعددتها ☆ أعددت شعباً طيب الأعراق**

ترجمہ: یعنی ماں ایک عظیم درسگاہ ہے اگر درسگاہ کا کما حقہ اہتمام وانتظام کرلیا تو آپ اس مدرسہ کی بدولت ایک پختہ پاکیزہ خاندان بناسکیں گے۔

(ماخوذ از تبلیغ مستورات سے ازالہ شبہات، ص:۳۸، ۳۹)۔

## ☆ حضرت مولانا مفتی غلام الرحمٰن صاحبؒ کا فتویٰ:

(سرپرست جامعہ عثمانیہ پشاور، سابق مدرس ومفتی دارالعلوم حقانیہ)

اس میں کوئی شک نہیں کہ دعوت وتبلیغ کا مروجہ طریقہ اصلاح نفس کا ایک بہترین طریقہ ہے، اس کے ذریعے مسلمان کے دل میں اللہ کے احکام اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت سے آگاہی کا ایک حسین جذبہ پیدا ہوتا ہے، جس پر عمل کر کے مسلمان اللہ تعالی کی خوشنودی کے لئے زندگی گزار کر ایک پرسکون معاشرہ کی تشکیل کا ذریعہ بنتا ہے، پھر اسلامی اخوت کا دعویدار ہو کر یہ اصلاح اپنی ذات تک محدود رکھنے کے بجائے پوری انسانیت کی ہدایت کی فکر لیکر ہمہ وقت اس کے لئے کوشاں رہتا ہے، اس راہ میں جان ومال اور وقت کی قربانی سعادت سمجھ کر دین کے کام میں مشغولیت زندگی کا

گراں قدر سرمایہ سمجھتا ہے۔

اصلاح نفس یا امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اصلاح کی فکرمندی صرف مردوں کا فریضہ نہیں بلکہ مردوں کی طرح عورتیں بھی اس میں پوری طرح شریک ہیں، چنانچہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں آپکی محفل میں مردوں کی طرح عورتیں بھی حاضر ہوتیں، اور جہاں کہیں مشترکہ طور پر عورتیں کہیں استفادہ نہ کرسکتیں تو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو مستقل وقت دیکر ان کو اللہ تعالی کے دین کے احکام سکھاتے، امام بخاری رحمہ اللہ تعالی ان روایات سے ایک مسئلہ مستنبط کرکے فرماتے ہیں، "**باب هل یجعل للنساء یوما علی حدة فی العلم**" یعنی مستورات کو دین سکھانے کے لئے مستقل وقت دینا جائز ہے، احادیث کے ذخیرہ میں متعدد واقعات پائے جاتے ہیں کہ مستورات نے دربار نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے فیض یاب ہوکر دوسری عورتوں کو احکام پہنچا کر زندگی سنواریں، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کی پوری زندگی اس کے لئے وقف تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں مستورات کے مسائل پوچھنے کیلئے عموما آپ ہی واسطہ ہوتیں آپ خود سمجھاتی اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی قول تک خواتین اسلام کا ذہن نہ پہنچتا تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا خود انکو اسکی تشریح فرماتی، اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جانے کے بعد تو آپنے مستقل علمی حلقے قائم کرکے دین کی خدمت کی، آپ کے بعد تابعین اور تبع تابعین کے دور میں بھی کئی پاکدامن اور نیک سیرت خواتین نے دین کی خدمت کی، اسماء الرجال کی کتابوں کی طرف مراجعت کرنے میں اس کی کئی مثالیں ملتی ہیں، گویا اسلام کی تبلیغ میں مردوں کی طرح خواتین کا کردار بھی نمایاں رہا، چنانچہ مسلمان مرد اور عورت دونوں کی نشاندہی



کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

**والمؤمنون والمؤمنات بعضهم أولياء بعض يأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر ويقيمون الصلوة ويؤتون الزكاة ويطيعون الله ورسوله أولئك سيرحمهم الله إن الله عزيز حكيم.** (التوبة).

ترجمہ: اور ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں ایک دوسرے کی مددگار ہیں سکھلاتے ہیں نیک بات اور منع کرتے ہیں بری بات سے اور قائم کرتے ہیں نماز اور دیتے ہیں زکوۃ اور حکم پر چلتے ہیں اللہ تعالی کے اور اس کے رسول کے، وہی لوگ ہیں جن پر رحم کریگا اللہ تعالی، بے شک اللہ تعالی زبردست حکمت والا ہے۔

اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اصلاح نفس کے علاوہ دعوت الی اللہ خواتین و حضرات کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

موجودہ دور کے نازک حالات کسی سے مخفی نہیں کہ دشمنانِ اسلام کی تمام تر محنتیں خواتین کے ذریعہ پایہ تکمیل تک پہنچ رہی ہیں، بے حیائی اور بے دینی کی ترویج اور شیطانی محنت کیلئے آج صنف نازک کو بہت زیادہ استعمال کیا جارہا ہے "**حبائل الشیطان**" ہونے کی وجہ سے آج یورپ کی اسلام دشمن محنتوں کے لئے خواتین ہی سب سے اہم آلہ کار ہیں، ان کے مقابلے میں آج خواتین اسلام اور نیک سیرت خواتین کے ذریعہ اس بے دینی یلغار کو روکنے کی ضرورت چنداں زیادہ ہے، علمی انحطاط اور دین سے لاپرواہی کی وجہ سے مرد حضرات اپنی خواتین یعنی ماں بہن بیٹی اور بیوی کو دین کے احکام نہیں سکھاتے ہیں، غیر مردوں سے استفادہ کیلئے پردہ اور دوسرے معاشرتی مسائل رکاوٹ بن جاتے ہیں، اگر عورتوں کو دین کے کام کرنے سے روکا جائے تو اسکا نتیجہ یہی

ہوگا کہ بے حیائی کا سیلاب روکنے کے لئے ہمارے پاس کوئی علاج نہیں، ٹی وی، وی سی آر، ڈش انٹنا کے ذریعہ بے حیائی پھیلتی جائیگی، اور انسداد کا کوئی سنجیدہ قابل عمل طریقہ نظر نہیں آئے گا اس لئے اس میدان میں آج خواتین کی ذمہ داریاں مردوں سے کئی درجہ زیادہ ہیں، کہ وہ حالات کی نزاکت کا احساس کر کے اللہ تعالیٰ کے مقدس دین کی خدمت کیلئے اپنی تمام تر توانائیاں شریعت کی حدود میں رہتے ہوئے بروئے کار لائیں۔

بحمد اللہ مستورات کی تشکیل کے اچھے اثرات سامنے آئے ہیں، ایک خاتون جب اپنے محرم کی سرپرستی میں صرف تین دن لگاتی ہے تو پورے گھر کا نقشہ بدل جاتا ہے مرد کے ذریعہ جو تبدیلی سالوں میں متوقع ہوتی ہے وہ خواتین کے ذریعہ مہینوں میں نہیں بلکہ ہفتوں میں معرض وجود میں آتی ہے، خواتین کی جماعتوں کی تشکیل پر بنیادی اعتراض سفر پر ہوتا ہے کہ ایک عورت کیلئے تین دن یا پندرہ دن یا غیر ملکی تشکیل میں مہینوں کے لئے جانا کہاں تک جائز ہے؟

میرے خیال میں یہ اعتراض تجاہل عارفانہ کی دلیل ہے، عورت کیلئے اگر چہ محرم کے علاوہ سفر کرنا معصیت کا موجب ہے لیکن خاوند کی رفاقت میں عورت پر سفر کرنے میں کوئی پابندی نہیں، چنانچہ امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

**عن أبي سعيد رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا يحل لامرأة تؤمن بالله واليوم الأخر أن تسافر سفراً يكون ثلاثة أيام فصاعداً إلا ومعها أبوها أو أخوها أو زوجها أو ابنها أو ذو رحم محرم.** (ترمذي أبواب الرضاع).

ترجمہ: حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: حضرت رسول اللہ صلی اللہ



علیہ وسلم نے فرمایا ایک ایسی عورت جس کا اللہ تعالیٰ اور روزِ آخرت پر ایمان ہو (یعنی مؤمنہ ہو) اس کے لئے جائز نہیں کہ وہ تین دن یا اس سے زائد مدت تک کے اندازہ پر سفر کرے الا یہ کہ اس کے ساتھ باپ، بھائی، خاوند، بیٹا اور کوئی محرم ہو، اس روایت کی رو سے محرم کی موجودگی میں عورت کیلئے سفر پر جانے میں کوئی حرج نہیں، پھر روایات سے خصوصی طور پر یہ ثابت ہوتا ہے کہ مستورات نے محرم کی معیت میں دین کے لئے دور دور تک سفر کیا ہے، ''حدیث الافک'' میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کبھی سفر کا ارادہ فرماتے تو اپنے ساتھ رفاقت کی تعین کیلئے ازواج مطہرات کے درمیان قرعہ ڈالتے جس کا قرعہ نکل جاتا وہی سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوتی، چنانچہ اس موقع پر قرع میرے نام نکل آیا، یہ الگ بات ہے کہ دورانِ سفر احتیاطی تدابیر سے غفلت یا احکامِ خداوندی کی پرواہ نہ کرنے سے کئی مفاسد پیدا ہو سکتے ہیں، لیکن یہ کہیں سفر یا دین کے لئے کسی محنت کی وجہ سے نہیں بلکہ غیر محتاط رویہ اپنانے سے ہو سکتے ہیں، لیکن ایسے احتمالِ مفاسد کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے دین کے لیے مستورات کو محروم رکھنا دانشمندی نہیں، ایسے ممکنہ اور محتملہ مفاسد کی وجہ سے اگر دین کے لیے مستورات کی اجازت نہ ہو تو پھر اس کا احتمال سفر حج میں بھی پیدا ہوسکتا ہے، کیا کسی حج کے سفر میں ایک آدھ بے احتیاط واقعہ رونما ہونے کی وجہ سے کوئی ذی شعور اور ذی عقل شخص عورتوں کے حج کیلئے سفر کرنے پر پابندی عائد کر سکتا ہے؟ کبھی نہیں، بلکہ اس کا علاج یہ ہے کہ بے احتیاط رویے کا تدارک ہو۔

بحمد اللہ مستورات کی جماعتوں کی تشکیل میں محارم کی موجودگی، پردہ کی رعایت، باہمی اختلاط سے حد درجہ پرہیز اور ہر ایک صنف کے لئے الگ الگ مقامات پر محنت

کے اہتمام کی برکت سے تاحال کوئی ایسا بے احتیاط واقعہ رونما نہیں ہوا جس سے اس کام کی مخالفت کی جائے بلکہ محنت کی برکات اور مثمر نتائج مشاہدے میں آئے ہیں جن کا تقاضا ہے کہ اس میدان میں محنت پر مزید توجہ دی جائے تا کہ بنات آدم دین سمجھنے میں قاصر نہ رہیں اور کل قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے دربار میں خاوند اور باپ پر مقدمہ دائر نہ کرسکیں، خاوند اپنی منکوحہ کو احکام الٰہی کا سکھانا اپنا فریضہ سمجھ کر توجہ دے۔

(ماخوذ از تبلیغ مستورات سے ازالہ شبہات، ص:۵۵)۔

## ☆ حضرت مولانا مفتی عاشق الٰہی برنی رحمہ اللہ تعالیٰ کا مکتوب:

(مہاجر مدنی کثیر التصانیف المفیدۃ، فاضل مظاہر علوم سہارنپور وسابق مفتی دار العلوم کراچی)

**نحمده ونصلي على رسوله الكريم ، أما بعد:** ۔ ہمیشہ اسلامی علوم واعمال کو آگے بڑھانے اور پھیلانے کے لئے اور اخلاص کے ساتھ ادا کرنے کیلئے بڑی محنت اور جد وجہد کی ضرورت رہی ہے، اور اس سلسلہ میں علماء صلحاء اور حضرات صوفیہ کرام اور خواص وعوام دینی ضرورت کے پیش نظر محنتیں کرتے رہے ہیں یہ محنتیں انفرادی بھی تھیں اور اجتماعی بھی، جن حضرات نے جہاد کیا وہ بھی ثواب کے مستحق ہوئے، اور جن اکابر نے مدارس کھولے قرآن وحدیث کی تعلیم کو عام کیا وہ بھی اجر وثواب سے نوازے گئے، انہی اکابر میں سے جنہوں نے اجتماعی طور پر دینی دعوت اور عملی جد وجہد کا کام شروع کیا، مولانا الیاس کاندھلوی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ بھی تھے، اب سے ستر سال پہلے گزشتہ صدی کے نصف آخر میں مولانا موصوف نے دینی محنت کا کام شروع کیا تھا جو تبلیغی جماعت کے نام سے مشہور ہے۔ ابتدائی عمل کے وقت تو اسکی افادیت کا اندازہ نہ تھا، لیکن الحمد للہ یہ کام تقریباً سارے عالم میں پھیل گیا، اور اسکے منافع مخالفین اور



موافقین سب کے سامنے آ گئے، جو لوگ جماعت میں کام نہیں کرتے وہ بھی جماعت کی افادیت کے قائل ہیں، ہر جماعت کے مخالفین بھی ہوا کرتے ہیں، بہت سے لوگوں نے جماعت کی مخالفت کی لیکن جب کام بڑھتا چلا گیا اور امت کی اصلاح سامنے آ گئی اور بہت سے علماء خطباء نے ساتھ نکل کر جماعت کا کام دیکھ لیا اس کے منافع نظروں کے سامنے آ گئے تو مخالفت چھوڑ دی اور ان میں سے بہت سے حضرات جماعت ہی کے ہو کر رہ گئے، جماعت کے احباب کو تلقین کی جاتی ہے کہ جماعت کے جو چھ نمبر ہیں صرف ان کے دائرہ میں کام کریں بحث اور مناظرہ میں نہ پڑیں اور لوگوں کے اعتراضوں کا جواب نہ دیں، اگر یہ حضرات لوگوں کو جوابات دینے میں مشغول ہوتے تو دین کا کام نہ یہ حضرات کر پاتے، اور نہ معترض کچھ کر سکتے، معترض اعتراض کیلئے تو تیار رہتا ہے وہ دینی خدمت کے لئے اپنی جان ومال کو نہیں لگاتا مثلاً لوگ یوں کہتے ہیں کہ جماعت تبلیغ میں نہی عن المنکر کا سلسلہ نہیں ہے، لیکن اگر ان سے کہا جائے کہ تم کچھ پہلی چھوڑ وامت کی اصلاح کے کام میں جان ومال لگاؤ، امر بالمعروف بھی کرو نہی عن المنکر بھی کرو تو کانوں پر ہاتھ دھرتے ہیں، خود کچھ کرنے کو تیار نہیں ہیں، زبانی باتوں میں کچھ تو خرچ نہیں ہوتا، اس لئے زبانی باتوں کو ہی دینی خدمت سمجھ لیتے ہیں، اور معترض کا منہ کوئی بند نہیں کر سکا، اللہ تعالیٰ ہم سب پر رحم فرمائیں۔

تبلیغی جماعت کے اکابر نے عرصہ دراز سے عورتوں کی تبلیغی جماعتیں نکالنا بھی شروع کیا ہے، تقریباً پچاس سال پہلے کی بات ہے بندہ جب مرکز نظام الدین میں مقیم تھا، عورتوں کی جماعت کو مرکز نظام الدین اور دہلی شہر سے لایا جایا کرتا تھا، میری اہلیہ بھی ساتھ ہوتی تھی، بہت بڑا فائدہ محسوس کیا خاندان کے خاندان سنور گئے اور سدھر گئے،

الحمدللہ اب مستورات ہندوستان پاکستان سے آگے بڑھ کرانگلینڈ اور افریقہ تک محرموں کے ساتھ پردہ کے اہتمام کے ساتھ نکلتی ہیں، ذکر وفکر کی فضا سے معمور ہوتی ہیں، جانے والی عورتیں اور جن گھروں میں قیام ہوتا ہے وہ سب قلوب میں نورانیت محسوس کرتے ہیں، اور اعمالِ صالحہ میں مقبول ہوتے ہیں، جنہیں انکا کیف محسوس نہیں ہوا وہ ہی اعتراض کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ہر معترض کو اس کام میں لگائیں۔ (آمین)

جب پردہ کا سختی سے اہتمام کیا جاتا ہے اور محرم ساتھ ہوتے ہیں تو اس کارِ خیر میں رکاوٹ ڈالنا "مناع للخیر" بننے کے مترادف ہوجاتا ہے، کچھ نہ کچھ کوتاہی تو ہر جماعت میں ہو ہی جاتی ہے، لیکن اس کی وجہ سے کام نہیں روکا جاتا جو حضرات اعتراض کرتے ہیں وہ اپنی بیویوں کو لے کر تین تین دن عورتوں کی تبلیغی جماعت میں لگائیں پھر اسکا فائدہ دیکھیں۔

آخر میں صحیح بخاری کتاب الجہاد ص۴۰۳ ج۱ کی طرف رجوع کرنے کا مشورہ دیتا ہوں اس صفحہ پر امام بخاری رحمہ اللہ تعالی نے چار باب قائم کئے ہیں ان میں جو روایات نقل کی ہیں ان میں واضح طور پر خواتین صحابہ کے غزوات میں شریک ہونے کا ذکر ہے، جو حضرات مردوں یا عورتوں کے تبلیغی کام سے متفق نہیں وہ اپنے طور سے جسے صحیح سمجھتے ہوں اس کے مطابق عوام وخواص میں مردوں میں اور عورتوں میں دینی محنت کریں، علم بھی پھیلائیں اور عمل بھی۔ **والله الهادي إلى سبيل الرشاد۔**

(ماخوذ از تبلیغ مستورات سے ازالہ شبہات، ص:۶۰)۔



## ☆ حضرت مولانا مفتی سید قمر صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کا فتویٰ:

(مفتی دارالعلوم سرحد پشاور زیر اہتمام حضرت مولانا ایوب جان بنوریؒ
برادرِ نسبتی حضرت علامہ محمد یوسف بنوریؒ)

اس پرفتن دور میں دین سے عاری عورت معاشرہ کیلئے ضرررساں فتنہ ہے "**ما تركت فتنة أضر على الرجال من النساء.**" (الحدیث) ایسا فتنہ جو مردوں پر زیادہ خطرناک ہو عورتوں کے علاوہ کوئی نہیں، اسی فتنہ ضراء کا نعمتِ حسنیٰ پر مبدل ہونا صرف جہد دین پر توقف رکھتا ہے، جہد دین عورت کو لباس تقوی پہناتے ہوئے عفت کی عزت، حسن عبادت کی زینت سے مزین کر کے "**الدنيا كلها متاع وخير متاع الدنيا المراة الصالحة**" (الحدیث) کا مصداق بناتا ہے (یعنی دنیا ساری سازوسامان ہے اور بہترین متاع صالح بیوی ہے)

نیز اکثر وبیشتر خطاباتِ الٰہیہ میں عورت کو مرد کے تابع شمار کیا جاتا ہے، تاہم تبلیغ دین (تکمیل الغیر) کی ذمہ داری پورا کرنے میں عورت ایک مستقل حیثیت کی حامل ہے، علامہ آلوسی المتوفی ۱۲۷۰ھ روح المعانی ج۲۲ ص۲۰ پر آیت "**واذكرن ما يتلى في بيوتكن**". (الایۃ سورۃ احزاب) کی تفسیر میں تحریر فرماتے ہیں "**أي اذكرن للناس بطريق العظة والتذكير الخ قيل هذا أمر بتكميل الغير بعد الأمر بما فيه كمالهن**" امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ "**هل يجعل للنساء يوماً على حدة**" ترجمۃ الباب قائم کر کے حدیث "**غلبنا عليك الرجال فاجعل لنا يوماً من نفسك**" ذکر فرما رہے ہیں۔

لہٰذا موجودہ دور کی عورت کا ایک ضرورت کے پیشِ نظر تبلیغ میں نکلنا اصولِ شرعیہ

کی پوری پابندی کے ساتھ ایک مؤثر اقدام اور مستحسن عمل ہے ، ربِ کریم حفاظت فرمائیں،آمین۔(ماخوذ از تبلیغ مستورات سے ازالہ شبہات،ص:۸۲)۔

## ☆ حضرت مفتی غلام قادرنعمانی صاحب کا فتویٰ:

(مفتی دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ)

آج دنیا میں جو فتنہ وفساد برپا ہوا ہے وہ کسی عاقل سے مخفی نہیں ،لیکن یہ کوئی نئی بات نہیں ، بلکہ یہ اس وقت سے چلا آرہا ہے جب روئے زمین پر ایک باپ (حضرت آدم علیہ السلام )اور چند بیٹے سکونت پذیر تھے،اوراس فتنہ وفساد سے خوف زدہ ہو کر گوشہ نشینی یا رہبانیت اختیار کرنا اسلام کا تقاضانہیں،اسلام کا تقاضا یہ ہے کہ مردمجاہد بن کر تمام فتنوں کی سرکوبی کے لئے میدان میں آکر مجاہدانہ کردارادا کرے،اس دور میں ہر کسی کی آواز یہ ہے کہ فتنے زیادہ ہیں لیکن صرف آواز لگانے سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا جب تک اس آواز کے ساتھ محنت اور مجاہدہ نہ ہو، اور اسی طرح یہ محنت چند افراد تک محدود بھی نہ ہو بلکہ ہر امتی اس میں شریک ہو، چاہے مرد ہو یا عورت ، کیونکہ دور حاضر کے فتنے مردوں تک محدود نہیں ہیں بلکہ ان فتنوں نے عورتوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا ہیں، اگر مردِ صالح گھر سے باہر مکمل طور پر دین کا پابند ہو اور اس کے اہل وعیال وغیرہ دین کے پابند نہ ہوتو اہل وعیال کی لادینی کا اثر ضرور اس متدین شخص پر پڑے گا، اب سوال یہ ہے کہ جب اہل وعیال کی بے دینی کا اثر مرد پر پڑ سکتا ہے اور دیندار شخص اپنے گھر سے متاثر ہوسکتا ہے تو اہل وعیال بیوی بچوں کو دیندار بنانے کا طریقہ کار کیا ہوگا، اس مسئلہ میں تفصیل ہے، میں تفصیل نہیں کرتا بلکہ مختصر عرض کروں گا کہ جہاں تک عورتوں



کی تربیت کا مسئلہ ہے تو اس کا اصل ذمہ دار گھر کا سربراہ ہے،لیکن اس دور میں بسا اوقات گھر کا سرپرست دین سے ناواقف ہوتا ہے،اوراگر واقف بھی ہوتا ہے تو تغافل کرنے لگتا ہے،اورگھر کے باشندے ایسے ہی دین سے ناواقفیت میں زندگی بسر کرتے ہیں،اب اگر گھر کے سرپرست بشمول ماتحت سب دین سے ناواقف ہیں تو اس معمہ کا حل کیا ہے دور حاضر میں اس معمے کے حل کے دوطریقے ہیں:

(۱) **مدارس اسلامیہ**: کہ اسمیں مرداورعورت سب کے سب دین مقدس سے واقف ہوسکتے ہیں۔

(۲) **تبلیغی جماعت** : کہ اس میں نکلنے سے مرد اور عورت کیلئے دین پر چلنا آسان ہوسکتا ہے،لیکن عورتوں کا گھر سے نکلنا چاہے دینی کام کے لئے ہو یا دنیوی اس میں فساد کا خطرہ ہوتا ہے،اس خطرے کو مدنظر رکھتے ہوئے فقہاء کرام نے عورتوں کو دین سیکھنے یا سکھانے کیلئے مطلقاً گھر سے نکلنے کی اجازت نہیں دی بلکہ عورتوں کے نکلنے کو چند شرائط سے مشروط کیا ہے، حالات کے لحاظ سے اس شرائط میں کمی بیشی ہوسکتی ہے، اس وجہ سے بعض علماء نے کم شرائط لگائے اور بعض نے زیادہ ، حضرت مولانا تقی عثمانی صاحب مدظلہ نے اپنے فتوی میں گیارہ شرائط ذکر کئے ہیں۔

بندہ تبلیغ مستورات کے سلسلے میں حضرت مفتی تقی عثمانی صاحب سے اتفاق کرتا ہے۔(اطمینان کیلئے ان کا فتویٰ مطالعہ فرمالیجئے)۔

خلاصہ یہ ہے کہ عورتوں کیلئے دین کی تعلیم وتعلم کیلئے مدارس دینیہ میں داخلہ لینا یا تبلیغی جماعت میں نکلنا ان شرائط کے ساتھ جوفتوی میں مذکور ہیں جائز اور مستحسن ہے۔

## ☆ حضرت مولانا مفتی جمال احمد صاحب کا فتویٰ:

(مفتی دارالعلوم فیصل آباد)

قرانِ پاک کے احکام اگر چہ مرد وعورت دونوں ہی کو شامل ہیں، مگر عموماً خطاب مردوں کو کیا گیا ہے، عورتیں اس میں ضمناً شامل ہیں، ہر جگہ ’’یا أیها الذین آمنوا‘‘ کے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں، عورتوں کو مردوں کے ضمن میں مخاطب بنایا گیا ہے، اس میں اشارہ ہے کہ عورتوں کے سب معاملات تستر پر مبنی ہیں اس میں ان کا اعزاز واکرام ہے، پورے قران میں حضرت مریم بنت عمران کے علاوہ کسی عورت کا نام نہیں لیا گیا، امرء ۃ فرعون امرء ۃ لوط امرء ۃ نوح کے الفاظ سے تعبیر کیا گیا ہے، حضرت مریم کی شاید خصوصیت یہ ہو کہ حضرت عیسی علیہ السلام کی نسبت کسی باپ کی طرف نہیں ہوسکتی تھی اس لئے ماں کی طرف نسبت کر کے ان کا نام لیا گیا، دنیا میں انبیاء علیہم السلام کے مقاصد اور خصوصاً حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا مقصد خدائے تعالیٰ نے سورۂ بقرہ سورۂ آل عمران سورۂ جمعہ کی آیات میں ایک ہی مضمون ایک ہی طرح کے الفاظ میں بیان فرمایا ہے، جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس دنیا میں تشریف لانے کے مقاصد یا آپ کے عہدہ نبوت ورسالت کے فرائض منصبی تین بیان کئے گئے ہیں:

(۱) تلاوت آیات (۲) تعلیم کتاب وحکمت (۳) تزکیہ اخلاق۔

**پہلا مقصد:** تلاوت آیات کا تعلق الفاظ سے ہے اور تعلیم کا معانی سے دونوں کو علیحدہ بیان کرنے سے معلوم ہوا کہ قرآن پاک میں جس طرح معانی مقصود ہیں اسی طرح الفاظ بھی مقصود ہیں ان کی تلاوت وحفاظت فرض اور اہم عبادت ہے۔



**دوسرا مقصد:** حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم نے باوجود عربی دان ہونے کے ساری عمریں قرآن کی تعلیم میں خرچ کیں چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بارہ سال میں سورۂ بقرہ یاد کی۔

**تیسرا مقصد:** تزکیہ جس کا معنی ہے ظاہری اور باطنی نجاسات سے پاکی حاصل کرنا، ظاہری نجاسات سے تو عام مسلمان واقف ہیں باطنی نجاسات مثلاً کفر وشرک تکبر حسد بغض حب دنیا وغیرہ سے عام مسلمان واقف نہیں اور ظاہری علم میں جتنا بھی کمال تک پہنچ جائے جب تک باطن ٹھیک نہ ہو وہ آدمی کامل نہیں ہوسکتا:

علم چوں برتن شود مارے شود ☆ علم چوں بر دل شود یارے شود

حدیث شریف میں ہے: ’’**طلب العلم فریضة علی کل مسلم**‘‘ اس حدیث میں ’’مسلمة‘‘ کا لفظ بھی بعض محققین نے لاحق کیا ہے اگر چہ اس حدیث کے تمام اطرف میں ’’مسلمة‘‘ کا لفظ نہیں لیکن معنی صحیح ہے۔ چنانچہ حضرت تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی اس حدیث میں ’’مسلمة‘‘ کا لفظ ذکر کیا ہے۔ (ملاحظہ ہو بہشتی زیور)۔

شیخ اسماعیل محدث ومفسر اپنی کتاب ’’**کشف الخفاء ومزیل الالباس**‘‘ (۴۵/۲) میں فرماتے ہیں:

**قال في المقاصد: وقد ألحق بعض المحققين ’’ومسلمة‘‘ بعد قوله ’’ومسلم‘‘ وليس لها ذكر في شيء من طرقه، وإن كانت صحيحة المعنى.**

مطلب یہ ہے کہ مقاصد میں لکھا ہے کہ بعض محققین نے ’’مسلمة‘‘ کا لفظ مسلم

کے لفظ کے بعد ذکر کیا ہے۔

جس علم کا اس حدیث **طلب العلم فریضة** میں ذکر ہے اس سے کونسا علم مراد ہے، امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ احیاء العلوم (ص۱۴ج۱) اور (ص۱۵) پر لکھتے ہیں:

**" واختلف الناس فی العلم الذي هو فرض على كل مسلم فتفرقوا فيه أكثر من عشرين فرقة "**. (یعنی جو علم ہر مسلمان پر فرض عین ہے اس میں لوگوں کا اختلاف ہے اور اس باب میں بیس سے زیادہ فرقے ہوگئے ہیں)

ان فرقوں کے تفصیلی بیان کے بعد امام موصوف لکھتے ہیں کہ **" أحوال القلب كالكبر والعجب وأخواتها إلى قوله ... وإزالتها فرض عين وكيف لايجب عليه وقد قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاث مهلكات شح مطاع وهوى متبع وإعجاب المرء بنفسه"**.

ترجمہ: اور دل کے برے حالات مثل کبر اور عجب اور ان کے مثل کے (وہ ان تین مہلکات کے تابع ہیں) اور ان کا دور کرنا فرض عین ہے، اور یہ باتیں کیسے واجب نہ ہوں گی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تین چیزیں مہلک ہیں:

(۱) بخل جس کی اطاعت کی جائے۔ (۲) نفسانی خواہش جس کی پیروی کی جائے۔ اور (۳) آدمی کا اپنے نفس کو بڑا جاننا۔

ان قلبی امراض کے ازالہ کے لئے ان کا جاننا فرض ہے۔

چنانچہ حضرت موصوف لکھتے ہیں:

**"ولا يمكن إزالتها إلا بمعرفة حدودها ومعرفة أسبابها ومعرفة علاماتها ومعرفة علاجها، فإن من لايعرف الشر يقع فيه، والعلاج هو**



**مقابلة السبب بضده، وكيف يمكن دون معرفة السبب والمسبب، وأكثرها ما ذكرناه في ربع المهلكات من فروض الأعيان وقد تركها الناس كافة اشتغالا بما لا يعني"**.

ترجمہ: اور جب تک ان مہلکات کی تعریف اور اسباب اور علامات کو نہ جان لیا جائے اور ان کے علاج کو نہ معلوم کر لیا جائے تب تک ان کا دور کرنا ممکن نہیں، اس لئے کہ جو شخص بدی کو نہیں جانتا ہو وہ اس میں مبتلا ہو جاتا ہے، اور علاج اس طرح ہے کہ ہر ایک سبب کے مخالف سے اس کا مقابلہ کیا جائے اور یہ امر بدون سبب اور مسبب کے جاننے کے ممکن نہیں۔ (احیاء العلوم ص۱۵ ج۱)۔

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ قلبی امراض کا علاج فرض عین ہے۔

علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی تلمیذ شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک رسالہ ارشاد الطالبین کے نام سے لکھا ہے جس میں تزکیہ نفس واصلاح باطن کے حصول کی فرضیت قرآنِ پاک کی آیت **﴿یا أیها الذین امنوا اتقوا الله حق تقاته﴾** سے استدلال کیا ہے، وہ فرماتے ہیں کہ " اتقوا اللہ" میں تقویٰ سے ظاہری تقویٰ مراد ہے اور "**حق تقاته**" سے باطنی تقویٰ اور تزکیہ باطن مراد ہے، تزکیہ باطن کے حصول کیلئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

**إن فی الجسد لمضغة إذا صلحت صلح الجسد كله، وإذا فسدت فسد الجسد كله ألا وهي القلب .**

ترجمہ: بے شک بدن میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے اگر وہ صحیح ہو جائے تو پورا بدن صحیح ہو جائیگا اور اگر وہ فاسد ہو جائے تو بدن فاسد ہو جائیگا، اور خبردار وہ دل ہے۔ جب تک

قلب صاف نہ ہو ظاہری صفائی سے کچھ نہیں ہوتا۔ حضرات محدثین **الطھور شطر الإیمان** (صفائی نصفِ ایمان ہے) سے بھی یہی مراد لیتے ہیں کہ طہور سے مراد ظاہری اور باطنی دونوں قسم کی طہارت ہے۔

## تبلیغی جماعت کا مقصد:

حضرت مولانا الیاس رحمہ اللہ تعالیٰ اس تحریک کو تحریکِ ایمان سے منسوب کرتے تھے، چنانچہ حضرت مولانا ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ تعالی لکھتے ہیں: ’’کہ حضرت مولانا الیاس رحمہ اللہ تعالیٰ اپنی اس تحریک کو تحریکِ ایمان سے منسوب کرتے تھے اور مذہب کی بقا کیلئے اس کو ایسا ضروری سمجھتے تھے کہ اس کیلئے ہر قربانی اور ہر طرح کی قدر دانی کو صحیح سمجھتے تھے‘‘۔ (دینی دعوت ص۲۴۳)۔

جب فرض حج کے لئے عورت محرم کے ساتھ باہر نکل سکتی ہے تو ایمان کے سیکھنے کیلئے نکلنے پر اعتراضات کئے جاتے ہیں حالانکہ ایمان کا سیکھنا سب سے پہلے فرض ہے، ایمان حقیقی، یقین، اخلاص، استقامت، تزکیہ باطن، تہذیب اخلاق اور کامل اتباع سنت وہ حقیقی مقاصد ہیں جن کیلئے مختلف وسائل اختیار کئے جاتے ہیں، محققین ان مقاصد کے حصول کو کسی ایک وسیلہ میں منحصر نہیں مانتے بلکہ کہنے والوں نے یہاں تک کہا ہے اور کچھ غلط نہیں کہا: **طرق الوصول إلی اللّٰہ تعالی بعدد أنفاس الخلائق**، یعنی اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کے طریقے سانس لینے کی مقدار میں ہیں یعنی بہت زیادہ ہیں)

ابتدا میں ان مقاصد کے حصول کیلئے سب سے مؤثر اور طاقتور ذریعہ صحبتِ نبوی



صلی اللہ علیہ وسلم تھا جسکا کیمیائی اثر ظاہر ہے، اس نعمت سے محرومی کے بعد اطباء اور خلفاء امت نے اپنے اپنے زمانے میں مختلف بدل تجویز کیے، آخر میں مختلف اسباب کی بنا پر صحبتِ مشائخ اور کثرتِ ذکر پر زور دیا گیا جو تصوف سے مشہور ہو گیا، لیکن اس سے کسی کو انکار نہیں کہ ان مقاصد کا حصول ان وسائل میں منحصر نہیں، تبلیغی جماعت میں نکلنے سے (خواہ مرد ہو یا عورت) اصلاحِ نفس اور تزکیہ باطن بہترین خصائل کا حصول اور رذائل سے تخلی، عاجزی، خضوع وغیرہ بہترین اخلاق پیدا ہوتے ہیں جن کا سیکھنا اور سیکھنے کے بعد ان پر عمل کرنا فرض ہے۔

آج لاکھوں عورتیں بازاروں میں پھرتی ہیں لیکن ان کے روکنے کے لئے کوئی قلم نہیں اٹھاتا، مگر نیکی کا کام کرنے کے لئے عورتیں جب باہر اپنے محارم کے ساتھ تمام شرعی حدود وقیود کو بجالاتے ہوئے جاتی ہیں تو ان کے بارے میں رسالے لکھے جاتے ہیں، حالانکہ فقہائے کرام فرماتے ہیں کہ عورتوں کے لئے (جبکہ خاوند ان کے لیے کسی عالم سے مسئلہ نہ پوچھے) خود علماء کے پاس جانا جائز ہے۔

چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں ایک مستقل باب (**هل يجعل للنساء يوماً على حدة**) باندھ کر اس بات کو ثابت کیا ہے کہ عورتوں کا تعلیم کے لئے جانا اور ایک جگہ جمع ہونا جائز ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے عورتیں ایک جگہ جمع ہوئیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں تشریف لے گئے۔ (بخاری شریف ص۲۰ ج۱)۔

## ☆ حضرت مفتی مختار اللہ صاحب کا فتویٰ:

یہ ایک واضح مسئلہ ہے کہ خواتین کا بلا ضرورت اپنے گھروں سے نکلنا شرعاً ممنوع

ہے، تاہم پردے میں اپنے محرم کی معیت میں جہاں اختلاط زنانہ اور نرینہ کا نہ ہو اور تمام شرائط ستر وپردہ ملحوظ ہوں تو ضرورت کے لئے نکلنا جائز ہے، مذہبی تعلیم وتعلم اور دینی مسائل وغیرہ سیکھنے کے جواز میں از روئے شرع مرد وزن میں کوئی فرق نہیں بلکہ روزمرہ زندگی کے دینی امور سے واقفیت حاصل کرنا عورت کیلئے بھی اس طرح ضروری ہے جس طرح مرد کیلئے ضروری ہے، لہذا علم دین حاصل کرنے کے لئے بشرطیکہ تمام شرائط ملحوظ رہیں شرعاً عورت پر کوئی پابندی نہیں ہے۔

اسماء الرجال کی کتابوں میں متعدد نیک خصلت اور پابند شریعت عورتیں حدیث کی روایت کرنے والی ہیں، جہاد اور غزوات میں بھی بعض صحابیات نے شرکت فرمائی ہیں جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنفس نفیس اس غزوہ میں شریک تھے، مگر آپ نے منع نہیں فرمایا، اسی طرح کسی شخص کی طرف سے جب عورت نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے حج بدل کرنے کی اجازت مانگی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دیکر فرمایا تھا کہ اگر تمہارے باپ پر کسی کا قرضہ ہوتا اور آپ ادا کرتی تو کیا وہ ادا نہیں ہوتا، تو اسی طرح اللہ تعالیٰ کا قرضہ زیادہ حقدار ہے کہ اسکو ادا کیا جائے (بخاری ۱/۱۵۰) حج کی ادائیگی بھی بغیر گھر سے نکلنے کے ممکن نہیں، اور نہ حج بدل کرنا کوئی فرض واجب یا سنت ہے بلکہ ایک مباح امر ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مباح کام کے لئے عورت کو اجازت دیدی، مجالس میں شرکت کرنا بھی امام ابو اللیث سمرقندی نے جائز کہا ہے جب شوہر دینی مسائل سے بے خبر ہو حتی کہ بغیر اجازت کے بھی شرکت کرسکتی ہے اگر چہ شوہر عالم کیوں نہ ہو، اس کے علاوہ عورت کا گواہی کے لئے دار القضا یعنی عدالت میں جانا مرخص ہے (احکام القران ۲/۲۳) حتی کہ جنازہ میں شرکت؟ اور دنیاوی کاروبار کے



لئے نکلنا بھی مرخص ہے؟

(تنبیہ: عورتوں کے لیے جنازہ میں شرکت کو بہشتی گوہر میں مکروہ تحریمی لکھا ہے، اس لیے یہاں میت کے گھر جانا مراد ہوگا، واللہ تعالیٰ اعلم، اور دنیوی کاروبار کے لیے پردے کا اہتمام ضروری ہے) تو دینی تعلیمات کی تحصیل، اصلاح نفس اور دوسری مؤمنات کو دین کی طرف راغب کرنے اور انکو دینی تعلیم دینے کے لئے حدود شریعت کا لحاظ رکھ کر نکلنا تو بدرجہ اولیٰ جائز ہوگا۔ اس کو مساجد میں جماعت کے ساتھ نماز نہ پڑھنے پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے، اس لئے کہ وہاں مرد وزن کے اختلاط کی وجہ سے فتنہ وفساد کا اندیشہ ہوسکتا ہے، اور فقہائے کرام کا منع کرنا بھی اس علت پر مبنی ہے جبکہ تبلیغی جماعت میں فتنہ انگیزی ممکن نہیں، اور نہ اس کے عدم جواز کے لئے ''وقرن فی بیوتکن'' سے استدلال صحیح ہے، اس لئے کہ جب امر کے بعد ''ولا تبرجن تبرج الجاھلیۃ الاولی'' کے ساتھ مقید ہے، کہ جس خروج میں بے پردگی ہو تو پھر عورت کا کسی بھی صورت میں گھر سے نکلنا جائز نہ ہوگا جبکہ دیگر نصوص سے جواز معلوم ہوتا ہے، جبکہ مروجہ تبلیغی جماعت میں واجب پردے کے ساتھ مستحب پردے کا لحاظ رکھا جاتا ہے، اس کے ذریعہ موجودہ زمانے کی بے راہ روی اور مغربیت سے مسلمان عورتیں بچ سکتی ہیں، اور روزمرہ کی زندگی دین کے اصول کے مطابق گزار سکتی ہیں، چونکہ مروجہ تبلیغی جماعت میں جانے سے بھی یہی مقاصد نمایاں ہیں لہذا مستورات کی جماعت جس میں شرعی حدود کا لحاظ رکھا جائے تو شرعاً اس میں کوئی قباحت نہیں، چونکہ اس دور میں بعض خواتین جہل اور یورپی تہذیب سے مرعوب ہوکر دین سے عاری ہوچکی ہیں، اور اسی مغربی تہذیب کے اجراء کے لئے ان کے احتجاجی مظاہرے بھی سامنے آچکے ہیں، جس

پر عالمی میڈیا شاہد ہے جو شرعاً حرام اور ناجائز ہے یہاں تک کہ قرآنی احکامات کے خلاف n.g.o وغیرہ تنظیمیں فحاشی پھیلانے میں شب وروز مصروف ہیں، لہذا ایسی حالت میں ان عورتوں تک دین کی آواز پہنچانے کیلئے مستورات کی تبلیغی جماعت ایک فعال اور مستحسن کوشش ہے، تاہم احتیاطی امور کی رعایت کی اشد ضرورت ہے تاکہ عورتوں کی عصمت پر زد بھی نہ پڑے اور دین کے کام کیلئے رکاوٹ کا باعث بھی نہ بنے۔ واللہ اعلم وعلمہ اتم۔(ماخوذ از تبلیغ مستورات سے ازالہ شبہات،ص:۹۸،۱۰۰)۔

## ☆ حضرت مفتی یوسف صاحب تاؤلوی کا فتویٰ

(استاذِ حدیث وفقہ دارالعلوم دیوبند)

کیا فرماتے ہیں: آئین علوم فقیہ الامت، امام المنطق والفلسفہ، صاحبِ قلم، معدنِ علم وفن عارف باللہ، حضرت استاذی ومولائی مفتی یوسف صاحب تاؤلوی دامت برکاتہم، درجِ ذیل مسئلہ کے متعلق:

س: موجودہ زمانے کی صورتِ حال ومستورات کی جماعت کا شرعی حکم، اور حضرت فقیہ الامت مفتی محمود الحسن گنگوہی نور اللہ مرقدہ کے فتوے کی کیا حقیقت ہے؟

نوٹ: برائے کرم سارے سوالات کے جوابات قرآن وحدیث کے دلائل کے ساتھ نقل فرمائیں۔

المستفتی: محمد منظور الحق قاسمی، کریم گنج آسام، فاضل دارالعلوم دیوبند

باسمہ تعالیٰ: حامداً ومصلیاً؛

شرائطِ مقررہ کے ساتھ حضرت فقیہ الامتؒ کا فتویٰ جواز کا ہے ان کی شخصیت



سے تمام علما واقف ہیں، ان کے فتوے کے بعد میری ناقص رائے میں کسی کے فتوے کی نہ ضرورت ہے اور نہ اہمیت ہے۔ میری ناقص رائے میں اس کے بارے میں صرف مرکز ہی سے رابطہ رکھا جائے اور ان کی ہدایات پر عمل کیا جائے وہاں اس لائن کے تجربہ کار علما موجود ہیں اور ان کے تمام امور کا مدار مشورہ پر ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

جو القاب آپ نے لکھے ہیں بندہ ان کا اہل نہیں ہے۔

حررہ العبد محمد یوسف غفرلہ تاؤلوی۔

۱۰/۶/۳۴ھ

## ☆ حضرت مفتی اسماعیل واڈی والا صاحب کا فتویٰ:

(سابق صدر مفتی وشیخ الحدیث جامعہ حسینیہ، راندیر، سورت، گجرات)

فیجی کے ایک استفتاء کے جواب میں فرماتے ہیں:

عورتوں کے لیے پردہ بہت ہی ضروری ہے، بلکہ عورتوں کی خوبصورتی اور عزت پردہ کے ساتھ ہے قرآنِ کریم اور احادیثِ پاک میں اس بات کی بہت تاکید وارد ہوئی ہے، اور بغیر پردے بلکہ بلاضرورت گھر کے باہر نکلنے پر سخت وعید وارد ہوئی ہے۔

ایک حدیث میں ہے کہ عورت چھپانے کی چیز ہے جب وہ گھر سے باہر نکلتی ہے تو شیطان اس کو جھانکتا ہے، (لوگوں کو اس کی طرف دیکھنے پر مجبور کرتا ہے)۔

**وقال النبي صلى الله عليه وسلم: إذا خرجت المرأة من بيتها استشرفها الشيطان.** (اوجز المسالك: ۲/۳۴۵).

ایک دوسری حدیث میں ہے: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مردوں کے

لیے عورتوں سے زیادہ نقصان دہ فتنہ میں نے کوئی نہیں چھوڑا۔

**عن أسامة بن زيد رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما تركت بعدى فتنة أضر على الرجال من النساء.** (مشكوٰة المصابيح: ٢٦٧).

لہٰذا بغیر ضرورت کے عورتوں کا گھر سے باہر نکلنا درست نہیں ہے، اور یہ بھی ہے کہ توحید ورسالت نماز وغیرہ کے ضروری مسائل کا سیکھنا، اور نماز کا طریقہ جاننا مردوں کی طرح عورتوں کے لیے ضروری اور فرض ہے، حضرت انس ؓ سے روایت ہے: **طلب العلم فريضة على كل مسلم (ومسلمة)** ۔(علم کا سیکھنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے)۔(نوٹ: اس حدیث کی تحقیق ماقبل میں گزر چکی ہے)۔

ملا علی قاریؒ نے لکھا ہے: علم سے مراد وہ ضروری چیزیں ہیں جس کا سیکھنا بندے پر ضروری ہے، مثلاً: توحید، رسالت، طریقہ نماز یہ فرض عین ہیں۔(مشکوٰۃ شریف: ۳۴، مرقاۃ المفاتیح: ۱/۲۳۳)۔

عورتوں کی تعلیم کے متعلق قرآنِ کریم نے صاف کہا ہے: **﴿ واذكرن ما يتلى في بيوتكن من آيات الله والحكمة ﴾**، (سورة الاحزاب: ٣٤).

ترجمہ: (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجات سے کہا جارہا ہے) اے نبی کی زوجات تمہارے گھروں میں اللہ کی آیتیں اور حکمت (حدیث) کی جو باتیں ہوتی ہیں اس کو یاد رکھو، آیت میں حکمت سے مراد حدیث ہے، سورۃ النور میں عورتوں کے مسائل پاکدامنی اور پردہ وغیرہ کے احکام بیان کئے گئے ہیں، لہٰذا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خاص طور پر عورتوں کو سورۃ النور کی تعلیم دینے کی ترغیب دی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا



فرمان ہے: **علموا نساء كم سورة النور** ۔ (رواه البيهقى فى شعب الايمان (٤/٧٧/٢٢٠٥، ط: مكتبة الرشد) بسنده عن مجاهد مرسلاً. وإسناده ضعيف، فيه: عتاب بن بشير، أورده الذهبى فى الضعفاء وقال: مختلف فى توثيقه ـ وقال الشيخ بشار عواد فى تحرير التقريب (٢/٤٢٧) بل صدوق حسن الحديث، لكنه يضعف فى روايته عن خصيف بن عبد الرحمن الجزرى...الخ. وخصيف، ضعفه أحمد وغيره ـ وذكره السيوطى فى الجامع الصغير ونسبه إلى سعيد بن منصور ورمز له بالضعف ـ لكن روى البيقهى أيضاً فى شعب الايمان (٤/٨٢/٢٢١٣، مكتبة الرشد) بسنده عن ابى عطية الهمدانى قال: كتب عمربن الخطاب ؓ: تعلموا سورة براءة و علموا نساء كم سورة النور و حلوهن الفضة ـ إسناده: رجاله ثقات، وهو موقوف كما ترى)

ترجمہ: اپنی عورتوں کو سورۂ نور کی تعلیم دو۔

اس سے بھی عورتوں کی تعلیم کی ضرورت معلوم ہو رہی ہے۔

اصل تو یہی ہے کہ مسلمان عورتیں اپنے محرم سے دینی علم حاصل کریں، اور محرم عالم نہ ہو، جیسے عام طور پر ہوتا ہے، تو اپنے محرم کو بھیجے، یا اس کے ساتھ پردے میں رہ کر علماء کرام سے اپنے ضروری مسائل کی تحقیق اور علم حاصل کرنا درست ہے، صحابیہ عورتوں کا بعض مسائل کی تحقیق کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جانا ثابت ہے، جیسے: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی کا صدقہ کی تحقیق کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جانا ثابت ہے۔(رواہ البخاری: ۱/۱۹۸)۔

یہاں تک کہ عورتوں کی درخواست پر ان کی تعلیم وتربیت کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جانا بھی ثابت ہے

**أن النبى صلى الله عليه وسلم خرج ومعه بلال فظن أنه لم يسمع**

**النساء فوعظهن وأمرهن بالصدقات .**

ترجمہ: ایک عید کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عیدگاہ میں عید کی نماز کے بعد خطبہ دیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خیال آیا کہ عورتوں نے نہیں سنا، تو خطبہ کے بعد جہاں عورتیں تھیں حضرت بلال کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں تشریف لے گئے، اور صدقہ کی تعلیم دی۔ (بخاری شریف: ۱/۲۰)۔

البتہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی کسی اجنبی عورت کے ہاتھ کو چھوا تک نہیں۔

**واللّٰہ ما مست یدہ ید امرأة قط فی المبایعة ما یبایعهن إلا بقوله قد بایعتک** . (صحیح البخاری: ۲/۷۲۶).

اس بات کو بھی مدِنظر رکھنا ضروری ہے کہ شادی شدہ عورتیں نماز، طہارت وغیرہ ضروری باتوں کا علم نہ رکھتی ہوں تو ان کی تعلیم کی کیا صورت ہے؟ اس کا شوہر بھی ایسے مسائل سے واقف نہیں، گھر میں بھی ایسا ماحول نہیں ہے اکیلی کسی سے مسائل دریافت نہیں کرسکتی، حالانکہ حکم ہے:

**قوا أنفسکم وأهلیکم ناراً** . (سورة التحریم: ٦).

ترجمہ: اے مومنو اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو دوزخ کی آگ سے بچاؤ۔

تو اس ذمہ داری اور فریضہ کی ادائیگی کی صورت اس کے علاوہ کیا ہوسکتی ہے، کہ عورتیں اپنے محرم کے ساتھ پردہ کا خیال کرکے (اس شرط کے ساتھ کہ کسی فتنہ کا خطرہ نہ ہو) تبلیغی جماعت میں نکلیں اور اس طرح عورتوں کی اصلاح بھی ہوتی ہے، جیسے سوال میں لکھا گیا ہے۔



نیز معروف ومشہور عالم دین حضرت مولانا یوسف صاحب لدھیانوی شہیدؒ نے عورتوں کا تبلیغی جماعت میں جانا درست بتلایا ہے، وہ لکھتے ہیں: مجھے میری اہلیہ اور بیٹی کے ساتھ جماعت میں جانے کا موقع ملا، مستورات کی جماعت کی کارکردگی میں نے خود دیکھی، جس میں احکامِ شرع کی پابندی کی جاتی ہے، مستورات کی تبلیغی جماعت میں اکابر نے جو شرطیں بیان کی ہیں، وہ سب شریعت کے مطابق ہیں، اتنا جاننے کے بعد میری سمجھ کے مطابق مستورات کا تبلیغی جماعت میں جانا درست وجائز ہے۔ (رسالہ بینات: ۱۴۱۹ھ)

(اس فتوے پر حضرت مفتی نظام الدین شامزئی شہیدؒ اور ڈاکٹر عبدالرزاق سکندر مہتمم جامعہ علوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن اور مولانا محمد انور بدخشانی کے دستخط موجود ہیں)۔

ناچیز نے بھی گجرات کے تبلیغی جماعت کے اکابرین سے کہ جو اجتماعات میں بیان کرتے ہیں، پوری لگن کے ساتھ اس میں مشغول رہتے ہیں، ان سے پہلے، خود ناچیز نے عورتوں کی تبلیغی جماعت کی کارکردگی کی تحقیق کی ہے، انہوں نے قابل اطمینان جواب دیا: کہ جس جگہ جانا ہوتا ہے بہت احتیاط اور پردہ کے ساتھ لے جایا جاتا ہے، محلے کے بیچ مقام میں ان کا قیام ہوتا ہے، جہاں کوئی غیرمحرم کی آمد ورفت نہیں ہوتی ہے، پورے سفر میں محرم ساتھ ہوتا ہے، لہذا دینی پہلو کو مدِنظر رکھ کر احتیاط کے ساتھ جائے، جہاں جائے وہاں قیام پردہ کے ساتھ محلّہ کے بیچ کتابی تعلیم اور تقریر کی آواز نامحرم تک نہ پہونچے، اس کا خیال رکھتے ہوئے، (بلاضرورت میلہ نہ لگاتے ہوں) تو درست ہوسکتا ہے، کیون کہ ایک عورت کی اصلاح سے انشاء اللہ پورا گھر بلکہ پوری برادری کی اصلاح کا غالب یقین ہے، اس کے متعلق ایک مسئلہ فتاویٰ محمودیہ میں بھی لکھا گیا ہے...

نوٹ: عورتوں کے لیے ضروری ہے کہ خوشبو لگا کر زینت کر کے نہ جائیں، معمولی کپڑوں میں جائیں، مردوں کی بھیڑ بھاڑ نہ ہو، راستہ امن والا ہو، کوئی خرابی یا حرام کام میں مبتلا ہونے کا خطرہ نہ ہو، ورنہ جانا جائز نہ ہوگا۔ (روضۃ الفتاویٰ: ۱/ ۲۳۵۔ ۲۴۰)۔

## ☆ حضرت مفتی احمد خانپوری صاحب کا فتویٰ:

(صدر مفتی وشیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین ڈابھیل سملک، گجرات)

عورتوں کو تبلیغی جماعت میں بھیجنے کے سلسلہ میں علماء عصر کے دو نظریئے اور دورائیں ہیں، بعض علماء واکابر نے تبلیغی اہمیت وضرورت کے احساس کے باوجود مفاسد کے غالب ہونے کے پہلو کو مدِ نظر رکھ کر اجازت نہیں دی، چنانچہ مفتی گجرات حضرت مولانا مفتی سید عبدالرحیم صاحب لاجپوریؒ مفتی پاکستان حضرت مولانا رشید احمد لدھیانویؒ کے فتاویٰ اسی پہلو کے غماز ہیں۔ دیکھئے: (فتاویٰ رحیمیہ: ۱۰/ ۴۹۸، واحسن الفتاویٰ: ۸/ ۵۸)۔

اس کے بالمقابل بعض دوسرے علماء کرام نے عصر حاضر کے لوگوں میں دین سے غفلت، اسلامی تہذیب وکلچر سے بعد ودوری، علومِ اسلامیہ کی تحصیل وترویج سے سستی وبیزاری وغیرہ دیگر حقائق، نیز تبلیغی جماعت کے فوائدِ کثیرہ منجملہ ان میں سے لوگوں میں اس کے ذریعہ علومِ دینیہ کی تحصیل کا شوق وجذبہ سنتِ نبوی علیہ الصلاۃ و السلام سے والہانہ لگاؤ، شریعتِ اسلامی وتہذیب محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی ترویج و اشاعت کا شوق وعزم وغیرہ پہلوؤں کو پیش نظر رکھ کر چند اہم وضروری شرائط کے ساتھ اس کی اجازت دی ہے، چنانچہ مفتی اعظم ہند فقیہ الامت حضرت مولانا مفتی محمود حسن



صاحبؒ کے فتاویٰ ان ہی حقائق کی طرف مشیر ہیں۔ (چند فتاویٰ نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں) بہرحال یہ مسئلہ دیانت سے تعلق رکھتا ہے اس کی پوری بنیاد دیانت ہی پر ہے، لہذا جو حضرات بھیجنے والے ہیں (یعنی ذمہ دار) اور جو حضرات ساتھ جا رہے ہیں ان کی بہت بڑی اور بہت اہم ذمہ داری ہے وہ سب سے پہلے اس بات کا مکمل اطمینان حاصل کرلیں کہ جماعت تبلیغ میں بھیجی جانے والی یہ خواتین کس نوع کی ہیں، آج تک کے ان کے طرز عمل اور رویہ سے اس بات کا اطمینان ہو کہ یہ عورتیں اس سلسلہ میں جو خاص اصول وشرائط تجویز کیے گئے ہیں ان کی مکمل پابندی کریں گی تو بھیجنے کی اجازت و گنجائش ہے، رہا شب میں بسا اوقات شوہروں یا محرموں کا ان خواتین سے الگ رات گزارنا تو یہ عدمِ جواز کی وجہ نہیں بن سکتا، اس لیے کہ اس سلسلہ میں وضع کیے گئے اصول و شرائط کی بنیاد پر ان عورتوں کو ایسی جگہوں پر ہی رکھا جاتا ہے جہاں ان کی عفت وعصمت کی حفاظت وغیرہ کا مکمل اطمینان حاصل ہوتا ہے۔

اخیر میں حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ کی تحریر جو بذاتِ خود مستورات کی تبلیغی جماعت کے ساتھ شرکت فرما کر لکھی ہے پیش کی جاتی ہے۔ (حضرت مولانا کا فتویٰ ذکر فرمایا ہے جو پہلے گزر چکا ہے)

(اس فتوے پر جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین ڈابھیل کے نائب مفتی، حضرت مفتی عباس داؤد بسم اللہ صاحب کے دستخط بھی موجود ہیں۔ (محمود الفتاویٰ: ۳/ ۲۱۲)۔

## ☆ حضرت مفتی شبیر احمد قاسمی صاحب کا فتویٰ:

(مفتی جامعہ قاسمیہ شاہی مراد آباد)

مفتی شبیر احمد قاسمی صاحب نے ۱۲/ محرم الحرام ۱۴۱۵ھ میں ایک فتویٰ تحریر

فرمایا تھا جس میں مستورات کی جماعت کو کارِ خیر اور باعثِ اجر وثواب قرار دیا تھا، اس فتویٰ پر حضرت مولانا مفتی سلمان منصوری صاحب کے دستخط بھی موجود ہیں۔

## ☆ حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ کی رائے:

(سابق مہتمم دارالعلوم دیوبند)

قاری محمد طیب صاحبؒ کی رائے بھی مستورات کی جماعت کے متعلق جواز کی تھی، چنانچہ انہوں نے اس بارے میں ایک تحریری خط لکھا تھا جس کا تذکرہ حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ نے اپنے فتاویٰ ''آپ کے مسائل اوران کا حل'' (۱۸۷/۸) میں فرمایا ہے۔

## ☆ حضرت مفتی ابراہیم صالح جی صاحب کے مفصل انگریزی فتوے کا خلاصہ:

مفتی ابراہیم صاحب خواتین کے دعوت وتبلیغ کے لیے سفر کرنے کے جواز کے قائل ہیں، اس سے متعلق انگریزی میں مفصل فتویٰ تحریر فرمایا ہے، اس کا خلاصہ کچھ توضیح کے ساتھ پیش خدمت ہے:

دورِ نبوی میں خواتین دو قسم کی ضروریات کی وجہ سے گھر سے باہر جایا کرتی تھیں:

(۱) وہ ضرورت جو زمان ومکان کے ساتھ مخصوص تھی، جیسے نماز باجماعت ادا کرنے کی غرض سے مسجدِ نبوی میں حاضری، جس سے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھنے کا شرف حاصل کرتی تھیں، نیز چونکہ نزولِ وحی کا سلسلہ بھی جاری تھا بنابریں نئے احکامات حاصل کرنا اوران پر عمل کرنا بھی مسجدِ نبوی میں جانے کے مقاصد میں شامل



تھا، اور یہ دینی غرض مسجدِ نبوی کے ساتھ وابستہ تھی جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے ساتھ مخصوص تھی، بعد میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فتنۂ فساد کی وجہ سے یہ سلسلہ بند فرمادیا۔

(۲) دوسری وہ ضرورت تھی جو کسی زمان ومکان کے ساتھ مخصوص نہیں تھی بلکہ ہر وقت ہر زمانہ میں عورتوں کو پیش آنے والی تھی، جیسے والدین کی زیارت، میت کو غسل وکفن، میت کے اہل خانہ کی تعزیت، مریض کی عیادت، حج وعمرہ وغیرہ کی غرض سے نکلنا۔

چونکہ زمانہ نبوی میں افشائے شر کے وسائل نہ ہونے کی وجہ سے خوفِ فتنہ کا اندیشہ نہیں تھا، بایں وجہ مسجد جانا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز باجماعت ادا کرنا پرامن اور ہر قسم کے خطرہ سے خالی تھا۔ لیکن جیسے زمانہ نبوی سے دوری ہوتی گئی، عریانی اور فحاشی کا سیلاب بہتا گیا، افشائے شر کے وسائل بکثرت پھیل گئے، نیز عورتوں کے فیشن میں دن بدن ترقی ہوتی گئی، اور مسجد جانا پرازفتن ہوگیا، ایسے دور میں مسجد جانا ممنوع قرار دیا گیا۔

اسی کی ترجمانی کرتے ہوئے ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اِس زمانہ کی عورتوں کو دیکھ لیتے کہ کیا کیا نئے فیشن ایجاد کردئے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ضرور عورتوں کو مسجد جانے سے منع فرمادیتے۔

یادرہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا زمانہ قرنِ نبوت سے بہت قریب تھا، ہم موجودہ دور کے بارے میں اگر یہ کہیں کہ زمانہ جاہلیت پلٹ کرآرہا ہے تو خلافِ

صواب نہ ہوگا، ایسے پرفتن دور میں مسجد جانے کی اجازت قطعاً نہیں دی جاسکتی۔

ہاں جہاں تک دوسری قسم کی ضرورت کا تعلق ہے تو وہ ہر زمانہ میں موجود ہے اور ہر خاتون اس کی محتاج ہے اس سے منع کرنا مشقت اور حرج سے خالی نہیں، بایں وجہ علماء نے بہ چند شرائط اس کی اجازت دی ہے، ان شرائط کی پابندی کرتے ہوئے جب خوفِ فتنہ بھی نہ ہو تو نکلنے کی اجازت ہوگی، شرائط میں سے چند حسبِ ذیل ہیں:

(۱) پرکشش حالت میں نہ ہو۔

(۲) پورا جسم مستور ہو جسم کا کوئی حصہ نظر نہ آئے۔

(۳) معطر اور خوشبودار نہ ہو۔

(۴) باہر اجنبیوں کے ساتھ اختلاط نہ ہو۔

(۵) شرعی محرم کے ساتھ نکلے۔

## اصلاحِ خواتین کا طریقہ:

### عورتوں کی تعلیم:

عورتوں کی تعلیم کا سب سے افضل اور بہتر طریقہ یہ ہے کہ گھروں میں اس کا انتظام کیا جائے۔ دورِ نبوی میں یہی طریقہ مروج تھا۔ لیکن عصر حاضر میں عورتیں اسلامی تہذیب اور دینی تدین سے بالکل ہی عاری ہوچکی ہیں۔ کھلم کھلا بازاروں میں گھومتی ہیں، دفاتر اور دکانوں پر جلوہ افروز ہوتی ہیں، سیر وسیاحت کے لیے نکلتی ہیں، اسکول اور یونیورسٹی میں جاتی ہیں، مردوں کے ساتھ اختلاط عام ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

مذکورہ بالا حالات کو مدِنظر رکھتے ہوئے اس بات کی ضرورت محسوس ہوئی کہ



عورتوں کے لئے حدودِ شریعت میں رہتے ہوئے کوئی ایسا طریقہ اختیار کیا جائے جس کی وجہ سے عورتیں دوبارہ راہِ سنت پر گامزن ہوکر اپنے گھروں کی زینت بن جائیں۔

چنانچہ علماء نے اس کے لئے دو طریقے تجویز کئے ہیں:

(۱) مدارس اور (۲) تبلیغی جماعت۔

### تبلیغی جماعت:

تبلیغی جماعت کا مقصد یہ ہے کہ پورا دین پوری امت میں دوبارہ عملی طور پر زندہ ہوجائے اور خواتین میں دینی ذمہ داریوں کا احساس پیدا ہو اور دینی جذبہ ان کے قلوب میں موجزن ہو، اس مقصد کے حصول کے لیے حضراتِ اکابرؒ نے تبلیغی جماعت کا ایک نظام مرتب فرمایا جس کی غرض وغایت یہی ہے کہ عورتیں دوبارہ گھروں کی زینت بن جائیں، اور بے حیائی وعریانی کا سدِباب ہو۔

چونکہ امتِ مسلمہ کا ایمان اتنا کمزور ہوچکا ہے کہ اگر ان کے ایمان کے بچاؤ کی فکر نہ کی گئی تو آئندہ نسلوں کے ایمان سے ہاتھ دھو لینے کا خطرہ ہے، بایں وجہ حضرات اکابرؒ نے أهون البليتين کے مطمحِ نظر عورتوں کو دینی تعلیم اور تبلیغ میں شرکت کی اجازت مرحمت فرمائی ہے، کیونکہ شریعتِ مطہرہ نے عورتوں کو اپنی دنیوی ضروریات کے لیے گھر سے نکلنے کی اجازت دی ہے تو دینی ضروریات کے لیے نکلنا تو بدرجہ اولیٰ جائز ہوگا، اور تبلیغی جماعت میں مستورات کے حصہ لینے سے جو فوائد ونتائج سامنے آئے ہیں ان کو بیان کرنے سے زبان قاصر ہے، معاشرے کے معاشرے بدل گئے، عورتیں مغربی تہذیب کو خیرآباد کہہ کر اسلامی تہذیب کی گرویدہ وعاشق ہوگئیں، بے حیائی کا مظاہرہ

کرنے والیاں گھروں میں تعلیمی حلقوں میں مشغول ہوگئیں، بچوں کو دارالعلوم میں بھیج دیا، جس کی بدولت حفاظ وعلماء تیار ہونے لگے۔ وغیرہ وغیرہ۔

الغرض مدارسِ نسواں وتبلیغی جماعت دونوں ہی موثر اور کارگر ثابت ہوئے۔

(ملخص از فتاویٰ اکابر مثلاً حضرت مفتی محمود حسن گنگوہیؒ، ومفتی شفیع صاحبؒ، ومولانا اشرف علی تھانویؒ، ومفتی عبدالرحیم لاجپوریؒ، ومفتی عبدالرشید لدھیانویؒ)۔

**خلاصہ:** ہر مسلمان مرد وعورت پر صحیح عقائد، عبادات، معاشرات، معاملات اور اخلاق کی تعلیم حاصل کرنا فرض ہے۔ پھر جب عورتوں کے لئے ان چیزوں کی تعلیم حاصل کرنا اپنے گھروں میں ممکن نہ ہو یا اس کا صحیح انتظام نہ ہو تو گھر سے باہر نکل کر تعلیم حاصل کرنا ضروری ہے تاکہ عمل کر سکے۔ پس اس دینی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے گھر سے نکلنا جائز ہوگا جیسا کہ دنیوی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے نکلنا جائز ہے۔

تبلیغی جماعت کے اکابر فرماتے ہیں کہ مستورات کی جماعت حقیقت میں ایک چلتا پھرتا مدرسہ اور خانقاہ ہے ان عورتوں کے لئے جو دینی مدارس میں تعلیم حاصل نہیں کرسکتیں اور نہ اس کا انتظام گھروں میں ہوسکتا ہے۔ جس طرح عورتوں کو چند شرائط کے لحاظ کے ساتھ مدارس میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے نکلنے کی اجازت دی گئی ہے اسی طرح انھیں شرائط کی پابندی کرتے ہوئے انکو مستورات کی جماعت میں نکلنے کی بھی اجازت ہوگی۔

مشاہدہ ہے کہ مستورات کی جماعت عورتوں کے اندر دینی جذبات پیدا کرنے میں مدارس کے مقابلہ میں زیادہ مؤثر ہے۔ نیز مستورات کی جماعت میں پردہ وغیرہ کا اہتمام مدارس وغیرہ کے مقابلہ میں زیادہ ہوتا ہے۔



ہمارے بہت سارے اکابر علماء مثلاً: مفتی محمود صاحب رحمۃ اللہ علیہ، مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ، مفتی لاجپوری رحمۃ اللہ علیہ، مفتی شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور مفتی رشید احمد لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ سب نے عورتوں کو تعلیم حاصل کرنے کے لئے گھروں سے نکلنے کی اجازت دی ہے۔ ان علماء نے وقت کی ضرورت کو محسوس کیا۔

مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں یہ منقول ہے کہ وہ عورتوں کو مع محرم تھانہ بھون بیعت کے لئے آنے کی اجازت مرحمت فرماتے تھے۔ مولانا مسیح اللہ رحمۃ اللہ علیہ بعد جمعہ ہفتہ وار مجلس قائم کرتے تھے جس میں عورتیں مع محرم حاضر ہوتی تھیں۔ آج بھی بعض ایسے حضرات موجود ہیں جو اس بات کی گواہی دے سکتے ہیں کہ مولانا یوسف رحمۃ اللہ علیہ کی اجازت سے چند عورتیں جماعت میں نکلتی تھیں۔

ہاں بعض حضرات جو جماعت میں جانے کو منع کرتے ہیں وہ گشت وغیرہ میں جانے کو منع کرتے ہیں ورنہ پردہ کے اہتمام کے ساتھ گھر پر تعلیم وغیرہ کے بارے میں کوئی اختلاف نہیں، اس کو سب تسلیم کرتے ہیں، لہذا درحقیقت یہ ایک لفظی اختلاف ہے، اور اس کا نام تبلیغی جماعت رکھا گیا ہے ورنہ دراصل یہ ایک اصلاحی جماعت ہے جس کا مقصد امت کو اپنی فراموش کردہ ذمہ داریوں کا سبق از سر نو پڑھانا ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

تلخیص از فتویٰ مفتی ابراہیم صاحب صالح جی۔

مفتی مدرسہ تعلیم الدین اسپنگو بیچ ڈربن، جنوبی افریقہ

## مفتی صاحب کا اصل انگریزی فتویٰ ملاحظہ فرمائیں:

Girls Madrasahs & Mastooraat Jamaat

Submitted by admin on Tue, 2012-12-04 08:13

Q: What is the status of women going out in masatooraat jamaat and girls attending girls' madrasahs?

A: Before addressing the issue in question, it is vital that we understand certain important aspects relating to the topic in order that the issue be understood in its proper perspective. Apart from the general laws of Shariah which relate to both men and women, there are laws and injunctions that are exclusive to men as there are laws and injunctions that are exclusive to women. These laws and injunctions have been prescribed by Shariah subject to the temperament and nature of both males and females respectively.

As far as men are concerned, they are charged with the responsibility of earning and supporting their families, fulfilling their needs and affording them security and protection. Hence, they are required to venture out of their homes and earn a livelihood. Allah Ta'ala states in the Holy Qur'aan:

**﴿الرجال قوّمون على النساء بما فضل الله بعضهم على بعض وبما أنفقوا من أموالهم﴾** (سورة النساء:٣٤).



"Men are maintainers and protectors of women by virtue of the excellence and superiority Allah has given one over the other and because they support them from their wealth."

As far as women are concerned, they are tasked with the responsibility of serving their husbands, bringing up their children and seeing to the affairs of the home.

**عن أبي هريرة ﷺ قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : إذا صلت المرأة خمسها وصامت شهرها وحصنت فرجها وأطاعت بعلها دخلت من أي أبواب الجنة شاءت.** (رواه ابن حبان في صحيحه، رقم الحديث:٤١٦٣ـ قال الشيخ شعيب الارنؤوط : حديث صحيح).

It is reported from Hadhrat Abu Hurairah (radhiyallahu anhu) that Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam) said, "A woman who performs her five daily salaah, protects her chastity and is obedient to her husband, she will be allowed to enter from any door of Jannah she chooses."

**عن أبي أمامة ﷺ عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه كان يقول: ما استفاد المؤمن بعد تقوى الله خيراً له من زوجة صالحة ، إن أمرها أطاعته ، وإن نظر إليها سرته ، وإن أقسم عليها أبرته ، وإن غاب عنها نصحته في نفسها وماله .** (رواه ابن ماجه ،رقم : ١٨٥٧،بسندضعيف).

It is reported from Hadhrat Abu Umaamah (radhiyallahu anhu) that Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam) said, "After acquiring taqwa (the fear of Allah Ta'ala), there is no bounty that one could acquire greater than a pious wife. If her husband commands her, she obeys him. Whenever he looks at her, she pleases him. If he takes

an oath regarding any matter, she helps him fulfil it. If he is absent, she fulfils her rights towards him in protecting her chastity and looking after his wealth and belongings."

It is recorded in the Mubaarak Hadith that Hadhrat Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam) instructed Hadhrat Faatimah (radhiyallahu anha) (at the time of her nikaah with Hadhrat Ali (radhiyallahu anhu)) to fulfil the responsibilities within the home and instructed Hadhrat Ali (radhiyallahu anhu) to fulfil the responsibilities out of the home.[1] (Raddul Muhtaar 6/62)

As far as men are concerned, the Hadith instructs them to perform their salaah in the musjid and prohibits them from performing salaah at home without a valid reason.

**عن عبد الله بن مسعود ﷺ قال: حافظوا على هؤلاء الصلوات الخمس حيث ينادى بهن فإنهن من سنن الهدى وإن الله شرع لنبيه صلى الله عليه وسلم سنن الهدى ولقد رأيتنا وما يختلف عنها إلا منافق بين النفاق ولقد رأيتنا وإن الرجل ليهادى بين الرجلين حتى يقام فى الصف وما منكم من أحد إلا وله مسجد في بيته ولو صليتم في بيوتكم وتركتم مساجدكم تركتم سنة نبيكم صلى الله عليه و سلم ولو تركتم سنة نبيكم صلى الله عليه وسلم لكفرتم.** (رواه ابوداود، رقم: ٥٥٠، بسند صحيح).

It is reported by Hadhrat Abdullah bin Mas'ood (radhiyallahu anhu) that Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam) said, "Guard your five daily salaah through performing it at a place where the Azaan is called out i.e. the musjid. Verily performing these salaah in the musjid are from the Sunan-e-Huda (i.e. the prescribed actions of



Deen). Allah Ta'ala has prescribed for His Nabi (sallallahu alaihi wasallam) such practices which are complete guidance for you. During the lifetime of Nabi (sallallahu alaihi wasallam) no one would miss salaah with jama'at except an open munaafiq, to such an extent that a sick person would be taken to the musjid while being supported on the shoulders of two men. Each one of you has a specified place in his home reserved for performing nafl salaah. However, if you begin performing your fardh salaah at home and leave attending the congregational prayer in the musjid then you will be discarding the emphasized Sunnah of Nabi (sallallahu alaihi wasallam) and no sooner do you forsake his Sunnah, you will certainly go astray."

On the converse, women are exhorted and encouraged to perform their salaah within the confines of their homes.

**عن عبد الله ﷺ عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: صلاة المرأة فى بيتها أفضل من صلاتها في حجرتها وصلاتها في مخدعها أفضل من صلاتها في بيتها.**

(رواه ابوداود،رقم: ٥٧٠، بسند صحيح ).

It is reported from Hadhrat Abdullah bin Ma'sood (radhiyallahu anhu) that Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam) said "The salaah of a woman in her bedroom is more rewarding than her salaah in her courtyard of the house and the salaah she performs in the inner most portion of the bedroom (i.e. a small room within the bedroom) is greater and more rewarding than her salaah in her bedroom." [2]

**عن عبد الله بن سويد الأنصاري عن عمته أم حميد رضي الله تعالى عنها**

**أنها جاء ت النبي صلى اللّٰه عليه وسلم فقالت: يا رسول اللّٰه، إني أحب الصلاة معک، قال: قد علمت أنک تحبين الصلاة معي، وصلاتک في بيتک خيرٌ لک من صلاتک في حجرتک، وصلاتک في حجرتک خيرٌ من صلاتک في دارک، وصلاتک في دارک خيرٌ لک من صلاتک في مسجد قومک، وصلاتک في مسجد قومک خيرٌ لک من صلاتک في مسجدى، قال: فأمرت فبني لها مسجد في أقصى شيء من بيتها وأظلمه، فكانت تصلّى فيه حتٰى لقيت اللّٰه جل وعلا.**" (مسند أحمد رقم: ٢٧٨٤٩ ، وصحيح ابن حبان ٢٢١٧، وقال الهيثمي فى المجمع ٢/٣٤ : رجاله رجال الصحيح غير عبد اللّٰه بن سويد الأنصارى ووثقه ابن حبان).

Hadhrat Ummu Humaid (Radhiallahu Anha), the wife of Abu Humaid As-Saa'idi (Radhiallahu Anhu) once came to Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam) and said, "O Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam), I long to perform salaah behind you." Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam) replied, "I am aware that you long to perform salaah behind me, however your salaah in your bedroom is more rewarding than your salaah in any other part of your home. The salaah in any other part of your home is more rewarding than the salaah in your courtyard. The salaah in your courtyard is more rewarding than the salaah in the musjid of your locality. The salaah in the musjid of your locality is more rewarding than your salaah in my musjid (i.e. Musjid Nabawi). Hadhrat Ummu Humaid (Radhiallahu Anha) (in compliance with the mubaarak desire of Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam)) instructed that a small place be reserved for her salaah in the innermost and darkest portion of her bedroom, and she would devotedly perform all her



salaah here until the end of her life.

From the above we understand that the laws of Shariah are in conformance to the nature and function of the respective genders. When we have understood that the position of each one varies from the other, we will easily be able to comprehend that each one is required to fulfil what is expected from him/her. If one imitates and emulates the other, then apart from it opposing the divine command of Allah Ta'ala, it goes contrary to the divine system that Allah Ta'ala designed for both (male and female) and hence disrupts the administration of worldly affairs, thereby creating havoc and chaos on the earth. This is clearly understood from the following Hadith:

**عن ابن عباس ﷺ قال: لعن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم المتشبهين من الرجال بالنساء والمتشبهات من النساء بالرجال. رواه البخارى وأبوداود والترمذى والنسائى وابن ماجه والطبرانى ، وعنده : أن امرأة مرت على رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم متقلدة قوساً فقال النبي صلى اللّٰه عليه وسلم : لعن اللّٰه المتشبهات من النساء بالرجال والمتشبهين من الرجال بالنساء .** (الترغيب والترهيب:٣١٣٩).

It is reported from Hadhrat ibn Abbaas (radhiyallahu anhuma) that Nabi (sallallahu alaihi wasallam) had cursed those men that emulate women and those women that emulate men in their ways. It is reported that on one occasion a woman passed by Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam) carrying a bow around her neck (in the spirit to emulate the soldiers of Deen). Rasulullah (sallallahu alaihi

wasallam) observing this scene, said "May Allah's curse fall on those men that emulate women and those women that emulate men in their ways."

The command of Shariah exclusive to women

The command of Shariah exclusive to women is that they should remain within the confines of the home and that they should not leave the home except at the time of need. There are many injunctions recorded in the Qur'aan and Ahaadith of Nabi (sallallahu alaihi wasallam) which explicitly instruct women to remain within their homes. A few are listed below:

Allah Ta'ala states in the Holy Qur'aan:

**﴿وقرن فى بيوتكن ولاتبرجن تبرج الجاهلية الأولى﴾**(سورة الاحزاب:٣٣).

"Remain in your homes and do not exit from your homes displaying your beauty in the manner it used to be displayed in the former times of ignorance."

**عن أبي عمرو الشيباني أنه رأى عبد الله يخرج النساء من المسجد يوم الجمعة ويقول: اخرجن إلى بيوتكن خيرلكن .** (رواه الطبراني فى الكبير ، رقم ٩٤٧٥، قال الهيثمي :ورجاله موثقون ).

It is reported from Abu Amr As-Shaybaani that he had seen Hadhrat Abdullah bin Mas'ood (radhiyallahu anhu) remove the women from the musjid on the day of Jumu'ah while instructing them in the following manner, "O women! Return to your homes for indeed remaining within your homes is better for you."



**عن أبي هريرة ﷺ أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لنسائه عام حجة الوداع : هذه ثم ظهور الحصر قال: فكن كلهن يحججن إلا زينب بنت جحش وسودة بنت زمعة وكانتا تقولان والله لا تحركنا دابة بعد أن سمعنا ذلك من رسول الله صلى الله عليه وسلم .** (اخرجه احمد فى مسنده، رقم: ٢٦٧٥١. قال الشيخ شعيب : اسناده حسن).

It is reported from Hadhrat Abu Hurairah (radhiyallahu anhu) that Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam) while addressing his Mubarak wives on the occasion of Hajjatul Wadaa said: "After this (the rites of Hajj) remain in your homes (i.e. do not leave your homes without a valid need)." Hadhrat Abu Hurairah (radhiyallahu anhu) mentions that it was on account of this statement of Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam) that Hadhrat Zainab binte Jahsh and Saudah (radhiyallahu anhuma) never left their homes for even nafl Hajj (though the other Azwaaj-e-Mutahharaat performed nafl Hajj). Hadhrat Zainab and Saudah (radhiyallahu anhuma) would say: "After hearing this from Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam), we never mounted a conveyance thereafter."

**عن عبد الله عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: إن المرأة عورة فإذا خرجت استشرفها الشيطان ، وأقرب ما تكون من وجه ربها ، وهي في قعر بيتها .**

(مسند البزار، رقم: ١٨٢٠).

It is reported from Abdullah bin Mas'ood (radhiyallahu anhu) that Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam) said that a woman should be concealed (from the eyes of strange men). When she exits from her home Shaitaan stares at her. The time that she is closest to

her Lord is when she is concealed within her home.

**عن أنس رضي الله عنه قال: جئن النساء إلى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم فقلن : يا رسول اللّٰه ذهب الرجال بالفضل والجهاد فى سبيل اللّٰه فما لنا عمل ندرک به عمل المجاهدين في سبيل اللّٰه فقال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: من قعد أو كلمة نحوها منكن في بيتها فإنها تدرک عمل المجاهدين في سبيل اللّٰه .** (رواه البزارفى مسنده، رقم : ٦٩٦٢،قال الهيثمى : فيه روح المسيب وثقه ابن معين والزار وضعفه ابن حبان وابن عدى ).

It is reported from Hadhrat Anas (radhiyallahu anhu) that a group of women came to Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam) with the following complaint, they said, "O Messenger of Allah, the men have excelled the women through the abundant virtues that they acquire (in your company) and through striving in the path of Allah in jihad. Could you show us a means whereby we could receive the same rewards of those fighting in the path of Allah? Nabi (sallallahu alaihi wasallam) responded saying, "Those among you who remain within the confines of the home (worshipping Allah Ta'ala), they will acquire the reward of those striving in the path of Allah Ta'ala."

Nevertheless, permission has been granted to women to leave their homes at the time of need, [3] as was mentioned by Rasulullah (sallallahu alaihi wasallam) to Hadhrat Saudah (radhiyallahu anha):

**قد أذن لكن أن تخرجن لحاجتكن .** (صحيح مسلم ، رقم : ٢١٢٠).

"Permission has been granted to you to leave your homes at the time of need."



**قال الإمام الترمذيؒ في الشمائل: حدثنا محمد بن إسماعيل ... عن عمرة قالت: قيل لعائشةؓ ماذا كان يعمل رسول الله صلى الله عليه**

**وسلم في بيته قالت: كان بشراً من البشريفلي ثوبه ويحلب شاته ويخدم نفسه** . (الشمائل ،ص۲۳، ط: فیصل).

مذکورہ بالاترجمۃ الباب اوراحادیث کاخلاصہ یہ ہے کہ حاجت سے مرادگھریلوکام کاج ہے جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں اپنے گھریلوکام کاج میں مشغول ہوجاتے تھے۔اورحدیث میں آتا ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نےعورتوں کواپنے گھریلوکام کاج کے لیے گھرسے باہرنکلنے کی اجازت مرحمت فرمائی ہے۔ملاحظہ ہو بخاری شریف میں ہے:

**عـن عـائشـة رضـى اللّٰه تعالیٰ عنها عن النبی صلی اللّٰه علیه وسلم قـال: قـد أذن لكن أن تخرجن في حاجتكن** . (رواه البخاری: ۱/۲٦/۱٤۷،ط: فیصل).

اس حدیث شریف میں لفظ’’حاجت‘‘امام بخاریؒ اورعلامہ آلوسی کی تشریح اور کتبِ لغت کی روشنی میں عام ہے جوحاجتِ طبعیہ اورحاجتِ عرفیہ(گھریلوکام کاج) دونوں کوشامل ہے۔

اس معنی کی تائیدمیں ابن بطال کی شرح ملاحظہ فرمایئے:

**قـال الشیخ ابن بطالؒ : فی هذا الحديث دليل على جواز خروج الـنسـاء لكل ما أبيح لهن الخروج فيه من زيارة الآباء والأمهات وذوی الأرحـام والـقـرابـات ، وغير ذلک مما بهن الحاجة إليه** . (شرح صحیح البخاری لابن بطال :۷/۳٦٤،ط:مکتبة الرشد،وعمدة القاری ،فتح الباری ).

**اعتراض(۲):** عورت کودعوت،خلافت اورامامت سےمستثنیٰ رکھاگیاہے۔



**الجواب:** اس کا جواب یہ ہے کہ خلافت کے بارے میں تو یہ حدیث نظر سے گزری ہے:’’**لن يفلح قوم ولوا أمرهم امرأة.**‘‘(ترجمہ:وہ قوم ہرگزکامیاب نہیں ہوسکتی جوکسی عورت کواپناسربراہ بنائیں)۔(البخاري برقم: ٤٤٢٥، باب کتاب النبيّ إلى كسـرى) اس کےساتھ دعوت وتبلیغ کےالفاظ نہیں۔امامت کے بارے میں ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی موقوف روایت ’’**أخـروهن من حيث اخرهن اللّٰه**‘‘. (مصنف عبد الرزاق برقم:٥١١٥ باب شهود النساء الجماعة ) (ترجمہ:ان کوپیچھےرکھوجس طرح اللہ تعالیٰ نےانکوپیچھےرکھاہے)نظرسےگزری،اسمیں’’**ولايسافـرن معـكم للدعوة والتبليغ**‘‘ کہیں نہیں دیکھا۔

**اعتراض(۳):** حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نےفرمایا:’’**لو أدرک رسـول الـلّٰـه صـلـى اللّٰه عليه وسلَّم ما أحدث النساء لمنعهن المسجد كما منعت نساء بني إسرائيل، قلت لعمرة: أو منعن، قالت: نعم**‘‘.

(البخاري رقم: ۸۳۱ باب خروج النساء إلى المساجد بالليل)

ترجمہ:حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ اگرآپ صلی اللہ علیہ وسلم اس زمانہ کی عورتوں کاحال دیکھتے توان کومساجد میں حاضر ہونے سے روکتے جس طرح بنی اسرائیل کی عورتوں کوروکاگیا،راوی نے حضرت عمرہ سے پوچھا کہ کیا بنی اسرائیل کی عورتوں کوروکاگیاتھاتوحضرت عمرہ نےفرمایاجی ہاں۔

حضرت عمررضی اللہ عنہ کی خلافت میں عورتوں کومسجد سے روکاگیاتھا،یہ فتنوں کا دورہےتوجب عورتوں کوفرض نماز سے روکاگیاتوتبلیغ جوامرمستحب ہےاس سے بدرجہ

اولیٰ منع کیا جائیگا۔

**الجواب:** مسجد سے روکنے کی وجہ یہ تھی کہ ان کے لیے بہترین مسجد ان کا گھر ہے، اور روایت میں فتنہ کا ذکر بھی آیا ہے، تو انکو مساجد سے روکنے میں یہ مصلحت تھی۔

## عورتوں کے گھر میں نماز پڑھنے کی فضیلت:

**" قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم: خیر مساجد النساء قعر بیوتهن "**. (مسند أحمد برقم: ۲۷۳۰۱).

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ عورتوں کے لئے بہترین مساجد ان کے گھر کا سب سے پوشیدہ کمرہ ہے۔

**" قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم: صلاة المرأة وحدها تفضل علی صلاتها فی الجمع بخمس وعشرین درجة "**. (الجامع الصغیر رقم: ۵۰۹۲، دار الفکر، وقال السیوطي: حدیث صحیح).

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ عورت کی تنہا نماز جماعت کی نماز سے ۲۵ گناہ زیادہ ثواب رکھتی ہے۔

اور ام حمید رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے واقعہ میں مذکور ہے:

**" عن أم حمید رضي اللّٰه تعالی عنها أنها جاء ت النبي صلی اللّٰه علیه وسلم فقالت: یا رسول اللّٰه، إني أحب الصلاة معک، قال: قد علمت أنک تحبین الصلاة معي، وصلاتک في بیتک خیرٌ لک من صلاتک في حجرتک، وصلاتک في حجرتک خیرٌ من صلاتک**



**في دارک، وصلاتک في دارک خیرٌ لک من صلاتک في مسجد قومک، وصلاتک في مسجد قومک خیرٌ لک من صلاتک في مسجدی، قال: فأمرت فبني لها مسجد في أقصی شيء من بیتها وأظلمه، فکانت تصلّي فیه حتٰی لقیت اللّٰه عز وجل."** (مسند أحمد رقم: ۲۷۸۴۹، وقال الهیثمي فی المجمع ۲/۳۴: رجاله رجال الصحیح غیر عبد اللّٰه بن سوید الأنصاری ووثقه ابن حبان).

ترجمہ: حضرت ام حمید رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول میں آپ کے ساتھ مسجد میں نماز پڑھنا پسند کرتی ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھے معلوم ہے کہ آپ میرے ساتھ نماز پڑھنا پسند کرتی ہیں، لیکن آپ کے لئے اپنے کمرہ میں نماز آپ کے گھر میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے، اور گھر میں نماز گھر کے احاطہ وصحن میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے، اور گھر کے احاطہ وصحن میں نماز قوم کی مسجد میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے، اور قوم کی مسجد میں نماز پڑھنا میری مسجد میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے، حضرت ام حمید رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اس کے بعد اپنے گھر کے سب سے اندھیرے کمرے میں مصلیٰ بنایا اور اسی میں موت تک نماز پڑھتی رہی۔

ہاں جب فتنہ نہیں تھا تو بعض مصالح کی وجہ سے عورتیں مسجد جاتی تھیں، پھر بعد میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے منع کرنے کی تمنا فرمائی، لیکن دعوت وتبلیغ کیلئے جانے میں مصلحت ہے، منع کرنے میں مصلحت نہیں۔

## عورتوں کے لیے بوقتِ ضرورت گھر سے نکلنے کا ثبوت

## احادیث کی روشنی میں:

کسی اور کے گھر عورتوں کا جانا احادیث سے ثابت ہے، اور دعوت وتبلیغ میں عورتیں گھروں میں جاتی ہیں۔

### (۱) تعزیت کے لیے گھر سے نکلنے کا ثبوت:

میت کے گھر تعزیت کے لئے عورتوں کے جمع ہونے کا ذکر احادیث میں موجود ہے۔

**”عن عبد اللّٰه بن عمرو بن العاص رضي اللّٰه تعالى عنه قال: قبرنا مع رسول اللّٰه صلّى اللّٰه عليه وسلّم يعني ميتاً، فلما فرغنا، انصرف النبي صلى اللّٰه عليه وسلم وانصرفنا معه، فلما حاذى بابه وقف، فإذا نحن بامرأة مقبلة، قال: أظنه عرفه، فلما ذهبت إذا هي فاطمة رضى اللّٰه تعالى عنها، فقال لها رسول اللّٰه صلّى اللّٰه عليه وسلم: ما أخرجك يا فاطمة من بيتك؟ قالت: أتيت يا رسول اللّٰه أهل هذا البيت، فرحمت إليهم ميتهم أو عزيتهم به“.** (أبو داود رقم:۳۱۲۳ باب في التعزية)

ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کسی میت کو دفن کرنے سے فارغ ہو کر واپس ہوئے، جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر کے دروازہ کے پاس پہونچے تو



ہم نے ایک عورت کو آتے ہوئے دیکھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو پہچان لیا اور دریافت کیا کہ کس ضرورت نے آپکو گھر سے نکالا تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول میت کے گھر والوں کی تعزیت کے لئے نکلی تھی۔

نیز جو رشتہ دار عورتیں میت کے گھر جمع ہو جاتیں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا ان کے لئے تلبینہ یعنی دلیا بناتی تھیں۔

**”عن عائشة رضي اللّٰه تعالى عنها زوج النبيّ صلّى اللّٰه عليه وسلّم أنها كانت إذا مات الميت من أهلها، فاجتمع لذلك النساء ثم تفرقن إلا أهلها وخاصتها، أمرت ببرمة من تلبينة، فطبخت، ثم صنع ثريد فصبت التلبينة عليها ثم قالت: كلن منها فإني سمعت رسول اللّٰه صلّى اللّٰه عليه وسلّم يقول: التلبينة مجمة لفؤاد المريض تذهب ببعض الحزن.“** (البخاری رقم:۵٤۱۷ باب التلبينة).

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے مروی ہے کہ جب ان کی برادری میں کوئی میت ہو جاتی تھی اور عورتیں جمع ہو جاتی تھیں پھر جب عام عورتیں چلی جاتی تھیں اور صرف گھر کی عورتیں اور خاص عورتیں رہ جاتی تھیں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا تلبینہ پکواتی تھیں اور اسمیں روٹی توڑ کر ثرید بنایا جاتا تھا پھر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی تھیں کہ کھاؤ، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ یہ مریض کے دل کو سکون اور راحت پہنچاتا ہے اور غم کو ہلکا کرتا ہے۔

### (۲) شادی میں شرکت کی غرض سے گھر سے نکلنے کا ثبوت:

بخاری شریف میں ہے کہ عورتیں اور بچے شادی سے آ رہے تھے تو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہوکر ان سے فرمایا کے تم (انصار) مجھ کو سب سے زیادہ محبوب ہو۔

”عن أنس بن مالك رضي اللّٰه تعالى عنه قال: أبصر النبي صلى اللّٰه عليه وسلّم نساءً وصبيانًا مقبلين من عرس، فقام ممتنا، فقال: أللّٰهم أنتم من أحب الناس إليّ“. (البخاري رقم: ٥١٨٠، باب ذهاب النساء والصبيان إلى العرس).

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انصاری عورتوں اور بچوں کو شادی کی تقریب سے آتے ہوئے دیکھا، تو خوشی میں کھڑے ہوکر ارشاد فرمایا تم (انصار) مجھے سب سے زیادہ محبوب ہو۔

## (۳) قضائے حاجت ودیگر گھریلو کام کاج کے لیے گھر سے نکلنے کی اجازت:

بلکہ قضائے حاجت کے لئے مصانع (جو عورتوں کی قضائے حاجت کی مخصوص جگہ تھی) میں جانے کی اجازت کا ذکر احادیث میں صراحۃً موجود ہے۔

”قال النبي صلى اللّٰه عليه وسلم: قد أذن لكن أن تخرجن في حاجتكن“. (البخاري رقم:١٤٧ باب خروج النساء إلى البراز)

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم کو اپنی حاجت کے لئے نکلنے کی اجازت ہے۔



## (۴) حج، عمرہ اور جہاد کے اسفار میں جانے کا ثبوت:

اسی طرح عمرہ اور جہاد کے اسفار میں ازواج مطہرات کے ساتھ جانے کی روایات سے تو کتبِ احادیث بھری پڑی ہیں۔

**عن عائشة رضي اللّٰه تعالى عنها قالت: كان رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم إذا أراد أن يخرج سفرا أقرع بين أزواجه فأيتهن خرج سهمها خرج بها معه. فأقرع بيننا في غزاة غزاها. فخرج سهمي فخرجت معه بعد ما أنزل الحجاب.** (البحاري رقم: ٢٦٦١ باب تعديل النساء)

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کا ارادہ فرماتے تو ازواج مطہرات کے درمیان قرعہ ڈالتے اور جس کے حق میں قرعہ نکلتا وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رفیقِ سفر ہوتیں۔ چنانچہ ایک غزوہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرعہ ڈالا تو میرے نام کا قرعہ نکلا تو میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس سفر میں نکلی۔

**اعتراض (۴):** ہمارے علماء اور فقہاء نے لکھا ہے کہ عورت کو وعظ کی مجلس میں شرکت کی اجازت نہیں، مثلاً: علامہ شامی، علامہ ابن نجیم، علامہ عینی اور مولانا خلیل احمد سہارنپوری بحوالہ شرح نقایہ لمولوی الیاس، رحمہم اللہ تعالیٰ وغیرہ لکھتے ہیں کہ جس طرح عورتوں کو مسجد میں نماز باجماعت کے لئے حاضر ہونے سے روکا گیا ہے اسی طرح انکو وعظ کی مجلس میں شرکت سے بھی روکا جائے گا۔

چنانچہ شرح نقایہ میں مرقوم ہے:

**والفتوى اليوم على كراهة حضورهن في كل الصلوات لظهور الفساد، ومتى كره حضور المسجد للصلاة لأن يكره مجالس الوعظ خصوصاً عند هؤلاء الجهال الذين تحلوا بحلية العلماء أولى، هكذا قال المشايخ، ولو شاهدوا ما شهدنا من حضورهن بين مجالس وعاظ زماننا متبرجات بزينتهن لأنكروا كل الإنكار رحم الله تعالى معاشر الأبرار.** (شرح النقاية للمولوى إلياس على هامش شرح النقاية للملا علي القاري: ۱/۱۹۵، ايچ ايم سعيد، وكذا في بذل المجهود: ۳/۴۱۷، دار البشائر الإسلامية، وكذا فى البحر الرائق: ۱/۳۵۸ والبناية: ۲/۴۲۰، ومنحة الخالق بهامش البحر: ۱/۳۵۹).

ترجمہ: فی زمانا فتویٰ اس پر ہے کہ عورتوں کے لئے فتنہ اور فساد کے ظاہر ہونے کی وجہ سے پانچ وقت کی نمازوں کے لئے مسجد میں حاضر ہونا مکروہ ہے، اور جب عورتوں کا مساجد میں جانا مکروہ ہوا تو ان کا مجالس وعظ میں شرکت کرنا خصوصاً ان جہال کی مجالس میں جنہوں نے علماء کا حلیہ اختیار کیا ہے بدرجہ اولیٰ مکروہ ہوگا، مشائخ عظام نے اسی طرح فرمایا ہے اور اگر وہ حضرات اس چیز کا مشاہدہ کرتے جس کا ہم کرتے ہیں کہ عورتیں بناؤ سنگار اور زیب وزینت کے ساتھ نکلتی ہیں تو وہ حضرات اس پر انتہائی سخت نکیر کرتے۔

**الجواب(۱):** اس کا جواب یہ ہے کہ مجالس وعظ ومجالس علم میں عورتوں کی شرکت کے جواز وعدمِ جواز کے بارے میں فقہاء کے دوگروہ ہیں:

(۱) بعض فقہاء نے فرمایا کہ عورتیں اکثر وبیشتر بناؤ سنگار، زیب وزینت اور مزین لباس میں ملبوس ہوکر نکلتی ہیں اور پردہ وغیرہ کا لحاظ نہیں کرتیں اس وجہ سے مجالسِ



وعظ میں ان کی شرکت مکروہ ہے۔ اس قول کو علامہ شامیؒ، علامہ عینیؒ اور علامہ ابن نجیم مصریؒ وغیرہ حضراتِ فقہاء نے بیان فرمایا ہے۔ عبارات مذکور ہوئیں۔

(۲) فقہاء کی دوسری جماعت کا موقف یہ ہے کہ مجالس پند ونصیحت میں خواتین کی شرکت، پردہ کی تمام شرائط وقیودات کی پابندی کے ساتھ درست ہے۔ اس قول کو محقق ابن ہمامؒ، امام فخر الدین قاضیخانؒ، علامہ سید احمد طحطاویؒ، علامہ سید حمویؒ، فتاویٰ ہندیہ، محیط برہانی اور علامہ لکھنویؒ وغیرہ حضرات نے اختیار فرمایا ہے۔ ان میں سر فہرست محقق ابن ہمامؒ فتح القدیر میں تحریر فرماتے ہیں:

**قال: وحيث أبحنا لها الخروج فإنما يباح بشرط عدم الزينة وتغيير الهيئة إلى ما لايكون داعية إلى نظر الرجال والاستمالة قال الله تعالىٰ: ﴿ولا تبرجن تبرج الجاهلية الأولىٰ﴾.** (فتح القدير: ۴/۳۹۹، دارالفكر). (وكذا فى الدرالمختار مع ردالمحتار: ۳/۶۰۴، سعيد).

فتاوی ہندیہ میں ہے:

**ولو أذن لها فى الخروج إلى مجلس الوعظ الخالي عن البدع لا بأس به.** (الفتاوى الهندية: ۱/۵۵۷، دار صادر بيروت).

امام فخر الدین قاضیخان کی عبارت ملاحظہ ہو:

**ويجوز للزوج أن يأذن لها بالخروج ولا يصير عاصيا بالإذن، ومنها الخروج إلى زيارة الوالدين...وكذا إذا كانت تغسل الموتى وإلى مجلس العلم.** (فتاوى قاضيخان على هامش الهندية: ۱/۴۴۳، دارصادربيروت).

**وإذا أرادت المرأة أن تخرج إلى مجلس العلم بغير إذن الزوج**

لم يكن لها ذلك فإن وقعت نازلة فسألت زوجها وهوعالم فأخبرها بذلك ليس لها أن تخرج بغير إذنه وإن كان الزوج جاهلاً وسأل عالماً عن ذلك فكذلك وإن امتنع الزوج عن السوال كان لها أن تخرج بغير إذنه لأن طلب العلم فيما يحتاج إليه فرض على كل مسلم و مسلمة فيقدم على حق الزوج وإن لم يقع لها نازلة وأرادت أن تخرج إلى مجلس العلم لتتعلم مسائل الصلاة و الوضوء فإن كان الزوج يحفظ تلك المسائل ويذكر لها ذلك ليس لها أن تخرج بغير إذنه، فإن كان الزوج لايحفظ المسائل فالأولىٰ له أن يأذن لها بالخروج فإن لم يأذن فلاشيء عليه ولايسع لها أن تخرج بغير إذنه مالم يقع لهانازلة . (فتاویٰ قاضيخان بهامش الفتاوى الهندية: ۱/ ٤٤٣ ،فصل فی حقوق الزوجية).

( وكذافى فتح القدير: ٤/ ۳۹۸ ،دارالفكر ،وغمزعيون البصائرشرح الاشباه والنظائر:۲/ ۱۰۸ ،دارالكتب العلمية ، والبحرالرائق: ٤/ ١٩٥ ،باب النفقة ،المكتبة الماجدية، والفتاوى الهندية:۱/ ۳٤۱ ،والمحيط البرهانی :۳/ ۳٥۰).

محقق ابن ہمامؒ ،قاضیخان اور دیگر فقہاء کی عبارات اور تبلیغی اصول سے معلوم ہوتا ہے کہ شرائط کی پابندی کے ساتھ نکلنا جائز اور درست ہے ۔شرائط و قیودات حسب ذیل ملاحظہ فرمایئے:

اگرخواتین مندرجہ ذیل قیود کی پابندی کریں تو ان کے لیے خروج جائز بلکہ بہتر ہے:

(۱) گھر کے نگران کی اجازت کا ہونا۔

(۲) شرعی پردہ کی پابندی کا خیال رکھنا۔



(۳) مروجہ زیب وزینت سے اجتناب کرنا۔

(۴) راستوں میں چل کر خوشبو نہ لگانا۔

(۵) مردوں اور عورتوں کے اختلاط کا نہ ہونا۔

(۶) عورتوں کے قیام کی جگہ میں پردے کا انتظام ہونا۔

(۷) سفر محرم شرعی کے ساتھ ہونا۔

(۸) کوئی فتنہ برپا نہ ہونا۔

(۹) دین سیکھنے سکھانے کا اہتمام واس کی فکر کرنا۔

(۱۰) جس گھر میں قیام ہو اس گھر کے مردوں کا قیام جماعت کے مردوں کے ساتھ مسجد میں ہونا۔

و فى الطحطاوى على الدر: قال فى البحر: فإذا أرادت أن تخرج إلى مجلس العلم بغير رضى الزوج ليس لها ذلك .الخ . (حاشية الطحطاوي على الدر المختار ۲/ ۲٦۸، باب النفقة،المكتبة العربية).

اوراگرشرائط کی پابندی نہ ہوتو پھرعورتوں کونہیں نکلنا چاہئے جیسے حضرت سہارنپوریؒ نے بحوالہ شرح نقایہ نقل فرمایا:

والفتوىٰ اليوم على الكراهة فى الصلوات كلها لظهور الفساد ومتى كره حضورهن فى المساجد للصلاة فلأن يكره حضورهن في مجالس الوعظ خصوصاً عند هؤلاء الجهال الذين تحلوا بحلية العلماء أولىٰ هكذا قال المشايخ ولو شاهدوا ما شاهدنا من حضورهن بين مجالس وعظ زماننا متبرجات بزينهن لأنكروا كل الإنكار رحم الله

**معاشر الأبرار** . (بذل المجهود: ٤١٧/٣،دارالبشائرالاسلامیة )۔

## دونوں اقوال کے مابین تطبیق:

مذکورہ بالافقہائے کرام کے اقوال کواگر بنظر غائر دیکھا جائے تو درحقیقت کوئی اختلاف نہیں ہے بلکہ فقط اختلافِ لفظی ہے،اس کی وضاحت اس طرح ہے کہ قولِ اول سے مترشح ہوتا ہے کہ بناؤ سنگار،زیب وزینت کے ساتھ نکلنا منع ہے اورقولِ ثانی میں صراحۃً مذکور ہے کہ شرائطِ پردہ کی پابندی کے ساتھ نکلنا جائز ہے۔تو خلاصہ کلام یہ ہوا کہ تمام ائمہ احناف اورفقہائے کرام اس بات پر متفق ہیں کہ بناؤ سنگاراورزیب وزینت کے ساتھ نکلنا جائز نہیں ہے،اورحدودِشریعت کی پابندی کے ساتھ نکلنے کے جواز میں اختلاف نہیں ،خصوصاً مستورات کی جماعت میں پردہ کا اہتمام بہت ہی زیادہ ہوتا ہے اوراختلاط کا قطعاً اندیشہ نہیں ہوتا۔

**جواب:(٢)** دوسری بات قابل غور یہ ہے کہ امام فخرالدین قاضیخان اورمحقق ابن ہمامؒ نے شرائط کی پابندی کے ساتھ اجازت دی ہے اورفقہائے احناف میں ان دونوں کا مرتبہ بہت بلند ہے۔چنانچہ قاضیخان کے بارے میں علامہ شامیؒ فرماتے ہیں:

**لو كان أحدهما أعلم فإنه يختار تصحيحه كما لو كان أحدهما في الخانية والآخر في البزازية مثلاً فإن تصحيح قاضيخان أقوى** . (شرح عقودرسم المفتی ،ص:٣٣)۔

نیز علامہ شامیؒ نے امام فخرالدین قاضیخان کو مجتہد فی المسائل میں شمار کیا ہے۔
چنانچہ فرماتے ہیں: **الثالثة : طبقة المجتهدين في المسائل التي لارواية**



**فيها عن صاحب المذهب كالخصاف...وفخرالدين قاضيخان** ...(شرح عقودرسم المفتی:،ص٤).

علامہ قاسم بن قطلو بغاؒ نے "**التصحيح و الترجيح**" میں امام قاضیخان کی تصحیح کومقدم کیا ہے،چنانچہ فرماتے ہیں:

**وهذا ما تيسر على مختصر القدوري مع زيادات نص على تصحيحها القاضي الإمام فخرالدين قاضيخان في فتاواه ، فإنه من أحق من يعتمد على تصحيحه** . (مقدمة التصحيح والترجيح،ص١٣٤).

علامہ عبدالحی لکھنویؒ نے بھی "**الفوائدالبهيه**" میں ان کا شمار مجتہدین میں فرما کران کے فتاویٰ کو معتمد قراردیا ہے۔چنانچہ تحریرفرماتے ہیں:

**حسن بن منصور بن محمود فخرالدين قاضيخان الأوزجندي الفرغاني كان اماماً كبيراً وبحراعميقاً غواصاً في المعاني الدقيقة مجتهداً فهامةً ...قال الجامع :انتفعت بفتاواه وهي في اربعة اسفار معتمدة عنداجلة الفقهاء حتى قال قاسم بن قطلوبغا في تصحيح القدوري : مايصححه قاضيخان مقدم على تصحيح غيره لانه فقيه النفس** ...(الفوائد البهية في تراجم الحنفية ،ص ٦٤،ط: مكتبه خيركثير).

محقق ابن ہمامؒ کوعلامہ شامیؒ نے مجتہدین میں شمار کیا ہے۔ملاحظہ ہو:

**والكمال صاحب الفتح من أهل الترجيح بل من اهل الاجتهاد** .
(فتاوى الشامي:٦٢١/٣،باب النفقة ، سعيد).

**جواب(٣)** تیسری وجہ یہ ہے کہ جن فقہاء نے مجالس وعظ ومجالس علم میں

خروج کی اجازت مرحمت فرمائی ہے ان حضرات کا قول مؤید بالاحادیث والآثار ہے۔

بہت ساری احادیث وآثار سے پتہ چلتا ہے کہ صحابیات نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مسئلہ دریافت کرنے کے لیے جایا کرتی تھیں۔بطورِ مشتے نمونہ ازخروارے چند ملاحظہ ہوں:

(۱) بخاری شریف کی روایت میں ہے کہ حضرت ام سلیمؓ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تشریف لائیں اورعورت کواحتلام کی وجہ سے غسل کی فرضیت کے بارے میں مسئلہ دریافت کیا۔(بخاری شریف،رقم:۲۸۲،باب اذا احتلمت المرأۃ)۔

(۲) حضرت ہندہؓ حضرت معاویہؓ کی والدہ نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر اپنے اوراپنی اولاد کے اخراجات کے متعلق مسئلہ دریافت کیا۔(بخاری شریف،رقم:۲۲۱۱،باب من اجری امر الامصار علی مایتعارفون بینہم)۔

(۳) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی زوجہ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنے شوہراوراپنی اولادپرصدقہ کرنے سے متعلق مسئلہ دریافت کیا۔(بخاری شریف:۱/۱۹۷،باب الزکاۃ علی الاقارب،ط:فیصل)۔

بنابریں یہ قول استحسان بالآثاروالاحادیث کی وجہ سے قوی ہے،کیونکہ فقہاء کی تحریرات میں اس مسئلہ پرروشنی پڑتی ہے کہ جہاں کوئی فقہی مسئلہ حدیث کے موافق ہوتو اس سے عدول نہیں کرنا چاہئے،یعنی فتویٰ کے لئے اسی روایت کواختیار کرنا چاہئے۔

ملاحظہ ہوشامی ہے:

**قال فی شرح المنیة:ولاینبغی أن یعدل عن الدرایة إذا وافقتهاروایة علی ما تقدم عن فتاوی قاضیخان،ومثله ماذکرفی القنیة**



**من قوله:وقد شدد القاضی الصدرفی شرحه فی تعدیل الأرکان ......والحاصل أن الأصح روایة ودرایة وجوب تعدیل الأرکان وأما القومة والجلسة وتعدیلهما فالمشهورفی المذهب السنیة وروی وجوبهما وهو الموافق للأدلة وعلیه الکمال ومن بعده من المتأخرین وقد علمت قول تلمیذه أنه الصواب.** (شامی:۱/۴۶۴،مطلب لاینبغی ان یعدل عن الدرایة اذا وافقتهاروایة ،سعید)

## چندمثالیں ملاحظہ ہوں:

(۱)تشہد میں مسبحہ سے اشارہ کرنا:

اس مسئلہ میں فقہائے احناف کے دوقول ہیں لیکن راجح اشارہ کرنے کا ہے اس لئے کہ حدیث سے ثابت ہے۔امام محمدؒ فرماتے ہیں:

**أخبرنا مالک أنا مسلم بن أبی مریم عن علی بن عبد الرحمن المعاوی أنه قال:رأنی عبدالله بن عمرو أنا أعبث بالحصی فی الصلاة ، فلماانصرفت نهانی وقال:اصنع کماکان رسول الله ﷺ یصنع،فقلت:کیف کان رسول الله ﷺ یصنع قال:کان رسول الله ﷺ إذا جلس فی الصلاة وضع کفه الیمنی علی فخذه الیمنی وقبض أصابعه کلها وأشاربأصبعه التی تلی الإبهام ووضع کفه الیسری علی فخذه الیسری قال محمدؒ:وبصنیع رسول الله ﷺ نأخذ وهوقول أبی حنیفةؒ** .(مؤطاالامام محمد:ص۱۰۸)

**وقال الشامی رحؒ :وهذا ما اعتمده المتأخرون لثبوته عن النبی ﷺ بالأحادیث الصحیحة ،ولصحة نقله عن الأئمة الثلاثة.** (شامی:۱/۵۰۹، سعید۔وکذافی مراقی الفلاح مع حاشیة الطحطاوی: ص۲۶۹،قدیمی۔ وامداد الفتاح:ص۲۹۹، بیروت)

(۲)ماءِ مشمس سے وضوکرنے میں دوقول ہیں علامہ تمرتاشیؒ اورعلامہ حصکفیؒ نے فرمایابلاکراہت جائز ہے۔لیکن علامہ شامیؒ نے فرمایامعتمدقول کراہت والا ہےاس لئے کہ حدیث وارد ہے۔

شامی میں ہے:

**أقول :وقدمنا فی مندوبات الوضوء عن الإمداد أن منهاأن لایکون بماء مشمس ،وبه صرح فی الحلیة مستدلاً بماصح عن عمر ؓ من النهی عنه،ولذاصرح فی الفتح بکراهته ،ومثله فی البحر.وقال فی معراج الدرایة وفی القنیة:وتکره الطهارة بالمشمس لقوله ﷺ لعائشة رضی اللّٰه تعالیٰ عنها حین سخنت الماء بالمشمس"لاتفعلی یاحمیراء،فإنه یورث البرص"......فقد علمت أن المعتمد الکراهة عندنا لصحة الأثر.** (شامی:۱/۱۸۰،باب المیاه،سعید)

واضح رہے کہ ماءِ مشمس سے وضوکرنے کی ممانعت والی حدیث ضعیف ہےاس پر محدثین نے سخت کلام کیا ہےعلامہ نوویؒ نے فرمایا:

**وهذاالحدیث ضعیف باتفاق المحدثین وقدرواه البیهقی من طرق وبین ضعفها کلها.** (شرح المهذب:۱/۸۷،کتاب الطهارة،دارالفکر)

علامہ لکھنویؒ نے بھی کلام فرمایاہے۔ملاحظہ ہو:



**قلت: الحدیث المذکور لایحتج به،فقد رواه أبونعیم فی الطب عن عائشة رضی اللّٰه تعالیٰ عنها ، وقال:فی إسناده خالد بن إسماعیل لایحتج به.وقال الدارقطنی:متروک،ورواه الدارقطنی من طریق آخرفیها الهیثم بن عدی کذاب. وأخرجه ابن حبان من طریق فیها وهب بن وهب وهو کذاب،وله طرق لاتخلو من کذاب أومجهول.** (فتاوی اللکنوی:ص۶۰،باب مایجوزبه التوضؤ ومالایجوزبه،بیروت).

(۳)نفل کی جماعت مکروہ ہےمگربغیرتداعی کے ہوتومکروہ نہیں ہے،پھر تداعی کی تفسیر میں مختلف اقوال ہیں نیزفقہاء نے یہ لکھاہے کہ ۴آدمی ہوں توبالاتفاق مکروہ ہے۔

لیکن حضرت مولاناظفراحمدتھانویؒ نے اس بات کوترجیح دی ہے کہ اصل چیزلوگوں کواہتمام کے ساتھ بلانا ہے، اگر بلانے کااہتمام نہیں کیا گیااورویسے ہی جمع ہوگئے تو کراہت نہیں ہے، کیوں کہ احادیث اس کے موافق ہیں ۔حضرت عتبان بن مالک ؓ کے گھر صحابہ کرام ؓ نے حضور ﷺ کے پیچھے نفل نماز جماعت کے ساتھ پڑھی۔ چونکہ اتفاقاً جمع ہوگئے تھے،اس لئے مکروہ نہیں ہے۔

ملاحظہ ہواعلاءالسنن میں ہے:

**قلت:وتفسیر التداعی بالاهتمام والمواظبة أولیٰ من تفسیرها بالعدد والکثرة کما لایخفی.** (اعلاء السنن: ۷/۹۳،حکم الجماعة بالتداعی فی غیرالمکتوبة،ادارة القرآن).

(۴)جواب یہ ہے کہ جن فقہاء کے حوالہ سے عدمِ جواز بتلایا گیاہے ان فقہاء نے خود دوسری جگہ پرجوازتحریرفرمایاہے۔عبارات کی تطویل سے دامن بچاتے ہوئے مختصراًملاحظہ ہو:

الف۔علامہ مولوی الیاس نے شرح نقایہ باب النفقہ میں والدین اور دیگر رشتہ داروں کی زیارت کے لیے خروج کو جائز فرمایا ہے۔ملاحظہ ہو:

**وقيل : لا يمنع من الخروج إلى الوالدين ولا من دخولهما عليها كل جمعة ولا يمنع في محرم غيرهما أي غير الوالدين كل سنة وهو الصحيح وعليه الفتوىٰ .** (شرح النقایہ:۱/۶۸۹،ط:سعید)

ب۔علامہ ابن نجیم مصری نے البحر الرائق، باب النفقہ (۴/۱۹۵،المکتبۃ الماجدیۃ) میں جواز کی طرف اشارہ کیا ہے۔ملاحظہ ہو:

**وقد استفيد مما ذكرناه أن لها الخروج إلى زيارة الوالدين والمحارم فعلى الصحيح المفتى به تخرج للوالدين فى كل جمعة بإذنه وبغير إذنه...وأما الخروج للأهل زائداً على ذلک فلها ذلک بإذنه قال فى الظهيرية : ويجوز للرجل أن يأذن لها فى الخروج ...وفى الخلاصة معزياً إلى مجموع النوازل: يجوز للرجل أن يأذن لها بالخروج إلى سبعة مواضع ...فإن أرادت أن تخرج إلى مجلس العلم ... فإن كان الزوج يحفظ المسائل ويذكر عندها فله أن يمنعها وإن كان لايحفظ فالأولى أن يأذن لها أحياناً ...الخ .**

ج۔علامہ شامیؒ نے رد المحتار، باب النفقہ :۳/۶۰۴، ط:سعید، پر بحوالہ ابن ہمامؒ یہ چند شرائط جائز فرمایا ہے۔ملاحظہ ہو:

**وحيث أبحنا لها الخروج فإنما يباح بشرط عدم الزينة وتغيير الهيئة إلى ما لايكون داعية إلى نظر الرجال والاستمالة قال الله تعالىٰ:**



**﴿ولا تبرجن تبرج الجاهلية الأولىٰ﴾ .** (و الدرالمختار مع ردالمحتار: ۳/۶۰۴،سعيد، وفتح القدير:۴/۳۹۹،دارالفكر).

د۔علامہ عینیؒ نے عمدۃ القاری (۱۳/۲۴۷، ط: دارالحدیث، ملتان) میں یہ چند شرائط عورتوں کے خروج کو جائز فرمایا ہے۔ملاحظہ ہو:

**ولا خلاف أن غيرهن (غير أزواج المطهرات) لهن أن يخرجن لما يحتجن إليه من أمورهن الجائزة بشرط أن يكن بذة الهيئة، خشنة الملبس، تفلة الريح، مستورة الأعضاء، غير متبرجات بزينة، ولا رافعة صوتها .** (عمدة القاري : ۲۴۷/۱۳ باب قوله تعالى: لا تدخلوا بيوت النبي إلا أن يؤذن لكم، دار الحديث) .

**وقال في مقام آخر: وقال ابن بطال: في هذا الحديث دليل على أن النساء يخرجن لكل ما أبيح لهن الخروج فيه من زيارة الآباء والأمهات وذوى الأرحام وغير ذالک مما تمس الحاجة إليه.** (عمدة القارى ۲۱۴/۱۴، باب خروج النساء لحوائجهن، دار الحديث).

لہذا جہاں پر مکروہ لکھا ہے اس کا مطلب یہ ہے آج کل کے جہلاء کی مجلس میں زیب وزینت کے ساتھ جانا سخت ناپسندیدہ اورنا جائز ہے۔

(۵) جواب یہ ہے کہ جن فقہاء نے مجالس وعظ ومجالس علم میں شرکت سے منع کیا ہے وہ حق زوج کی وجہ سے منع کیا ہے۔اسی وجہ سے فقہاء نے یہ بحث فرمائی ہے کہ شوہر کن مواقع قصر کی مسافت کے اندر خروج کی اجازت دیگا اور کن جگہوں پر خروج کی اجازت نہیں دیگا۔(یہ مسافتِ قصر کے اندر خروج مراد ہے ورنہ بلا محرم سفر شرعی کی مسافت طے کرنا

جائزنہیں) انھیں مواضع میں سے ایک یہ ہے کہ جب عورت کوضروری مسئلہ درپیش ہوتو وہ عالم دین کے پاس جاسکتی ہے یانہیں؟ اس میں شوہر کے جانے کا تذکرہ نہیں ہے۔ جیسے کہ صحابیات مسئلہ دریافت کرنے کے لیے بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم میں جایا کرتی تھیں وہاں ان کے شوہر ساتھ نہیں ہوتے تھے۔

لیکن اگرشوہر یا شرعی محرم ساتھ ہوتو ممانعت کی کوئی وجہ نہیں بلکہ بے شمار احادیث سے ثابت ہے کہ عورت تنہا سفرشرعی طے نہ کرے، بلکہ محرم کے ساتھ سفر کرے، پھر یہ سفر ضروری ہو یا ضروری نہ ہواس سے قطع نظر کرتے ہوئے مطلقاً اجازت مرحمت فرمائی گئی ہے۔ اورتبلیغی سفر چاہے سفرشرعی سے کم مسافت کا ہو، اکابرتبلیغ بغیرمحرم کے قبول ہی نہیں کرتے پھرنا جائز کہنے کی کوئی وجہ نہیں۔

چنداحادیث ملاحظہ فرمایئے:

**فی الصحیحین عن ابن عمر ﷺ أن النبي صلی اللّٰہ علیه وسلم قال : " لا تسافر المرأۃ ثلاثة أیام إلا و معھا ذو محرم". و فی لفظ : "مسیرۃ ثلاث لیال " و فی لفظ " مسیرۃ ثلاثة أیام ".**

**وفی روایة لمسلم وأبی داود : أنه علیه الصلاۃ والسلام قال : "لا یحل لامرأۃ تؤمن باللّٰہ والیوم الآخر أن تسافر سفراً یکون ثلاثة أیام فصاعداً ، إلا و معھا أبوھا ، أو ابنھا ، أو زوجھا ، أو أخوھا ، أو محرم منھا ".**

ان روایات اوران کے علاوہ دیگرروایات سے معلوم ہوتا ہے کہ محرم کے ساتھ مطلقاً سفر جائز ہے، اگرچہ حج کا سفر ہو پھر حج فرض ہو یانفل یا عمرہ کے اسفار ہوں، اسی



طرح دیگرضروری وغیرضروری اسفارسب داخل ہیں۔

نیزفقہاء نے بھی محارم کے ساتھ سفرکو جائزلکھا ہے پھرسفر کے بعد حالتِ سفر جب مباح کام کرسکتی ہے تو دین کا کام بطریق اولیٰ کرسکتی ہے۔ تحفۃ الملوک اوراس کی شرح میں ہے: **ولا بأس بالخلوۃ بھا والسفر معھا لقوله علیه السلام : "لا یخلون رجل بامرأۃ لیس منھا بسبیل "** . (شرح تحفة الملوك:۲/۱۸۵۹).

پھرتبلیغ کے سفر میں محارم کے ساتھ کیوں نہیں جاسکتی؟ کیا کسی حدیث میں تبلیغ کے سفرکومستثنیٰ کیا گیا ہے۔ اگر کیا گیا ہوتو حوالہ بتایئے؟

تبلیغی جماعت میں عورتوں کی دینی ضرورتیں پوری ہوتی ہیں اس لیے یہ دینی حاجت کے لیےنکلنا ہوا۔ چند دینی حاجات حسبِ ذیل ہیں:

۱۔ جماعت میں خواتین کے قرآن کریم کی تصحیح ہوجاتی ہے۔

۲۔ نمازاوردعائیں سیکھ لیتی ہیں۔

۳۔ دین کی باتیں دوسری خواتین کوپہنچاتی ہیں۔

۴۔ بعض مرتبہ کفر کے گڑھے میں گرنے والی عورتوں کو بچانے کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔

۵۔ تلاوت وعبادت کاخوب موقع مل جاتا ہے۔

۶۔ دینی سیاحت کی وجہ سے دوسری اقوام کی خوبیوں سے استفادہ کرلیتی ہیں۔

۷۔ یقین واخلاص، توکل وتزکیہ باطنی اخلاقِ حسنہ سنتِ نبوی کی اتباع کی توفیق مل جاتی ہے۔

(۶) علامہ زیلعیؒ نے عدمِ جواز کی وجہ یہ بیان فرمائی ہے کہ واعظین جہلاء ہوتے

ہیں اوران کا مقصد خواہشات ،شہوات اور دنیا حاصل کرنا ہے۔ بنابریں ایسے لوگوں کی مجالس سے بچنا بہت ضروری ہے۔ملاحظہ ہوعلامہ زیلعیؒ فرماتے ہیں:

**ولا سيما عند الجهال الذين تحلوا بحلية العلماء وقصدهم الشهوات وتحصيل الدنيا.** (تبيين الحقائق:١/١٣٩،ط: امداديه ،ملتان).

## مفتی رشید احمد لدھیانوی صاحب کا فتویٰ:

مفتی رشید احمد لدھیانوی رحمہ اللہ تعالیٰ بھی یہ چند شرائط مجلس وعظ میں عورتوں کی شرکت کے جواز کے قائل تھے۔

چنانچہ مفتی صاحب فرماتے ہیں: کسی نامحرم عالم کی مجلس وعظ میں جانے میں وہ مفاسد نہیں جو نامحرم استاد سے پڑھنے میں بیان کئے گئے ہیں،معہذا اس کے لیئے بھی یہ شرائط ہیں:

(۱) واعظ کے علم،تقوی اور طریق اصلاح پر علماء وقت کو اعتماد ہو۔

(۲) بدعات ومنکرات وفواحش جو معاشرہ میں داخل ہو گئے ہیں،ان سے بچنے بچانے پر زیادہ زور دیتا ہوں۔

(۳) اس وعظ سے صحیح مسلمان بننے اور دوسروں کو بھی صحیح مسلمان بنانے کی فکر پیدا ہو اور معاشرہ پر چھا جانے والے منکرات چھوٹ جائیں۔

(۴) پردہ کا مکمل انتظام ہو،مقام وعظ کے دروازے پر بھی مردوں سے اختلاط سے حتی الامکان پرہیز کیا جائے۔

(۵) خواتین مزین لباس اور زیور پہن کر،رنگ وروغن سے آراستہ ہو کر اور



خوشبو لگا کر نہ آئیں۔

(۶) ہر بار جوڑا نہ بدلیں،کم از کم ایک مہینے تک ہر حاضری میں ایک ہی جوڑا پہن کے آئیں۔

(۷) خواتین کی مجلس مردوں اور واعظ کی مجلس سے اتنی دور ہو کہ مکبر صوت کے سوا آواز نہ پہنچ سکے،اگر یہ نہ ہو سکے تو جتنا زیادہ فاصلہ ہو سکے۔

(۸) ہفتہ میں ایک بار سے زیادہ نہ ہو،اتنے وقفہ کے مناسب ہونے پر دین ودنیا میں کئی شواہد ہیں۔ (احسن الفتاوی ۸/۱۶۱ ایچ ایم سعید)

مفتی رشید احمد لدھیانوی رحمہ اللہ تعالیٰ فقہاء کرام کی عبارات کو نقل کرنے بعد لکھتے ہیں:''حضرات فقہاء کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کی عبارات مذکورہ سے ثابت ہوا کہ امور دینیہ کے لئے خواتین کے خروج کی ممانعت قران وحدیث میں منصوص نہیں ، بلکہ ان حضرات نے اپنے زمانے کے حالات اور شیوع فتن وفسادات کی وجہ سے اصول شریعت کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنی آراء وانظار کا اظہار فرمایا ہے،لہذا ان حضرات کا فیصلہ کوئی قطعی اور حرف آخر نہیں ، بلکہ تغیر زمانہ سے اس میں ترمیم کی گنجائش ہے۔''
(احسن الفتاوی ۸/ ۵۸،ایچ ایم سعید)۔

## حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کا فتویٰ:

فقیہ النفس مفتی رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک فتوی میں لکھا ہے کہ مستورات کا وعظ ونصیحت کے لئے جانا جائز ہے اور اس فتوی پر مختلف علماء کی تائیدات بھی ہے۔ملاحظہ فرمائے:

وعظ کہنا اور کہلانا ، رات اور دن کو،مساجد میں سب جگہ سب اوقات میں درست

ہے،کوئی خصوصیت نہیں۔

**قال اللّٰہ تعالی:** ﴿**وذکر فإن الذکری تنفع المؤمنین.**﴾ ترجمہ:اور سمجھا تارہ، کہ سمجھانا کام آتا ہے ایمان والوں کو۔

کچھ قید زمان ومکان کی وعظ میں حق تعالی نے نہیں فرمائی اور حدیث صحیح ہے:

''**بلغوا عني ولو آیة**'' (البخاری) ترجمہ: میرے احکام کی تبلیغ کیا کرو، اگرچہ قلیل ہو۔

تبلیغ احکام کو آپ نے فرض فرمایا اور کوئی قید کسی وقت اور مکان کی نہیں فرمائی، اور اپنی رائے سے نص کو مقید کرنا منع ہے، پس ہر وقت ہر جگہ وعظ کہنا درست ہوا۔ اور جو مفاسد اس شخص نے بیان کئے ہیں، وہ دن میں بھی ہو سکتے ہیں۔ اگر کسی عورت کی چال ڈھال سے فتنہ ظاہر ہو، اس کا انتظام کرے، ورنہ خواہ مخواہ اپنے وہم فاسد سے مسلمان عورتوں پر، حکم خداوندی کا سننے سے تنگی کرنا اور منع کرنا سخت بے جا ہے۔ غرض تقریر اس شخص کی عدم جواز وعظ شب میں بیہودہ ہے۔ وعظ سننے سے مستورات کو فائدہ ہوتا ہے، ضرور سننا چاہئے، مگر جس میں کوئی مفسدہ ظاہر ہو، اس کا انتظام کر لیوے، ...الخ۔ فقط واللہ تعالی اعلم۔ کتبہ الاحقر رشید احمد گنگوہی عفی عنہ ۔ یہ جواب صحیح ہے: محمد مراد عفی عنہ۔

بے شک یہ وعظ میں جانا عورتوں کا جائز ہے، کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمان تقدس میں، عورتیں عیدگاہ میں وعظ سننے جایا کرتی تھیں اور وہیں نماز بھی پڑھتی تھیں۔ مجیب: محمد مراد مظفر نگری۔

کلام مجید میں صاف آیا ہے: ﴿**یا أیھا الذین آمنوا قوا أنفسکم وأھلیکم نارا.**﴾ (التحریم: ٦)



یعنی اے ایمان والوں! بچاؤ اپنی جانوں کو اور اپنے گھر کے لوگوں کو دوزخ سے۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ آگ سے بچانا مردوں اور عورتوں کو سب کو چاہئے، نہ کہ مردوں کو ہی ضروری ہے، اور مردوں کو امر کے صیغہ سے تاکید کیا ہے: **وأھلیکم** فرمایا، کہ گھر کے لوگوں کو بھی بچاؤ۔ اور آگ سے بچنا خدا اور رسول کی تابعداری سے ہے، اور امر ونواہی وعظ سننے سے معلوم ہوتے ہیں، اور سوائے اس کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جب کوئی دعوت کرتا تھا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس کے مکان پر تشریف لے جا کر، کھانا تناول فرماتے تھے، تو بعد کھانے کے، اس گھر کے سب لوگ، نیز پڑوس کے سب مرد وعورت، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت بابرکت میں حاضر ہو کر، مسائل دینی دریافت کرتے تھے۔ اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں ارشاد فرمایا کہ مرد سنیں، عورتیں نہ سنیں، بلکہ یوں فرمایا ہے: کہ علم دین کل مردوں وعورتوں کو سیکھنا فرض ہے: **طلب العلم فریضة علی کل مسلم ومسلمة .**

فائدہ: علماء دین یوں فرماتے ہیں کہ اگر شوہر خود عالم ہو، تو شوہر پر فرض ہے کہ اپنی بیوی کو علم، یعنی مسائل دینی سکھلاوے، ورنہ بیوی کو علم دین کے سیکھنے کی اجازت دیوے۔

نہ اذن دے شوہر اپنی بیوی کو مگر سات جگہ: پہلی واسطہ عیادت والدین اور ان کی تعزیت کے واسطے، اور دوسری واسطے ملاقات محارم اور ان کی عیادت کے، اور تیسرے دودھ پلانے کے لئے، اگر عورت قابلہ اور دائی ہو، چوتھے واسطے غسل میت کے اگر وہ غسالہ ہو، پانچویں واسطے طلب ایک حق کے کہ دوسرے پر ہو، چھٹے واسطے ادائے حق غیر

کے کہ اس پر ہو، ساتوں حج اور طلب علم دین ضروری کیلئے: **کذا في المضمرات في كتاب النفقات وعين العلم.**

فائدہ: ان عبارات کی رو سے عورتوں کو وعظ میں جانا اور دین سیکھنا واجب ہے۔

حدیث شریف میں ابو ہریرۃ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے، کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قریب قیامت کے ایسے دجال اور کذاب لوگ فتویٰ دیں گے کہ وہ نہ خود سمجھیں گے، بلکہ لوگوں کو گمراہ کریں گے، اور ایسی ایسی حدیثیں بیان کریں گے کہ جو تمہارے باپ دادوں نے بھی نہیں سنی ہوگی۔ (رواہ مسلم)۔

فائدہ: جو شخص وعظ شب کے سننے کو عورتوں کو منع کرتا ہے، وہ بھی انھیں لوگوں میں ہے، جن کی خبر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہے، کیونکہ جتنے عالم اہل اسلام میں متقدمین سے متاخرین تک ہوئے، ناچ وغیرہ کو منع کرتے چلے آئے اور وعظ کے سننے سنانے کے فضائل بیان کرتے چلے آئے۔ اور یہ مولوی مانع، خدا اور رسول کا اور کل اجماع امت کا خلاف کرتا ہے، پس شخص ایسے کے کہنے کا خیال نہ کرے، یہ گمراہ کرنے والا ہے، جو کچھ ضرورت ہو علماء حقانی سے دریافت کر لیا کرے اور مرد وعورت کو دل وجان سے وعظ سننا چاہئے۔ یہ وعظ سننا ہدایت ہے، اس پر اجماع امت کا ہے، ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے:

**إن الله لايجمع أمتي أو قال أمة محمد على ضلالة، ويد الله على الجماعة، ومن شذ شذ في النار.** (رواه الترمذی)

ترجمہ: فرمایا نبی علیہ السلام نے ہرگز ہرگز اللہ پاک میری امت کو گمراہی پر جمع نہ کرے گا، اور اللہ تعالی کا ہاتھ جماعت پر ہے، اور جو جماعت سے جدا ہوا، آگ جہنم



میں پھینکا جائے گا۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور اصحاب کرام رضی اللہ عنہم اور علماء امت محمدی، سب وعظ عورتوں اور مردوں کو سناتے رہے، آج تک کسی عالم حقانی نے منع نہیں کیا، اگر یہ گمراہی ہوتا تو اس پر اجماع کیوں ہوتا اور اجماع اس پر ہے کہ گھروں میں مسجدوں میں، سب جگہ مرد وعورتوں کو وعظ سناؤ۔ اب جو اس کے خلاف کرتا ہے، قران وحدیث واجماع امت کا خلاف کرتا ہے اور رحمت کے ہاتھ سے نکل کر جہنم میں پڑتا ہے۔ یا اللہ اس مانع کو ہدایت دے اور کل امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو، کہ تیرا اور تیرے حبیب کا دل وجان سے ذکر سنا کریں اور ہمیں عمل کی توفیق دے۔ آمین! جیسے کہ تو نے اپنے کلام قران شریف میں فرمایا ہے:

**﴿إنما المؤمنون الذين إذا ذكر الله وجلت قلوبهم وإذا تليت عليهم آياته زادتهم إيمانا وعلى ربهم يتوكلون.﴾** (الأنفال: ۲).

ترجمہ: بے شک مؤمنین وہ لوگ ہیں کہ جب یاد کیا جاتا ہے اللہ، ڈر جاتے ہیں دل ان کے، اور جب پڑھی جاتی ہیں اوپر ان کے نشانیاں اس کی، زیادہ کرتے ہیں ان کا ایمان، اور اوپر پروردگار اپنے کے توکل کرتے ہیں۔

فائدہ: افسوس ہے اس مولوی پر کہ اس نے کچھ پڑھا ہے، یا جاہلوں کی طرح مومن کہلاتا ہے کہ، کہتا ہے کہ وعظ سن کر عورتیں بھاگ جاتی ہیں، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ قران سننے سے عورتیں بگڑ جاتی ہیں، اور پروردگار عالم یوں فرماتا ہے کہ شناخت ایمان والوں کی یہ ہے، کہ جب ان کے سامنے یاد کیا جاتا ہے اللہ، اس کے خوف سے ڈرتے ہیں، اور جب اس کی آیت سنتے ہیں، تو ان کے ایمان بڑھتے ہیں۔ پس اس آیت سے

رد ہوگیا قول مانع کا، اور واضح ہوا کہ قران شریف سننے سے ایمان بڑھتا ہے ایمان والوں کا۔

پس کل مرد عورتوں کو واجب ہے کہ وعظ میں جایا کریں، اور اللہ تعالی کا ذکر سن کر اپنا ایمان بڑھایا کریں، اپنے گھر ہوں یا غیر کے گھر ہوں، سب جگہ وعظ سننا درست ہے۔ عبدالکریم واعظ سڑک کیرانوی۔

الجواب صحیح۔ مکرر یہ ہے کہ جو شخص وعظ سننے کو مستورات کو منع کرتا ہے، وہ خلاف کلام اللہ کی آیت کے کہتا ہے، کیونکہ اللہ تعالی فرماتا ہے: ﴿**یا أیها الذین آمنوا قوا أنفسکم و أهلیکم نارا.**﴾ (التحریم ۶).

سو اس کے ذمہ اپنے بیوی بچوں وغیرہ کو بچانا آگ سے، خواہ اپنی نصیحت سے ہو یا غیر کی نصیحت سے ہو، امر کے صیغہ سے واضح ہے، اور شب کو وعظ ہونا زیادہ مناسب ہے، کہ طبیعت یکسو اور فراغت امور خانہ داری سے ہوتی ہے۔ سو اس وقت اطمینان کلی ہے، بہ نسبت دن کے کہ وقت ہے کہ تفکرات، امور مرجوعہ کے ہوتے ہیں۔ واللہ تعالی اعلم۔ محمد امیر باز خان، سہارنپوری۔

یہ سب عبارات درست اور صحیح ہیں۔ عبدالحق عفی عنہ بگھروی...... ہذا الجواب صحیح۔ عبدالعزیز کھجناوری۔

فرمایا ہے اللہ تعالی نے: ﴿**فعظوهن واهجروهن.**﴾ (النساء ۳۴) ترجمہ: پس نصیحت کرو اور چھوڑ دو ان عورتوں کو۔

یہاں اللہ تعالی نے صاف فرمایا ہے صیغہ امر سے، کہ عورتوں کو وعظ کرو اور چھوڑ دو، شاید یہ راہ پر آجائیں۔ اس آیت سے عورتوں کو وعظ سنانا واجب ہے، اور کہنا



پیر جی کا کہ عورتیں جہنم میں جاویں گی، تم کہہ کر بری ہو جاؤ۔ سو غلط ہے۔ کیونکہ اللہ تعالی نے واهجروهن فرمایا کہ اگر نہ مانے چھوڑ دو، جو شخص وعظ سے منع کرتا ہے اس آیت کا منکر ہے۔ راقم حافظ امانت خان صاحب مظفر نگری۔ (فیوض رشیدیہ ص ۱۳ سے ۱۹ تک).

(باقیاتِ فتاوی رشیدیہ ص ۳۹۲، مرتب مولونا نورالحسن راشد کاندھلوی)۔

**اعتراض (۵):** بانی تبلیغ حضرت مولانا الیاس اور انکے صاحبزادے حضرت جی مولانا محمد یوسف رحمہما اللہ تعالی نے کبھی مستورات کی جماعتیں نہیں بھیجیں۔

**الجواب:** اسکا جواب یہ ہے کہ حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ کے زمانہ میں کام شروع ہو چکا تھا حضرتؒ نے سب سے پہلی جماعت روانہ فرمائی تھی۔ ملاحظہ ہو:

مولانا داود صاحب (حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ کے ابتدائی کام کرنے والے ساتھیوں میں سے تھے) اپنے ایک خط میں فرماتے ہیں:

...جب یہ (مستورات کی) جماعت مشورہ سے گھاسیڑہ وغیرہ طے ہوئی تو بڑے حضرت (مولانا محمد الیاس صاحبؒ) نے چودہریوں کے نام خط لکھا کہ **میں تمہارے یہاں دہلی کی پردہ نشین مستورات کو بھیج رہا ہوں** تم ان کی خوب نصرت کرنا وغیرہ وغیرہ، گھاسیڑہ والوں کو جماعت کا انتظار تھا، سڑک پر استقبال کے لئے آگئے جب جماعت گھاسیڑہ پہنچی تو گاؤں والوں نے استقبال میں کافی بندوقیں چلائیں اور پرزور استقبال کیا کہ **مستورات کی پہلی جماعت** ہمارے گاؤں میں آئی ہے، اور ہر گاؤں میں ایسا ہی استقبال کیا گیا، پھر تھوڑے تھوڑے وقفہ سے کئی جماعتیں نکلیں، بعد میں میوات سے مستورات کی جماعت کے مطالبے آنے لگے، مستورات کا کام غالباً ۱۹۴۲ء میں شروع

ہوا ہے، اس سے پہلے نہیں اس لیے کہ بندہ ۱۹۴۱ء میں مرکز آیا تھا مرکز میں آنے کے بعد مستورات کا کام شروع ہوا ہے، اگر حضرت کے انتقال سے دس سال پہلے شروع ہوتا تو ہندوستان کے کتنے شہروں میں بے شمار مستورات کی جماعتیں پہنچ جاتیں، حضرت جی کی حیات میں میوات کے علاوہ کہیں مستورات کی جماعت نہیں گئی۔

واللہ تعالیٰ اعلم۔ والسلام بندہ محمد داؤد۔

واضح ہو کہ مولانا داود صاحب کا یہ تفصیلی خط عنقریب مذکور ہوگا۔

نیز حضرت جی ثانی حضرت مولانا محمد یوسفؒ نے اس کی اہمیت واضح فرمائی۔

مولانا یوسف صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ’’مستورات میں کام کی نزاکتیں اور بھی زیادہ ہیں... کبھی کبھی ایک یوم یا تین یوم کے لئے قرب و جوار کے لئے جماعتیں بنائی جائیں۔ مستورات کی جماعت کے ساتھ انکے خاوند ہوں ورنہ ہر عورت کے ساتھ اس کا شرعی محرم ہو، پردہ دار مکان میں ٹھہریں، مرد مسجد میں ٹھہر کر کام کریں۔‘‘

(سوانح مولانا یوسف کاندھلوی ص۷۸۱، الممکتبۃ الاسلامی)۔

نیز اگر کوئی یہ کہے کہ مردوں کی موجودہ تبلیغ کی ترتیب شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے زمانہ میں نہیں تھی تو اب بھی نہیں ہونی چاہیے، تو یہی اسکا جواب ہوگا کہ حضرت مولانا الیاس رحمہ اللہ تعالیٰ کے زمانہ میں اللہ تعالیٰ نے اس کام کا القاان کے دل پر فرمایا اور اس مبارک کام کے فوائد سب سمیٹ رہے ہیں۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت جی مولانا محمد یوسف اور مولانا انعام الحسن رحمہما اللہ تعالیٰ کے ذریعہ مستورات کے کام کو ترقی عطا فرمائی۔

یا اگر کوئی کہے کہ دار العلوم دیوبند اور سہارنپور کی طرح مدارس کا نظام خیر القرون



میں نہیں تھا تو آج کل کیوں جاری کیا گیا تو یہی کہا جائیگا کہ اللہ تعالیٰ نے اسکا القا ہمارے اکابر کے دل پر کیا اور یہ نیا کام للدین ہے فی الدین نہیں تو بدعت بھی نہیں۔

**اعتراض (۶):** سفر میں عورت کے ساتھ دوسرے غیر محرم بھی ہوتے ہیں۔ مثلاً سات جوڑوں کی اگر جماعت ہو تو ہر ایک عورت کا ایک محرم ہوگا باقی چھ مرد اسکے غیر محرم ہیں۔

**الجواب:** اسکا جواب یہ ہے کہ اگر اس بات کو مانا جائے تو پھر حج فرض ہو یا نفل اور عمرہ کے سفر میں بھی ہوائی جہاز، بس وغیرہ میں سفر کرنا ممنوع ہوگا۔ اور کیا جہاد کے سفر میں ازواج مطہرات کے ساتھ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نہیں ہوتے تھے؟ یقیناً ہوتے تھے۔

**اعتراض (۷):** مولانا الیاس رحمہ اللہ تعالیٰ مفتی کفایت اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے پاس تین مرتبہ تشریف لے گئے تھے اور عورتوں کے تبلیغ میں جانے کی اجازت طلب کی تو تینوں مرتبہ آپ نے اجازت نہیں دی۔

**الجواب:** اس کا جواب یہ ہے کہ اگر مفتی کفایت اللہ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے اجازت نہ دی ہو تو مظاہر العلوم اور دار العلوم دیوبند کے مفتی اعظم مفتی محمود حسن گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اجازت عنایت فرمائی ہے۔

مفتی کفایت اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے زمانہ میں عورتوں کے نکلنے کا رواج نہیں تھا، ترتیب نہیں بنی تھی، اس لیے منع کیا ہوگا۔ نیز انہوں نے بغیر محرم کے سفر کو منع فرمایا۔ محرم کے ساتھ سفر کو منع نہیں فرمایا۔

حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: عورت کو بغیر محرم کے سفر کرنے کی اجازت نہیں حج فرض کے لئے بھی بغیر محرم کے جانا جائز نہیں تو صرف تبلیغ کے لئے کیسے جاسکتی ہے۔ (کفایت المفتی ۲/ ۳۵ دارالاشاعت)۔

جب کہ مفتی صاحبؒ نے عورتوں کو تعلیم کی غرض سے نکلنے کی اجازت مرحمت فرمائی ہے۔

چنانچہ دوسری جگہ فرماتے ہیں:

زنانہ مدارس کا کھولنا اور جاری کرنا اور لڑکیوں کا تعلیم کے لئے وہاں جانا اور عورتوں کو انکی صنف کے مناسب علوم وفنون سکھانا اور کتابت سکھانا یہ تمام امور شریعت کے مطابق اور مستحسن ہیں کیونکہ ان کا مبنی تعلیم وتعلم کی تنظیم اور تشکیل ہے، تعلیم کے لئے اجتماعی طور پر عورتوں کا ایک مقام پر جمع ہونا احادیث سے ثابت ہے اور اسی وجہ سے امام بخاریؒ نے ایک باب اس عنوان کا باندھا ہے کہ "**ھل یجعل للنساء یوماً علی حدۃ**" اور اس کے تحت وہ حدیث لائے ہیں جس سے تحصیل علم کے لئے کسی مکان میں عورتوں کا اجتماع ثابت ہوتا ہے اور تجربہ شاہد ہے کہ اجتماعی طور پر تعلیم جس قدر مفید ہے انفرادی طریقے سے اتنی مفید نہیں۔

زنانہ مدارس کی تشکیل اگر قرونِ اولیٰ میں نہیں تھی تو کوئی حرج نہیں کیونکہ لڑکوں کے اسکول اور مدرسے بھی زمانہ ماضی میں نہیں تھے پھر بھی امتِ محمدیہ کے تمام علما اس کے جواز کے قائل ہیں۔ (کفایت المفتی ۲/ ۶۶، دارالاشاعت)۔

ایک اور مقام پر تحریر فرماتے ہیں:

محض اجتماع عورتوں کا ممنوع نہیں ہے، اگر صرف عورتیں کسی جگہ ہوں اور اجتماع کی غرض وغایت مفید ہو تو شرعاً کوئی ممانعت نہیں ہے، لیکن عورتوں اور مردوں کا مخلوط



اجتماع بہت سے فتنوں کا سبب ہونے کی وجہ سے ممنوع ہے، اسی وجہ سے عورتوں کو جنازے کے ساتھ جانے اور بلاضرورتِ شدیدہ گھر سے نکلنے سے منع فرمایا ہے، اور انکو اپنے گھروں میں نماز پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے، اور گھر میں نماز پڑھنے کو مسجد محلّہ سے اور مسجد نبوی سے بھی بہتر قرار دیا گیا ہے۔ (کفایت المفتی ۲/ ۶۸، دارالاشاعت)۔

بلکہ حضرت مفتی کفایت اللہ صاحبؒ تو مردوں کے مجمع میں عورت کی تقریر کے جواز کے بھی قائل ہیں۔

چنانچہ فرماتے ہیں: شریعتِ مقدسہ اسلامیہ عورتوں کو کسی اسلامی خدمت سے جو ان کے لائق ہو منع نہیں کرتی، پردہ کی محافظت کے ساتھ عورت مردوں کے مجمع میں تقریر کر سکتی ہے۔" (کفایۃ المفتی ۲/ ۶۹، دارالاشاعت)۔

خلاصہ یہ ہے کہ حضرت مفتی کفایت اللہ صاحبؒ کے زمانہ میں کام کی ترتیب نہیں بنی تھی لیکن بعد میں جب اس کی ضرورت محسوس ہوئی اور فوائد سامنے آئے تو حضرت مفتی محمود حسن رحمہ اللہ تعالیٰ اور مفتی نظام الدین صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ (دار العلوم دیوبند کے صدر مفتی تھے) نے جواز کا فتویٰ دیا۔

بعض مفتی حضرات تو عورتوں کے مدارس کے خلاف بھی فتویٰ دیتے ہیں تو کیا لڑکیوں اور بچیوں کے مدارس کو بند کردیں گے؟ ہرگز نہیں!

**اعتراض (۸):** مردوں کو اسکا مکلّف بنایا گیا ہے کہ وہ علم دین سیکھ کر عورتوں کو تعلیم دے جیسے کہ حدیث شریف میں وارد ہے: "**کلکم راع و کلکم مسئول عن رعیتہ**". (البخاري رقم: ۸۹۳ باب الجمعة فی القری والمدن).

**الجواب:** یہ استدلال تو عجیب ہے، اس حدیث میں تو "**والرجل راع في أهله**" موجود ہے اور "**والمرأة راعية في بيت زوجها**" بھی ہے، تو اگر عورت کا دائرہ صرف گھر تک محدود ہو تو پھر مرد کو بھی ایسا ہونا چاہئے، اور اگر مرد گھر کی ذمہ داری کے ساتھ تبلیغ کی ذمہ داری اٹھا سکتا ہے تو عورت بھی یہ ذمہ داری اٹھا سکتی ہے۔

**اعتراض (۹):** عورتوں کے مسجد میں جانے اور تبلیغ میں جانے کے مابین کیا فرق ہے؟

**الجواب:** عورتوں کا مسجد جانے اور تبلیغی سفر میں جانے کے درمیان چند فروق ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں:

۱۔ مسجد میں یا راستوں میں مردوں کے ساتھ خلط واختلاط کا اندیشہ ہے کیونکہ ایک ہی مسجد میں دونوں جاتے ہیں، اور دعوت وتبلیغ میں عورتوں کا پروگرام گھروں میں ہوتا ہے اور مردوں کا مسجد میں ہوتا ہے لہذا اختلاط کا اندیشہ نہیں ہوتا۔

۲۔ مساجد میں عام مسلمان عورتیں آتی ہیں جن میں کئی عورتیں مزین وخوشبو لگائی ہوئی ہوتی ہیں اور تبلیغ میں تربیت یافتہ عورتیں ہوتی ہیں جو ایسا نہیں کرتیں، نیز تبلیغ میں نکلنے کے لئے پردہ کی تمام شرائط کی رعایت کرنے کے بعد ہی اجازت ملتی ہے جب کہ مسجد میں آنے کے لئے کوئی روکنے والا نہیں ہوتا اگرچہ پردہ کی رعایت نہ کریں۔

۳۔ مسجدوں میں نماز کے لئے جانا بے ضرورت ہے کیونکہ انکو زیادہ ثواب گھروں میں ملتا ہے، اور تبلیغ میں جانا اصلاح کے لئے ضرورت کے درجہ میں ہے اور یہ مشاہدہ ہے کہ بے شمار عورتوں کی اصلاح تبلیغی پروگراموں سے ہوئی۔



۴۔ مسجدوں میں عورتیں جاتی ہیں تو حسبِ عادت بات چیت میں مشغول ہو جاتی ہیں اور ان کے ساتھ بچے شور وغوغا کرتے ہیں، جبکہ تبلیغ میں عورتیں نہ مسجدوں میں جاتی ہیں، نہ بچے ساتھ ہوتے ہیں۔

۵۔ مسجد میں اگر عورتیں جائیں تو ممکن ہے کہ انکو حیض آ جائے جو مسجد کے ساتھ منافی ہے یا اگر مستحاضہ ہو تو مسجد کی تلویث کا خطرہ ہے، جبکہ تبلیغ میں گھروں میں یہ خطرہ نہیں۔

۶۔ مسجدوں میں جانے کی ممانعت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں صراحۃً موجود ہے، جبکہ جہاد میں صحابیات اور ازواجِ مطہرات کا تشریف لیجانا احادیث سے ثابت ہے تو تبلیغ کیلئے بدرجہ اولیٰ جانا جائز ہوگا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: "**لو أدرك رسول الله صلى الله عليه وسلم ما أحدث النساء لمنعهن المسجد كما منعت نساء بني إسرائيل، قلت لعمرة: أو منعن، قالت: نعم**". (البخاري رقم: ۸۳۱ باب خروج النساء إلى المساجد بالليل).

**اشکال:** ام کبشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روایت میں عورتوں کے لئے جہاد میں جانے کی ممانعت موجود ہے، اس کا کیا جواب ہے؟ روایت ملاحظہ فرمائیں:

**عن أم كبشة امرأة من عذرة قضاعة قالت: يا رسول الله! ائذن لي أن أخرج في جيش كذا وكذا. قال: لا. قلت: يا رسول الله! إنه ليس أريد أن أقاتل إنما أريد أن أداوي الجرحى والمرضى أو أسقي**

**المرضى. قال: لولا أن تكون سنة وأن يقال فلانة خرجت لأذنت لك ولكن اجلسي.** (المعجم الكبير للطبراني رقم: ٤٣١ ج ٢٥، والمصنف لابن أبي شيبة رقم: ٣٤٣٤١، وغيرهما. وقال الهيثمي فى المجمع: رواه الطبراني فى الكبير والأوسط ورجالهما رجال الصحيح. وقال الشيخ محمد عوامة في تعليقاته على المصنف: ورجال الإسناد كلهم ثقات).

ترجمہ: حضرت ام کبشہ رضی اللہ تعالیٰ فرماتی ہیں کہ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے جہاد میں شریک ہونے کی اجازت چاہی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! میں زخمیوں کی تیمارداری کروں گی اور مریضوں کو پانی پلاؤں گی۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر لوگ اسکو سنت نہ سمجھتے اور آپ کے نکلنے کو اپنے لئے حجت نہ بناتے تو میں آپ کو اجازت دیتا، لیکن آپ بیٹھی رہیں۔

**الجواب:** اس روایت کا مطلب یہ ہے کہ اگر میں آپ کو اجازت دونگا تو لوگ عورتوں کے جہاد کے لئے نکلنے کو واجب یا سنتِ مؤکدہ سمجھیں گے اس لئے میں آپ کو اجازت نہیں دیتا۔

نیز سنت کے معنی عادت کے بھی ہیں تو مطلب یہ ہوگا کہ جہاد میں جانے سے ان کو اس لیے منع فرمایا تاکہ عورتیں اس کو عادت بنا کر بغیر ضرورت کے اس خطرناک عمل میں بکثرت شرکت نہ کیا کریں کیونکہ قتال کا مطالبہ مردوں کی طرف متوجہ ہے، ہاں تبلیغ میں جانے کی ضرورت بھی ہے اور اس میں خطرہ بھی نہیں، تو اس جہاد کو جاری رکھ سکتی ہیں۔

احادیث میں سنة کا اطلاق بکثرت وجوب اور سنتِ مؤکدہ پر ہوتا ہے۔



چند مثالیں ملاحظہ فرمائیں:

(۱) صفا مروہ کے درمیان سعی کے لئے سنت کا لفظ آیا ہے حالانکہ بالاتفاق سعی واجب ہے۔

(۲) جمعہ کی پہلی اذان جس کی ابتدا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمائی تھی وہ سنتِ مؤکدہ ہے۔

(۳) حدیث میں خلفائے راشدین کے طریقوں کے لئے سنة کا لفظ مستعمل ہے جو واجب اور سنتِ مؤکدہ سب کو شامل ہے۔

اسی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد بھی صحابیات جہاد میں شریک ہوئیں اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اس پر انکار بھی نہیں کیا۔

**عن عروة قال: سألت عائشة فقلت لها: أرأيت قول الله تعالى: إن الصفا والمروة من شعائر الله فمن حج البيت أو اعتمر فلا جناح عليه أن يطوف بهما... قالت عائشة: وقد سن رسول الله صلى الله عليه وسلم الطواف بينهما فليس لأحد أن يترك الطواف بينهما.**

(البخاري رقم: ١٦٤٣ باب وجوب الصفا والمروة).

**قال النبي صلى الله عليه وسلم: فعليكم بسنتي وسنة الخلفاء المهديين الراشدين تمسكوا بها وعضوا عليها بالنواجذ.** (سنن أبو داود رقم: ٤٦٠٧ باب في لزوم السنة).

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جمعہ کیلئے اذان اول کو جاری فرمایا یہ سنت مؤکدہ ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ۲۰ رکعات تراویح کو مسجد نبوی میں جاری فرمایا یہ سنت مؤکدہ ہے۔

## حضرت ام کبشہؓ کے واقعہ کی مزید تحقیق:

حافظ ابن حجرؒ نے ام کبشہؓ والی روایت ''الاصابہ'' میں ذکر فرمائی ہے اس میں جہاد کے لیے نہ نکلنے کا ذکر ہے، حدیث کے الفاظ درجِ ذیل ہیں:

**قالت يا رسول الله ! ائذن لي أن أخرج في جيش كذا و كذا قال: لا، قالت: يا رسول اللّٰه ! إني لست أريد أقاتل إنما أريد أن أداوي الجرحى والمرضى وأسقي الماء قال: لولا أن تكون سنة ويقال فلانة خرجت لأذنت لک ولكن اجلسي، وأخرجه ابن سعد عن ابن أبي شيبة وفي آخره اجلسي لايتحدث الناس أن محمداً يغزو بامرأة .**

یعنی ام کبشہؓ نے لشکر میں جانے کی اجازت چاہی اور یہ کہا کہ میں قتال نہیں کرنا چاہتی میں تو صرف زخمیوں کا علاج اور پانی پلانے کی غرض سے جارہی ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر اس کو سنت نہ سمجھا جاتا اور لوگ یہ نہ کہیں کہ فلانہ نکلی ہے ہم بھی نکلیں گی یعنی اس کو عادت نہ بنایا جاتا تو آپ کو اجازت مل جاتی۔

اور ابن سعد کی روایت میں یہ ہے بیٹھ جاؤ ورنہ لوگ کہیں گے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کو لڑائی کے لیے بھیج رہے ہیں۔ (الطبقات الکبری لابن سعد: ۸/۳۰۸، دار صادر، بیروت)۔

حافظ ابن حجرؒ نے آگے لکھا ہے کہ اس روایت اور ام سنان اسلمیہ کی روایت جس میں ان کو جانے کی اجازت ملی تھی تعارض ہے، ہاں ممکن ہے کہ ام سنانؓ کی روایت کو



منسوخ اور ام کبشہؓ کی روایت کو ناسخ مانا جائے، کیونکہ ام سنانؓ والا واقعہ خیبر کا ہے اور ام کبشہؓ کا واقعہ فتح مکہ کے بعد کا ہے: **ويمكن الجمع بين هذا وبين ما تقدم في ترجمة أم سنان الأسلمية أن هذا ناسخ لذلك لأن ذلك كان بخيبر ... وكان هذا بعد الفتح** . (الاصابة: ۸/۴۵۵)۔

چونکہ حافظ ابن حجرؒ نے تطبیق کی طرف توجہ نہیں فرمائی اس لیے ام کبشہؓ کے واقعہ کو ناسخ قرار دینے کا احتمال ظاہر فرمایا (یقینی یا ظنی نسخ نہیں فرمایا بلکہ نسخ کا احتمال ظاہر کیا)

ام حرامؓ کا واقعہ صحاحِ ستہ میں موجود ہے جس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشی ظاہر فرمائی اور یہ واقعہ عہد نبوت کے بعد کا ہے۔

اور فقہائے کرام نے غزوات میں خواتین کی شرکت اور ان کے لیے حصے کا ذکر فرمایا ہے۔

علامہ عینی حنفیؒ نے ام حرامؓ والی روایت کے ذیل میں لکھا ہے: **وفيه إباحة الجهاد للنساء في البحر** . (عمدة القاری: ۱۰/۸۸)۔

وہبہ زحیلی شافعی لکھتے ہیں: **ولا يجوز للمرأة الاشتراک في الجهاد إلا بإذن زوجها** . (الفقه الاسلامی وادلته: ۶/۴۱۶)۔

دوسری جگہ فرمایا: **ولا تقاتل المرأة إلا بإذن زوجها** . (۶/۴۱۹)۔

امام نوویؒ نے باب غزوة النساء مع الرجال میں فرمایا:

**وفي هذا الغزو بالنساء وهو مجمع عليه**

یعنی اس حدیث میں عورتوں کی جہاد میں شرکت کا ذکر ہے اور یہ متفق علیہ ہے۔

(الشرح الکامل للامام النووی: ۲/۱۱۶)۔

اس کے بعد فرماتے ہیں: وفي هذا أن المرأة تستحق الرضخ ولاتستحق السهم وبهذا قال أبوحنيفة والثوری والليث والشافعي .
یعنی عورت کو جہاد میں مالِ غنیمت سے کچھ عطیہ دیا جائیگا یہی ابوحنیفہؒ، ثوری اورلیث اور شافعیؒ کا مذہب ہے۔ (الشرح الکامل للامام النووی:۲/۱۱۲).

اس لیے یہاں نسخ کی بات نہیں بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ام کبشہؓ کو جہاد میں شرکت کی اجازت مرحمت نہیں فرمائی اوراس کی تین مصلحتیں ذکرفرمائی۔(۱) تاکہ اس کوسنت نہ سمجھا جائے، (۲) تاکہ اس کوعادت نہ بنایا جائے اور کہیں سب عورتیں نکلنے کے در پے نہ ہوجائیں۔(۳) تاکہ لوگ یہ مشہور نہ کریں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کو لڑائی کے لیے بھیج رہے ہیں۔ لايتحدث الناس أن محمداً يغزو بالنساء ،اس میں غزو کا لفظ آیا ہے جس کے حقیقی معنی لڑائی کے لیے جانا ہے، اگرچہ کبھی دوسرے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

تہذیب لسان العرب میں ہے: الغز و السير إلى قتال العدو. (۲/۲۶۶).
معلوم ہوا کہ خواتین کی جہاد میں شرکت اپنی ذات کے اعتبار سے ممنوع نہیں تھا البتہ ان تین مصلحتوں کی وجہ سے اجازت مرحمت نہیں فرمائی تاکہ اس کوسنت نہ سمجھا جائے اورعادت نہ بنایا جائے اورلوگ اس کولڑائی میں شرکت کے لیے بھیجنا نہ سمجھیں اگرچہ ام کبشہ علاج ومعالجہ کے لیے جانا چاہتی تھیں، لیکن لوگ لڑائی کے لیے بھیجنا سمجھیں گے جبکہ عورتوں سے لڑائی مطلوب نہیں۔
یہ ایسا ہے جیسے بوقتِ ضرورت تیمّم کی اجازت ہے لیکن عبداللہ بن مسعودؓ اس مصلحت کی وجہ سے اجازت نہیں دیتے کہ لوگ تیمّم کی اجازت سے غلط فائدہ اٹھائیں



یا حج تمتع کی اجازت ہے لیکن حضرت عمرؓ اس مصلحت سے اجازت نہیں دیتے تاکہ پورا سال لوگ عمرے کے لیے جایا کریں اورخانہ کعبہ آباد رہے یا بنی سلمہ مدینہ کے اطراف کو چھوڑ کر مسجد نبوی کے قریب آنا چاہتے تھے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مصلحت سے اجازت نہیں دی کہ مدینہ منورہ کے اطراف آباد رہیں، یا عقبہ بن الحارث نے ایک عورت سے نکاح کیا اور پھر کسی وجہ سے ایک عورت نے کہا کہ تم شوہر بیوی کو میں نے دودھ پلایا ہے تو احناف کے نزدیک رضاعت تو ثابت نہیں ہوئی لیکن اس مصلحت سے تفریق کا مشورہ دیا کہ شوہر بیوی میں بے تکلفی نہیں رہے گی اسی طرح یہاں بھی ہے۔ جہاد میں شرکت شجرۂ ممنوعہ نہیں تھی لیکن مذکورہ بالا تین مصلحتوں کی وجہ سے اجازت نہیں ملی۔
یادرہے اب عرصہ دراز سے معرکہ قتال میں عورتوں کی شرکت بے شمار مصالح کی وجہ سے متروک ہوچکی ہے، اگرچہ شرعاً شرائط وآداب کی رعایت کرتے ہوئے شرکت کی اجازت ہوسکتی ہے، ہاں قرونِ اولیٰ کی خواتین کے دل ایمانی قوت سے لبریز تھے وہ اپنے طور پر بھی کبھی لڑائی میں بھی حصہ لیتی تھیں۔
صحابیات کی جہاد میں شرکت اوراس میں قتال کے چند ایمان افزوں واقعات حسبِ ذیل ہیں:

## ام حرامؓ کی جہاد میں شرکت اورشہادت:

حضرت ام حرامؓ کو نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی لسانِ مبارک سے جہاد میں شرکت کی پیشین گوئی اوراس میں شہادت کی بشارت حاصل ہوئی یہ پیشین گوئی آپ صلی

اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد پوری ہوئی، چنانچہ جہاد میں شریک ہوئیں اور شہادت کا درجہ بھی حاصل کیا اور کسی صحابی نے نکیر نہیں فرمائی۔ اور اس جہاد میں ان کے ساتھ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اہلیہ بھی شریک تھیں۔ روایت ملاحظہ ہو:

**عن أنس بن مالك رضي الله تعالى عنه قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يدخل على أم حرام بنت ملحان فتطعمه...فنام رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم استيقظ وهو يضحك. فقلت: وما يضحكك؟ يا رسول الله! قال: ناس من أمتي عرضوا علي غزاة في سبيل الله يركبون ثبج هذا البحر ملوكا على الأسرة أو مثل الملوك على الأسرة. قالت: فقلت: يا رسول الله! ادع الله أن يجعلني منهم. فدعا لها رسول الله صلى الله عليه وسلم...فركبت البحر في زمان معاوية بن أبي سفيان فصرعت عن دابتها حين خرجت من البحر فهلكت.** (البخاري رقم: ٢٧٨٨ باب الدعاء بالجهاد).

**وفي رواية: فركبت البحر مع بنت قرظة.** ( البخاري رقم: ٢٨٧٧ باب غزو المرأة في البحر) **وقال الحافظ في الفتح: هي زوج معاوية واسمها فاختة وقيل كنود.** (٦/٧٦).

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ام حرام بنت ملحان رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر تشریف لے جاتے تھے اور وہاں کھانا تناول فرماتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے گھر میں آرام فرما رہے تھے کہ اچانک مسکراتے ہوئے بیدار ہوئے۔ حضرت ام حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا



نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول کس چیز نے آپ کو ہنسایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھے خواب میں میری امت کے کچھ لوگ دکھائے گئے جو سمندر پر بادشاہوں کی مانند سوار ہوکر جہاد کریںگے۔ حضرت ام حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپ میرے لئے دعا کیجئے کہ میں بھی ان لوگوں میں شامل ہوجاؤں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آپ بھی ان میں سے ہیں۔ چنانچہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قیادت میں بحری لشکر روانہ ہوا حضرت ام حرامؓ بھی اس میں شریک ہوئیں اور انھیں مقام شہادت حاصل ہوا۔

## ام عمارۃؓ کی جہاد میں شرکت اور قتال:

**قال ابن هشام: وقاتلت أم عمارة نسيبة بنت كعب المازنية يوم أحد. فذكر سعيد بن أبي زيد الأنصاري أن أم سعد بنت سعد بن الربيع كانت تقول: دخلت على أم عمارة فقلت لها: يا خالة! أخبريني خبرك. فقالت: خرجت أول النهار أنظر ما يصنع الناس ومعي سقاء فيه ماء. فانتهيت إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو في أصحابه والدولة والريح للمسلمين. فلما انهزم المسلمون انحزت إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقمت أباشر القتال وأذب عنه بالسيف وأرمي عن القوس حتى خلصت الجراح إلي. قالت فرأيت على عاتقها جرحا أجوف له غور. فقلت لها: من أصابك بهذا؟ قالت: ابن قمئة**

**أقمأه الله. لما ولى الناس عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أقبل يقول: دلوني على محمد لا نجوت إن نجا. فاعترضت له أنا ومصعب بن عمير وأناس ممن ثبت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فضربني هذه الضربة. ولقد ضربته على ذلك ضربات ولكن عدو الله كانت عليه درعان.** (البداية والنهاية ٤/٤١٠، فصل في قتال أم عمارة، ط:دارالمؤيد، الرياض)

ترجمہ: حضرت ام سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضرت ام عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی اور میں نے عرض کیا اے خالہ جان مجھے اپنا واقعہ سنائیں۔ حضرت ام عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا میں بوقتِ صبح لوگوں کی حالت دیکھنے کے لئے نکلی اور میرے ہاتھ میں پانی کا مشکیزہ تھا۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہونچی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ تھے اور فتح مسلمانوں کے ساتھ تھی۔ جب مسلمانوں کو ظاہری شکست ہوئی تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف رخ کیا اور میں نے قتال شروع کیا اور تلوار سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دفاع کر رہی تھی اور مجھے ایک زخم لگا۔

حضرت ام سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں نے ان کے کندھے پر ایک زخم دیکھا جو کافی گہرا تھا۔ میں نے پوچھا کہ کس نے آپکو زخمی کیا تو انھوں نے فرمایا ابن قمئہ نے۔ جب لوگ آپ صلی اللہ علیہ سلم سے دور ہو گئے تو وہ آگے بڑھا اور کہا کہ مجھے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف رہنمائی کرو اگر وہ بچ گئے تو میں نہیں بچ سکتا۔ میں اور حضرت مصعب بن عمیر اور چند صحابہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے حائل بن گئے تو اس نے مجھے یہ زخم لگایا۔ میں نے اسکو وار کیا لیکن اس اللہ کے دشمن نے دو زرہیں پہنی تھیں۔



## ام سلیمؓ کی جہاد میں شرکت اور قتال:

**عن أنس رضي الله تعالى عنه قال: جاء أبو طلحة يوم حنين يُضْحِكُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم. فقال: يا رسول الله! ألم تر إلى أم سليم معها خنجر. فقال لها رسول الله صلى الله عليه وسلم: يا أم سليم! ما أردت إليه؟ قالت: أردت إن دنا ألي أحد منهم طعنته به.**

(المصنف لابن أبي شيبة: ٥٢٣/٢٠، رقم: ٣٨١٤٢، ومسلم، ١٨٠٩).

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ غزوۂ حنین کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور ہنسانے کی غرض سے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپ نے ام سلیم کو نہیں دیکھا اسکے ہاتھ میں ایک خنجر ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا: اے ام سلیم! کیا ارادہ ہے؟

ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: اگر کوئی میرے قریب آئے تو میں اسکو اس خنجر سے مارونگی۔

## اسماء بنت یزید کی جہاد میں شرکت وقتال:

**عن محمد بن مهاجر وعمرو بن مهاجر عن أبيهما أن أسماء بنت يزيد بن السكن بنت عم معاذ بن جبل قتلت يوم اليرموك تسعة من الروم بعمود فسطاطها.** (المعجم الكبير للطبراني رقم: ٤٠٣ وقال الهيثمي: رواه الطبراني ورجاله ثقات).

ترجمہ: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی چچازاد بہن حضرت اسماء بنت یزید رضی

اللہ تعالیٰ عنہا نے جنگِ یرموک میں نو رومیوں کو اپنے خیمہ کے ستون سے قتل کیا۔

یاد رہے کہ جنگِ یرموک ایک قول کے مطابق حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت میں ۱۳ھ ہوئی تھی، اور مشہور قول یہ ہے کہ ۵ رجب ۱۵ھ بموافق ۶۳۶ء میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت میں ہوئی تھی (البدایہ والنہایہ: ۷/۷، ط: الریاض، والتاریخ الاسلامی ص ۸۷، للدکتور محمد سہیل)۔

جس سے معلوم ہوا کہ خواتین کی جہاد میں شرکت منسوخ نہیں ہوئی۔

## ام حکیم بنت الحارث بن ہشام کی جہاد میں شرکت اور قتال:

حضرت ام حکیم غزوۂ احد میں شریک تھیں جبکہ اسلام نہیں لائی تھی اور فتح مکہ کے موقع پر مشرف بہ اسلام ہوئیں اور ان کے شوہر یمن کی طرف بھاگ نکلے تو حضرت ام حکیمؓ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اجازت سے اپنے شوہر کی طرف رخ کیا اور حضرت عکرمہ حضرت ام حکیمؓ کے ساتھ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوکر اسلام کے حلقہ بگوش ہوگئے اس کے بعد حضرت ام حکیم اپنے شوہر حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ روم کے جہاد کے لیے تشریف لے گئیں، اور حضرت عکرمہؓ اسی جنگ میں شہید ہوگئے، تو انہوں نے حضرت خالد بن سعید بن العاصؓ سے نکاح کرلیا[۱] پھر واقعہ مرج الصفر کے وقت حضرت خالدؓ نے ان کے ساتھ صحبت اور شب باشی کا ارادہ ظاہر کیا تو حضرت ام حکیم نے جواب دیا کہ آپ رومیوں کی شکست تک انتظار کرلیں تو مناسب ہوگا، حضرت خالدؓ نے کہا میرے جی میں یہ بات آئی ہے کہ میں اس جنگ میں شہید ہونے والا ہوں تو حضرت ام حکیمؓ نے کہا پھر ٹھیک ہے۔ چنانچہ وہاں ایک پل کے قریب حضرت خالدؓ نے شب باشی اور خلوت فرمائی، اس کے بعد وہ پل ''قنطرہ ام حکیم'' سے مشہور ہوگیا حضرت



خالدؓ نے شبِ زفاف کی صبح ولیمہ فرمایا مجاہدین کھانا کھانے سے فارغ ہوئے تو رومی لوگ آگئے اور جنگ شروع ہوگئی، مجاہدین نے نہر کے قریب قتال کیا حضرت ام حکیمؓ نے بھی جہاد میں شرکت کی، اور اپنے شبِ زفاف والے خیمہ کے ستون سے سات رومیوں کو قتل کیا۔(الاصابہ فی تمییز الصحابہ: ۸/۳۷۹)۔

یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد کا واقعہ ہے۔

[۱] بظاہر اس واقعہ پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ بغیر عدت گزارے کیسے نکاح کرلیا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ کتبِ تاریخ میں یہ بات مصرح ہے کہ انہوں نے چار ماہ دس دن عدت گزارنے کے بعد نکاح کیا تھا۔ راجع: (الطبقات الکبری لابن سعد: ۳/۹۸، دار صادر، والاستیعاب لابن عبدالبر: ۴/۱۹۳۲، والوافی بالوفیات لصلاح الدین خلیل بن ایبک: ۳/۸۲، ط: بیروت)۔

## ام سنانؓ کی جہاد میں شرکت کا واقعہ:

ام سنانؓ فرماتی ہیں کہ میں حضرت صفیہؓ کی رخصتی میں حاضر تھی، ہم نے ان کے بالوں میں کنگھی کی اور خوشبو لگائی وہ سب سے خوبصورت خاتون تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ شب باشی فرمائی، ہم نے حضرت صفیہؓ سے پوچھا تو انہوں نے بتلایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خلوت فرمائی۔ چند کلمات کے بعد حافظ ابن حجرؒ نے واقدی کی روایت نقل فرمائی کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر نکلنے کا ارادہ فرمایا تو میں نے کہا یا رسول اللہ! میں بھی آپ کے ساتھ نکلنا چاہتی ہوں میں مشکیزوں کو سیتی رہوں گی اور زخمیوں کا علاج کرتی رہوں گی تو آپ نے فرمایا آپ کی دوسری سہیلیاں جن کو میں نے شرکت کی اجازت دی، کچھ آپ کی قوم سے اور کچھ دوسری

عورتیں ہیں تو آپ ام سلمہؓ کے ساتھ رہیں۔ (الاصابہ:۸/۴۱۲)۔

## عورتوں کے لیے جہاد میں شرکت کا جواز فقہائے کرام کی عبارات کی روشنی میں:

فقہائے کرام کی عبارات سے یہ بات بھی معلوم ہوتی ہے کہ عورتوں کے لئے جہاد میں شریک ہونے کی اجازت ہے اور احادیثِ مبارکہ میں عورتوں کے جہاد میں شریک ہوکر قتال کرنے کا بھی ذکر ملتا ہے لیکن ہمارے فقہاء نے عورتوں کی کمزوری اور دوسری وجوہات کی وجہ سے ان کو قتال کرنے سے منع کیا ہے۔

**قال محمد رحمه اللّٰه تعالى: لا يعجبنا أن تقاتل النساء المسلمات مع الرجال إلا أن يضطر المسلمون إلى ذلک، فإن اضطر المسلمون إلى ذلک بأن جاء النفير وكان في خروجهن حاجة وضرورة فلا بأس بخروجهن للقتال . ولهن أن يخرجن في هذه الحالة من غير إذن أبائهن وأزواجهن. وليس لهم منعهن عن الخروج ويأثمون بالمنع عن الخروج وكذا إذا لم يضطر المسلمون إلى خروجهن ولكن أمكنهن القتال من بعيد من حيث الرمي فلا بأس بذلک. ولا تخرج الشواب لمداواة الجرحى وسقي الماء والطبخ والخبز لأجل العزاة. وأما العجائز اللآتي دخلن فى السن فلا بأس أن يخرجن فى الصوائف ونحوها من الجنود العظام ويداوين المرضى والجرحى ويسقين الماء ويخبزن ويطبخن ولكن لا يقاتلن.** (الفتاوى الهندية ۲/۱۸۹، كتاب السير).



**قال في الدرالمختار: لا يفرض على صبي... وعبد وامرأة. وفي رد المحتار: بخلاف المرأة ولوغيرمتزوجة لأنها ليست من أهل القتال لضعف بنيتها... وبه ظهر الفرق وهو أن عدم وجوبه على العبد لحق المولى فإذا زال حقه بإذنه ثبت الوجوب بخلاف المرأة فإنه ليس لحق الزوج بل لكونها ليست من أهله ولذا لم يجب على غير المتزوجة.**
(الدرالمختار مع فتاوى الشامي: ٤/١٢٤، كتاب الجهاد).

**ثم الأولى في إخراج النساء العجائز للطب والمداواة والسقي دون الشواب.** (فتح القدير: ٥/٢٠٠، مكتبة رشيدية).

مذکورہ بالا عبارات سے درج ذیل مسائل معلوم ہوئے:

☆ عام حالات میں عورت پر قتال فرض نہیں الا یہ کہ نفیر عام ہو۔

☆ عام حالات میں عورتیں قتال نہ کریں، ہاں دور سے تیر مارنے کی اجازت ہے۔

☆ زخمیوں کے علاج اور کھانا پکانے کے لئے عمر رسیدہ عورتیں جہاد میں جاسکتی ہیں جبکہ لشکر بڑا ہو اور ان کی گرفتاری کا اندیشہ نہ ہو۔

جہاد میں عورتوں کی گرفتاری یا ہلاکت کا کچھ نہ کچھ اندیشہ تو ہوتا ہے، لیکن پھر بھی بعض عورتوں کو نکلنے کی اجازت ہے اور تبلیغی جماعت میں الحمدللہ کوئی خطرہ نہیں پھر بھی تبلیغ میں نکلنے کی اجازت کیوں نہیں ہوگی؟

اسی طرح فقہائے کرام کی عبارات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عورتوں کے لئے اپنے محرم کے ساتھ سفر کرنے کی اجازت ہے اور تبلیغی جماعت میں مستورات محرم ہی

کے ساتھ جاتی ہیں۔

**عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لا تسافر المرأة إلا مع ذي رحم محرم.** (البخاري رقم: ١٨٦٢ باب حج النساء).

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ عورت سفر نہ کرے مگر ذو رحم محرم کے ساتھ۔

**قال محمد رحمه الله تعالى: ويجوز له أن يسافر بها وأن يخلو بها يعني لمحارمه إذا أمن على نفسه ... فقد أباح للمرأة المسافرة مع ذي رحم المحرم وإنه يوجب إباحة المسافرة للمحرم معها.** (المحيط البرهاني: ٥/٣٣٣، كتاب الاستحسان والكراهة).

**ومتى جاز المس جاز سفره بها ويخلو إذا أمن عليه وعليها.** (الدر المختار: ٦/٣٦٨، سعيد).

**اعتراض (۱۰):** جب تبلیغ میں عورتوں کا جانا مطلوب ہے تو ازواج مطہرات نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تبلیغ کے لئے کیوں سفر نہیں کیا؟

**الجواب:** اس کا جواب گزر چکا ہے کہ ازواجِ مطہرات جہاد کے سفر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوتی تھیں، جہاد تو تبلیغ سے بھی زیادہ پر مشقت ہے نیز تبلیغ جہاد کی ایک قسم ہے۔

## تبلیغ کے جہاد ہونے پر چند دلائل ملاحظہ ہوں۔

☆ لسان العرب اور تاج العروس میں جہاد کا مفہوم درجِ ذیل ہے:



**الجهاد: استفراغ الوسع في الحرب أو اللسان أو ما أطاق من شيء.** (لسان العرب ٣/١٣٥، دار الفكر).

ترجمہ: جہاد اپنی طاقت کو لڑائی میں خرچ کرنا یا زبان کو یا جس چیز کی بھی طاقت ہو اسکو خرچ کرنا۔

**وحقيقة الجهاد كما قال الراغب: استفراغ الوسع والجهد فيما لا يرتضي.** (تاج العروس: ١/١٩٤٥).

ترجمہ: جہاد کی حقیقت یہ ہے کہ اپنی وسعت اور طاقت کو خرچ کرنا کسی ناپسندیدہ چیز کے دفع کرنے میں۔

☆ **أفضلها (أي الأعمال) الجهاد في سبيل الله وهو نوعان، أفضلها جهاد المؤمن بعدوه الكافر وقتاله في سبيل الله، فإن فيه دعوة له إلى الإيمان بالله ورسوله ليدخل في الإيمان...فالجهاد في سبيل الله دعاء الخلق إلى الإيمان بالله ورسوله بالسيف واللسان بعد دعائهم إليه بالحجة والبرهان...والنوع الثاني من الجهاد، جهاد النفس في طاعة الله...وأعظم مجاهدة النفس على طاعة الله عمارة بيوته بالذكر والطاعة.** (لطائف المعارف لابن رجب الحنبلي، ص: ٢٢٧، دار ابن حزم للطبعة والنشر).

علامہ ابن رجب حنبلی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: جہاد فی سبیل اللہ کی دو قسمیں ہیں، افضل تو یہ ہے کہ مؤمن اپنے ظاہری دشمن یعنی کفار کے ساتھ جنگ وقتال کرے، اسلئے کہ اسمیں انکو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کی دعوت ہے تاکہ وہ اسلام میں داخل ہوجائیں۔ لہذا جہاد فی سبیل اللہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو ایمان کی

دعوت دینا ہے چاہے زبان کے ذریعہ ہو یا تلوار کے ذریعہ۔ اور دوسری قسم وہ ہے کہ انسان اپنے نفس کو اللہ تعالی کی اطاعت پر لانے کے لئے اپنی طاقت کو استعمال کرے، اور مجاہدۃ النفس میں سب سے اعظم جہاد مساجد کو اللہ تعالی کی اطاعت اور ذکر سے آباد کرنا ہے۔

☆ **وأما الجهاد في اللغة فعبارة عن بذل الجهد بالضم وهو الوسع والطاقة، أو عن المبالغة في العمل من الجهد بالفتح، وفي عرف الشرع يستعمل في بذل الوسع والطاقة بالقتال في سبيل الله عز وجل بالنفس والمال واللسان أو غير ذلك.** (بدائع الصنائع ۹۷/۷، ایچ ایم سعید).

علامہ کاسانی رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہیں: جہاد کا لغوی معنی طاقت کو استعمال کرنا یا مبالغہ کے ساتھ کام کرنا، اور شرعاً اللہ تعالی کے راستہ میں لڑائی کرنے کے لئے طاقت کو استعمال کرنا یا اسمیں مبالغہ کرنا جان، مال اور زبان وغیرہ کے ذریعہ۔ اور شریعت میں جہاد کا مفہوم یہ ہے کہ اپنی طاقت اور وسعت کو اللہ تعالی کے راستے میں استعمال کرنا، جان، مال اور زبان وغیرہ کے ذریعہ۔

☆ **قوله مصدر جاهد: أي بذل وسعه وهذا عام يشمل المجاهد بكل أمر بمعروف ونهي عن منكر.** (الشامي: ۱۲۱/٤، ایچ ایم سعید).

علامہ شامی رحمہ اللہ تعالی لکھتے ہیں: جہاد جاہد کا مصدر ہے جس کے معنی ہیں اپنی طاقت خرچ کرنا، اور یہ عام ہے ہر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں اپنی طاقت کو استعمال کرنے والے کو شامل ہے۔

☆ ﴿**يأيها النبي جاهد الكفار والمنافقين.**﴾ (سورة التوبة آية:۷۳).



ترجمہ: اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم)! جہاد کر کفار اور منافقین سے۔

**ظاهره يقتضي مقاتلة المنافقين وهم غير مظهرين للكفر ولا نحكم بالظاهر لأنا نحكم بالظاهر كما في الخبر، ولذا فسر ابن عباس والسدي ومجاهد جهاد الأولين بالسيف والآخرين باللسان، وذلك بنحو الوعظ وإلزام الحجة بناء على أن الجهاد بذل الجهد في دفع ما لا يرضى وهو أعم من أن يكون بالقتال أو بغيره.** (روح المعاني ۱۳٦/۱۰، مكتبه دار التراث).

علامہ آلوسی رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہیں: آیت کے ظاہر سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ منافقین سے قتال کرو، جب کہ منافقین کفر ونفاق کو ظاہر نہیں کرتے ہیں، اس لیے ہم آیت کے ظاہر پر عمل نہیں کریں گے کیونکہ کہ شریعت نے ہمیں لوگوں کی ظاہری حالت پر فیصلہ کا حکم دیا ہے، چنانچہ مفسرین نے فرمایا ہے کہ کفار سے جہاد بالسیف مراد ہے اور منافقین سے جہاد باللسان مراد ہے، یعنی وعظ وغیرہ کے ذریعہ، اسلئے کہ جہاد کا معنی ہیں نامرضیات کے دفع میں اپنی طاقت کو خرچ کرنا چاہے قتال کے ذریعہ ہو یا کسی اور طریقہ سے۔

علامہ شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ تعالی لکھتے ہیں: جہاد کا معنی ہیں کسی ناپسندیدہ چیز کے دفع کرنے میں انتہائی کوشش کرنا۔ یہ کوشش کبھی ہتھیار سے ہوتی ہے، کبھی زبان سے، کبھی قلم سے، کبھی کسی اور طریق سے، منافقین جو زبان سے اسلام کا اظہار کریں اور دل سے مسلمان نہ ہوں، انکے مقابلہ میں جہاد بالسیف جمہور امت کے نزدیک مشروع نہیں، نہ عہد نبوت میں ایسا واقع ہوا۔ اسی لئے جہاد کا لفظ اس آیت میں عام رکھا گیا ہے

یعنی تلوار سے، زبان سے، قلم سے، جس وقت جس کے مقابلہ میں جس طرح مصلحت ہو جہاد کیا جائے۔ (تفسیر عثمانی، ص:۲۶۳، سورۃ التوبۃ)۔

☆ ﴿فلا تطع الكافرين وجاهدهم به جهاداً كبيراً.﴾ (سورة الفرقان آية: ٥٢).

سو تم کافروں کا کہنا مت مانوں، اور قرآن کے ذریعہ ان کے ساتھ مقابلہ کیجئے۔

**وجاهدهم به أي بالقرآن قاله ابن عباس رضي الله تعالى عنه.** (تفسير ابن كثير ٣/٣٥٤، مكتب الرياض).

اس آیت میں جہاد کا اطلاق جہاد باللسان پر ہوا ہے جیسے کہ تفسیر سے واضح ہے۔

☆ ﴿وجاهدوا فى الله حق جهاده.﴾ (سورة الحج آية:٧٨).

اور اللہ تعالی کے واسطے محنت کرو جیسے کہ محنت کرنے کا حق ہے۔

**استفرغوا وسعكم في إحياء دين الله تعالى وإقامة حقوقه بالحرب وباليد واللسان وجميع ما يمكن، وردوا أنفسكم عن الهوى والميل.** (تفسير الرازي ١١/١٥٧).

علامہ رازی رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہیں: اللہ تعالی کے دین اور اللہ تعالی کے حقوق کو قائم کرنے کے لئے اپنی طاقت کو خرچ کرو یا تو قتال کے ذریعہ یا زبان یا ہاتھ کے ذریعہ یا ہر ممکن طریق سے۔

**أي بأموالكم وألسنتكم وأنفسكم.** (تفسير ابن كثير ٣/٢٦١، مكتب الرياض).

یعنی اللہ تعالی کے دین کے لئے جہاد تمہارے مال، زبان اور جان، تینوں کے



ذریعہ کرو۔

**والأولى أن يكون المراد به ضروبه الثلاثة.** (روح المعاني ١٧/٢٠٩).

یعنی اولی اور بہتر یہی ہے کہ اس آیت میں جہاد کی تینوں قسمیں مراد ہوں یعنی جہاد بالمال واللسان والنفس۔

☆ ﴿والذين جاهدوا فينا لنهدينهم سبلنا.﴾ (سورة العنكبوت آية:٦٩).

ترجمہ: اور جو لوگ ہماری راہ میں مشقتیں برداشت کرتے ہیں ہم انکوں ہماری جنت کے راستے دکھا دینگے۔

**قال سهل بن عبد الله: والذين جاهدوا في إقامة السنة لنهدينهم سبل الجنة.** (تفسير النسفي ٤/٢٦٥، دار الفكر).

علامہ نسفی رحمہ اللہ تعالی اس آیت کی تفسیر میں شیخ سہل بن عبد اللہ کا قول نقل کرتے ہیں کہ جو لوگ سنت کو زندہ کرنے کے لئے مشقت اٹھاتے ہیں ہم انکو جنت کا راستہ دکھائیں گے۔

**قال السدي وغيره: إن هذه الآية نزلت قبل فرض القتال، قال ابن عطية: فهي قبل الجهاد العرفي وإنما هو جهاد عام في دين الله و طلب مرضاته...وقال أبو سليمان الداراني: ليس الجهاد فى الآية قتال الكفار فقط بل هو نصر الدين، والرد على المبطلين، وقمع الظالمين، و عظمه الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر، ومنه مجاهدة النفوس في طاعة الله وهو الجهاد الأكبر.** (الجامع لأحكام القران ١٣/٢٤٢).

علامہ قرطبی رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہیں کہ یہ آیت قتال اور عرفی جہاد کی فرضیت

سے پہلے نازل ہوئی پس اس سے اللہ تعالی کے دین اور اللہ تعالی کی مرضیات کے حصول میں مشقت برداشت کرنا مراد ہے، شیخ سلیمان دارانی رحمہ اللہ تعالی فرماتے ہیں: آیت میں جہاد سے مراد صرف کفار سے قتال مراد نہیں بلکہ نصرتِ دین مراد ہے اور مبطلین پر رد کرنا ظالمین کو ذلیل کرنا اور اسمیں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ایک عظیم مرتبہ رکھتا ہے۔

☆ ﴿**یجاهدون في سبیل اللّٰه ولا یخافون لومة لائم.**﴾ (سورة المائدة آية: ٥٤).

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کی راہ میں مشقت برداشت کرتے ہیں اور کسی کے الزام سے ڈرتے نہیں۔

**فبين اللّٰه تعالى في هذه الآية أن من كان قوياً في الدين فإنه لايخاف في نصرة دين اللّٰه بيده ولسانه لومة لائم.** (تفسير الرازي ٦/٨٥).

اللہ تعالی نے اس آیت میں یہ بیان کیا کہ جو آدمی دین پر قوی ہو وہ ہاتھ یا زبان کے ذریعہ اللہ تعالی کے دین کی نصرت میں کسی کی ملامت سے نہیں ڈرتا۔

**أي لايردهم عما هم فيه من طاعة اللّٰه، وإقامة الحدود، وقتال أعدائه، والأمر بالمعروف، والنهي عن المنكر، لايردهم عن ذلك راد، ولا يصدهم عنه صاد.** (تفسير لابن كثير: ٢/٨٠، مكتب الرياض).

اللہ تعالی کی اطاعت سے اور حدود کو قائم کرنے سے، دشمنوں کا مقابلہ کرنے سے، اور امر بالمعروف نہی عن المنکر سے انکو کوئی روک نہیں سکتا۔

☆ ﴿**ادع إلى سبيل ربك بالحكمة والموعظة الحسنة.**﴾



(سورة النحل آية:١٢٥).

ترجمہ: اپنے رب کی راہ کی طرف بلاؤ حکمت اور اچھی نصیحت کے ذریعہ۔

☆ **عن ابن مسعود رضي اللّٰه تعالى عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: ما من نبي بعثه اللّٰه في أمته قبلي إلا كان له في أمته حواريون وأصحاب يأخذون بسنته ويقتدون بأمره، ثم إنها تخلف من بعدهم خلوف يقولون ما لايفعلون ويفعلون ما لايؤمرون، فمن جاهدهم بيده فهو مؤمن، ومن جاهدهم بلسانه فهو مؤمن، ومن جاهدهم بقلبه فهم مؤمن، وليس وراء ذلك من الإيمان حبة خردل.**

(مسلم رقم:١٨٨ باب بيان كون النهي عن المنكر من الإيمان).

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھ سے پہلے جتنے نبی بھیجے گئے ہر نبی کی امت میں انکے حواریین اور ساتھی ہوتے رہیں، جو انکی سنتوں کو لیتے اور انکے حکموں کی پیروی کرتے، پھر انکے بعد برے نائبین آئے جو ایسی باتیں کہتے ہیں جن پر خود عمل نہ کرتے اور ایسے کام کرتے جنکا انکو حکم نہیں دیا گیا، پس جو انکے ساتھ ہاتھ سے جہاد کرے وہ مؤمن ہے، اور جو انکے ساتھ زبان سے جہاد کرے وہ بھی مؤمن ہے، اور جو دل کے ساتھ جہاد کرے وہ بھی مؤمن ہے، اس کے بعد رائی کے دانہ کے برابر بھی ایمان نہیں رہتا۔

☆ **عن أنس رضي اللّٰه تعالى عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: جاهدوا المشركين بأموالكم وأنفسكم وألسنتكم.** (أبو داود رقم:٢٥٠٦ باب كراهة ترك الغزو، والنسائي رقم:٣٠٩٦ باب وجوب الجهاد).

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مشرکین کے ساتھ جہاد کرو، مال، ہاتھ اور زبان سے۔

☆ **عن علي رضي الله تعالى عنه قال: الجهاد ثلاثة، جهاد بيد وجهاد بلسان وجهاد بقلب، فأول ما يغلب عليه جهاد اليد ثم جهاد اللسان، وإذا كان القلب لايعرف معروفا ولاينكر منكرا نكس فجعل أعلاه أسفله.** (شعب الإيمان للبيهقي رقم:٧١٧٧ باب أحاديث في وجوب الأمر بالمعروف والنهی عن المنكر، وقال التقي الدين الندوي في تعليقاته: فيه شيخ المؤلف لم أعرفه وبقية رجاله ثقات).

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جہاد کی تین قسمیں ہیں: ہاتھ سے جہاد کرنا، زبان سے جہاد کرنا، دل سے جہاد کرنا، سب سے پہلے ہاتھ کا جہاد مغلوب ہوگا پھر زبان کا پھر دل کا، اور جب دل حق کو حق نہ سمجھے اور منکر کو منکر نہ سمجھے تو دل الٹا ہو جاتا ہے، پس اس کے اوپر کا حصہ نیچے ہو جائیگا۔

☆ **عن جابر رضي الله تعالى عنه قال: قدم على رسول الله صلى الله عليه وسلم قوم غزاة، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: قدمتم خير مقدم من الجهاد الأصغر إلى الجهاد الأكبر. قالوا: وما الجهاد الأكبر؟ قال مجاهدة العبد هواه.** (البيهقي فی الزهد رقم:٣٨٤ وإسناده ضعيف، فيه ليث بن أبي سليم ويختلط كثيرا، وقال العلامة الآلوسي في روح المعاني تحت آية "وجاهدوا فی الله حق جهاده": وفي إسناده ضعف مغتفر في مثله. ١٧/٢٠٩).

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا کہ ایک لشکر نبی کریم صلی اللہ علیہ



وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو خیر مقدم کہا اور فرمایا کہ تم جہاد اصغر سے جہاد اکبر کی طرف لوٹے، لشکر نے پوچھا کہ جہاد اکبر کیا ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، بندہ کا اپنی خواہشات کے مقابلہ میں مشقت برداشت کرنا۔

دوسری روایات بھی اس کی مؤید ہیں۔

**قال النبي صلى الله عليه وسلم: المجاهد من جاهد نفسه.** (الترمذي رقم:١٧٢١ باب ما جاء فی فضل من مات مرابطا).

**وفي رواية: المجاهد من جاهد نفسه في طاعة الله.** (مسند أحمد رقم: ٦٢٤٦٩٤).

**وجهاد النفس هو الجهاد الأكبر.** (روح المعاني: ١٦/٢١).

**والمجاهد أي الحقيقي من جاهد نفسه في طاعة الله إذ هو الجهاد الأكبر.** (مرقاة المفاتيح ١/١٠٨، مكتبه إمدادية).

**جهاد المرء نفسه هو الجهاد الأكبر وحرب العدو الأصغر، قال تعالى: ﴿وأما من خاف مقام ربه ونهى النفس عن الهوى فإن الجنة هي المأوى﴾.** (شرح البخاری لابن بطال ١٠/٢١٠، مكتبة الرشد).

مذکورہ بالا عبارات کا خلاصہ یہ ہے کہ نفس کے خلاف جہاد کرنا یہ جہاد اکبر ہے۔

**جواب (۲)** دوسرا جواب یہ ہے کہ تبلیغ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر سے عبارت ہے جس میں اصلاح ذات البین ایک اہم شعبہ ہے اور اس کام کیلئے بعض ازواج مطہرات کا نکلنا ثابت ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا جو تمام ازواج مطہرات میں افضل ہیں اور انکی فضیلت دوسری عورتوں پر ایسی ہے جیسے ثرید کی فضیلت باقی طعام پر، وہ واقعہ جمل کے موقع پر اصلاح کیلئے نکلی تھیں۔

واقعہ مختصراً یوں تھا کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو مکہ مکرمہ میں حضرت طلحہ حضرت زبیر حضرت ابن عمر یعلی بن امیہ بصرہ کے حاکم عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہم کا اجتماع ہوا اور مکہ مکرمہ میں بعض ازواج مطہرات یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا موجود تھیں، ان سب حضرات کا کہنا تھا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے خون کا بدلہ لینا چاہئے۔ آخر میں سب حضرات نے بصرہ جانے پر اتفاق کیا، کیونکہ وہاں حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے ماننے والے بہت تھے اور مسلمانوں کی لشکرگاہ تھی، مقصد یہ تھا کہ جمع عظیم قصاص کا مطالبہ کرے تو بات مؤثر ہوگی، ان سب نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا پر اصرار کیا کہ ہمارے ساتھ تشریف لیجائیں تاکہ فتنہ ختم ہوجائے، حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے سفر کا مقصد دریافت کرنے کے لیے حضرت قعقاع کو بھیجا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ میں مسلمانوں کے درمیان صلح اور اصلاح کی غرض سے آئی ہوں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جب خبر دی گئی تو وہ بہت خوش ہوئے اور انہوں نے خطبہ دیا جس میں یوں فرمایا کہ کل ہم واپس جارہے ہیں۔ مفسدین نے کہا ہمیں معلوم نہیں تھا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کی رائے بھی وہی ہے جو دوسروں کی ہے، بعض حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کی جماعت میں رہے اور بعض حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کی جماعت میں داخل ہوگئے اور انہوں نے دوسرے دن علی الصباح حملہ کرلیا۔



**قال النبي صلى الله عليه وسلم: فضل عائشة على النساء كفضل الثريد على سائر الطعام.** (البخاري رقم: ٣٧٧٠ باب فضل عائشة).

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حضرت عائشہ کی فضیلت دوسری عورتوں پر ایسی ہے جیسے کہ ثرید کی فضیلت حضرت باقی کھانوں پر۔

**وعائشة رضي الله عنها، إنما خرجت من بيتها إلى مكة للحج وخرجت معها لذلك أيضا أم سلمة رضي الله عنها وهي وكذا صفية مقبولة عند الشيعة، لكنها لما سمعت بقتل عثمان رضي الله تعالى عنه وانحياز قتلته إلى علي كرم الله تعالى وجهه حزنت حزنا شديدا واستشعرت اختلال أمر المسلمين وحصول الفساد والفتنة فيما بينهم، وبينما هي كذلك جاء ها طلحة والزبير ونعمان بن بشير وكعب بن عجرة في آخرين من الصحابة رضي الله تعالى عنهم هاربين من المدينة خائفين من قتلة عثمان رضي الله تعالى عنهم لما أنهم أظهروا المباهاة بفعلهم القبيح، وأعلنوا بسب عثمان، فضاقت قلوب أولئك الكرام وجعلوا يستقبحون ما وقع ويشنعون على أولئك السفلة ويلومونهم على ذلك الفعل الأشنع، فصح عندهم عزمهم على إلحاقهم بعثمان رضي الله تعالى عنه وعلموا أن لاقدرة لهم على منعهم إذا هموا بذلك، فخرجوا إلى مكة ولاذوا بأم المؤمنين وأخبروها الخبر، فقالت لهم: أرى الصلاح أن لا ترجعوا إلى المدينة مادام أولئك السفلة فيها محيطين بمجلس الأمير علي كرم الله وجهه غير**

قادر على القصاص منهم أو طردهم، فأقيموا ببلد تأمنون فيه وانتظروا انتظام أمور أمير المؤمنين رضي الله تعالى عنه وقوة شوكته واسعوا في تفرقهم عنه وإعانته على الانتقام منهم ليكونوا عبرة لمن بعدهم، فارتضوا ذلك واستحسنوه، فاختاروا البصرة لما أنها كانت إذ ذاك مجمعا لجنود المسلمين ورجحوها على غيرها، وألحوا على أمهم رضى الله تعالى عنها أن تكون معهم إلى أن ترتفع الفتنة ويحصل الأمن وتنتظم أمور الخلافة، وأرادوا بذلك زيادة احترامهم وقوة أمنيتهم لما أنها أم المؤمنين والزوج المحترمة غاية الاحترام لرسول الله صلى الله عليه وسلم وأنها كانت أحب أزواجه إليه وأكثرهن قبولا عنده وبنت خليفته الأول رضي الله تعالى عنه، **فسارت معهم بقصد الاصلاح وانتظام الأمور وحفظ عدة نفوس من كبار الصحابة رضي الله تعالى عنهم**، وكان معها ابن اختها عبد الله بن الزبير وغيره من أبناء أخواتها أم كلثوم زوج طلحة وأسماء زوج الزبير بل كل من معها بمنزلة الأبناء في المحرمية، وكانت في هودج من حديد. فبلغ الأمير كرم الله وجهه خبر التوجه إلى البصرة أولئك القتلة السفلة على غير وجهه وحملوه على أن يخرج إليهم ويعاقبهم، وأشار عليه الحسن والحسين وعبد الله بن جعفر وعبد الله بن عباس رضي الله تعالى عنهم بعدم الخروج واللبث إلى أن يتضح الحال فأبى رضي الله تعالى عنه



ليقضي الله أمرا كان مفعولا. فخرج كرم الله وجهه ومعه أولئك الأشرار أهل الفتنة، فلما وصلوا قريبا من البصرة أرسلوا القعقاع إلى أم المؤمنين فقال: يا أماه! ما أشخصك وأقدمك هذه البلدة؟ فقالت: أي بني **الإصلاح بين الناس**، ثم بعثت إلى طلحة والزبير. فقال القعقاع: أخبراني بوجه الصلاح. قالا: إقامة الحد على قتلة عثمان وتطييب قلوب أوليائه فيكون ذلك سببا لأمننا وعبرة لمن بعدهم. فقال القعقاع: هذا لايكون إلا بعد اتفاق كلمة المسلمين وستكون الفتنة فعليكما بالمسالمة في هذه الساعة. فقالا: أصبت وأحسنت فرجع إلى الأمير كرم الله وجهه فأخبره بذلك، فسر به واستبشر وأشرف القوم على الرجوع ولبثوا ثلاثة أيام لايشكون في الصلح، فلما غشيتهم ليلة اليوم الرابع وقررت الرسل والوسائط في البين أن يظهروا المصالحة صبيحة هذه الليلة ويلاقي الأمير كرم الله وجهه طلحة والزبير رضي الله تعالى عنهما وأولئك القتلة ليسوا حاضرين معه وتحققوا ذلك، ثقل عليهم واضطربوا وضاقت عليهم الأرض بمارحبت فتشاوروا فيما بينهم أن يغيروا على من كان مع عائشة من المسلمين ليظنوا الغدر من الأمير كرم الله تعالى وجهه، فيهجموا على عسكره فيظنوا بهم أنهم هم الذين غدروا فينشب القتال، ففعلوا ذلك فهجم من كان مع عائشة على عسكر الأمير وصرخ أولئك القتلة بالغدر فالتحم القتال وركب الأمير متعجبا فرأى الوطيس قد حمي

والرجال قد سبحت بالدماء، فلم يسعه رضي الله تعالى عنه إلا الاشتغال بالحرب والطعن والضرب. (روح المعاني:٢٢/٩، مكتبة دار التراث).

وأما قوله تقاتلين عليا فكذب فإن عائشة رضي الله تعالى عنها لم تقاتل ولم تخرج لقتال وإنما خرجت بقصد الإصلاح بين المسلمين. (المنتقى من منهاج الاعتدال في نقض كلام أهل الرفض والاعتزال ص ٢٣٥).

ترجمہ: بہرحال یہ بات کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کے ساتھ قتال کے لئے نکلیں تو یہ جھوٹ ہے اسلئے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا تو صرف مسلمانوں میں اصلاح کی غرض سے نکلی تھیں۔

ومضت عائشة رضي الله تعالى عنها وهي تقول: اللهم إنك تعلم أني لا أريد إلا الإصلاح. (الثقات لابن حبان: ٢/٢٨٠، دار الفكر).

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا یہ کہتی ہوئی نکلیں اے اللہ آپ جانتے ہو کہ میں صرف اصلاح کی غرض سے نکلی ہوں۔

فبعث علي القعقاع رسولا إلى طلحة والزبير بالبصرة يدعوهما إلى الألفة والجماعة، ويعظم عليهما الفرقة والاختلاف، فذهب القعقاع إلى البصرة فبدأ بعائشة أم المؤمنين، فقال أي أماه! ما أقدمك هذا البلد؟ فقالت: أي بني! **الإصلاح بين الناس** ...فرجع إلى علي فأخبره فأعجبه ذلك، وأشرف القوم على الصلح، كره ذلك من كرهه ورضيه من رضيه، وأرسلت عائشة رضي الله تعالى عنها إلى علي رضي الله تعالى عنه تعلمه أنها جاءت للصلح، ففرح هؤلاء وهؤلاء.



وقام علي رضى الله تعالى عنه في الناس خطيبا فذكر الجاهلية وشقاءها وأعمالها...ثم قال: ألا إني مرتحل غدا فارتحلوا، ولايرتحل معي أحد أعان على قتل عثمان بشيء من أمور الناس. (البداية والنهاية:٧/٢٥٤، دار المؤيد للنشر والتوزيع الرياض).

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے حضرت قعقاع رضی اللہ تعالی عنہ کو حضرت طلحہ اور حضرت زبیر رضی اللہ تعالی عنہما کے پاس اختلاف کے نقصانات سمجھانے اور اتحاد اور اتفاق کی طرف دعوت دینے کے لئے بھیجا، حضرت قعقاع رضی اللہ تعالی عنہ بصرہ گئے اور سب سے پہلے ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کے پاس گئے اور فرمایا: اے میری ماں! کس مقصد سے آپ کا اس شہر میں آنا ہوا؟ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا نے فرمایا: اے میرے بیٹے! لوگوں کے درمیان صلح کرانے کی غرض سے آئی ہوں...حضرت قعقاع رضی اللہ تعالی عنہ حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کے پاس لوٹے اور انکو بتایا، حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ بہت خوش ہوئے اور لوگ صلح کرنے کے قریب ہوگئے، اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا نے حضرت علی رضی اللہ تعالی کو پیغام بھیجا کہ میں صلح کے لئے آئی ہوں، دونوں فریق خوش ہوگئے، حضرت علی رضی اللہ تعالی نے خطبہ دیا اور فرمایا: میں کل واپس جانے والا ہوں تم بھی واپس چلو اور میرے ساتھ وہ لوگ نہ آئیں جنہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ کے قتل میں اعانت کی تھی۔

وليس كذلك لأن المعروف من مذهب أبي بكرة أنه كان على رأي عائشة رضى الله عنها في طلب الإصلاح بين الناس، ولم يكن قصدهم القتال، لكن لما انتشبت الحرب لم يكن لمن معها بد من

**المقاتلة** . (فتح الباري:١٣/٥٦، دار النشر باكستان).

ترجمہ: صورتِ حال اس طرح نہیں کیونکہ ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کا مشہور اور معروف مذہب یہی ہے کہ وہ بھی حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کی طرح لوگوں کے درمیان اصلاح کی غرض سے آئے تھے اور انکا مقصد قتل وقتال نہیں تھا لیکن جب لڑائی چھڑ گئی تو قتال کرنے سے کوئی چارہ نہ رہا۔

**اشکال**: روایات میں یہ آتا ہے کے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا بعد میں اپنے نکلنے پر پشیمان ہوئی تھیں، اسکا جواب کیا ہے؟

**عن قيس بن أبي حازم عن عائشة رضي الله تعالى عنها قالت: وددت أني ثكلت عشرة مثل ولد الحارث بن هشام و إني لم أسر مسيرى الذى سرت**. (دلائل النبوة للبيهقي رقم:٢٧١٣ باب ما جاء في إخباره بأن واحدة من أمهات المؤمنين تنبح عليها كلاب الحوأب).

**عن علي بن عمرو الثقفي عن عائشة رضي الله تعالى عنها قالت: لأن أكون جلست من مسيري كان أحب إلي من أن يكون لي عشرة مثل ولد الحارث بن هشام**. (المصنف لابن أبي شيبة رقم:٣٨٩٦٦ كتاب الجمل).

**الجواب**: دونوں روایات کی سند پر کلام ہے، پہلی روایت میں قیس بن ابی حازم ہے جو آخری عمر میں مختلط ہو گئے تھے، اور بخاری مسلم نے اختلاط سے قبل کی روایات لی ہیں، اسکی بعض روایات منکر ہیں اور یہ روایت بھی منکرات میں سے ہے۔ اور دوسری روایت میں بھی انقطاع ہے، علی بن عمرو الثقفی کی حضرت عائشہ سے ملاقات نہیں



ہوئی اسلئے کہ وہ تبع تابعی ہے۔

**قيس بن أبي حازم: وقد تكلم أصحابنا فيه فمنهم من رفع قدره وعظمه وجعل الحديث عنه من أصح الإسناد، ومنهم من حمل عليه وقال: له أحاديث مناكير... وقال علي بن المديني: قال لي يحي بن سعيد: قيس بن أبي حازم منكر الحديث- ثم ذكر له يحيى أحاديث مناكير منها حديث كلاب الحوأب... وقال يحي بن أبي غنية: حدثنا اسماعيل بن أبي خالد قال: كبر قيس بن أبي حازم حتى جاز المئة بسنين كثيرة حتى خرف و ذهب عقله**. (تهذيب الكمال ١٢/٢٤،مؤسسة الرسالة)

ترجمہ: قیس بن ابی حازم: متکلم فیہ ہے بعض علماء نے اسکا درجہ بہت بلند کیا ہے اور اس کی سند کو اصح الاسانید میں شمار کیا ہے، اور بعض نے اس پر جرح کی ہے اور کہا ہے کے وہ مناکیر بیان کرتا ہے، علی بن مدینی فرماتے ہیں کہ یحیی بن سعید نے مجھے کہا قیس بن ابی حازم منکر الحدیث ہے، پھر یحیی نے چند مناکیر احادیث بیان کیں جن میں سے ایک حدیث حوأب تھی، یحیی بن ابی غنیۃ نے فرمایا ہم کو اسماعیل بن ابی خالد نے بیان کیا کہ قیس بن ابی حازم اتنا بڑھا ہو گیا تھا کہ اسکی عمر سو سال سے متجاوز ہو گئی تھی اور عقل میں کچھ اختلاط ہو گیا تھا۔

**علي بن عمرو الثقفي: أرسل وعنه جرير بن عبد الله لايعرف**.
(لسان الميزان رقم:٤١٢٥، بيروت).

اور اگر یہ روایات صحیح بھی مان لی جائیں پھر بھی حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کی پشیمانی کی وجہ پیش آنے والی جنگ اور لڑائی تھی جس کی وجہ سے خون بہا، اپنے

اصلاح کی غرض سے نکلنے پر پشیمان نہیں ہوئی تھیں جیسے کے خود حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں بھی روایات میں آتا ہے کہ وہ بھی مسلمانوں کے خون بہنے پر پشیمان ہوئے تھے۔

**"عن أبي جعفر قال: جلس علي وأصحابه يوم الجمل يبكون على طلحة والزبير."** (المصنف لابن أبي شيبة رقم:۳۸۹۲۹ ،المجلس العلمی).

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ جمل کے دن حضرت طلحہ وحضرت زبیر رضی اللہ عنہم کے شہید ہونے پر ندامت کا اظہار کر رہے تھے۔

**وهذا كما أن الأمير كرم الله وجهه أحزنه ذلك، فقد صح أنه رضي الله عنه لما وقع الانهزام على من مع أم المؤمنين وقتل من قتل من الجمعين، طاف في مقتل القتلى، فكان يضرب فخذيه ويقول: يا ليتني مت قبل هذا وكنت نسيا منسيا.** (روح المعانی ۱۱/۲۲، دار التراث).

خلاصہ یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ بھی جب مسلمانوں کا خون بہا تو نادم اور پشیمان ہوئے اور اپنے ہاتھ کو اپنے رانوں پر مار کر فرماتے تھے کاش میں اس واقعہ سے پہلے ہی مرگیا ہوتا۔

**قال سليمان بن صرد الخزاعی للحسن بن علی: أعذرنی عند أمير المؤمنين، فإنما منعنی من يوم الجمل كذا وكذا، قال: فقال الحسن: لقد رأيته حين اشتد القتال يلوذ بی ويقول: يا حسن! لوددت أنی مت قبل هذا بعشرين حجة.** (المصنف لابن أبی شيبة رقم:۳۸۹۹۰).

ترجمہ: حضرت سلیمان بن صرد فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ



سے عرض کیا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس میری معذرت کر لے کہ، میں فلاں فلاں عذر کی بنا پر جمل میں شریک نہ ہوسکا تھا، تو حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب آپس میں جنگ نے شدت اختیار کی اسوقت حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: اے حسن! کاش میری وفات اس واقعہ سے دس سال پہلے ہوچکی ہوتی یعنی مسلمانوں کے خون بہنے پر اظہار افسوس فرمایا۔

خلاصہ یہ ہے کہ عورتوں کا تبلیغ کے لئے پردہ کی پوری رعایت کرتے ہوئے سفر کرنا صرف جائز نہیں بلکہ مطلوب اور مستحسن ہے اور ہمارے اکابر بھی اسکی موافقت کرتے تھے، نیز مشاہدہ ہے کہ خواتین میں کام کی برکت سے بے شمار خاندانوں کی اصلاح ہوتی رہتی ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کار خیر میں زیادہ سے زیادہ حصہ لینے کی توفیق عطا فرمائیں اور سب کی محنتوں اور کوششوں کو قبول فرمائیں۔ آمین۔

**اعتراض (۱۱)** بعض حضرات فرماتے ہیں کہ حضرت مفتی محمود حسن صاحب گنگوہیؒ نے مستورات کی جماعتوں کے خروج کا فتویٰ تحریر فرمایا لیکن اس کی کوئی دلیل تحریر نہیں فرمائی؟

**الجواب:** جواباً عرض ہے کہ شاید حضرت مفتی صاحبؒ کے نزدیک اس مسئلہ کا جواز محتاجِ دلیل نہیں تھا اس لیے دلائل نہیں لکھے، بعض مرتبہ مفتی حضرات جب عوام الناس کے لیے فتویٰ لکھتے ہیں تو دلائل تحریر نہیں فرماتے کیونکہ اکثر عوام دلیل کما حقہ نہیں سمجھتے۔ بہرحال حضرت مفتی صاحبؒ کے فتوی کے دلائل ہم خدام نے تحریر کیے ہیں، ان

میں سے بعض دلائل دینی وعلمی خروج سے متعلق ہیں اور بعض کا تعلق عام خروج سے ہے، جن کی تلخیص حسبِ ذیل ہے:

## قرآنِ کریم سے دلائل:

(۱) اللہ تعالیٰ نے سورۂ توبہ کی آیت ۷۱ میں ایمان والے مرد وایمان والی عورتوں کی تعریف فرمائی اور جنت اور جنت کی نعمتوں کی بشارت دی اس وجہ سے کہ آپس میں ایک دوسرے کے دینی امور میں مددگار ہیں، اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر عورتوں کی بھی ذمہ داری ہے۔

(۲) اللہ تعالیٰ نے سورۂ تحریم میں مومن عورتوں کی اچھی صفات میں سے ایک صفت یہ بھی بیان فرمائی ''سائحات''، یعنی اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور فرماں برداری میں سفر کرنے والیاں، اور تبلیغ کا سفر اللہ تعالیٰ ہی کی اطاعت کا سفر ہے۔

(۳) آیتِ کریمہ ''ومن اتبعنی'' کے تحت مفسرین نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینا ہر اس شخص کی ذمہ داری ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا ہو چاہے مرد ہو یا عورت۔ (راجع: ایسر التفاسیر، تفسیر الخازن، التفسیر المظہری، تفسیر جلالین، معارف القرآن)۔

(۴) قرآنِ کریم میں وہ تمام نصوص جو امر بالمعروف ونہی عن المنکر اور دعوت اللہ کی طرف مشیر ہیں، ان میں مرد وعورت دونوں شامل ہیں۔

(۵) سورۂ احزاب کی آیت نمبر ۳۴ کے تحت مفسرین نے فرمایا کہ ازواجِ مطہرات پر بھی یہ لازم کیا گیا کہ جو آیاتِ قرآن ان کے گھروں میں نازل ہوں یا جو تعلیمات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کو حاصل ہوں اس کا ذکر امت کے دوسرے



افراد سے کریں، اور اللہ تعالیٰ کی امانت ان کو پہنچا دیں۔ (مستفاد از روح المعانی، واحکام القرآن للشیخ ابن عربی، ومعارف القرآن، وتفسیر حقانی)۔

## احادیث سے دلائل درجِ ذیل ہیں:

(۱) حدیث میں ہے جو شخص کسی ناجائز امر کو دیکھے اگر قدرت ہو تو ہاتھ سے اس کو روک دے ورنہ زبان سے اس پر انکار کر دے اگر اتنی بھی طاقت نہ ہو تو دل میں اس کو برا سمجھے اور یہ ایمان کا بہت کمزور درجہ ہے۔

(۲) حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص اچھائی کا حکم دے اور برائی سے منع کرے وہ زمین پر اللہ تعالیٰ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کا خلیفہ ہے۔

فائدہ: یہ احادیث اپنے عموم کی وجہ سے مرد وعورت دونوں کو شامل ہیں۔

(۳) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب لوگ کسی برائی کو ہوتے ہوئے دیکھیں اور اس کو روکنے کی کوشش نہ کریں تو اندیشہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنے عمومی عذاب میں مبتلا فرما دے۔ یہ حدیث بھی تمام مردوں وعورتوں کو شامل ہے۔

(۴) حجۃ الوداع کے موقعہ پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ارشاد فرمایا ''حاضرین غائبین تک ضرور یہ پیغام پہنچا دیں'' اس میں خواتین بھی شامل ہیں۔

(۵) جہاد بالسیف کے لیے صحابیات اور ازواجِ مطہرات کا نکلنا بکثرت احادیث میں وارد ہے، تو جہاد باللسان یعنی دعوت وتبلیغ کے لیے نکلنا درجہ اولیٰ جائز اور درست ہوگا۔

(۶) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حائضہ عورتوں کو عیدگاہ جانے اور مسلمانوں کے عمومی خطاب اور دعوت، دعا وغیرہ میں شرکت کے لیے نکلنے کا حکم دیا۔ (بخاری

شریف)۔

(۷) حضرت ام شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہا اسلام قبول کرنے کے بعد چھپ چھپ کر قریشی عورتوں کو اسلام کی دعوت دیتی تھیں۔(الاصابہ)۔

(۸) حضرت ام حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فتح مکہ کے دن اسلام قبول کیا اور اپنے شوہر حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اسلام کی دعوت پیش کرنے کے لیے یمن کا سفر اختیار کر کے تشریف لے گئیں۔(تاریخ ابن عساکر)۔

(۹) حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب حضرت ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کا ارادہ کیا تو حضرت ام سلیمؓ نے ان کو اسلام کی دعوت پیش کی، چنانچہ حضرت ابوطلحہؓ نے اسلام قبول کرلیا تو ان کے ساتھ نکاح ہوگیا۔(الاصابہ ومعرفۃ الصحابہ)۔

(۱۰) حضرت ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی چوکھٹ پر حاضر ہو کر مسئلہ دریافت کیا۔(بخاری شریف) اور تبلیغ کا مقصد بھی علم حاصل کرنا اور اس پر عمل کا مشاہدہ کر کے خود عمل پیرا ہونا ہے۔

(۱۱) حضرت ہندہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر مسئلہ دریافت فرمایا۔(بخاری شریف)۔

(۱۲) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی زوجہ حضرت زینبؓ نے حضور کے دربار میں حاضر ہو کر مسئلہ دریافت کیا۔(بخاری شریف)۔

(۱۳) ایک صحابیہؓ نے اپنی قوم کو دعوتِ اسلام پیش کی اور پوری قوم اسلام میں داخل ہوگئی۔(بخاری شریف)۔

(۱۴) حضرت فاطمہ بنت سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم اہل میت کی تعزیت کے



لیے تشریف لے گئیں۔(ابوداود شریف)۔

(۱۵) حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ جب کسی کا انتقال ہو جاتا تھا تو عورتیں جمع ہو جایا کرتی تھیں، پھر جب عام عورتیں چلی جاتی تھیں اور خاص عورتیں رہ جاتی تھیں تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ان کے لیے تلبینہ پکواتی تھیں۔(بخاری شریف)۔

(۱۶) ایک مرتبہ عورتیں اور بچے شادی کی تقریب سے واپس آرہے تھے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر ان سے فرمایا تم مجھ کو سب سے زیادہ محبوب ہو۔(بخاری شریف)۔

(۱۷) قضائے حاجت ودیگر گھریلو کام کاج کے لیے عورتوں کو گھر سے باہر جانے کی اجازت تھی۔(بخاری شریف، وروح المعانی)۔

(۱۸) نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم حج، عمرہ اور جہاد کے اسفار میں ازواجِ مطہرات کو قرعہ اندازی میں نام نکلنے پر رفیقہ سفر ہونے کا شرف عطا فرماتے تھے۔(بخاری شریف، ودیگر کتبِ حدیث وسیر)۔

(۱۹) ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کردار صلح حدیبیہ کے موقع پر روزِ روشن کی طرح آشکارا ہے، جس کی وجہ سے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام پریشانیاں یک دم راحتوں میں تبدیل ہوگئی تھیں، یعنی جو مسئلہ تقریباً ۱۴۰۰ صحابہ کی سمجھ سے بالاتر تھا اس کو ام المؤمنین نے ایک دقیقہ میں حل فرما دیا۔

(۲۰) بے شمار احادیث سے ثابت ہے کہ عورت اپنے شرعی محرم کے ساتھ سفر کر سکتی ہے، شرعی محرم کے ساتھ سفر کی اجازت احادیث میں بلا کسی قید کے مذکور ہے۔

(۲۱) غزوۂ احد میں حضرت ام عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے شرکت فرمائی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دفاع کیا۔(البدایہ والنہایہ)۔

(۲۲) غزوۂ حنین کے موقعہ پر حضرت ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے خنجر ہاتھ میں لے کر قتال فرمایا۔(مصنف ابن ابی شیبہ)۔

(۲۳) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی چچازاد بہن حضرت اسماء بنت یزید بن السکن نے جنگِ یرموک میں شرکت کی اور نو رومیوں کو قتل کیا، اور جنگِ یرموک مشہور قول کے مطابق ۱۵ھ میں حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت میں ہوئی تھی۔(المعجم الکبیر، والبدایہ والنہایہ، والتاریخ الاسلامی)۔

(۲۴) حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد بصرہ کا سفر فرمایا اور اس سفر کا مقصد لوگوں کے درمیان اصلاح تھی۔ (روح المعانی، وفتح الباری وغیرہما)۔

(۲۵) غزوۂ خندق کے موقع پر حضرت صفیہؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی نے ایک یہودی کے سر پر خیمہ کی ایک لکڑی اس زور سے ماری تھی کہ اس کا سر پھٹ گیا اور فرمایا یہ مرد ہے میں عورت ہوں، اس لیے میں ہاتھ نہیں لگاؤں گی۔(السیرۃ النبویۃ لابن ہشام:۳/ ۲۲۸، دارالمعرفۃ، وسیرتِ مصطفیٰ، ازمولانا محمد ادریس کاندھلوی)۔

(۲۶) حضرت خولہ بنت ازور رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت ضرار رضی اللہ تعالیٰ کی ہمشیرہ اور دیگر خواتین نے فتح شام، دمشق، جنگِ اجنادین وغیرہ میں شرکت کی، اور یہ واقعات حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت میں ۱۳ھ میں ظہور پذیر ہوئے تھے۔(راجع: البدایہ والنہایہ، والتاریخ الاسلامی، فتوح الشام)۔



تنبیہ: حضرت خولہ بنت ازور رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قتال کا واقعہ فتوح الشام میں تفصیل سے مذکور ہے، فتوح الشام کے علاوہ کسی اور کتاب میں یہ قصہ نہیں ملا۔ یاد رہے کہ فتوح الشام مشہور مؤرخ محمد بن عمر واقدی کی کتاب ہے، اور واقدی پر کلام اہل علم پر مخفی نہیں ہے، تاہم ہمارے بعض اکابرؒ جیسے مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلویؒ کی رائے واقدی کے بارے میں یہ تھی کہ احادیث میں تو ان کی روایات کا اعتبار نہیں، ہاں مغازی اور تاریخی واقعات کے وہ جلیل القدر امام تھے، بنابریں تاریخی واقعات ان سے نقل کرنے میں چنداں حرج نہیں ہے۔

لیکن معتدل رائے یہ ہے کہ تاریخی واقعات بھی جو اصولِ شریعت سے متصادم ہوں یا صحابہ کرام کی سیرتِ طیبہ پر زد پڑتی ہو وہاں بھی واقدی کی روایات کا اعتبار نہیں ہوگا۔ (تفصیل کے لیے مراجعت کیجئے: سیرتِ مصطفیٰ:۲/ ۹۸، مکتبہ عثمانیہ، ازمولانا محمد ادریس صاحب کاندھلویؒ)۔

## فقہاء کی عبارات کی تلخیص:

(۱) محقق ابن ہمامؒ، امام فخر الدین قاضیخانؒ، علامہ شامیؒ اور علامہ سید احمد طحطاویؒ وغیرہ چوٹی کے فقہاء نے عورتوں کو تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے گھر سے نکلنے کی اجازت دی ہے، جب کہ گھر میں اس کا انتظام نہ ہوسکتا ہو اور شوہر یا محرم نگران کی اجازت سے نکلے۔

(۲) فتاویٰ ہندیہ میں مذکور ہے کہ اگر شوہر عورت کو مجلس وعظ کے لیے گھر سے نکلنے کی اجازت دے تو کوئی حرج نہیں ہے جب کہ مجلس وعظ بدعات وغیرہ سے خالی

ہو۔

یادرہے کہ فتاویٰ ہندیہ کسی ایک مفتی کی رائے نہیں ہے بلکہ ہندوستان کے چوٹی کے علما کی ایک جماعت نے سلطان عالمگیرؒ کے حکم سے مرتب کی ہے۔

علما کی شوریٰ کے امیر شیخ نظام الدین برہان پوری تھے اور شوریٰ کے ارکان چار تھے(۱) قاضی محمد حسین جونپوری (۲) شیخ علی اکبر حسینی (۳) شیخ حامد بن ابی حامد جونپوری (۴) مفتی محمد اکرم لاہوری۔ اوران کے زیرِ نگرانی کام کرنے والے کئی علما تھے چند مشہور شخصیات حسبِ ذیل ہیں:

☆ شیخ رضی الدین بھاگلپوری ☆ شیخ عبدالرحیم بن وجیہ الدین دہلوی ☆ مفتی وجیہ الدین کوپاموی ☆ شیخ احمد بن منصور کوپاموی ☆ ابوالبرکات بن حسان الدین دہلوی ☆ شیخ محمد جمیل بن عبدالجلیل جونپوری ☆ مولانا ابوالخیر تتوی سندھی ☆ مولانا نظام الدین بن نور محمد تتوی سندھی ☆ شیخ محمد سعید بن قطب سہالوی ☆ مفتی عبدالصمد جونپوری ☆ مولانا جلال الدین مچھلی شہری ☆ قاضی عصمت اللہ بن عبدالقادر لکھنوی ☆ قاضی محمد دولہ بن یعقوب فتحپوری ☆ شیخ محمد غوث کاکوروی ☆ سید عبدالفتاح بن ہاشم صدی وغیرہ۔ (معارف العوارف، للعلامۃ عبدالحی بن فخر الدین الحسنی)۔

(۳) علامہ بدرالدین (محدث وفقیہ) عمدۃ القاری میں فرماتے ہیں کہ عورتوں کو اپنی ضروریات کے لیے پوری پردے کی رعایت کے ساتھ گھر سے نکلنے کی اجازت ہے۔

(۴) علامہ ظفر احمد عثمانی (مفتی خانقاہ تھانہ بھون) احکام القرآن (اس کتاب کے سرورق پر مرقوم ہے: علی ضوء ما افادہ حکیم الامۃ الامام الفقیہ الداعیۃ الکبیر مولانا الشیخ



اشرف علی التھانوی) میں فرماتے ہیں کہ عورتوں پر بھی مردوں کی طرح تبلیغ لازم اور ضروری ہے کیونکہ عورتیں احکام میں مردوں کے ہم پلہ اور مشابہ ہیں، ہاں عورتوں پر مردوں کو تبلیغ کرنا ضروری نہیں ہے۔

(۵) فقہاء فرماتے ہیں کہ چند مواقع میں شوہر عورت کو گھر سے باہر نکلنے کی اجازت دیگا منجلہ چند درجِ ذیل ہیں:

(۱) والدین کی زیارت، عیادت اور تعزیت کے لیے۔ (۲) محارم کی زیارت کے لیے۔ (۳) غسالہ ہو تو غسل وکفن کے لیے۔ (۴) مجلس علم میں شرکت کے لیے (۵) مجلس وعظ میں اصلاح کے لیے۔ (۶) قابلہ ہو تو امورِ ولادت کے لیے۔ (۷) کسی غیر پر اس کا حق لازم ہو تو حصولِ حق کے لیے۔ (۸) یا عورت پر کسی غیر کا حق لازم ہو تو ادائے حق کے لیے۔ (۹) شرعی محرم کے ساتھ حج، عمرہ کے لیے۔ (فتاویٰ قاضیخان، وفتاوی الشامی، وفتح القدیر، والبحر الرائق، والمحیط البرہانی، وغیرہ)۔

مذکورہ بالا امور میں تبلیغ مجلس وعظ ومجلس علم ہی کی نظیر ہے تو تبلیغ کے لیے نکلنا بدرجہ اولیٰ جائز ہوگا کیونکہ شوہر یا شرعی محرم ساتھ ہوتا ہے۔

**مفتیانِ کرام کے اسمائے گرامی جن کے مفصل فتاویٰ مذکور ہوئے:**

(۱) فقیہ الامت حضرت مفتی محمود حسن گنگوہیؒ۔ (دارالعلوم دیوبند)

(۲) مفتی اعظم حضرت مفتی نظام الدین اعظمی۔ (دارالعلوم دیوبند)

(۳) حضرت مفتی محمد یوسف لدھیانوی شہیدؒ۔ (جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن)

(۴) سابق مفتی اعظم دارالعلوم حقانیہ حضرت مفتی فرید صاحبؒ۔ (اکوڑہ خٹک)

(۵) دارالعلوم حقانیہ کے دیگر مفتیانِ کرام۔ (اکوڑہ خٹک)

(۶) حضرت مفتی محمد تقی عثمانی صاحب۔(دارالعلوم کراچی)

(۷) حضرت مفتی غلام الرحمٰن صاحب۔(جامعہ عثمانیہ پیشاور)

(۸) حضرت مولانا مفتی عاشق الٰہی صاحب مہاجر مدنیؒ۔

(۹) حضرت مولانا مفتی سید قمر صاحب۔(دارالعلوم سرحد پشاور)

(۱۰) حضرت مفتی غلام قادر صاحب۔(دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک)

(۱۱) حضرت مفتی جمال احمد صاحب۔(دارالعلوم فیصل آباد)

(۱۲) حضرت مفتی مختار اللہ صاحب۔(دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک)

(۱۳) حضرت مفتی یوسف تاؤلوی صاحب۔(استاذِ حدیث وفقہ دارالعلوم دیوبند)

(۱۴) حضرت مفتی اسماعیل واڈی والا صاحب۔(جامعہ حسینیہ راندیر، سورت)

(۱۵) حضرت مفتی احمد خانپوری صاحب۔(جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین ڈابھیل)

(۱۶) حضرت مفتی شبیر احمد قاسمی صاحب۔(شاہی مرادآباد)

(۱۷) حضرت مفتی ابراہیم صالح جی صاحب۔(مدرسہ تعلیم الدین اسپنگو بیچ، ڈربن، جنوبی افریقہ)

(۱۸) حضرت مفتی اشرف صاحب۔(جامعہ محمودیہ اسپرنگز، جنوبی افریقہ)

امید ہے کہ طالبِ حق کے لیے کافی ہوں گے، ہاں ضد وعناد کا کوئی علاج نہیں۔



**اعتراض (۱۲)** بعض حضرات یہ اشکال کرتے ہیں کہ جماعت میں نکلنے کی صورت میں ان کو ایئر پورٹ اور بس اڈے وغیرہ پر کھڑا ہونا پڑتا ہے اور مردوں سے خلط واختلاط رہیگا؟

**الجواب:** جب اس میں فتنہ کا اندیشہ نہ ہو اور محرم یا شوہر ساتھ ہے اور عورت پردے میں ہے تو کوئی حرج نہیں آخر نفلی حج اور عمرہ اور والدین کی ملاقات میں بھی یہ صورتِ حال پیش آتی ہے اور یہ سب شوہر اور محرم کی اجازت سے ہے بلکہ وہ خود ساتھ ہے تو اس میں کونسی قباحت ہے۔

مولانا عبدالحی لکھنویؒ نے مجموعۃ الفتاویٰ میں ایک سوال کے جواب میں تحریر فرمایا ہے:

زوجہ کو جمیع امورِ شرعیہ میں شوہر کی اطاعت کرنا چاہئے شرح شرعۃ الاسلام میں ہے: **علیها أن تطیع زوجها فی الأمور الشرعیة ولو أمرها أن تنقل الحجر من جبل وأن لا تخرج من بیته إلا بإذنه** ۔یعنی زوجہ کو امورِ شرعیہ میں زوج کی اطاعت کرنا چاہئے اگرچہ وہ اس بات کا حکم دے کہ پہاڑ سے پتھر ڈھولاؤ، اور گھر سے نہیں نکلے گی بغیر اس کی اجازت کے۔(مجموعۃ الفتاویٰ: ۲/ ۸۷، ط: آرام باغ کراچی)۔

عمدۃ الرعایہ میں: **لا تمنع من الخروج إلی الوالدین ولا من دخولهما علیها کل جمعة** کی شرح میں فرماتے ہیں:

**قوله إلی الوالدین أی إلی بیتهما لملاقاتهما وأما الأجانب فله المنع عن زیارتهم وعیادتهم وله المنع عن الشرکة فی مجالس الولیمة وغیرها مما تحتمل فیه الفتنة احتمالاً غالباً** . (عمدة الرعاية حاشية شرح

الوقاية:٢/١٥٤،رقم الحاشية ١٤،ط: سعيد).

یعنی شوہرعورت کووالدین کے گھران کی زیارت کے لیے جانے سے منع نہیں کریگا، ہاں دوسرے اجنبی لوگوں کی زیارت وعیادت کے لیے نکلنے سے منع کریگا،اسی طرح دعوتِ ولیمہ میں شرکت سے بھی منع کریگااوراس کے علاوہ دیگرمجالس کے لیے نکلنے سے جس میں فتنہ کاقوی اندیشہ ہو۔

نیز پردے کے اہتمام کے ساتھ اگرنامحرم مردعورت کےقرب وجوار میں ہوں تو شرعاًاس میں کوئی حرج نہیں،حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہاکے نکاح کی روایت بخاری شریف میں کئی جگہوں پر مذکورہےامام بخاریؒ نے اس کاایک حصہ **باب ما يقول إذا رجع من الغزو** کےتحت حدیث نمبر۳۰۸۴ میں ذکرفرمایاحضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

**وقد أردف صفية بنت حيي فعثرت ناقته فصرعا جميعاً فاقتحم أبوطلحة فقال: يارسول الله جعلني الله فداءك قال: عليك المرأة فقلب ثوباً على وجهه وأتاها فألقاها عليها وأصلح لهما مركبهما إلى آخر الحديث .**

یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہاکواپنے پیچھے اوٹنی پربٹھایاتھااوٹنی پھسل گئی اوردونوں گرگئے تو حضرت ابوطلحہؓ نے چھلانگ لگائی اورکہا یارسول اللہ! میری جان آپ پرقربان، میں کیا کرسکتاہوں،آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایاعورت کی فکرکرو،توابوطلحہؓ نے اپنے چہرے پرکپڑااڈالااورحضرت صفیہؓ کے پاس جاکروہ کپڑاان پرڈالااورپھرسواری کودرست کردیااوررسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور



حضرت صفیہ اوٹنی پربیٹھ گئے۔اس حدیث پرغوروفکرفرماکرممکن ہے کہ معترضین حضرات کا یہ شبہہ دورگیاہوگاکہ قرب وجوارمیں مردہوں توعورت کاسفریاعورت کاہونا ناجائزیا مکروہ ہے۔

**اعتراض (۱۳)** بعض حضرات فرماتے ہیں کہ اس فتنہ کےزمانہ میں عورتوں کونفلی حج وعمرہ کے لیے سفرکرناممنوع ہے؟

**الجواب:** ہمارے اکابرؒ اپنی خواتین کے ساتھ نفلی حج کاسفرکرتے تھےاورکر رہے ہیں حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ حضرت مولانااشرف علی تھانویؒ کے اکابرخلفاء میں شامل تھے دارالعلوم دیوبندکے صدرمفتی تھےاورمفتی اعظم پاکستان تھے ان کے صاحبزادے محمدرضی عثمانی مرحوم نے والدین کے ساتھ ۱۹۶۳ء کے حج کی سرگزشت بیان فرمائی ہے،اس کے بعد ۱۹۶۸ء میں والدین کےساتھ دوسرےسفرحج جونفلی تھااس کی سرگزشت تحریرفرمائی،ظاہرہے کہ اُس زمانہ میں بھی بسوں،جہازوں وغیرہ میں مرد اورعورتیں ساتھ ہوتی تھیں،معلوم نہیں اس متفقہ جائزعمل کوبعض حضرات کیسے اورکیوں ناجائزکہتے ہیں۔ملاحظہ کیجئے: (البلاغ بیادِحضرت مفتی محمد شفیع:۲/۱۰۵۰)۔

**اعتراض (۱۴)** بعض حضرات باربار یہ وظیفہ دوہراتے ہیں کہ تبلیغ نسواں اوراس کے لیے خروج صحابیات سے ثابت نہیں؟

**الجواب:** اس کاجواب ہماری طرف سے پہلے آچکاہے تاہم اس کااعادہ فائدہ سے خالی نہیں ہوگاپہلے ہم بتلاچکے کہ حضرت ام شریکؓ حضرت ابوذرؓ کی والدہ، حضرت ام سلیمؓ،حضرت عائشہؓ وغیرہ سے دعوت وتبلیغ اوراصلاح القلوب کے لیے

نکلنا ثابت ہے۔

لیکن اگر بالفرض مروجہ تبلیغ کے لیے خروج ثابت نہ ہوتو جو عمل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال سے ثابت ہو وہ بھی امت کے لیے باعثِ سعادت ہے صومِ داودی یعنی ایک دن روزہ ایک دن افطار بہت بہتر عمل ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال سے اس کی فضیلت ثابت ہے، دیکھئے: صحیح مسلم جلد ا ص ۳۶۶۔ لیکن خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل ثابت نہیں، بخاری شریف میں: **عمرة فی رمضان تعدل حجة۔** حدیث وارد ہے، (بخاری شریف ۱/۲۵۱، فیصل)۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے عمرہ کو حج کے برابر اور ایک روایت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کے برابر فرمایا لیکن خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے رمضان میں عمرہ ثابت نہیں۔

حضرت شاہ صاحب نے فیض الباری میں فرمایا ہے۔

**... و من هذا الباب رفع اليدين بعد الصلوات للدعاء قل ثبوته فعلاً و كثر فضله قولاً فلا يكون بدعة أصلاً، فمن ظن أن الفضل فيما ثبت عمله صلى الله عليه وسلم به فقط فقد حاد عن طريق الصواب وبنىٰ أصلاً فاسداً.** (فيض الباري:۲/۴۳۱، باب صلاة الضحى في السفر، و۱۶۷، مطبعه حجازي بالقاهرة).

معلوم ہوا کہ جو چیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال سے ثابت ہو اس پر عمل کرنا درست ہے۔ اور دعوت وتبلیغ کا عام ہونا قرآنِ کریم کی آیتِ کریمہ: ﴿**ومن أحسن قولاً ممن دعا إلى الله وعمل صالحاً وقال إنني من المسلمين**﴾



سے اور "**من رأى منكم منكراً فليغيره بيده**"۔ وغیرہ سے ثابت ہے اور اگر ہر کام کے لیے خصوصی ثبوت کی ضرورت ہو تو کیا مدارسِ دینیہ کا موجودہ نظام اور نصابات، امتحانات کی ترتیب، خانقاہی نظام اور اعمال کی ترتیب اور ماہنامہ اور سہ ماہی اور ہفتہ وار رسائل نکالنا عہدِ نبوت سے ثابت ہیں؟ ہرگز نہیں ہاں ہم یہ کہیں گے کہ چونکہ دین کی تعلیم وتعلم کے فضائل احادیث میں بے شمار ہیں اور یہ بھی تعلیم وتعلم کا ایک ذریعہ ہے اس لیے یہ جائز ہیں، اسی طرح دعوت وتبلیغ کے فضائل بے شمار ہیں اور یہ مرد وزن دونوں کو شامل ہیں اس لیے مروجہ تبلیغ نسوان بھی جائز ہوگی۔

یہ طریقہ بدعت بھی نہیں کیونکہ اس کو لازم اور دین کا حصہ نہیں سمجھا جاتا بلکہ اصلاح کا ایک راستہ ہے جب کہ اصلاح کے دوسرے راستے بھی موجود ہیں لیکن یہ زیادہ مفید ہے۔

**اعتراض (۱۵)** بعض حضرات یہ اشکال کرتے ہیں کہ تبلیغ اگر جہاد میں شامل ہو اور جہاد میں عورتوں کی شرکت ثابت ہو تو یہ کہاں ثابت ہے کہ جہاد کے لیے عورتوں کی تشکیل ہوئی ہو، جب کہ تبلیغ میں جانے کے لیے عورتوں کی تشکیل ہوتی ہے؟

**الجواب:** جواباً عرض ہے کہ اگر عہدِ نبوت میں جہاد کے لیے عورتوں کی تشکیل کا عمل ہوتا تو اکثر عورتیں نکلتیں اور جہاد میں قید ہونے اور بے عزتی کا خطرہ زیادہ رہتا۔ نیز جہاد میں عورتیں قتال کے لیے نہیں جاتیں، ہاں کبھی کبھی اپنے طور پر قتال کرتیں اور جب قتال مطلوب نہیں تو پھر تشکیل کی کیا ضرورت؟ بلکہ چند معمر عورتیں جو بعض کام انجام دیتیں ان کا جانا کافی تھا، اس لیے جہاد میں عورتوں کی شرکت تو ثابت ہے لیکن تشکیل

ثابت نہیں ہے، ہاں بعض روایات سے ترغیب ثابت ہوتی ہے، جیسے ام حرامؓ کے سامنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ حدیث بیان فرمائی جس میں بحری سفر پر خوشی کا اظہار تھا اور احادیث میں ام حرامؓ کی اس میں شمولیت کی تمنا اور دعا کرانے کا ذکر ہے، موجودہ زمانہ میں عورتیں قتال کے لیے نہیں بلکہ اصلاح کے لیے جاتی ہے اس لیے ان کی تشکیل کرائی جاتی ہے، عہدِ نبوت میں تو کبھی کبھی مردوں کی جماعتوں کو بھی سخت خطرات در پیش ہوتے ہیں، کیونکہ مشرکین اور کفار سے مقابلہ تھا چنانچہ واقعہ رجیع اور واقعہ بیرمعونہ اس کے شاہد ہیں۔ دونوں واقعات کا مختصر پس منظر درجِ ذیل ملاحظہ فرمائیے:

**واقعہ رجیع ملاحظہ ہو:**

ماہِ صفر کا واقعہ سنہ ۴ھ کا واقعہ ہے قبیلہ عقل اور قبیلہ قارہ کے چند لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مدینہ منورہ آئے اور آپ کو یہ خوشخبری دی کہ ہمارا قبیلہ مسلمان ہوگیا ہے، براہِ کرم آپ چند حضرات کو ہمارے ساتھ روانہ فرمائے تاکہ وہ نو مسلموں کو قرآن اور دین کی تعلیم دیں۔

اس گزارش پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب میں سے دس خصوصی حضرات کو جو سب قرآن کے عالم تھے ان کے ہمراہ کردیا اور ان میں حضرت عاصم بن ثابتؓ کو ان کا امیر مقرر فرمایا۔

جب یہ قافلہ مقامِ رجیع پر پہنچا جو مکۃ المکرّمہ اور عسفان کے درمیان تھا، اِن غداروں نے ان دس اصحابِ رسول سے غداری کی اور اپنے دوست قبیلہ بنولحیان جس کو انہوں نے پہلے سے تیار رکھا تھا اشارہ کردیا، ان کی تعداد دوسو تھی ان میں سو تیرانداز بھی



تھے یہ سب ڈاکو ان دس اصحاب پر ٹوٹ پڑے حضرت عاصم بن ثابتؓ اپنے اصحاب کے ساتھ ایک بڑے ٹیلہ پر چڑھ گئے اور اپنے اپنے تیر سنبھال کر مقابلہ کے لیے تیار ہوگئے۔

ان دوسو بزدلوں کی جماعت ہار بیٹھی، ان کے سردار نے دھوکا وفریب سے کام لیا حضرت عاصم بن ثابتؓ سے کہا نیچے اتر آؤ تم سب کو پناہ دیدی جائے گی، حضرت عاصمؓ نے بلند آواز سے کہا: میں کافر کی پناہ میں کبھی نہ آیا اور نہ آؤں گا، پھر یہ دعا کی: **اللّٰہ أخبر عنا رسولک**، اے اللہ! اپنے رسول کو ہمارے حال کی خبر دیدے۔ (بخاری)

ابوداود طیالسی کی روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی دن مدینہ منورہ میں صحابہ کو اطلاع دی کہ عاصم بن ثابتؓ اور ان کے ساتھی کافروں کے نرغے میں پھنس گئے ہیں۔

آخرکار ان دس اصحاب نے ان دوسو غداروں سے مقابلہ کیا اس معرکہ میں حضرت عاصم بن ثابتؓ سمیت سات صحابہ شہید ہوگئے باقی تین حضرات عبداللہ بن طارق، زید بن دثنہؓ، خبیب بن عدیؓ، رہ گئے، غداروں نے اِنھیں بھی امان کی پیش کش کی یہ حضرات نیچے اُتر آئے، اُترتے ہی تینوں کو زنجیروں سے کس دیا گیا اور ساتھ چلنے کے لیے مجبور کیا۔

حضرت عبداللہ بن طارقؓ نے مزاحمت کی تو انھیں شہید کردیا گیا، باقی دو حضرات کو مکۃ المکرّمہ لے جاکر مشرکین کے ہاتھ فروخت کردیا۔

حضرت زید بن دثنہؓ کو صفوان بن امیہ مشرک نے خریدا تاکہ اپنے باپ امیہ بن خلف کے بدلے میں قتل کرے کیونکہ حضرت زید بن دثنہؓ نے غزوۂ بدر میں صفوان کے

باپ امیہ بن خلف کو قتل کیا تھا۔

حضرت خبیب بن عدیؓ کو حارث بن عامر کے بیٹوں نے خریدا تا کہ اپنے باپ کا بدلہ لیں، حضرت خبیبؓ نے غزوۂ بدر میں حارث بن عامر کو جہنم رسید کیا تھا۔

بہرحال حضرت زید بن دثنہؓ کو قتل کرنے کے لیے حرم شریف سے باہر مقامِ تنعیم لے جایا گیا اس وقت یہ منظر دیکھنے والوں میں قریش کا سردار ابوسفیان بھی جو اس وقت کافر تھا موجود تھا ابوسفیان نے حضرت زید بن دثنہؓ سے پوچھا تم سچ بتاؤ اگر تم کو چھوڑ دیا جائے اور اس کے بجائے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کردیا جائے تو اس کو اختیار کرلو گے؟

حضرت زید بن دثنہؓ نے جھنجھلا کر پوری قوت سے جواب دیا۔

اللہ کی قسم مجھ کو یہ بھی گوارا نہیں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پائے مبارک میں معمولی سا کانٹا چبھے اور میں سکون پاؤں۔

ابوسفیان حضرت زید بن دثنہؓ کی محبت وعقیدت پر دنگ رہ گیا، کہنے لگا لات و عزیٰ کی قسم! میں نے ایسا جاں نثار وفدا کار کسی کو نہیں دیکھا۔

آخر کار حضرت زید بن دثنہؓ کو مقامِ تنعیم مکۃ المکرّمہ میں شہید کردیا گیا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

## حضرت خبیب بن عدیؓ:۔

حضرت زید بن دثنہؓ کے تذکرہ میں حضرت خبیب بن عدیؓ کا ذکر آچکا ہے ان کو مشہور مشرک سردار حارث بن عامر کے بیٹوں نے اپنے باپ حارث کے بدلہ میں قتل



کرنے کے لیے خرید لیا تھا کیونکہ حضرت خبیبؓ نے جنگِ بدر میں حارث بن عامر کو جہنم رسید کیا تھا۔

حضرت خبیبؓ چند دنوں حارث بن عامر کے گھر قید رہے آخر ان کے قتل کا فیصلہ کرلیا گیا۔

حضرت خبیبؓ کو جب یہ معلوم ہوا تو حارث کی بیٹی زینب (جو بعد میں مسلمان ہوگئی) سے اپنے بال، ناخن وغیرہ تراشنے کے لیے استرہ طلب کیا (تا کہ حضورِ رب میں حاضری سے پہلے ظاہری طہارت وصفائی سے فارغ ہوجائیں) حارث کی بیٹی زینب نے انھیں استرہ دیدیا پھر اپنے کام میں مشغول ہوگئی، کچھ دیر بعد زینب نے دیکھا کہ اس کا شیرخوار بچہ حضرت خبیبؓ کی گود میں بیٹھا ہوا ہے اور استرہ حضرت خبیبؓ کے ہاتھ میں ہے، اس حالت پر زینب کی چیخ نکل گئی، کہنے لگی ہائے میرا بیٹا!

حضرت خبیبؓ نے نہایت وقار وتحمل سے فرمایا: زینب کیا تجھے اندیشہ ہے کہ میں تیرے بچہ کو قتل کردوں گا؟ اللہ کی قسم ایسا کبھی نہ ہوگا، ہم مسلمان غداری نہیں کرتے۔

زینب کو اطمینان ہوگیا حضرت خبیبؓ نے بچے کو واپس کردیا۔

زینب مسلمان ہوجانے کے بعد خود کہا کرتی تھیں: میں نے کوئی قیدی خبیبؓ سے زیادہ سچا نہیں دیکھا، انھوں نے میرے بچے کو میرے حوالہ کردیا، علاوہ ازیں میں نے اپنے گھر میں ان کو حالتِ قید جب کہ وہ زنجیروں سے کسے ہوئے تھے تازہ تازہ انگور کے خوشے کھاتے بارہا دیکھا ہے حالانکہ ان دنوں مکۃ المکرّمہ میں پھل پھول کا نام ونشان بھی نہ تھا، ہر روز تازہ تازہ رزق ان کو غیب سے مل جایا کرتا تھا۔

بہرحال مشرک سردار حارث بن عامر کے بیٹے اپنے باپ کے انتقام میں

حضرت خبیبؓ کو قتل کرنے کے لیے حرم شریف سے باہر مقامِ تنعیم لے گئے حضرت خبیبؓ نے ان ظالموں سے کہا مجھے دو رکعت نماز پڑھنے کی مہلت دو؟ ظالموں نے اجازت دیدی۔

حضرت خبیبؓ نے دو رکعت اختصار سے پڑھ کر ظالموں سے یہ فرمایا: میں نے اپنی نماز کو طویل نہیں کیا کہ تم کو یہ گمان ہوگا میں نے موت سے ڈر کر ایسا کیا ہے۔

پھر دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور فریاد کی، **اللّٰهم أحصهم عدداً، واقتلهم بدداً، ولاتبق منهم أحداً**، ترجمہ: اے اللہ انھیں اپنے احاطہ عذاب میں لے لے، اور انھیں ایک ایک کر کے مار، ان میں سے کسی کو بھی نہ چھوڑ یئے۔

پھر یہ دو شعر پڑھے:

وَلَسْتُ أُبَالِيْ حِيْنَ أُقْتَلُ مُسْلِماً ☆ عَلٰى أَيِّ شِقٍّ كَانَ لِلّٰهِ مَصْرَعِيْ
وَذٰلِكَ فِيْ ذَاتِ الْإِلٰهِ وَإِنْ شَاءَ ☆ يُبَارِكْ عَلٰى أَوْصَالِ شِلْوٍ مُمَزَّعِ

ترجمہ: مجھ کو پرواہ نہیں جبکہ میں حالتِ اسلام میں مارا جاؤں، خواہ کسی بھی کروٹ پر جان دوں جبکہ میرا مرنا اللہ کے لیے ہے۔

اور یہ صرف اللہ کے لیے ہے اگر وہ چاہے تو میرے جسم کے پارہ پارہ کیے جوڑوں پر برکت نازل فرمائے۔

ادھر حضرت خبیبؓ کی مناجات ختم ہوئی، تختۂ دار تیار تھا، سولی دے دی گئی، حضرت خبیبؓ نے جامِ شہادت نوش کرلیا۔ (ماخوذ از اصحابِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی یادیں، ص ۳۶۔۴۱، از حضرت مولانا محمد عبدالرحمٰن صاحب مظاہری)۔

**واقعہ بیئر معونہ:۔**



بیئر کے معنی کنواں اور معونہ گاؤں کا نام ہے (یعنی معونہ کا کنواں) ماہِ صفر ۴ھ میں ایک ہولناک واقعہ پیش آیا شہر نجد (حجاز) سے ایک شخص عامر بن مالک نامی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مدینہ منورہ آیا، اپنے ساتھ کچھ نذرانہ بھی لے آیا، آپ نے قبول کرنے سے معذرت کی، اور ارشاد فرمایا: میں مشرک کا ہدیہ قبول نہیں کرتا، (تا آنکہ وہ مسلمان نہ ہو جائے)، پھر اس مشرک نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی اس خواہش کا اظہار کیا کہ ہمارے قبیلہ کے بکثرت آدمی مسلمان ہونے کو تیار ہیں اگر آپ اسلام کی دعوت و تبلیغ کے لیے اپنے چند اصحاب کو روانہ کریں تو اچھے نتائج کی امید کی جاتی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس پیش کش پر کچھ اطمینان نہ ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ کو شہر نجد والوں سے اندیشہ وخطرہ محسوس ہو رہا ہے۔ جھوٹے عامر بن مالک نے کہا: ایسا ہرگز نہیں، میں اس کی ضمانت لیتا ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے ستر افراد کا انتخاب فرمایا جو قراء (قرآن کے حافظ) کہلاتے تھے پھر اس مشرک کے ہمراہ روانہ کر دیا۔

اس مشرک نے پہلی غداری تو یہ کی کہ مقامِ معونہ پر (گاؤں کا نام جو مکۃ المکرّمہ اور عسفان کے درمیان واقع تھا) قافلہ کے اہم رکن حضرت حرام بن ملحانؓ کو شہید کر دیا، ان کے پشت پر ایسا نیزہ مارا کہ آر پار ہو گیا، حضرت حرام بن ملحانؓ گر پڑے اور زبان سے یہ الفاظ نکلے:

**اللّٰه أكبر فزت ورب الكعبة** ۔ اللہ اکبر، ربِ کعبہ کی قسم کامیاب ہو گیا، پھر اسی خبیث نے بقیہ حضرات کے قتل کا ارادہ کیا، اپنی ایک پوشیدہ مسلح جماعت جو کسی گھاٹی میں چھوڑ آیا تھا اشارہ کر دیا، ظالموں نے ان بے ہتھیار انسانوں پر دھاوا بول دیا

اورسب کوخاک وخون میں رنگ دیا،اسی مقدس قافلہ میں سیدنا ابوبکر صدیقؓ کے غلام عامر بن فہیرہؓ بھی تھے جب انھیں نیزہ مارا گیا تو ان کی زبان سے بھی یہی الفاظ نکلے:

**فزت ورب الکعبۃ**، ربِ کعبہ کی قسم مراد پالیا۔

جس مشرک نے حضرت عامر بن فہیرہؓ کو نیزہ مارا تھا اس کا نام جبار بن سلمیٰ تھا خود بیان کرتا ہے، میں نے مسلمانوں سے دریافت کیا مراد پالیا، کامیاب ہوگیا، کا کیا مطلب ہے؟

مجھ سے کہا گیا انھوں نے جنت پالی، بس میں نے اُسی وقت اسلام قبول کرلیا۔

قرآنِ حکیم کے ان ستر قاریوں نے اپنی شہادت سے پہلے دعا کی اے اللہ ہمارا حال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام صحابہ کو پہنچادے اور یہ خوشخبری کہ اللہ ہم سے راضی ہوگیا اور ہم بھی خوش ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی دن صحابہ کو اس واقعہ کی اطلاع دی۔ (طبری:۳/۳۵)۔

حافظین قرآن کی یہ مقدس جماعت مسجد نبوی کے اصحابِ صفہ کے لیے روزانہ خوراک کا انتظام کیا کرتی تھی، یہ حضرات دن میں جنگل سے لکڑیاں چنتے اور شام کو فروخت کرکے اصحابِ صفہ کے لیے طعام کا انتظام کرتے، اور رات کا کچھ حصہ درس قرآن میں اور کچھ حصہ قیام لیل اور تہجد میں گزارہ کرتے تھے۔ ان حضرات کے یہی لیل ونہار تھے رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

ان ستر شہداء میں سے حضرت عامر بن فہیرہؓ کی لاش آسمان کی طرف اٹھالی گئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب اس کی اطلاع دی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فرشتوں نے ان کی لاش کو علیین میں چھپادیا ہے۔ (الخصائص الکبریٰ:۱/۲۲۳)۔



(ماخوذ از اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی یادیں، ص ۴۶۔۴۸)۔

**اعتراض (۱۶)** بعض حضرات اشکال کرتے ہیں کہ زمانہ نبوت میں عورتوں کو صرف قضائے حاجت کے لیے جانے کی اجازت تھی کیونکہ گھروں میں بیوت الخلاء نہیں تھے؟

**الجواب:** اس کا جواب یہ ہے کہ دوسرے کاموں کے لیے بھی خواتین نکلتی تھیں، مثلاً شادی میں شرکت کے لیے، بچوں اور خواتین کا جانا صحیح بخاری میں مذکور ہے، تعزیت کے لیے جانے کا بھی ذکر ہے تفصیل پہلے گزرچکی ہے اعادہ کی ضرورت نہیں۔

**اعتراض (۱۷)** بعض حضرات اشکال کرتے ہیں کہ بعض جگہوں سے خواتین کی جماعتوں کے بارے میں شکایات موصول ہوتی ہیں، اس لیے ان کو جماعت میں بھیجنے سے اجتناب کرنا چاہئے؟

**الجواب:** جواباً عرض ہے کہ ہمارے علم میں تو ایسی شکایات نہیں ہیں، لیکن اگر بالفرض شکایات آئی ہوں تو شکایات کی وجہ سے خیر کا کام بند نہیں کرنا چاہئے بلکہ شکایات کا ازالہ کرنا چاہئے، مدارسِ دینیہ، مساجد کی کمیٹیاں اور ائمہ، خانقاہوں، دینی تنظیموں، اسکولوں، حج اور عمرہ کے اسفار، ان سب کے بارے میں شکایات آتی رہتی ہیں، لیکن شکایات کی وجہ سے خیر کے ان کاموں کو بند نہیں کیا جاتا بلکہ خرابیوں کے ازالہ کی کوشش کی جاتی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت معاذ بن جبلؓ کے بارے میں یہ شکایت پہنچی کہ وہ عشا کی نماز میں تطویل فرماتے ہیں اور حضرت ابی بن کعبؓ کے بارے میں شکایت پہنچی کہ وہ فجر کی نماز میں تطویل فرماتے ہیں تو ان کی امامت کو ختم نہیں فرمایا

بلکہ شکایت کے نتیجے میں ان حضرات کو نصیحت فرمائی اوران کی اصلاح فرمائی، احادیث پڑھنے والوں پر یہ دونوں واقعے مخفی نہیں۔

**اعتراض (۱۸)** بعض حضرات یہ اشکال کرتے ہیں کہ تبلیغ کے لیے خروج کو اھون البلیتین قرار دینا اوراس کواختیار کرنا صحیح نہیں کیونکہ اصلاح کے دوسرے طرق موجود ہیں تو اس کے اختیار کرنے کی کیا ضرورت ہے؟

**الجواب:** جواباً عرض ہے کہ یہ بات بعض مفتی حضرات نے فرمائی ہے، انہوں نے خروج کو ہلکی مصیبت کہا، ناجائز نہیں کہا، اور اھون البلیتین کا مطلب یہ ہے کہ خروج مصیبت ہے لیکن جہالت سے بہتر ہے پھر جب خروج کے درخت پر علم وعمل کی اصلاح کے پھول اور پھل لگ جائیں تو قسمت نعمت میں اور مصیبت فضیلت میں بدل جائے گی اس کی نظیر یہ ہے کہ خوبصورت بے ریش لڑکے کا مدرسہ میں داخل ہونا اور مسافر بن کر گھر سے خروج مصیبت ہے لیکن اگر اپنے اخلاق واعمال کی حفاظت کرکے علم حاصل کرے تو وہ مصیبت والا خروج اس کے لیے باعثِ فضیلت بن جائیگا۔



## اعتراضات اورجوابات کی تلخیص حسبِ ذیل ملاحظہ کیجئے:

**اعتراض (۱)** عورتوں کو گھروں میں رہنا چاہئے باہر نکلنا ممنوع ہے سوائے سخت مجبوری کے۔ استدلال میں آیتِ کریمہ ﴿وقرن فی بیوتکن﴾ اورطبرانی کی وہ حدیث پیش کرتے ہیں جس میں ضرورت اور مجبوری کے علاوہ گھر سے نکلنے کی ممانعت ہے؟

**الجواب:** آیتِ کریمہ کے بعد والے جملہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بوقت ضرورت گھر سے نکلنے کی اجازت ہے، ہاں جاہلیتِ اولیٰ کی طرح بے پردہ ہوکر نہ نکلیں۔

قاضی ومفتی بغداد علامہ آلوسیؒ نے فرمایا: کسی دینی مصلحت سے باہر نکلنا پردہ کی رعایت کے ساتھ اس آیتِ کریمہ کے منافی نہیں ہے۔

قرآنِ مجید کی درجِ ذیل دیگر آیات سے بھی خروج مستفاد ہوتا ہے:

سورۂ احزاب کی آیت نمبر ۵۹ میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

اے نبی آپ اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے فرمادیں کہ اپنے اوپر لمبی چادریں یعنی اوڑھنیاں ڈالیں۔ یعنی پردہ کی رعایت سے باہر نکلیں۔ گھر میں رہتے ہوئے لمبی چادروں کی کیا ضرورت تھی؟

دوسری جگہ سورۂ نور کی آیت نمبر ۳۱ میں فرماتے ہیں:

وہ اپنے پاؤں کو زمین پر نہ ماریں تا کہ وہ زینت معلوم ہو جائے جس کو چھپاتی ہیں۔اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ باہر نکلنا منع نہیں، ہاں بناؤ سنگار کے ساتھ نکلنے کی ممانعت ہے۔

سورۂ نور کی آیت نمبر۳۱ کی ابتدا میں فرماتے ہیں:

آپ مومن عورتوں سے کہہ دیں کہ وہ اپنی نظریں نیچے رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں یعنی گھروں سے باہر باپردہ ہوں تو بھی نظر نیچے رکھیں۔

طبرانی کی حدیث ضعیف ہے اس میں سوار بن مصعب متروک راوی ہے، پھر اس حدیث کے بعد والے جملہ سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی ضرورت کی وجہ سے نکلیں تو راستوں کے کنارے پر چلیں۔(طبرانی، رقم:۱۳۸۷۱)۔

پھر ضرورت کا مطلب یہ ہے کہ گھریلو کام کاج یا کسی جائز مقصد کے لیے گھر سے نکلنا پڑے تو شوہر یا محرم نگران کی اجازت سے نکلنا جائز ہے ہاں بلا کسی جائز مقصد کے لوگوں کے گھروں میں اور بازاروں میں گھومنے کی عادت بنالینا درست نہیں۔

**اعتراض (۲)** عورت کو دعوت، خلافت وامارت سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے؟

**الجواب:** خلافت وامارت کے متعلق تو حدیث نظر سے گزری ہے لیکن دعوت کے بارے میں کوئی حدیث ہماری نظر سے نہیں گزری۔

**اعتراض (۳)** عورتوں کو فرض نماز کے لیے مسجد میں جانے سے منع کیا گیا ہے تو دعوت وتبلیغ کے لیے جانا بدرجہ اولیٰ ممنوع ہوگا؟

**الجواب:** عورتوں کو مسجد سے اس لیے روکا گیا کہ مسجد جانے میں کوئی فائدہ



نہیں عورتوں کا گھر میں نماز پڑھنا مسجد میں نماز پڑھنے سے افضل ہے اور اختلاط کا خطرہ بھی ہے۔احادیث میں خصوصی طور پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر میں نماز پڑھنے کی فضیلت بیان فرمائی ہے۔

چند احادیث درج ذیل ہیں:

(۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورت کی تنہا نماز جماعت کی نماز سے پچیس درجہ زیادہ ثواب رکھتی ہے۔(الجامع الصغیر، والفردوس بماثور الخطاب)۔

(۲) ام حمیدؓ کی مفصل روایت میں ہے کہ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھنے کی تمنا ظاہر کی تو آپ نے فرمایا اپنے گھر کے مخصوص کمرہ میں نماز پڑھنا آپ کے لیے افضل اور بہتر ہے۔انہوں نے پوری زندگی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم پر عمل فرمایا۔(مسند احمد، وصحیح ابن خزیمہ، وابن حبان)۔

(۳) حضرت ام سلمہؓ کی روایت میں ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورت کی نماز اپنے گھر کے اندرونی کمرہ میں زیادہ بہتر ہے بنسبت گھر میں اور گھر کے باہر پڑھنے سے۔(المعجم الاوسط)۔

(۴) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی روایت میں ہے، عورت کی نماز گھر کے اندرونی حصہ میں زیادہ ثواب رکھتی ہے۔(ابوداود شریف)۔

(۵) حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورتوں کی بہترین مساجد ان کے گھر کا اندرونی کمرہ ہے۔(مسند احمد، وصحیح ابن خزیمہ)۔

(۶) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی روایت میں ہے عورت اللہ تعالیٰ کے زیادہ قریب اس وقت ہوتی ہے جب اپنے گھر کے اندرونی حصہ میں ہوتی ہے۔(صحیح ابن

خزیمہ)۔

(۷) حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی روایت میں ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک عورت کی محبوب ترین نماز وہ ہے جو اپنے گھر کے بالکل اندرونی اندھیرے حصہ میں ادا کرے۔ (صحیح ابن خزیمہ، والمعجم الکبیر)۔

امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہؒ نے مستقل باب قائم کیا ہے جس کا عنوان یہ ہے کہ مسجد نبوی میں اگرچہ نماز کی بہت فضیلت ہے لیکن عورتوں کو گھر میں نماز پڑھنا افضل ہے۔ ملاحظہ ہو: (صحیح ابن خزیمہ: ۲/۸۱۴، المکتب الاسلامی)۔

ہاں بوقتِ ضرورت یعنی گھریلو کام کاج یا کسی جائز مقصد کے تحت گھر سے نکلنا جائز ہے اور صحابیات سے ثابت ہے۔ چند واقعات ملاحظہ ہوں:

☆ حضرت فاطمہؓ میت کے اہل خانہ کی تعزیت کے لیے تشریف لے گئی تھیں۔ (ابوداود شریف)۔

☆ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ جب ان کی برادری میں کسی کا انتقال ہو جاتا تھا تو عورتیں جمع ہو جایا کرتی تھیں۔ (بخاری شریف)۔

☆ بخاری شریف کی روایت میں ہے کہ عورتیں اور بچے شادی کے لیے گھر سے نکلے تھے۔ واپسی پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم مجھے سب سے زیادہ محبوب ہو۔

☆ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورتوں کو اپنے کام کاج اور جائز مقصد کے لیے گھر سے باہر نکلنے کی اجازت دی گئی ہے۔ (بخاری ومسلم)۔

☆ ازواجِ مطہرات اور صحابیات کا حج، عمرہ اور جہاد کے اسفار میں جانا



احادیث سے ثابت ہے۔

**اعتراض (۴)** ہمارے بعض فقہاء نے عورتوں کو وعظ ونصیحت کی مجلس میں شرکت کی اجازت نہیں دی؟

**جواب (۱):** اس بارے میں فقہاء کی دو جماعتیں ہیں (۱) بعض فقہاء نے فرمایا کہ عام طور پر عورتیں بناؤ سنگار، زیب وزینت ومزین لباس میں ملبوس ہو کر نکلتی ہیں اس وجہ سے مکروہ ہے۔ جب کہ اکثر فقہاء فرماتے ہیں شرعی حدود وقیود کی پابندی کے ساتھ نکلنا جائز ہے۔ بنابریں دونوں اقوال میں کوئی تعارض نہیں ہے۔

**جواب: (۲)** فقہائے احناف میں سے چوٹی کے علماء نے شرائط کے ساتھ اجازت مرحمت فرمائی ہے۔

**جواب: (۳)** جواز والے فقہاء کا قول مؤید بالآثار والاحادیث ہونے کی وجہ سے قوی ہے۔ اس لیے ان کے قول کا اعتبار ہوگا۔

**جواب: (۴)** جن فقہاء نے مکروہ قرار دیا ہے انہوں نے خود دوسرے مقام پر خروج کی اجازت دی ہے۔

**جواب: (۵)** جن فقہاء نے منع کیا ہے وہ حق شوہر کی وجہ سے منع کیا ہے لیکن اگر شوہر خود ساتھ ہے تو ممانعت ہی ختم ہوگئی۔

**جواب: (۶)** بعض فقہاء نے فی زماننا جاہل دنیادار واعظ کی مجلس میں جانے سے منع کیا ہے، مطلقاً نہیں۔

**اعتراض (۵)** بانی تبلیغ حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ نے اوران کے صاحبزادے حضرت مولانا محمد یوسفؒ نے کبھی مستورات کی جماعت نہیں بھیجی؟

**الجواب:** حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ کے زمانہ میں کام شروع ہو چکا تھا اور حضرت مولانا نے خود مستورات کی سب سے پہلی جماعت روانہ فرمائی تھی۔ پھر بعد میں کام کو زیادہ ترقی ہوئی اوراس کی ترتیب بنی۔

**اعتراض (۶)** سفر میں عورت کے ساتھ دوسرے غیر محرم ہوتے ہیں؟

**الجواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھی ازواجِ مطہرات کے ساتھ اسفار میں صحابۂ کرام ہوتے تھے، پھر نفلی حج، عمرہ کے سفر میں بھی بسوں، ہوائی جہاز وغیرہ میں کئی لوگ غیر محرم ہوتے ہیں، تو پھر یہ تمام اسفار ممنوع ہوں گے؟

**اعتراض (۷)** حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ نے حضرت مفتی کفایت اللہ صاحبؒ سے اجازت طلب کی آپ نے اجازت نہیں دی؟

**الجواب:** حضرت مفتی صاحبؒ نے بغیر محرم کے سفر کو منع کیا تھا، کیونکہ خود مفتی صاحب نے عورتوں کو تعلیم کی غرض سے نکلنے کی اجازت دی ہے۔

اگر بالفرض مفتی صاحبؒ نے اجازت نہیں دی تو وہ اس مسئلہ میں معذور ہیں کیونکہ اُس زمانہ میں مستورات کی جماعت کی ترتیب نہیں بنی تھی بعد میں ترتیبی شکل میں کام سامنے آیا اور فوائد ظاہر ہوئے تو بہت سارے مفتی حضرات نے اجازت مرحمت فرمائی جن کے فتاویٰ مذکور ہوئے اور اجمالاً اسمائے گرامی بھی آچکے ہیں۔



**اعتراض (۸)** مرد مکلّف ہے کہ اپنے گھر کی خواتین کو دین سکھائے اور تعلیم دے؟

**الجواب:** مرد گھر کا ذمہ دار ہے تو عورت بھی گھر کی ذمہ دار ہے پھر مرد گھر کی ذمہ داری کے ساتھ تبلیغ کی ذمہ داری اٹھاتا ہے تو عورت کیوں تبلیغ کی ذمہ داری نہیں اٹھا سکتی؟

**اعتراض (۹)** عورتوں کے مسجد جانے اور تبلیغ میں جانے کے مابین کیا فرق ہے؟

**الجواب:** چند فروق حسبِ ذیل درج ہیں:

۱۔ مسجد میں یا راستوں میں خلط واختلاط کا اندیشہ ہے جب کہ دعوت وتبلیغ میں نہیں۔ (ہاں اگر کسی جگہ مستورات کی قیام گاہ بھی مسجد کے ساتھ ہو اور خلط واختلاط کا اندیشہ ہو تو یہ ان کا اپنا فعل ہے دوسروں کے لیے حجت نہیں، ان کو اپنے فعل کی اصلاح کرنی چاہئے، اور قیام گاہ مسجد کے ساتھ ساتھ نہیں رکھنی چاہئے، پھر اس کی وجہ سے پوری جماعت پر اعتراض کرنا بے جا ہے)

۲۔ مسجد میں عورتیں مزین ہو کر آتی ہیں کوئی روک ٹوک نہیں ہوتی جبکہ تبلیغ میں تمام شرائط کی پابندی ضروری ہوتی ہے۔

۳۔ مسجد میں جانا بلاضرورت ہے کیونکہ گھر میں ان کو زیادہ ثواب ملتا ہے، اور تبلیغ میں جانا اصلاح کے لیے ضرورت کے درجہ میں ہے

۴۔ مسجد میں جانے کی صریح ممانعت حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روایت میں موجود ہے، جبکہ صحابیات کا جہاد کے اسفار میں جانا احادیث سے ثابت

ہے۔

۵۔مسجد میں عورتیں حسبِ عادت بات چیت میں مشغول ہوجاتی ہیں اوران کے ساتھ بچے بھی شور مچاتے ہیں ،اور یہ آدابِ مسجد کے خلاف ہے،جبکہ تبلیغ میں نہ عورتیں مسجد میں جاتی ہیں اورنہ بچے ساتھ ہوتے ہیں۔

۶۔مسجد میں حیض آجانے کی وجہ سے تلویثِ مسجد کااندیشہ ہے جبکہ تبلیغ میں گھروں میں اندیشہ نہیں ہے۔

**اعتراض(۱۰)** بعض حضرات ام کبشہؓ والی روایت پرزوردیتے ہیں جس میں عورتوں کی جہاد کی شرکت کومنع کیا گیا؟

**الجواب:** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ حیات اورآپ کے بعد خلفائے راشدین کے زمانہ میں صحابیات کا جہاد میں جانا ثابت ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اس روایت میں سنت کالفظ ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اگرمیں آپ کواجازت دونگاتوعورتوں کے جہاد میں جانے کوواجب یاسنتِ مؤکدہ سمجھیں گےاس لیے میں آپ کواجازت نہیں دیتا۔احادیث میں سنت کااطلاق بکثرت وجوب وسنتِ مؤکدہ پرہوتا ہے۔مثالیں گزرچکی ہیں۔

تیسری بات یہ ہے کہ سنت عادت کوبھی کہتے ہیں،تو مطلب یہ ہوگا کہ جہاد میں جانے سے ان کواس لیے منع فرمایا تاکہ عورتیں اس کوعادت بنا کربغیرضرورت کے اس خطرناک عمل میں بکثرت شرکت نہ کیا کریں کیونکہ قتال کا مطالبہ مردوں کی طرف متوجہ ہے، ہاں تبلیغ میں جانے کی ضرورت بھی ہے اوراس میں خطرہ بھی نہیں ،تواس جہاد کو



جاری رکھ سکتی ہیں۔

**اعتراض(۱۱)** ازواجِ مطہرات نے کیوں تبلیغ کا سفرنہیں فرمایا؟

**الجواب:** پہلے یہ بات تفصیل سے گزرچکی ہیں کہ ازواجِ مطہرات اور صحابیات نے جہاد کے اسفارفرمائے،اور جہادتوتبلیغ سے بھی زیادہ پرمشقت سفر ہے نیز تبلیغ جہاد ہی کی ایک قسم ہے۔(تبلیغ کے جہاد ہونے پرقرآن واحادیث اورکتبِ لغات سے دلائل گزرچکے ہیں)۔

دوسراجواب یہ ہے کہ تبلیغ کا مطلب امر بالمعروف اورنہی عن المنکر ہے جس میں آپس میں معاشرہ کی اصلاح ایک اہم شعبہ ہے،اوراس کے لیے ازواجِ مطہرات میں سے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکلنا ثابت ہے۔

اورحضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہاعلم وفضل ،تقویٰ طہارت میں دیگرازواجِ مطہرات پرفائق تھیں۔

**اعتراض(۱۲)** بعض حضرات نے مفتی محمود حسن صاحبؒ کے فتوے پراشکال کیا کہ انہوں نے بلادلیل جوازتحریرفرمایا؟

**الجواب:** اولاً: شاید یہ مسئلہ حضرت مفتی صاحبؒ کے نزدیک محتاجِ دلیل نہیں ہوگا،ثانیاً:عوام الناس کماحقہ دلائل سمجھتے نہیں۔ثالثاً:اگرحضرت مفتی صاحب نے دلائل تحریرنہیں فرمائےتو ہم خدام نے دلائل ذکرکردئے ہیں اوران کی تلخیص بھی ذکرکردی۔

**اعتراض (۱۳)** بعض حضرات نے عورتوں کے لیے نفلی حج وعمرہ کے سفرکوممنوع قراردیاہے؟

**الجواب:** ہمارے اکابرؒ اپنی خواتین کے ساتھ نفلی حج کا سفر فرماتے تھے اور فرما رہے ہیں۔ معلوم نہیں اس متفقہ جائز عمل کو بعض حضرات کیوں ناجائز کہتے ہیں۔

**اعتراض (۱۴)** بعض حضرات فرماتے ہیں تبلیغ اگر جہاد میں میں شامل ہو اور جہاد میں عورتوں کی شرکت ثابت ہو تب بھی جہاد کے لیے عورتوں کی تشکیل ثابت نہیں جبکہ تبلیغ میں جانے کے لیے عورتوں کی تشکیل ہوتی ہے؟

**الجواب:** اگر جہاد میں تشکیل کا عمل ہوتا تو اکثر عورتیں نکلتیں اور جہاد میں قید و بند و بے عزتی کا اندیشہ ہے، پھر جہاد میں عورتوں کا قتال مقصود بھی نہیں پھر تشکیل کی کیا ضرورت؟ اس لیے تشکیل ثابت نہیں ہے، ہاں بعض روایات سے ترغیب ثابت ہوتی ہے، جیسے ام حرامؓ کے قصہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسرت کا اظہار فرمایا۔

**اعتراض (۱۵)** بعض حضرات اشکال کرتے ہیں کہ زمانہ نبوت میں عورتوں کو صرف قضائے حاجت کے لیے نکلنے کی اجازت تھی، کیونکہ گھروں میں بیوت الخلا نہیں تھے؟

**الجواب:** یہ بات مسلم نہیں، کیونکہ ہم نے پہلے احادیث کی روشنی میں یہ ثابت کر دیا کہ عورتیں دوسرے کاموں کے لیے گھر سے نکلتی تھیں، مثلاً شادی میں شرکت کے لیے بچوں اور خواتین کا جانا، تعزیت کے لیے جانا، اور مسائل دریافت کرنے کے لیے جانا، وغیرہ، صحیح احادیث سے ثابت ہے۔



## بانی تبلیغ حضرت مولانا محمد الیاس صاحبؒ اور مستورات کی پہلی جماعت

**مولانا داؤد میواتی صاحب کا خط رائے ونڈ حاجی بشیر احمد صاحب (والد بزرگوار حضرت مولانا احسان صاحب) کے نام:**

مکرم بندہ جناب بھائی الحاج محمد بشیر احمد صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، مزاج گرامی بعافیت ہوں گے، یہاں بھی خیریت سے ہے، دو سال سے گھٹنوں میں ورم اور درد ہے ... دعاؤں کی ضرورت ہے، اچھا مستورات کے کام کی ابتدا، ۳۶/۳۸ میں بالکل نہیں ہوئی، بندہ ۱۹۴۰ء میں مدرسہ سے فارغ ہوا، اور ۱۹۴۱ء میں غالباً میں نظام الدین حضرت مولانا شاہ محمد الیاس صاحب نور اللہ مرقدہ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا بندہ مدرسہ سبحانیہ میں پڑھتا تھا، حضرت مولانا عبد السبحان صاحب نور اللہ مرقدہ اور آپ کی گھر والی، ہم انہیں اماں جی کہا کرتے تھے، بہت محبت کرتی تھیں، اماں جی دہلی مختلف جگہوں میں کتابیں سنایا کرتی تھیں، بندہ ان کی کارگزاری حضرت مولانا شاہ محمد الیاس صاحب نور اللہ مرقدہ کو سناتا تھا اور حضرتؒ کی ہدایات ان کو بتلایا کرتا تھا، ایک دن اماں جی نے کہا کہ حضرت جی سے کہو کہ حضرت مردوں کی جماعت بھیجتے ہیں تو عورتوں کی کیوں نہیں بھیجتے؟ میں نے حضرت سے عرض کیا کہ اماں جی یوں کہتی ہیں کہ حضرت

عورتوں کی جماعت کیوں نہیں بھیجتے؟ حضرت یہ سن کر بہت خوش ہوئے اور بے شمار دعائیں دیں، پھر مجھے کہا کہ تم ان تینوں سے مشورہ لو، کہ مستورات کی جماعت بھیجنا چاہتے ہیں، آپ کی کیا رائے ہے، بندہ حضرت مولانا انعام الحسن صاحب مدظلہ العالی کے پاس گیا کہ حضرت مستورات کی جماعت بھیجنا چاہتے ہیں آپ کی کیا رائے ہے، حضرت جی مدظلہ العالی کے الفاظ تو مجھے یاد نہیں مطلب یہ تھا کہ ابھی تو مردوں کا نکلنا ہی علماء کی سمجھ میں نہیں آرہا ہے تو عورتوں کا نکلنا کیسے مان لیں گے اس لیے یہ میری رائے نہیں ہے، یہی قاری داود صاحب مرحوم نے بھی فرمایا پھر میں حضرت مولانا شاہ محمد یوسف صاحب نوراللہ مرقدہ کی خدمت میں گیا آپ مسجد کے برابر اوپر کے مکتب میں رہا کرتے تھے جہاں آج کل حافظہ کا مکتب ہے جب میں نے رائے لی تو یوں فرمایا کہ میری رائے نہیں ہے، اگر چہ ایک عورت کے ساتھ دو محرم ہوں اور اس کا باپ بھی ہو اور خاوند بھی ہو جب بھی میری رائے نہیں ہے، بس جیسے ان تینوں حضرات نے اپنی اپنی رائے دی تھی، میں نے ویسے ویسے ہی حضرت جیؒ سے عرض کر دیا کہ فلان نے یوں فرما یا، فلان نے یوں فرمایا۔ حضرت شاہ محمد یوسف نوراللہ مرقدہ کی بات سن کر غصہ فرمایا اور مجھے فرمایا کہ جو عورتیں جماعت میں جانے کے لیے تیار ہیں تو ان کو دہلی میں جا کر ایک گھر میں جمع کر کے بات شروع کردے، پہاڑ گنج دہلی کی جماعت تیار تھی کچھ عورتیں اماں جی کے ساتھ تھیں میں نے ان کو پہاڑ گنج ملتانی ڈھاندا میں ایک گھر میں جمع کر کے بات شروع کردی، ظہر کی نماز کے بعد حضرت نوراللہ مرقدہ مولوی نور محمد صاحب مرحوم کو لیکر پہاڑ گنج پہنچ گئے اور مولوی نور محمد صاحب مرحوم نے بیان شروع کیا دوران بیان میں مولوی صاحب نے فرمایا کہ دین سیکھنے کے لیے عورتوں کا بھی نکلنا ضروری ہے



مگر عورتیں بغیر محرم نہیں جاسکتی بیان کے ختم کے بعد حضرت جیؒ نے مولوی نور محمد صاحب کو ڈانٹا کہ تجھے مفتی کس نے بنایا تھا جو تم نے بغیر محرم نکلنے کو منع کردیا، یعنی پہلی جماعت ہے ابھی سے مسائل پر زور مت دو، خالی نکلنے کی ترغیب دو، یہاں تو یہ ہوا اور جب بڑے حضرتؒ نے مجھے دہلی بھیج دیا تو حضرت مولانا محمد یوسفؒ کے پاس گئے اور فرمایا کہ یوسف تو ہی مسلمان ہے میں مسلمان نہیں ہوں تو نے کیسے کہا کہ عورتوں کو تبلیغ میں نہیں جانا چاہئے یہ عورتیں کہاں نہیں جاتیں یہ شادیوں میں جاتی ہیں، غمی میں جاتی ہیں، دہلی کی عورتیں مرولی جاتی ہیں، سیر کرنے کو اوکھلا جاتی ہیں، پھر تم نے کیسے کہا کہ میری رائے نہیں ہے، جب بڑے حضرت محمد یوسفؒ سے خفا ہو کر آئے تو مولانا محمد یوسفؒ میرے اوپر خفا ہوئے کہ داؤد نے اباجی کو کیا کہہ دیا، مغرب کے بعد حضرت مولانا محمد یوسفؒ نے دولڑکے حوض پر بٹھادئے کہ جب داؤد دہلی سے آوے تو میرے پاس پکڑ کر لاؤ، ہم دہلی سے عشا پڑھ کر آئے گرمیوں کے دن تھے، یہ لڑکے مجھے حضرت مولانا محمد یوسفؒ کے پاس لے گئے، حضرتؒ نے فرمایا تم نے اباجی سے کیا کہا تھا میں نے عرض کیا کہ حضرت جو آپ نے فرمایا تھا میں نے وہی نقل کیا تھا تو یوں فرمایا کہ میرے اوپر کبھی اتنے خفا نہیں ہوئے اور صرف اتنی کسر رہی کہ لکڑی سے نہیں مارا، ورنہ زبان سے بہت کچھ کہا تو تقریباً آدھا اشکال تو مولانا محمد یوسفؒ کا حضرتؒ کی خفگی سے نکل گیا اور میوات کو بار بار جماعتیں جانے لگیں تو حضرت مفتی کفایت اللہ صاحبؒ مفتی اعظم ہند کو عورتوں کا نکلنا معلوم ہوا تو بہت خفا ہوئے کہ یہ مولانا محمد الیاس صاحبؒ نے کیا کیا تو مولانا محمد یوسفؒ اور دوسرے حضرات کو جو خطرہ تھا وہ سامنے آگیا تو مفتی صاحب کے خفا ہونے کا کسی نے بڑے حضرت کو آکر کہا تو بڑے حضرت تانگہ لیکر مدرسہ امینیہ تشریف لے گئے اور حضرت

مفتی کفایت اللہ صاحبؒ کے سامنے عورتوں کے نکلنے کے فائدے بتلانے کے ساتھ ساتھ عورتوں کے نکلنے کا اہتمام پیش کیا کہ جب مستورات کی جماعت نکالی جاتی ہے تو ہر عورت کو محرم کے ساتھ نکالا جاتا ہے ،اول تو خاوند ہو یا باپ ہو یا بیٹا ہو یا بھائی ہو اگر کوئی عورت بغیر محرم آ گئی اور کہا کہ میرا محرم کل یا پرسوں آئیگا تو اس عورت کو واپس کر دیا جاتا ہے ۔اور جہاں جماعت جارہی ہے ان کو پہلے اطلاع کر دی جاتی ہے، تا کہ وہ مکان طے کر کے خالی کرالیں جس مکان میں عورتیں ٹھہرتی ہیں وہ اُسی مکان میں رہتی ہیں گاؤں والی عورتیں جماعت کے پاس آتی ہیں، گشت عورتوں کے محرم اور مقامی مرد مل کر کرتے ہیں، یہ مرد مردوں سے بات کرتے ہیں کہ اپنی مستورات کو فلاں صاحب کے گھر میں جماعت کے پاس بھیجو یہ جماعت کی عورتیں کہیں نہیں جاتیں، پردے کا پورا اہتمام کیا جاتا ہے، وغیرہ وغیرہ ،تو حضرت مفتی صاحب مرحوم کو پورا اطمینان ہو گیا، کہ اگر اتنا اہتمام کرتے ہیں تو کوئی حرج نہیں ، پھر جو جماعت مستورات کی کام کر کے آتی تو حضرت مولانا محمد یوسفؒ کو کار گزاری سناتی ، ان تمام باتوں سے حضرت مولانا محمد یوسفؒ کا اشکال آہستہ آہستہ ختم ہو گیا، سب سے پہلی جماعت گھاسیڑہ اور نوح کے قریب آس پاس میں آٹھ یوم لگا کر آئی بندہ جماعت کے ساتھ تھا جب آٹھ یوم میں واپس آ گئے تو بڑے حضرت خفا ہوئے کہ اتنی جلدی کیوں آ گئے، میں نے عرض کیا کہ حضرت عورتیں زیادہ کپڑا لیکر نہیں گئی تھی ،تو حضرت نے فرمایا کہ تو نوح سے نئے کپڑے بنوا دیتا پیسہ مجھ سے آ کر لیتا میں نے عرض کیا کہ حضرت مشورہ والوں نے فرمایا تھا کہ یہ پہلی جماعت ہے ،ان کے جذبات کا خیال رکھنا اس لیے جلدی آ گئی مشورہ کی سن کر، حضرت بہت خوش ہوئے اور بہت دعائیں دیں، جب یہ جماعت مشورہ سے



گھاسیڑہ وغیرہ طے ہوئی تو بڑے حضرت نے چودہریوں کے نام خط لکھا کہ میں تمہارے یہاں دہلی کی پردہ نشین مستورات کو بھیج رہا ہوں تم ان کی خوب نصرت کرنا وغیرہ وغیرہ، گھاسیڑہ والوں کو جماعت کا انتظار تھا، سڑک پر استقبال کے لئے آ گئے جب جماعت گھاسیڑہ پہنچی تو گاؤں والوں نے استقبال میں کافی بندوقیں چلائیں اور پرزور استقبال کیا کہ مستورات کی پہلی جماعت ہمارے گاؤں میں آئی ہے، اور ہر گاؤں میں ایسا ہی استقبال کیا گیا، پھر تھوڑے تھوڑے وقفہ سے کئی جماعتیں نکلیں ، بعد میں میوات سے مستورات کی جماعت کے مطالبے آنے لگے، مستورات کا کام غالباً ۱۹۴۲ء میں شروع ہوا ہے، اس سے پہلے نہیں اس لیے کہ بندہ ۱۹۴۱ء میں مرکز آیا تھا مرکز میں آنے کے بعد مستورات کا کام شروع ہوا ہے ،اگر حضرت کے انتقال سے دس سال پہلے شروع ہوتا تو ہندوستان کے کتنے شہروں میں بے شمار مستورات کی جماعتیں پہنچ جاتیں، حضرت جی کی حیات میں میوات کے علاوہ کہیں مستورات کی جماعت نہیں گئی۔

واللہ تعالیٰ اعلم ۔والسلام بندہ محمد داؤد۔

## مستورات کے ۲۴ گھنٹے کے مختصر کام:

## از مرکز نظام الدین دہلی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ مزاج گرامی بعافیت ہوں گے، اور دین کی مقامی محنت پوری طرح کررہے ہوں گے، اللہ تعالیٰ مزید کی توفیق عطا فرمائے، دعوت کا کام زبردست کام ہے کام جتنا اہم اور جتنا بڑا ہوتا ہے اس کے اصول اور طریقے بھی اتنے ہی اہم ہوتے ہیں، مستورات کا کام اور بھی زیادہ اہم اور نازک ہے۔

عورتوں کا اصل کام تو یہ ہے کہ اپنے گھروں میں پانچوں نمازیں اول وقت میں خشوع وخضوع سے کھڑی ہوکر پڑھتی رہیں اور قرآن پاک کی تلاوت کرتی ہیں، اگر پڑھی ہوئی نہیں ہیں تو روزانہ اپنے کسی محرم سے یا صحیح پڑھنے والی کسی عورت سے ۲، ۲، ۴، ۴ آیتیں سبقاً سبقاً سیکھتی رہیں، صبح وشام ۳، ۳ تسبیحات بیٹھ کر پڑھتی رہیں تو زیادہ اچھا ہے اور اپنے بچوں کی دینی تربیت وتعلیم اور اپنے خاوند کی خدمت کرتی رہیں، اور اگر کوئی عزیز رشتہ دار خاتون یا سہیلی کسی بھی کام کے لیے آئیں تو انہیں پیار ومحبت اور حکمت سے دین پر چلنے اور گھر میں تعلیم کرنے نیز اپنے محرموں کو اللہ کے راستہ میں نکلنے کی ترغیب دے، اگر آپنے ان کو ان باتوں کے لیے تیار کردیا تو یہ بہت بڑی کمائی کرلی، روزانہ اپنے گھر میں فضائل اعمال کی تعلیم کرتی رہیں جب تعلیم کرتے کرتے ذہن بن جائے تو



ایک جماعت پانچ عورتوں کی بنالی جائے، اس میں ۲، ۳ پرانی اور ۲، ۳ نئی عورتیں ہوں ہر ایک کے ساتھ ان کا حقیقی محرم (باپ، بیٹا، بھائی، خاوند، ماموں) ہو بچے ساتھ نہ ہوں، ایسی جگہ جائیں جہاں پوری جان پہچان ہو، اور پہلے سے ان کو اپنے آنے کی اطلاع دیدی جائے، وہاں پہنچ کر مردوں میں سے کوئی دعا کرائے اور عورتیں ایک طرف کھڑی ہوکر چپکے چپکے آمین کہتی رہیں یہ جب ہے کہ استقبال والوں کی بھیڑ نہ ہوا گر استقبال والے زیادہ ہوں تو مرد باہر دعا کریں اور عورتیں اندر چلی جائیں اور وضو کر کے نفلیں پڑھیں بشرطیکہ مکروہ وقت نہ ہو، مردوں کی دعا کافی ہوجائے گی، بہتر تو یہ ہے کہ جہاں جانا ہے اس شہر میں داخل ہوتے ہی دعا کرلیں، اپنی مخصوص گاڑی ہوتو گاڑی میں بہتر ہے، مرد مسجد میں جاکر بعد تحیۃ الوضو ومسجد، مشورہ کریں اور عورتوں کے لیے طے کریں کہ کونسی خاتون تعلیم کرائے گی، اور کون خدمت کرے گی وغیرہ وغیرہ پرچہ میں لکھ کر بھیج دیں، اور جماعت کے دو حصے ہرگز نہ کریں، جب تک مشورہ کا پرچہ آئے اس وقت تک عورتیں نفل پڑھنے کے بعد جو مقامی بہنیں آئی ہوئی ہیں ان سے دینی ترغیبی بات کریں، جب مشورہ کا پرچہ آجائے تو اس کے مطابق کام کریں، عورتیں صرف کتابی تعلیم کریں گی تقریر کی بالکل اجازت نہیں ہے، اپنے ہی ساتھ آئی ہوئی بہنوں سے قرآن مجید کی تصحیح کرنے کا حلقہ چلائیں، جتنی دیر مناسب سمجھیں، پھر کتابی تعلیم کریں، کتابی تعلیم اس طرح آہستہ آہستہ کریں کہ جو بہنیں بے پڑھی ہیں وہ بھی سمجھ جائیں اور چھ نمبر کا مذاکرہ بھی حلقہ بنا کر بیٹھ کر کریں، یہ ظہر سے پہلے کا کام ہے۔

ظہر کے بعد مقامی عورتیں تعلیم میں آئیں گی مشورہ سے جس کا تعلیم کرنا طے ہوا ہے وہ خاتون تعلیم کرے، تعلیم اور بیان کے انتظار میں تسبیح وغیرہ پڑھ سکتی ہیں، تعلیم بیٹھ

کر شروع کی جائے اگر عورتیں کم ہوں، تعداد بڑھ جائے تو اسٹول یا چوکی پر بیٹھ کر تعلیم کر سکتی ہیں کرسی صوفہ پر نہ بیٹھیں، مجمع زیادہ ہو اور گھر میں گنجائش نہ ہو تو دو حلقے کر سکتی ہیں، فضائل اعمال کے علاوہ کوئی دوسری کتاب نہ پڑھی جائے، کسی خاتون کو کسی مسئلہ کی ضرورت پڑے تو اپنے کسی محرم کے ذریعہ معتبر و معقول عالم سے معلوم کر لے مسائل کی اجتماعی تعلیم نہیں ہوگی، انفرادی طور پر مسائل کی کتاب پڑھی جا سکتی ہے۔

جب کوئی مرد بیان کرنے آئے تو عورتیں اپنی تعلیم بند کر دیں، عورتیں اس کی پوری احتیاط کریں کہ ان کی آواز مردوں تک نہ پہنچے، مرد بیان کے بعد تشکیل کا موقع دیں، عورتیں مقامی مستورات کی تشکیل کریں کہ کون کون اپنے مردوں کو، اپنے بیٹوں کو یا دوسرے عزیزوں کو اللہ کے راستے میں تین چلہ، یا چلہ کے لیے بھیجیں گی اور دعا سے پہلے ان کے نام پورے پتہ کے ساتھ لکھوا کر بھجوا دیں، تا کہ ان کی وصولی میں آسانی ہو پرچہ مقامی ذمہ داروں کو بھجوائے مرد دعا کر کے چلے آئیں پھر عورتیں عصر کی نماز ادا کریں اور تسبیحات پوری کریں، اگر کچھ مقامی عورتیں بیٹھی ہوں تو ان سے دینی ترغیبی بات کریں، مغرب کی نماز کے بعد اوابین پڑھیں اور اگر موقع ہو تو انفرادی اعمال سیکھنا سکھانا وغیرہ کرے، یا آرام کریں، عشا کی نماز کے بعد کوئی تعلیم نہیں جلدی آرام کریں تا کہ تہجد میں اٹھنا آسان ہو، کھانا عشا سے پہلے یا بعد جیسی سہولت ہو کھا لیں نمازِ تہجد کے بعد دعا مانگیں اپنے ماں باپ اور پوری امت کے لیے نمازوں کو خشوع و خضوع سے پڑھنے کی مشق کریں، بعد نمازِ فجر ناشتہ میں دیر ہو تو آرام کر لیں، ناشتہ جلدی ہو جائے تو بعد ناشتہ مختصر آرام کر لیں، تعلیم کا جو وقت مقرر ہے اس سے پہلے اپنے انفرادی اعمال وضرورتوں سے فارغ ہو جائیں، اگر مردوں میں سے کوئی پرانے ساتھی بات کرنے



والے ہوں تو نمازِ فجر کے بعد ۳۰، ۴۰ منٹ بات کریں، بشرطیکہ ناشتہ میں دیر ہو، ورنہ ناشتہ کے بعد بات کریں تا کہ عورتیں شام تک کاموں میں لگی رہ سکیں، ناشتہ سے پہلے یا بعد اگر آرام کریں تو مشورہ سے ایک بہن ایسی جگہ بیٹھے جہاں سے باہر سے آنے والی بہنوں پر نظر رہے، یہ بہن قرآن شریف لے کر نہ بیٹھے بلکہ تسبیح لے کر بیٹھے، تا کہ آنے والی بہنوں کا استقبال کر سکے، ان سے ایسی جگہ بیٹھ کر بات کرے کہ سونے والی بہنوں کی نیند میں خلل نہ ہو، اس لیے جہاں مستورات کی جماعت جاتی ہے مقامی عورتیں ملنے کے لیے آیا کرتی ہیں اگر سب کو سوتا پائیں گی تو مایوس ہو کر واپس ہوں گی اس لیے مشورہ سے کبھی کوئی کبھی کوئی بیٹھا کرے جماعت میں آنے والے محرم اپنی عورتوں سے ملنے مغرب سے پہلے آ سکتے ہیں مغرب کے بعد مناسب نہیں، لوگوں نے جو عورتوں کا اجتماع نام رکھا ہے اصل میں وہ عورتوں کی تعلیم ہے، عورتیں گشت نہیں کریں گی، نہ چھوٹی نہ بڑی عمر کی، نہ مقام پر نہ جماعت میں باہر نکلنے کے زمانہ میں، جو محرم ساتھ آئے ہیں وہ مقامی مردوں کے ساتھ مل کر گشت کریں اور مقامی مردوں کو اپنی مستورات کو جہاں تعلیم ہو رہی ہو وہاں بھیجنے کی دعوت دیں، اور تاکید کریں کہ وہ سادہ لباس و سادہ طریقے سے شرکت کریں، بن سنور کر زیوروں سے آراستہ ہو کر نہ جائیں، اگر ممکن ہو تو ہوٹل سے روٹی منگوا لے اور کوئی عورت گھر میں سالن بنا لے، عورت تعلیم میں بیٹھے بیٹھے سالن دیکھ سکتی ہے۔

یہ سولہ باتیں وہ ہیں جن کو حضرت شاہ محمد یوسفؒ فرمایا کرتے تھے، چار کام خوب کرنیکے (۱) دعوت (۲) تعلیم و تعلم (۳) عبادات (۴) خدمت۔

چار کام بالکل نہیں کرنیکے (۱) اشراف (دل کا سوال) (۲) زبان کا سوال (۳) اسراف (فضول خرچی) (۴) کسی کی چیز بغیر اس کی اجازت استعمال کرنا۔

چار کاموں میں وقت کم لگانا (۱) کھانے پینے میں (۲) سونے میں (۳) نہانے دھونے میں (۴) جائز دیگر کاموں میں۔

چار کاموں میں دخل نہ دے۔ (۱) سیاست (۲) بحث ومباحثہ (۳) مسائل کے تذکرے اور (۴) حالاتِ حاضرہ...۔ بس دین وایمان کی فکر ہو، اور آخرت کی سوچ۔

آپ نے اچھا کیا جو پوچھ لیا، جو پوچھ پوچھ کر چلے گا وہ صحیح کام کر سکے گا۔

(نوٹ) ان باتوں میں جان ڈالنے کے لیے گھر پر فضائل اعمال کی تعلیم بچوں کو اہتمام سے ساتھ لے کر روزانہ فکر ولگن سے کریں، اس کے علاوہ کوئی دوسری بات نہ پڑھی جائے، اور مسائل کی اجتماعی تعلیم نہ ہوگی۔

فقط والسلام۔ بحکم مولانا سعد صاحب

از مولوی داؤد صاحب۔

بنگلہ والی مسجد، بستی نظام الدین نئی دہلی۔



## مستورات میں کام کرنے کا طریقہ اور ترتیب:

## از حضرت جی ثالث حضرت مولانا محمد انعام الحسن صاحبؒ

حضرت مولانا انعام الحسن صاحبؒ نے اپنے حد درجہ محتاط اور دور اندیشانہ مزاج نیز کام کی نزاکتوں کو سامنے رکھ کر مستورات میں اس عالی محنت کے لیے وقتاً فوقتاً جو ہدایات ونصائح تحریری یا تقریری طور پر فرمائیں، ان کا ایک جامع مرقعہ یہاں پیش کیا جاتا ہے:

ایک موقعہ پر تعلیم وتربیت اور دوسرے امور پر زور دیتے ہوئے اپنے مکتوب (محررہ ۲۶، محرم ۱۴۱۱ھ) میں تحریر فرماتے ہیں:

مستورات میں دین کے کام کا فکر وجذبہ مبارک ہے، مستورات میں اصل کام تو انھیں دین کے اعمال پر قائم کرنا اور ترغیب دے کر ہر گھر میں روزانہ تھوڑی دیر فضائل کی تعلیم میں جو مستورات جمع ہوتی ہیں ان کا ذہن بنا کر اس پر انھیں آمادہ کیا جائے اپنے بچوں کی دینی تعلیم وتربیت، پردہ کا اہتمام، اپنے بڑوں اور شوہروں کی اطاعت وخدمت اور غیبت چغل خوری وغیرہ سے بچنے کی ترغیب دی جائے، عورتوں میں دین کا کام اپنی بستی کے دعوت کے کام کرنے والے ذمہ داروں کی رائے اور مشورہ سے ہونا چاہئے، کبھی کبھی مردوں کے مشورہ سے کسی ذمہ دار سمجھدار پرانے کام کرنے والے بھائی کی پردہ کے اوٹ سے بات چیت بھی رکھی جاسکتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نفس وشیطان کے شرور سے حفاظت فرمائے اور اخلاص وللّٰہیت نصیب فرمائے۔آمین۔

اسی طرح ایک دوسرے مکتوب میں مستورات میں تعلیم کے مقصد اور اس کی حدود وشرائط کے بارے میں تحریر فرماتے ہیں:

خواتین میں دینی ذہن بنانے، آخرت کے اعتبار سے انھیں فکرمند کرکے نماز و روزہ، تسبیحات وتلاوت کی پابندی اور روزانہ اپنے گھر میں تھوڑی دیر فضائل کی تعلیم اور اپنے مردوں کو راہِ خدا میں نکلنے کے لیے معین ومددگار بننے پر آمادہ کرنے کے لیے کبھی کبھار مردوں کے مشورہ سے کسی پردہ دار مکان میں انھیں جمع کرکے کسی معمر شادی شدہ پرانے سمجھدار آدمی کی بات کرائی جاسکتی ہے، مستورات میں بات کرنے کے لیے ایک اکیلا آدمی نہ جائے بلکہ تین کی جماعت بنا کر جائیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شریعت میں جو قیود رکھی ہیں، مستورات کا کام اسی کے ماتحت ہوگا، اس کی تصریح کے ساتھ مزید ہدایات دیتے ہوئے ایک بڑے اجتماع میں فرمایا:

دنیا کی ظاہری حیات مردوں اور عوتوں سے مل کر ہے اللہ پاک نے یہ دنیا مرد و عورت دونوں کو ملا کر بنائی ہے، اسی طرح باطنی حیات بھی دونوں سے مل کر ہی ہوگی، اگر ایک حصہ میں فساد رہا تو دوسرا باقی نہیں رہ سکتا، اس لیے ضروری ہے عورتوں میں نماز، تعلیم، ذکر، تلاوت کے اعمال زندہ کیے جائیں اور اس کے لیے مردوں کے مشورہ سے ان کو جمع کرکے ترغیب دی جائے، حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے شریعت میں جو قیود رکھی ہے یہ کام انھیں قیود کے اندر رہے، بعض علاقہ والوں نے مستورات کے کام کے



بارے میں ہم سے چھوٹ اور اجازت چاہی اور دلیل یہ دی کہ عورتیں سنیما گھر جاتی ہیں اور نہ جانے کہاں کہاں جاتی ہیں، تو میں نے ان سے عرض کیا کہ وہ تو اس سے بھی بڑھ کر کام کرتی ہیں لیکن اگر ہم بھی ڈھیل چھوڑ دیں تو پھر یہ دین کا کام نہیں رہے گا، بلکہ دنیا کا کام بن جائے گا، فقہاء کا فیصلہ ہے کہ عورتوں کا اجتماع نقصان سے بہت کم خالی ہوتا ہے، فکرمند ساتھی اپنے گھروں پر عورتوں کو بلائیں اور یہ بات سکھائیں، تین میل کے اندر بلکہ ایک میل کے اندر بھی مستورات کی جماعت جائے تو محرم ساتھ ہو، مشورہ سے محرم کے ساتھ جماعت میں جائیں ایسے محرم جو اُن کے خیالات کی بھی حفاظت کرسکیں اور عادات کی بھی حفاظت کرسکیں اور شریعت کی تمام شرطیں پوری کی جائیں۔

ایک مرتبہ جنوبی افریقہ کی مستورات نے اس خواہش وضرورت کا اظہار کیا کہ حضرت مولانا تفصیل کے ساتھ مستورات میں کام کا طریقہ اور اس کا طرز واسلوب مفصل طور پر تحریر فرمائیں تاکہ وہ ان کے لیے مشعل راہ ثابت ہو، چنانچہ حضرت مولانا نے ذیل کا مفصل مکتوب ان کو ارسال فرمایا۔ یہ مکتوب مولانا محمد عمر صاحب پالنپوریؒ کے قلم سے ہے، تحریر فرماتے ہیں:

مستورات کے کام میں یہ ہونا چاہئے کہ مقامی عورتیں اس دینی کام کے کرنے والی بن جائیں، اسی سے مردوں میں بھی کام پھیل سکتا ہے، اس میں ایک اہم بات یہ ہے کہ عورتوں کا کام مردوں کی سرپرستی، نگرانی اور مشورہ سے چلے، عورتیں خود ہی ذمہ دار نہ بنیں، کام کا طریقہ یہ ہے کہ ہر گھر میں عورتوں میں تعلیم چالو ہو چاہے عورت کتاب پڑھے یا ان کے گھر کا کوئی مرد پڑھے، جس میں گھر کے چھوٹے بڑے سب بیٹھیں، تعلیم صرف فضائل کی کتابوں میں سے ہو اس تعلیم کے ذریعہ پنج وقتہ نماز فرض نفلیں بھی جتنی

آہستہ آہستہ ہوسکیں کی جائیں، قرآن شریف کی تلاوت، چھ تسبیحات یعنی ذکر اللہ ہو، اسی تعلیم کو ذریعہ بنا کر ہر عورت ملنے والیوں سے دینی بات کرنے والی بن جائے اور اسی سے جذبہ پیدا ہو کر اپنے گھر کے مردوں کو شوہر، باپ، بیٹا، بھائی کو ترغیب دے کر جماعتوں میں بھیجنے کی کوشش ہو، مقامی کام میں شرکت کی ترغیب دیں، مستورات میں ان سب باتوں کو چالو کرنے کی ترغیب کے لیے کبھی کبھار عورتیں جمع ہوں اور ان میں مرد ان باتوں کو چالو کرنے پر بیان کرے، اور اسی میں مردوں کے مشورہ سے عورتیں بھی اس گفتگو کو آپس میں کریں، چھ نمبروں میں رہ کر بات چیت ہو، فروعات نہ چھیڑی جائے، حرام چیزیں جن میں عورتیں مبتلا ہیں، ان پر طعنہ نہ مارا جائے، ورنہ ان کا آنا جانا بند ہو جائے گا، بلکہ مجموعی طور پر ان کا یہ ذہن بنایا جائے کہ اللہ کے حکموں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ پر پورا کرنے میں ہی دنیا وآخرت کی کامیابی ہے، یوں دھیرے دھیرے احکامات پر آئیں گی، دینی محنت تو شرعی اصولوں کی پابندی کے ساتھ کی جائے، اور اس کی آواز لگائی جائے، اس میں بعض عورتیں ایک دم پابند نہ ہوسکیں تو ان پر سختی نہ کی جائے، بلکہ دھیرے دھیرے نرمی سے اصولوں پر لانے کی کوشش کی جائے جب عورتوں کا ذہن بنے گا تو وہ خود ہی گھر کے محرم کو ساتھ جانے پر تیار کرے گی، اور اگر سیر وتفریح اور دینی کام کو ذریعہ بنا کر گھومنے پھرنے کا ذریعہ بنائے گی تو ایسی عورتیں کوشش کریں گی کہ محرم ساتھ نہ ہو، اب یہ کام کرنے والیاں اندازہ لگا کر آنے والیوں کے ساتھ ان کی حالت کے اعتبار سے معاملہ کریں، اس قسم کے معاملات میں سردست پرانے کام کرنے والے مردوں کا مشورہ مفید ہوگا، وہ ان کلیات کی روشنی میں سوچ کر رائے دیں، جہاں مرد بھی فیصلہ نہ کرسکیں تو وہ مرد عورتوں کی طرف سے نمائندگی کر کے نظام الدین لکھ کر



پوچھ لیں، مثلاً ایک عورت میں دینی درد وجذبہ ہے، محرم کا ابھی ذہن نہیں بنا ہے ایسی عورت کو محرم کا ذہن بنانے کا موقع دیا جائے، ایک دم سے اسے ڈانٹ دو گی تو ایک قیمتی مایہ ہاتھ سے نکل جائے گی، یہ بھی بڑے ڈر کی چیز ہے، ایک عورت ایسی ہے کہ تبلیغ کے نام سے سیر وسپاٹے کرنا چاہتی ہے، تبلیغ تو ایک گھنٹہ کی لیکن اس کا وقت پانچ گھنٹے لگا، آتی جاتی گھومتی پھرتی رہی، ایک گھنٹہ تبلیغی مجلس میں شریک ہوئی اور آئندہ اس کی آوارگی کا خطرہ ہے تو ایسی عورت کے بارے میں چپ رہنا دین کے کام میں خطرہ ڈالے گا، اس لیے ایسی عورت کو حکمت کے ساتھ محرم کو ساتھ لانے پر زور دیا جائے، اور سرپرست مردوں کے ذریعہ اس کے مردوں کو بھی ترغیب دلائی جائے کہ ساتھ لائے اور لے جائے تو اس کام کی حفاظت ہوگی۔

یہ دو مثالیں دی گئیں ہیں، ہر آنے والی کے ساتھ ایک جیسا معاملہ نہ ہوگا بلکہ اس کی حالت کے اعتبار سے معاملہ ہوگا، جس جگہ عورتیں موجود ہوں وہ جگہ بند ہو، تا کہ مرد دیکھ نہ سکیں، تقریر نہ کریں بلکہ دینی ذہن بنانے کے لیے بات چیت کا انداز ہو، اور کتابی تعلیم کرانے میں کوئی حرج نہیں ہے، اختلافی مسائل پر بات چیت نہ ہو، مسائل تو مردوں کے ذریعہ مفتی صاحبان ہی سے پوچھیں، ہماری ساری گفتگو فضائل پر ہو، بے پردگی عام ہے، حکمت سے کام کرو گی تو دھیرے دھیرے پردہ آجائے گا کوئی کام ایک دم نہیں ہوا کرتا، پہلے ذہن بنانے کی کوشش کرو اور یہ ذہن تعلیم، تلاوت، ذکر، نماز، دینی گفتگو اور دعا سے بنے گا، نماز سیکھنے کا ذہن بن جائے تو ہر محلّہ میں کسی پڑھی لکھی عورت کے پاس سیکھنے والیاں سیکھ سکتی ہیں، صحابیات کے واقعات کے ذریعہ سادگی کا ذہن دھیرے دھیرے بنایا جائے، قبر، حشر، جنت، دوزخ، اللہ کی عظمت والی بات چیت ہر

ایک کے لیے مفید ہے، اس سے خود دین کا فکر پیدا ہوگا، عورتوں کے لیے سب سے بڑا اصول دینی محنت کرنے والے مردوں میں کام کرنا ہے، خود عورتیں اپنے طور پر نہ کریں، عورتوں کا کام بہت نازک ہے، لیکن ضرورت بھی ہے، نزاکت کے سبب دینی کام چھوڑا بھی نہیں جا سکتا، اور بہت ضروری جان کر بے اصولی برداشت نہیں کی جائے گی، بے اصولی کو روکنے کے لیے ایسا ڈنڈا بھی نہ مارو کہ کام ہی سرے سے ختم ہو جائے اور کام ختم ہونے کے ڈر سے ایسی بے باک نہ ہو کہ اصول ٹوٹ جائیں، بیچ کا راستہ اختیار کرو کہ کام بھی ہوتا رہے اور آہستہ آہستہ اصول بھی آتے رہیں، سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے، اس کے لیے دن کو تھکا دینے والی محنت کرو اور رات کو تنہائیوں میں اللہ کے سامنے ہچکیاں مار مار کر اور رو رو کر دعائیں کرو، اللہ کی ذات سے امید ہے کہ عالم میں دین پھیلے گا، پھر مرنے کے بعد میٹھی نیند سونا ہے اور بعد میں جنت میں جا کر ہمیشہ ایسے مزے کرنے ہیں جن کا کبھی خیال بھی نہ گزرا ہوگا، مزہ تو جنت میں ہے۔

زیادہ فکر مند عورتیں جو ہوں ان کا کام اپنے ذمہ لے کر ان کی نیند پوری کرائیں، اور ان کی صحت کا خیال کریں، یہ صرف زیادہ فکر مند عورتوں کے لیے ہے، کیونکہ عام عورتیں خود ہی اپنی نیند کا خیال رکھتی ہیں، ہر کام میں اعتدال کا خیال رہے، عورتیں گشت نہ کریں، بلکہ نابالغ بچے اور بچیاں سمجھا بجھا کر بھیجی جائیں جو گھروں میں جا کر نماز، کلمہ کی بات کریں اور کہیں جمع کرنا ہے تو وہ بچے خود ہی کریں یا مسجدوں میں مردوں کو کہا جائے کہ وہ اپنی مستورات کو بھیجیں، اگر چھوٹے بچوں کو بھیجا جائے تو بچوں میں بچپن ہی سے دعوت کا جذبہ پیدا ہوگا، ان بچوں کی جماعت کے ساتھ ایک بڑا آدمی بھی ہو جو پاس کھڑا رہے تاکہ بچے اس دعوت کو کھیل نہ بنائیں، یہ مدرسہ کے بچوں سے بھی کرایا جا سکتا ہے،



لیکن عورتیں مردوں کی طرح گشت نہ کریں۔

مستورات میں کام کا طریقہ یہ ہے جو مستورات دینی محنت میں ساتھ چلیں ان سے تعلیم کرائی جائے، کتاب پڑھوائی جائے، شوقین عورتیں جو نماز سیکھنا چاہتی ہوں انھیں سپرد کر دیا جائے کہ نماز یاد کرائیں، چھ نمبروں کی بات سمجھانے بجھانے کے درجہ میں ان سے کرائی جائے، بعض دفعہ ان سے سیکھنے والی مستورات کو ان کے محرموں کے ساتھ کچھ وقت کے لیے بھیجا جائے تاکہ کام کا بوجھ ان کے سروں پر پڑے، پھر پرانی مستورات دوبارہ آکر ملے اور کارگزاری سنائیں اس طرح کئی کام کرنے والی عورتیں بنیں گی، جو آخرت کا ذخیرہ ہونے کی امید ہے۔

فقط والسلام۔

بندہ انعام الحسن غفرلہ۔

(ماخوذ از سوانح حضرت جی ثالث مولانا محمد انعام الحسن: ۳/ ۲۹۸۔۳۰۴، مکتبہ رحمانیہ)۔

## ''لسان التبلیغ حضرت مولانا عمر صاحب پالنپوریؒ کے بیان کا اقتباس''

### دعوت کا کام عورتوں کے لیے بھی ضروری ہے:

فرمایا: دعوت کا کام مرد اور عورت سب کے لیے اللہ جل جلالہٗ وعم نوالہ ضروری بتاتے ہیں:

﴿ المؤمنون والمؤمنات بعضهم أولياء بعض، يأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر و يقيمون الصلوٰة ويؤتون الزكوٰة ويطيعون اللّٰه ورسوله أولئك سيرحمهم اللّٰه ، إن اللّٰه عزيز حكيم﴾

(سورة التوبة).

مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں ایک دوسرے کے ساتھی ہیں، یہ بھلی باتیں بتائیں، بری باتوں سے بچائیں، اور نماز قائم کریں، زکوٰۃ ادا کریں، اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کریں، ان پر اللہ رحم کرے گا، بیشک اللہ زبردست ہیں، حکمت والے ہیں۔

### عورت کی چار نسبتیں:

ایک مرد کے پاس عام طور سے چار قسم کی عورتیں ہوتی ہیں:

ایک طرف ماں۔ایک طرف بیوی۔ایک طرف بہن۔ایک طرف بیٹیاں۔

اسی طرح عورتوں کے چاروں طرف تقریباً چار قسم کے مرد ہوتے ہیں:

ایک طرف باپ۔ایک طرف شوہر۔ایک طرف بیٹا۔ایک طرف بھائی۔



تو چار قسم کے مردوں کے بیچ میں ایک عورت، اور چار قسم کی عورتوں کے بیچ ایک مرد، جو ایک دوسرے کے ساتھی ہیں، اور ان سبھوں کو کیا کرنا چاہیے؟

يأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر، الخ .

(۱) ایک دوسرے کو بھلی باتیں بتائیں۔

(۲) ایک دوسرے کو بری باتوں سے روکیں۔

(۳) نماز قائم کریں۔

(۴) زکوٰۃ ادا کریں (یعنی حقوق کی ادائیگی)۔

(۵) اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کریں۔(تبلیغی تقریریں، جلدِ دوم ص ۱۶۴)۔

### دعوت میں عورتوں کی معاونت کا فائدہ:

فرمایا: میرے محترم دوستو! گھر گھر اس لیے تعلیم کی ترتیب بنانا چاہیے، تاکہ عورتوں اور بچوں کا ذہن بنے۔بعض عورتیں، مردوں سے زیادہ کام کرنے والی بن جاتی ہیں، بعض عورتوں کے دل کے اندر دین کا بڑا درد ہوتا ہے۔جن کی وجہ سے مرد دینداری پر آجاتے ہیں، اگر مرد تھوڑی قربانی پر تھا، تو عورتوں نے اسے زیادہ قربانی پر کھڑا کر دیا۔

اس لیے دعوت کے کام کے تعلق سے ہر آدمی اپنی فکر کرے، اپنے گھر والوں کی فکر کرے، اپنی بستی کی فکر کرے، اپنے خاندان کی فکر کرے، اپنی قوم کی فکر کرے، پوری انسانیت کی فکر کرے۔(تبلیغی تقریریں، جلدِ دوم ص ۱۶۷)۔

### مردوں سے زیادہ قربانی عورتوں کی ہے:

فرمایا: عورتیں رقیق القلب ہوتی ہیں دل ان کے نرم ہوتے ہیں، ان کے

سامنے جب ڈھنگ سے بات آتی ہے تو ان کے دل مردوں سے زیادہ نرم ہوتے ہیں بڑی رونے والی ہوتی ہیں۔ (تبلیغی تقریریں، جلدِ دوم ص۲۱۳)۔



## مستورات کے کام کے متعلق ہدایات
## جاری شدہ از عالمی تبلیغی مرکز رائے ونڈ

الحمد للہ دین عالی کے فروغ کیلئے امت میں کچھ عرصہ سے کام ہو رہا ہے، مستوراتِ امتِ مسلمہ کا ایک بڑا حصہ ہے اس لئے ضروری ہے کہ مردوں کے ساتھ ساتھ عورتوں میں بھی کام کیا جائے جہاں عورتوں میں کام بہت اہمیت رکھتا ہے وہاں یہ نازک بھی بہت ہے اس لئے ضروری ہے کہ کام اصولوں کے مطابق ہو امید ہے کہ اس بارہ میں مندرجہ ذیل امور کی پابندی کام میں ترقی اور فتنوں سے حفاظت کا سبب ہوگی۔

**مقامی کام:** ہر گھر میں محرم مرد مستورات اور بچے مل کر روزانہ فضائل کی تعلیم کریں۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی پاکیزہ اور سادہ معاشرت بالذات اللہ تعالیٰ کو محبوب ہے۔ کھانے، لباس اور رہن سہن میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک گھر والی سادی زندگی اختیار کی جائے۔ گھر کا ہر فرد ہر روز ایمان ویقین کی دعوت دے۔ دوسروں کو اس پر آمادہ کرے۔ تلاوت اور تسبیحات کا اہتمام ہو۔ لوگوں سے حسن سلوک سے پیش آئے۔ ہر کام کو ایسا کیا جائے جس سے یہ ثابت ہو کہ اللہ جل شانہ کے اوامر کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقوں پر پورا کرنے ہی میں دنیا اور آخرت کی کامیابی کا دارومدار ہے۔ گھر کے کاموں کو کم سے کم وقت میں پورا کیا جائے۔ اعمال میں زیادہ سے زیادہ وقت لگایا جائے۔ بچوں کی دینی تربیت کی جائے۔ ایمانی تذکروں اور اعمال کے ذریعہ

اپنی ضرورتیں حق تعالیٰ شانہ سے پوری کروانے کا ماحول بنایا جائے۔ دینی کام اور نقل وحرکت کے تقاضوں کے بارے میں مشورے، فکر اور دعاؤں کا اہتمام ہو۔

جن محلوں میں پہلے سے ہفتہ واری فضائل کی تعلیم ہورہی ہے وہ جاری رہ سکتی ہے نئی جگہ پر مقامی ذمہ داروں یا رائے ونڈ سے مشورہ کے بغیر اجتماعی تعلیم شروع نہ کروائی جائے۔ گھر اور محلوں کی تعلیم میں فضائل کی کتابوں کا پڑھنا اور چھ نمبروں کا مذاکرہ ہے۔ محلوں کی تعلیم میں مہینہ دو مہینہ کے بعد مردوں کا بیان ہوسکتا ہے۔ محلّہ کی تعلیم مسجد کی جماعت سے مربوط ہو۔ یعنی تعلیم، استقبال اور تشکیل کرنے والی مستورات کا نام مردوں کے مشورے سے طے کیا جائے۔ بڑے بڑے شہروں میں جہاں شہروں کی مستورات کے لئے فضائل کی اجتماعی تعلیم اور بیان کا اہتمام ہو وہ جاری رہے لیکن کسی نئی جگہ رائیونڈ سے مشورہ کے بغیر شروع نہ کیا جائے۔ کسی شہر میں حسب ضرورت رائیونڈ کے مشورہ سے ایک سے زائد جگہوں پر بھی اجتماعی تعلیم اور بیان ہوسکتا ہے۔ گھروں میں عموماً اور محلّہ یا شہر کی اجتماعی تعلیم یا خروج کے اوقات میں خصوصاً اعلیٰ قسم کے لباس اور زیورات کے استعمال سے احتراز کیا جائے۔ کسی بھی صورت میں کوئی عورت کسی وقت کھڑے ہوکر نہ بیان کرے اور نہ کھڑے ہوکر نام لکھے۔ کسی اونچی جگہ بیٹھنے سے بھی احتراز کیا جائے۔ بیان یا مذاکرہ کے بعد فی گھر ایک آدمی نکالنے اور مستورات مع محرم جماعتیں تیار کرنے کی ترغیب دی جائے۔



## سہ روزہ جماعتیں

(۱) جماعت میں مردوں کا ذمہ دار پوری جماعت کا امیر ہوگا۔ مستورات میں سے کسی کو نہ ذمہ دار بنایا جائے اور نہ ایسی صورت اختیار کی جائے جس سے کسی کا ذمہ دار ہونا معلوم ہوتا ہے۔ عورتوں کا پیغام بھی باری باری مختلف محرموں کے ذریعے دیا جائے۔ اعمال، تعلیم، استقبال، تشکیل، خدمت وغیرہ کی تقسیم مردوں کے مشورے سے پرچی کے ذریعہ مستورات تک پہنچائی جائے۔ مرد اپنی مستورات کی رائے مردوں کے مشورے میں رکھ سکتے ہیں لیکن ہر روز مستورات کی رائے لینا ضروری نہیں۔ مردوں کے مشورہ کے بغیر کوئی کام نہ کریں۔ مشورہ طلب امور میں تجسس کی صورت پیدا نہ ہو۔ اور کسی کا نام لئے بغیر مستورات کی تمام آراء مردوں تک پہنچائی جائیں۔ بچے ساتھ لیکر نہ جائیں۔ بچوں کی موجودگی میں یکسوئی نہیں رہتی کافی وقت انکی دیکھ بال میں لگ جاتا ہے۔ تعلیم میں اگر مقامی عورتیں نہ ہوں تو بیان کی ضرورت نہیں۔ مقامی عورتیں کافی آجائیں تو صبح شام دو بیان ہوسکتے ہیں۔ صحیح قرآن مجید سیکھنا سکھانا ہو۔ نماز کے اندر دیگر چیزیں اور دعائیں وغیرہ انفرادی طور پر سیکھنے کا اہتمام ہو۔

(۲) اپنی مستورات کی ترغیب کیلئے فجر یا شام کی نماز کے بعد مردوں کی طرف سے مذاکروں کا اہتمام ہوسکتا ہے۔

(۳) کھانا عورتیں ہی پکائیں اور گھر والے اصرار کریں تو ایک وقت کا کھانا مشورہ سے قبول کیا جاسکتا ہے اور بقیہ اوقات کا کھانا خود پکانے میں حفاظت بھی ہے اور

بہت ضروری بھی ہے۔ مکان کی صفائی، برتنوں کا دھونا اور متعلقہ دیگر امور کا اہتمام مستورات کی جماعت خود کرے۔ یقیناً جس گھر میں جماعت ٹھہرتی ہے اس گھر والوں کی ساری ترتیب بدل جاتی ہے اگر تکلفاً بھی کھانے پینے کا انتظام اہل خانہ کرینگے تو ان پر بوجھ چڑھ جائیگا اور آئندہ جماعتوں کے ٹھہرانے میں تردد ہوگا خرچہ کافی ہوگا۔ اس بوجھ اور ذمہ داری کو دیکھ کر اعمال میں شرکت کرنیوالی مقامی مستورات اپنے ہاں ٹھہرانے کا حوصلہ نہیں کریں گی۔

(۴) مستورات کے ساتھ شرعی محرم ہوسکتے ہیں۔ جو بڑی عمر کی ہوں اور شادی شدہ ہوں تو زیادہ مناسب ہے لیکن خاوند کا ہونا بہتر ہے۔ محرم کچھ وقت لگائے ہوئے ہوں، کام کا تجربہ ہو اور مردوں میں بھی کام کرے۔

(۵) گھر والوں کی چیزوں کے استعمال سے بچا جائے۔ چیزوں کی خرید و فروخت سے اختراز کیا جائے۔ ہدیہ لینے دینے سے بھی بچا جائے۔

(۶) اگر ضرورت محسوس ہو تو مکان کے کسی حصہ یا بیٹھک میں بشرطیکہ اسکا راستہ علیحدہ ہو یا قریبی مکان میں تین مردوں کو ٹھہرایا جائے تا کہ اتفاقی ضرورت کیلئے مردوں کو مطلع کیا جاسکے۔ تین مردوں میں دو جماعت کے ہوں اور ایک صاحب خانہ ہو۔

(۷) باہر نکلنے کے دوران مرد عورت اس طرح رہیں جیسے احرام میں ہوتے ہیں۔

(۸) دور کے دیہات سے مستورات کی نصرت کیلئے نہ بلایا جائے اگر آجائے تو ان کو رات کو جماعت کے ساتھ نہ ٹھہرایا جائے۔ اپنے محارم کے ساتھ آئیں



اور انہیں کے ساتھ رات سے پہلے واپس چلی جائیں۔

(۹) نقد سہ روزہ کی جماعتیں تیار کرنے کی محنت کریں۔ جماعت اور مقامی احباب مل کر اسکی فکر فرمائیں کہ جماعت مناسب ہو جس میں ایک دو پرانی مستورات ہوں جو جماعت کو سنبھال سکیں۔ اگر سبھی کی فکر ہوگی تو جماعت نقد نکالنا آسان ہوگا۔ جماعت کے پہنچتے ہی مقام کے احباب موزون مکانات نقد جماعتوں کے لئے طے کرنے کی فکر فرمائیں تاہم مستورات مع محرم جماعتوں کے لئے مناسب مکان تلاش کئے جائیں۔ مردوں کی جماعتیں بھی نقد تیار کرنے کی کوشش ہو جس میں مستورات بھی محلّہ کی عورتوں کو اس پر آمادہ کریں کہ وہ اپنے مردوں کو اللہ کی راہ میں نکالیں۔

(۱۰) جب پرانی سوجھ بوجھ والی مستورات موجود ہوں جو جماعت سنبھال سکتی ہوں لیکن باوجود پوری کوشش کے نقد سہ روزہ جماعت میں کوئی بھی عورت تعلیم کرنے والی نہ ہو تو جماعت کے مرد علیحدہ پردے میں اس طرح تعلیم کراسکتے ہیں کہ عورتیں بھی سنتی رہیں۔ تعلیم کرانے والی عورت چاہے دوسرے محلّہ ہی سے کیوں نہ تیار کرنی پڑے، پوری کوشش کی جائے، لیکن نہ ملنے کی صورت میں جماعت کے ذریعہ نقد سہ روزہ جماعت نکالنا مؤخر نہ کیا جائے۔

(۱۱) اگر کوشش کے باوجود پرانی مستورات نہ مل سکیں اور نکلنے والی تمام مستورات نئی ہوں البتہ مردوں میں کچھ پرانے اور سنبھالنے والے ہوں تو بھی جماعت ضرور نکالی جائے۔ ان کو اپنے ساتھ صبح سے شام تک رکھیں۔ چھ نمبر اور تعلیم کے آداب سکھائیں اور پھر شام کو دو دن کیلئے علیحدہ بھیج دیا جائے۔

## پندرہ یوم کیلئے رائیونڈ آنے والی جماعتیں

(۱) جماعت میں پانچ مرد اور پانچ مستورات سے کم آٹھ مرد اور آٹھ مستورات سے زیادہ نہ ہو۔مضافات سے چندعورتوں کوشامل کیا جاسکتا ہے۔اکثریت شہر کی ہو۔

(۲) رائیونڈ آنے والی مستورات محرم کے ساتھ مقام پر کم از کم تین سہ روزے لگا چکی ہوں، بالکل نئی عورتیں نہ لائی جائیں۔

(۳) غیر شادی شدہ لڑکی ساتھ نہ لائی جائے۔ وہ اپنے مقام پر والدہ کے ساتھ سہ روزہ لگاسکتی ہے۔

(۴) بچے ہرگز ساتھ نہ لائے جائیں۔

(۵) محرم شادی شدہ ہو۔کم از کم ایک چلہ لگائے ہوا ہو۔ بے ریش نہ ہو۔کچھ بڑی عمر کا ہوتو زیادہ مناسب ہے۔مجبوری کی حالت میں اگر غیر شادی شدہ کو والدہ یا شادی شدہ ہمشیرہ کے ساتھ آنا ضروری ہوتو قبل از وقت رائیونڈ سے مشورہ کرلیا جائے۔

(۶) ہر مقام سے مستورات کی پندرہ روزہ جماعتیں رائیونڈ روانہ ہونے سے قبل وہاں کی پرانی مستورات،ان کے احوال کواچھی طرح دیکھ لیں۔

(۷) رائیونڈ آتے ہوئے جماعتیں مقامی ذمہ داروں کا دستخط شدہ پرچہ مع کوائف ضرور ساتھ لائیں۔

(۸) جماعت میں کم از کم دوایسی خواتین ہوں جواردو فضائل اعمال پڑھ سکتی



ہوں۔

(۹) بچوں کواپنا دودھ پلانے کے زمانہ میں مستورات کو جماعتوں میں نہ بھیجا جائے۔

(۱۰) بچہ اگر دوسرا دودھ پیتا ہوتو پھر بھیجا جاسکتا ہے۔

(۱۱) دوسری جگہ جا کر کوئی کمی دیکھیں تو اس کی تصحیح اسی وقت کرنے کی کوشش نہ کی جائے بلکہ علاقہ کے مشورہ والوں سے اس کا تذکرہ ہوتا کہ وہ اس کی فکر فرمائیں۔کسی مقام پر مستورات میں کام کیلئے علیحدہ مستقل جماعت کی تشکیل نہ کی جائے۔شوری والے احباب اور امور کے ساتھ مستورات کے کام کی بھی فکر فرماتے رہیں البتہ وقتی طور پر کسی امر کیلئے کچھ ساتھیوں کو متوجہ کردینے میں کوئی حرج نہیں۔

(۱۲) سہ روزہ جماعتوں میں نکلنے کی پابندیاں پندرہ روزہ یوم کیلئے آنے والی جماعتوں پر بھی ہونگی۔

## چلہ کیلئے رائیونڈ آنے والی جماعتیں

(۱) مرد تین چلہ لگائیں ہوئے ہوں۔ مستورات کم از کم ایک دفعہ پندرہ یوم لگا چکی ہوں۔

(۲) مرد ایک سال چلہ مستورات کے ساتھ لگائے۔ کم از کم دو سال عمومی چلہ لگانا ضروری ہے تاکہ کام کا مزاج باقی رہے۔

(۳) پہلی تشکیل دس یوم کی اور دوسری تشکیل بیس یوم کی ہوتا کہ دور دراز کے مقامات پر بھی جماعتیں بھیجی جا سکیں۔

(۴) مناسب اور سمجھدار مستورات کو بیرونی ممالک سے آنے والی جماعتوں میں بھی جوڑا جا سکتا ہے۔

(۵) سہ روزہ، اور رائیونڈ میں پندرہ یوم کیلئے نکلنے والی جماعتوں کی ساری پابندیاں چلہ کی جماعتوں پر بھی عائد ہوں گی۔



## بیرون ممالک جانے والی جماعتیں

(۱) مستورات گھر کی تعلیم کرتی ہوں۔ سہ روزہ کیلئے نکلتی ہوں۔ پندرہ یوم ایک سال کے وقفہ سے کم از کم دو دو دفعہ لگا چکی ہوں۔ پندرہ دن لگانے کے بعد ہر سال تین چار سہ روزہ لگاتی رہتی ہوں۔ اور دوسری دفعہ پندرہ دن لگانے کے بعد تین چار سہ روزے لگا چکی ہوں۔ شادی کو ایک سال گزر چکا ہو۔ دعوت کا مزاج ہو۔ جوڑ کی طبیعت رکھتی ہو۔ محرم کیلئے وہی شرائط ہیں جو مردوں کیلئے بیرون ملک جانیوالی جماعتوں کی ہیں۔ مزید یہ کہ محرم دو دفعہ مستورات کی جماعت کے ساتھ پندرہ یوم یا ایک دفعہ پندرہ یوم اور ایک دفعہ چلہ کی جماعت میں اوقات لگا چکے ہوں۔

(۲) کراچی لاہور اور راولپنڈی کے احباب اور وہاں کی پرانی مستورات اس کی تسلی فرمائیں کہ مستورات اور ان کے محرم مندرجہ بالا ترتیب پر پورے ہیں۔ سندھ سے تیار ہونے والی مستورات کا کراچی کی پرانی مستورات تفقد فرمائیں گی۔ بقیہ شہروں سے تیار ہونے والی مستورات کا تفقد رائیونڈ میں مقیم مستورات کریں گی۔

(۳) حاملہ مستورات، دائم المرض، زیادہ کمزور اور زیادہ معمر نہ ہوں۔ سفر میں ایسی عورتوں کیوجہ سے خود اپنے لئے اور جماعت کیلئے مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔

(۴) نوجوان مستورات کی حتی الامکان بیرون ملک جماعتوں میں تشکیل نہ کی جائے۔

(۵) پندرہ یوم لگانے کے بعد سال میں تین یا چار سہ روزے نہ لگ سکے تو بیرون ملک سفر کی شرائط پوری نہیں ہوئیں۔ مستورات کو دوبارہ پندرہ روز لگاتے وقت عرض کیا جاتا ہے کہ اب یہ ان کے پہلے پندرہ دن شمار ہوں گے۔

تمام احباب کے نزدیک یہ بات ضروری ہے کہ پندرہ یوم چلہ اور خدمت کیلئے آنے والی جماعتوں میں جن کے کوائف شرائط کے مطابق نہ ہوں۔ ان کو واپس کر دیا جائے۔

**(بزرگوں کا ارشاد ہے کہ مستورات کا کام مستورات سے بھی مستور ہو)۔**

(ماخوذ از تبلیغ مستورات سے ازالہ شبہات لمولانا حافظ شوکت علی حقانی، ص:از۷تا۱۴)۔



## خواتین میں تبلیغی کام کی وجہ سے دینی انقلاب

## مستورات کی جماعتوں کی چند کارگزاریاں

### (۱) کیوبا یونیورسٹی میں انقلاب:

امسال ۱۴۳۴ھ مطابق ۲۰۱۳ء عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے درمیان بعض مخلص احباب کی دعوت پر بندہ عاجز مفتی رضا کو جنوبی امریکہ جانے کا اتفاق ہوا، برازیل سے گزر کر آرجنٹینا اور وینزویلا کا سفر ہوا، وہاں کے مکاتب، مساجد، مدارس اور مراکز کو قریب سے دیکھا اور ان میں بیانات بھی ہوئے، ان ممالک میں جا کر معلوم ہوا کہ وہاں جو کچھ دینی فضا اور ماحول ہے وہ تبلیغ ودعوت کا نتیجہ ہے اور دعوت وتبلیغ کے ثمرات کو سمیٹنے کے لیے علمائے کرام نے مدارس ومکاتب قائم کئے ہیں، ان ثمرات کو میں بیان نہیں کرنا چاہتا جو جماعتوں کی چلت پھرت کی برکت سے ظہور پذیر ہوئے، بلکہ صرف ایک واقعہ لکھنا چاہتا ہوں۔

آرجنٹینا اور وینزویلا سے واپسی پر چند گھنٹے جہاز کے انتظار میں برازیل کے ایئر پورٹ پر ہمیں ٹھہرنا پڑا، اس سفر میں مولانا محمد درویش مدرس دارالعلوم زکریا وناظم شعبۂ حفظ میرے ہمراہ اور رفیق سفر تھے، جہاز کے انتظار میں ایئر پورٹ پر بیٹھے تھے کہ وہاں ایک جماعت پر نظر پڑی جماعت کے ساتھی تکان کی وجہ سے سو رہے تھے اور ایک ساتھی جو شکل وصورت سے مولوی صاحب لگ رہے تھے جاگ رہے تھے" ویسے

مولویوں کو نیند کم آتی ہے‘‘ ہم نے سلام کیا انہوں نے جواب دیا اور دریافت کیا کہ آپ کون ہیں کہاں سے ہیں، میں نے نام بتایا تو مولانا نے میرے ساتھ معانقہ فرمایا اور کہا کہ میں پاکستان کراچی کے علامہ بنوری ٹاؤن سے فارغ ہوں وہ مجھے غائبانہ جانتے تھے کیونکہ بندہ نے کافی عرصہ بنوری ٹاؤن میں تدریس وافتاء کی خدمت انجام دی تھی، پھر انہوں نے بتلایا کہ ہماری مستورات کی جماعت ہے اور ہم مشہور کمیونسٹ ملک کیوبا گئے تھے، انہوں نے تفصیل بتائی کہ جب پاکستان میں کچھ سال قبل زلزلہ آیا تھا اور اس زلزلہ سے ضلع ہزارہ کے بالاکوٹ کی تحصیل بہت متاثر ہوئی تھی بلکہ بالاکوٹ شہر پیوندِ خاک ہوا تھا، اس کے بعد کیوبا کے وفود آئے اور متاثرین کے لڑکوں اور لڑکیوں کو کیوبا لے گئے اور یہ کہا کہ ہم ان کو وہاں ڈاکٹر بنائیں گے، کافی لڑکے اور لڑکیاں کیوبا گئے، ان میں سے ایک لڑکے کا کچھ وقت تبلیغ میں لگا تھا، اس نے بہت مدت بعد رائے ونڈ والوں کو خط لکھا کہ آپ یہاں کیوبا مستورات کی جماعت بھیج دیں، کیونکہ جو لڑکے لڑکیاں یہاں پڑھ رہے ہیں وہ کفر کے دہانے پر کھڑے ہیں، پردہ، حیا، غیرت رخصت ہو چکی ہے، دین وایمان ونماز کا ٹھکانہ نہیں، اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام خارج از نصاب ہے اور باہر کی این جی اوز یہی چاہتی ہیں، بزرگوں نے ہماری تشکیل فرمادی ہم کیوبا گئے واقعی کیوبا میں یونیورسٹی کا ماحول ناگفتہ بہ تھا، وہاں مردوں کی جماعت نے لڑکوں میں اور مستورات نے خواتین میں کام شروع کیا، کچھ دنوں کے بعد اس کے اثرات ظاہر ہو گئے، لڑکیاں اور لڑکے نمازی بن گئے، اپنا پاکستانی لباس پہننے لگے، خلط واختلاط چھوڑ دیا اور یونیورسٹی میں ماشاء اللہ دین کا کام شروع ہو گیا اور یوں مستورات کے کام کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہو گئے، وہاں نماز کے لیے الگ مصلّے



قائم ہوئے اور تعلیم کا کام بھی شروع ہو گیا، مسجد کے اعمال اور گھروں کے اعمال کا اہتمام ہونے لگا اور کافی ساری لڑکیاں اپنے گزشتہ اعمالِ بد پر پشیمان ہونے لگیں اور مستورات کی تشریف آوری کا شکریہ ادا کیا۔ کہ ایمان ویقین کا گم شدہ متاع ان کو دوبارہ مل گیا، اور آئندہ کے لیے دین پر پابند رہنے کا عہد کرلیا، فالحمدللہ تعالیٰ علی ذلک۔

## (۲) امریکہ سے نومسلم عورتوں کی رائے ونڈ آمد:

مشہور مبلغ حضرت مولانا طارق جمیل صاحب فرماتے ہیں: امریکہ کی نومسلم عورتوں نے نیا اسلام قبول کیا پھر وہ رائے ونڈ میں چلہ لگانے کے لیے آئیں جیسے مرد چالیس دن لگاتے ہیں اس طرح باہر ملک سے عورتیں آتی ہیں۔

اسی طرح پاکستان سے جماعتیں بن کر باہر جارہی ہیں۔ میں خود اپنی بیوی کے ساتھ چار مہینے کے لیے دو دفعہ باہر جاچکا ہوں، ایک دفعہ ہم نے چار مہینے سعودی عرب میں، قطر میں اور امارات میں لگائے ہیں۔ ایک دفعہ ہم نے چار ماہ کینیڈا، امریکہ میں لگائے ہیں۔ ہمارے سفر میں ساٹھ ساٹھ ستر ستر عورتیں، تین چار دن میں برقعے میں آجاتی تھیں، نوکریاں چھوڑ دیتی تھیں۔ برقعے میں آنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ پہلے برقعہ نہیں کرتی تھی اب برقعہ کرلیا ہے۔ برقعے میں آنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ کئی کئی ہزار ڈالر مہینے کی تنخواہ لیتی تھیں، دفتروں میں کام کرتی تھیں، سب کچھ چھوڑ کر برقعہ پہن لیا۔

ان نومسلم امریکی عورتوں کا جہاز کراچی آیا، انہوں نے کہا ہم نے مردوں کو چیکینگ نہیں کروانی۔ پیچھے پاکستانی عورتیں کھڑی تھیں اس آدمی نے ازراہِ مذاق کہا کہ یہ پیچھے بھی تو مسلمان کھڑی ہیں، جن بے چاریوں کے لباس ہی مختصر ہوتے جارہے ہیں تو

ان عورتوں نے کہا کہ ہمارے لیے یہ عورتیں نمونہ نہیں ہیں ہم نے ان کو دیکھ کر تو اسلام قبول نہیں کیا۔ ہمارے لیے نمونہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عورتیں ہیں۔ ہم تمہیں شکل نہیں دکھائیں گی۔ ہمیں ادھر بھیج دو جہاں لڑکیاں بیٹھی ہیں تو انہوں نے اپنے نقاب اٹھائے اور وہ پاسپورٹ سے دیکھتیں تو یہ فوراً اپنے نقاب گرالیتیں۔ یہ لڑکیاں حیران ہو کر کہنے لگیں ہم سے کیوں پردہ کر رہی ہو؟ ہم تو تمہاری طرح عورتیں ہیں تو نومسلم نے کہا جو عورت بے پردہ ہو اسلام ہمیں اس سے بھی پردہ میں رہنے کا حکم دیتا ہے۔ ایسی حیا آگئی۔ سبحان اللہ۔ (سبق آموز کارگزاریاں: ۱۱۸)۔

## (۳) اُردن میں عورتوں نے برقعے پہن لیے:

اپنی عورتوں کو ضائع نہ کردیں خالی روٹی پکانے میں، کپڑے دھونے میں، اسی میں ان کی زندگی ختم ہوجائے گی، اُردن میں کوئی پردے کا رواج نہیں تھا اُردن میں ۱۹۹۱ء میں برقعے نظر آئے اور پورے لباس نظر آئے عورتوں کے سر پہ اسکاف یعنی ایک رومال باندھا ہوتا تھا صرف چہرہ نظر آتا۔

ان سے پوچھا: یہ پردہ یا برقعہ کہاں سے آیا؟ کہنے لگے: پورے اُردن میں ایک عورت بھی برقعہ نہیں پہنتی تھی بلکہ آدھا لباس ہوتا تھا۔ بنوں پاکستان سے عورتوں کی جماعت گئی پٹھان عورتیں ان پڑھ نہ کوئی عالمہ نہ کوئی فاضلہ نہ کوئی تقریر جانے، چھ نمبر بھی نہ جانیں بالکل ان پڑھ تین مہینے وہاں کام کیا ستر (۷۰) عورتوں کو وہاں برقعہ پہنا کے آئیں۔

ان سے پوچھا: کیا کرتی تھیں؟



کہا: وہ کیا کرتی تھیں جب ہماری عورتیں اندر آتیں (وہاں اسکرٹ پہنتی ہیں یعنی عورتوں کی ساری پنڈلیاں ننگی ہوتی تھیں اور سارے بازو بھی ننگے) تو وہ اپنی چادریں ان کے اوپر ڈال دیتیں اور بیٹھ کے رونا شروع کردیتیں۔

"أنتن بنات الصحابة" تم تو صحابہؓ کی بیٹیاں ہو۔

اس سے آگے ان کو کچھ آتا نہیں تھا پشتو مارتیں ان کو کیا سمجھ آتا۔

ان کی برکت سے ستر عورتوں نے برقعہ پہنا۔ ان کے بعد برقعے کا رواج ہوگیا۔

## (۴) عورتوں نے مردوں کو تبلیغ میں لگادیا:

نیپال میں عورتوں کی ایک جماعت گئی اور ستر آدمی لے کر رائے ونڈ آئے، جب معلوم کیا گیا تو انہوں نے بتایا کہ پہلے مردوں کی جماعت بھیجتے تھے تو ہم گھروں میں چھپ جاتے تھے تم نے عورتوں کی جماعت بھیجی انہوں نے ہماری عورتوں کا ذہن بنایا اب گھر میں گئے تو روٹی بند، ہم نے کہا بھائی مارے گئے باہر نکلے تو جماعت پکڑتی ہے اندر جائیں تو عورتیں نہیں بیٹھنے دیتیں اب تو نکلنا پڑے گا۔

## (۵) فلپائن میں ساٹھ عورتوں نے توبہ کی اور بچوں کو رائے ونڈ بھیجا:

ایک جماعت فلپائن گئی وہاں ۶۰ عورتوں نے توبہ کی اور اپنی جگہ پر ہی برقعے منگوائے اور برقعے پہن کر اپنے گھر واپس گئیں اور اس کا یہ اثر ہوا کہ اپنے بچوں کو رائے ونڈ کے مدرسہ میں تعلیمِ قرآن کے لیے بھیجا جب رائے ونڈ میں طلبہ کی کثرت کی وجہ سے شرائطِ داخلہ میں کچھ سختی ہوئی تو بعض عورتوں نے اپنے زیورات فروخت کر کے مدرسہ بھیجا اور خط بھی لکھا کہ ان بچوں کو واپس نہ کریں ہم نے اپنے زیورات بیچ کر بھیجا ہے۔

(۶) جنوبی افریقہ کی مستورات کی جماعت بمعہ محارم ۱۴۳۴ھ میں اردن اور الاقصی گئی، وہاں مستورات نے بڑے شوق اور دلچسپی سے خواتین کے پروگراموں میں شرکت کی، اوران کی دین کی طلب وتڑپ مزید دوآتشہ بن گئی، اردن سے یہ جماعت القدس گئی اور جماعت چارگھروں میں رہی اور وہاں کی خواتین نے اس جماعت کونعمت غیر مترقبہ سمجھا اوراس سے خوب استفادہ کیا، اور ہماری خواتین نے بھی ان کی خواتین سے بہت استفادہ کیا، ایامِ عید میں ہم وہاں القدس میں تھے اور وہاں کے لوگوں نے بتایا کہ اس سال ہمارے لیے دوعیدیں جمع ہوئیں کیونکہ مستورات کی جماعت کا فائدہ اور کام بھی عید کی طرح قلبی مسرت کا سبب رہا۔

(۷) رمضان المبارک میں جنوبی افریقہ کی مستورات کی جماعت بمع شرعی محارم ترکی گئی، ہماری خواتین نے مقامی خواتین پرخوب محنت کی، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مقامی خواتین نے اپنے گھروں میں تعلیمی حلقے قائم کیے، اولاد کی تربیت کی طرف توجہ کی اورشرعی پردہ زیب تن کرنے کا عہد وپیمان کیا۔

(۸) جنوبی افریقہ کی ایک مستورات کی جماعت بمع شرعی محارم ایک یورپی ملک میں گئی، خواتین نے وہاں خوب محنت کی، مقامی مستورات میں سے ایک عربی شخص کی بیوی جو اسلام سے بے بہرہ، مذہبِ عیسائیت کی تاریکیوں میں غوطہ زن تھی، ہماری مستورات کے ساتھ تقریباً دوڈھائی گھنٹہ رہنے کے بعد اسلام کی حلقہ بگوش ہوگئی، یہ واقعہ سنتے ہی اس کا شوہر ششدر رہ گیا اور سرِ تسلیم خم کرلیا اور بے ساختہ بول اٹھا کہ واقعی جماعت کے کام میں ساحرانہ تاثیر ہے کہ میں خود تین سال سے ایڑی چوٹی کا زور لگا تا رہا



کہ کسی طرح اسلام قبول کرلے، لیکن میں اپنی سعی میں ناکام رہا۔ اور یہ دو گھنٹے کی تعلیم اپنا جوہر دکھا گئی۔ سبحان اللہ۔

(۹) مولانا جنید صاحب مدرس مدرسہ ہذا نے بیان کیا کہ ہماری مستورات کی جماعت بمع شرعی محارم برازیل کی طرف روانہ ہوئی، وہاں کے فیشن کا ماحول اور عورتوں کی بے راہ روی اظہر من الشّمس ہے، بحمدللہ مستورات نے خوب محنت کی، مقامی خواتین میں دینداری کا جذبہ موجزن ہوا، مقامی حضرات نے ہماری خواتین کے حجاب اور شرعی پردہ کی تصویریں محفوظ کیں، اور وعدہ کیا کہ اسی کے مطابق ہم بھی شرعی لباس باحیا زیب تن کریں گے، چنانچہ کچھ عرصہ کے بعد بعض حضرات وہاں تشریف لے گئے تو شرعی لباس و پردہ دیکھ کر ششدر رہ گئے، معلوم کرنے پر بتلایا گیا کہ کچھ سال قبل جنوبی افریقہ کی مستورات جماعت نے یہاں محنت کی تھی جس کا یہ نتیجہ اور ثمرہ ہے۔

(۱۰) ہندوستان کے مشہور صوبہ گجرات کے علاقہ پانولی حلقہ کی جماعت بھیجی گئی، مقامی احباب نے پانچ حلقوں میں کام کرنے کا مطالبہ کیا لیکن صرف دو حلقوں میں کام ہوا، مقامی عورتوں نے خوب فائدہ اٹھایا، پردے وغیرہ کا اہتمام کیا، تقریباً ۱۵۰ گھروں میں تعلیم شروع ہوئی، نیز مقامی عورتیں دین کے بارے میں فکرمند ہیں، بچوں کے مکتب وغیرہ کی فکر کرتی ہیں، اندرونی ملک سہ روزہ وغیرہ کی جماعتیں بھی نکالتی ہیں، اور بہت شوق وجذبہ سے دینی کام میں حصہ لیتی ہیں، ایک علاقہ میں یہ پہلی جماعت تھی جس کی وجہ سے بہت زیادہ خوشی کا اظہار کیا، اور سب نے کام میں حصہ لیا، اسکولوں کی معلّمات نے بھی وقت دیا اور استفادہ کیا۔

سبيل الخيرات في جماعات المتنقبات

# مصادر و مراجع

| | | |
|---|---|---|
| القرآن الکریم | تنزیل من رب العٰلمین | |
| | **الف** | |
| احکام القرآن | مولانا ظفر احمد العثمانی | ادارۃ القرآن |
| احکام القرآن | الشیخ ابن العربی | دارالفکر |
| ایسر التفاسیر | الشیخ ابوبکر الجزائری | مکتبۃ العلوم والحکم |
| الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ | الحافظ احمد بن علی بن حجر العسقلانی | دارالکتب العلمیۃ |
| احیاء علوم الدین | الامام الغزالیؒ | مکتبۃ مصطفی |
| ابوداود شریف | الامام ابوداود السجستانی | فیصل |
| امداد الفتاح | العلامہ الشرنبلالی | بیروت |
| احسن الفتاویٰ | مفتی رشید احمد لدھیانوی | ایچ ایم سعید |
| آپ کے مسائل اوران کا حل | مفتی محمد یوسف لدھیانوی | مکتبہ لدھیانوی |
| اعلاء السنن | مولانا ظفر احمد العثمانی | ادارۃ القرآن |



| | | |
|---|---|---|
| اصحابِ رسول کی یادیں | حضرت مولانا محمد عبدالرحمٰن مظاہری | ربانی بک ڈپو |
| الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب | حافظ ابن عبدالبر النمری القرطبی | دارالجیل بیروت |
| ایضاح البخاری | حضرت مولانا سید فخر الدین صاحب | قاسم المعارف دیوبند |
| | **باء** | |
| البحر الرائق | العلامۃ ابن نجیم المصری | المکتبۃ الماجدیۃ |
| بہشتی زیور | مولانا اشرف علی تھانوی | دارالاشاعت کراچی |
| بذل المجهود | مولانا خلیل احمد سہارنپوری | دار البشائر الاسلامیۃ |
| البنایۃ فی شرح الهدایۃ | العلامۃ بدر الدین العینی | المکتبۃ الرشیدیۃ |
| باقیاتِ فتاویٰ رشیدیہ | مولانا رشید احمد گنگوہی | مفتی الٰہی بخش اکیڈمی |
| البدایہ والنہایہ | العلامۃ ابن کثیر الدمشقی | دار المؤید، الریاض |
| بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع | ملک العلماء العلامۃ ابوبکر الکاسانی | ایچ ایم سعید کمپنی |
| ''البلاغ'' ماہنامہ | بیادِ حضرت مفتی محمد شفیع صاحبؒ | دارالعلوم کراچی |
| | **تاء** | |
| تیسیر الکریم الرحمن | عبد الرحمن بن ناصر السعدی | مؤسسۃ الرسالۃ |
| تفسیر الخازن | علی بن محمد الخازن | دارالفکر |
| تفسیر جلالین | العلامۃ المحلی والعلامۃ السیوطی | |

| | | |
|---|---|---|
| التفسير المظهرى | القاضى ثناء اللّٰه العثمانى | مكتبة رشيديه |
| تفسيرحقانى | مولانا عبد الحق حقانى | آرام باغ كراچى |
| تاريخ ابن عساكر | ابو القاسم ابن هبة اللّٰه | دارالفكر |
| تبيين الحقائق | العلامة الزيلعى | امداديه ،ملتان |
| التصحيح و الترجيح | العلامة قاسم بن قطلوبغا | دارالكتب العلمية |
| تاج العروس | السيد المرتضى الزبيدى | مؤسسة الكويت |
| تفسير عثمانى | شيخ الاسلام مولانا شبير احمد العثمانى | السعودية |
| تفسيرابن كثير | العلامة ابن كثير الدمشقى | مكتب الرياض |
| التفسيرالكبير | الامام فخرالدين الرازى | دار الفكر |
| تفسيرالنسفى | الفقيه ابو البركات النسفى | دارالفكر |
| تفسير السمرقندى | الفقيه ابو الليث السمرقندى | دارالكتب العلمية |
| تهذيب الكمال | العلامة المزى | مؤسسة الرسالة |
| تبلیغ مستورات سے ازالہ شبہات | مولانا شوکت علی حقانی | دارالعلوم حقانیہ |
| تبلیغی تقریریں | مولانا عمر صاحب پالنپوری | |
| تحرير تقريب التهذيب | الشيخ بشار عواد | مؤسسة الرسالة |
| تعليقات الامام السيوطى على سنن ابن ماجه | الامام جلال الدين السيوطى | كراتشى |
| | **ثاء** | |



| | | |
|---|---|---|
| الثقات | ابوحاتم ابن حبان | دارالفكر |
| | **جيم** | |
| الجامع لاحكام القرآن | الامام القرطبى | دارالكتب العلمية |
| الجامع الصغير | جلال الدين السيوطى | دارالفكر |
| | **حاء** | |
| حاشية الطحطاوى على الدرالمختار | السيد احمد الطحطاوى | المكتبة العربية |
| | **دال** | |
| دلائل النبوة | الامام ابو بكر البيهقى | دارالكتب العلمية |
| | **ذال** | |
| ذخيرة الحفاظ | الامام محمد بن طاهر | دارالسلف |
| | **راء** | |
| روح المعانى | العلامة الآلوسى | مكتبة دار التراث |
| روضة الفتاوىٰ | مفتی اسماعیل صاحب واڈی والا | مكتبه دار السلام |
| السيرة النبوية لابن هشام | **سين** | دارالمعرفة |
| سنن ابن ماجه شريف | الامام ابن ماجه | قديمى |
| سنن الترمذى | الامام الترمذى | فيصل |

| | | |
|---|---|---|
| سوانح حضرت مولانا محمد یوسفؒ | | |
| سوانح حضرت جی ثالث حضرت مولانا محمد انعام الحسن صاحب | | مکتبہ رحمانیہ |
| سبق آموز کارگزاریاں | مولانا طارق جمیل صاحب | |
| | **شين** | |
| شرح الاربعين | الامام النووى | |
| شرح النقاية | مولوى الياس | ايچ ايم سعيد |
| شرح تحفة الملوك | العلامة ابن ملك | دار البشائر |
| شرح المهذب | الامام النووى | دار الفكر |
| شرح عقود رسم المفتى | العلامة الشامى | دار الاشاعت |
| شرح البخارى | الشيخ ابن بطال | مكتبة الرشد |
| شعب الايمان | الامام ابو بكر البيهقى | مكتبة الرشد |
| | **صاد** | |
| صحيح البخارى | الامام محمد بن اسمعيل | فيصل |
| صحيح مسلم | الامام مسلم بن حجاج | فيصل |
| | **عين** | |
| عمدة القارى | العلامة بدر الدين العينى | دار الحديث، ملتان |



| | | |
|---|---|---|
| عمدة الرعاية حاشية شرح الوقاية | العلامة عبد الحى اللكنوى | المطبع المجيدى |
| العلل المتناهية | عبد الرحمن ابن الجوزى | دار الكتب العلمية |
| | **غين** | |
| غمز عيون البصائر شرح الاشباه | العلامة السيد احمد الحموى | دار الكتب العلمية |
| | **فاء** | |
| فتاوى الشامى | العلامة ابن عابدين الشامى | ايچ ايم سعيد |
| فتح القدير | المحقق ابن الهمام | دار الفكر |
| الفتاوى الهندية | لجنة من العلماء العظام | دار صادر |
| فتاوى قاضيخان | الامام فخر الدين قاضيخان | دار صادر |
| الفتاوى المهمة | الشيخ عبد العزيز بن باز | دار الغد الجديد |
| فتاویٰ محمودیہ | فقیہ الامت مفتی محمود حسن گنگوہی | جامعہ فاروقیہ |
| فتاویٰ فریدیہ | مفتی فرید صاحب | |
| فتاویٰ عثمانی | مفتی محمد تقی عثمانی | دار العلوم کراچی |
| الفوائد البهية | العلامة عبد الحى اللكنوى | مكتبة خير كثير |
| فتاوى اللكنوى (نفع المفتى والسائل) | علامه عبدالحى لكهنوى | بيروت |

| | | |
|---|---|---|
| فتح الباری | الحافظ احمد بن علی بن حجر العسقلانی | دارالنشر،پاکستان |
| | **کاف** | |
| الکامل فی ضعفاء الرجال | ابو احمد عبدالله بن عدی الجرجانی | دارالفکر |
| کشف الخفاء ومزیل الالباس | الشیخ اسماعیل بن محمد العجلونی | دارالکتب العلمیة |
| کفایت المفتی | مفتی کفایت اللہ صاحب | دارالاشاعت،کراچی |
| | **لام** | |
| لسان المیزان | الحافظ ابن حجر العسقلانی | مکتب المطبوعات |
| لطائف المعارف | الحافظ ابن رجب الحنبلی | دارابن حزم |
| لسان العرب | الشیخ ابن منظور | دارالفکر |
| | **میم** | |
| معارف القرآن | حضرت مفتی محمد شفیع صاحب | ادارة القرآن |
| مسند الفردوس | المحدث الدیلمی | |
| مرقاة المفاتیح | العلامة الملا علی القاری | مکتبه امدادیه |
| معرفة الصحابة | ابونعیم الاصبهانی | دارالکتب العلمیة |
| المحیط البرهانی | الشیخ محمود ابن مازة | مکتبة رشیدیة |





| | | |
|---|---|---|
| المقاصد الحسنة | العلامة السخاوی | دارالکتاب العربی |
| منهاج السنن | حضرت علامہ مفتی فرید صاحب | |
| المعجم الکبیر | الامام ابوالقاسم الطبرانی | مکتبة العلوم الحکم |
| مجمع الزوائد | العلامة نورالدین الهیثمی | دارالفکر |
| مسند الامام احمدبن حنبل | امام اهل السنة الامام احمد بن حنبل الشیبانی | |
| منحة الخالق | العلامة الشامیؒ | المکتبة الماجدیة |
| موطا الامام محمد | الامام محمد بن الحسن الشیبانی | |
| مراقی الفلاح مع الطحطاوی | العلامة الشرنبلالی والعلامة الطحطاوی | قدیمی کتب خانه |
| مصنف ابن ابی شیبة | الحافظ ابوبکرابن ابی شیبه | المجلس العلمی |
| محمود الفتاوی | مفتی احمد خانپوری | مکتبة انور |
| مجموعة الفتاویٰ | العلامة عبد الحی اللکنوی | آرام باغ کراچی |
| معارف العواف فی انواع العلوم والمعارف | العلامة عبد الحي بن فخرالدین الحسنی | |
| المنتقی من منهاج الاعتدال | الحافظ ابوعبد الله الذهبی | |
| | **واو** | |
| الوافی بالوفیات | صلاح الدین الصفدی | بیروت |